بعونہ صناع ممکن و کان بفضل خلاق زمین و آسمان

کتاب مستطاب مسمیٰ بہ

انارکلی

تصنیف لطیف

مولانا بحر حقیقت ماہر اسرار طریقت و شریعت

حضرت میاں عبداللہ صاحب انبرف بابا جی صاحب قدس سرہ

حسب فرمائش

حضرت مولانا میاں بشیر احمد صاحب لاروی مدظلہ العالی

بعون صناع تکین و مکان و بفضل خلاق زمین و آسمان

کتاب مستطاب مسمّٰی بہ

اسرار کبیریٰ

تصنیف لطیف

قبلۂ عالم خواجۂ خواجگان بنائے عالیان تکیہ گاہ بیکساں ملجا العارفین سراج السالکین

حضرت بابا جی صاحب لاروی

نقشبندی مجددی

موضع وانگت پرگنہ اور علاقہ سری نگر کشمیر

حسب فرمائش

حضرت الحاج میاں بشیر احمد صاحب لاروی مدظلہ العالی

Marfat.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب ——— اسرار کبیری (جلد سوم، چہارم)
زبان ——— اردو
مصنف ——— قطب العارفین سراج السالکین قبلہ عالم
حضرت بابا جی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ
ناشر ——— پیر سید محمد قاسم شاہ - نور پور شاہاں بری امام اسلام آباد
طابع ——— چوہدری عبدالباقی نسیم
مطبع ——— اومنی پرنٹرز رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
کتابت ——— ابوالہلال افضل منہیر ایم۔اے راولپنڈی
اشاعت اوّل ——— جنوری ۱۹۹۴ء
تعداد ——— ایک ہزار
تعداد صفحات ——— (۵۲۶)
قیمت ——— ۲۰۰/- روپے

Marfat.com

نمبر شمار	مضمون	نمبر صفحہ
۱۱۱	نوع دیگر	۴۰۱
	جلد سوئم	
۱۱۲	ختم انبیاء پڑھنے کا طریقہ	۴۰۲
۱۱۳	اجرت پر عبادت	۴۰۵
۱۱۴	قبور پر قرآن مجید پڑھنا اور جمع ہونا جائز اور مستحب ہے۔ منع نہیں۔	۴۰۸
۱۱۵	زیارتِ قبور کا بیان	۴۱۱
۱۱۶	شدید مصیبت کے وقت سجدہ کرنا	۴۱۵
۱۱۷	بیان صلوٰۃ الکسوف والخسوف	۴۳۱
۱۱۸	استغفار کرنے کا طریقہ	۴۳۹
۱۱۹	منزل اول بروز سہ شنبہ	۴۴۰
۱۲۰	منزل دوم بروز چہار شنبہ	۴۴۸
۱۲۱	منزل سوئم بروز پنج شنبہ	۴۵۲
۱۲۲	منزل چہارم بروز جمعۃ المبارک	۴۵۶
۱۲۳	منزل پنجم بروز شنبہ	۴۶۰
۱۲۴	منزل ششم بروز یک شنبہ	۴۶۴
۱۲۵	منزل ہفتم بروز دوشنبہ	۴۶۸
۱۲۶	مصنف کی کسر نفسی	۴۷۲
۱۲۷	تنبیہ	۴۷۹
۱۲۸	کتاب ہذا کے خاتمہ کے قریب متفرق شرائط کا بیان	۴۸۲
۱۲۹	روزانہ کے وظائف کا بیان۔	۴۹۴

Marfat.com

نمبر شمار	مضمون	نمبر صفحہ
۱۳۰	وظیفہ بروز یک شنبہ	۴۹۴
۱۳۱	وظیفہ بروز دو شنبہ	۴۹۷
۱۳۲	وظیفہ بروز سہ شنبہ	۴۹۸
۱۳۳	وظیفہ بروز چہار شنبہ	۵۰۰
۱۳۴	وظیفہ بروز پنج شنبہ	۵۰۱
۱۳۵	وظیفہ بروز جمعۃ المبارک	۵۰۴
۱۳۶	وظیفہ بروز شنبہ یعنی ہفتہ	۵۱۱
۱۳۷	دعائے ماثورہ	۵۱۳
۱۳۸	ترکیب النوافل مع الادعیہ	۵۱۴
۱۳۹	دعائے شکر اللہ	۵۱۴
۱۴۰	دعائے استعاذہ	۵۱۵
۱۴۱	دعائے استخارہ	۵۱۷
۱۴۲	دعائے استجاب	۵۱۸
۱۴۳	دعائے شکر النہار	۵۲۰
۱۴۴	دعا برائے والدین	۵۲۱
۱۴۵	مسبّعاتِ عشرہ	۵۲۲
۱۴۶	اسمائے سبعہ	۵۲۷
۱۴۷	اسم اول	۵۲۸
۱۴۸	اسم ثالث	۵۲۹
۱۴۹	اسم رابع	۵۳۰

اسم ثانی

اسم خامس

Marfat.com

نمبر شمار	مضمون	نمبر صفحہ
۱۵۰	اسم سادس	۵۳۱
۱۵۱	اسم سابع	۵۳۲
۱۵۲	دعائے سنت عصر	۵۳۳
۱۵۳	چہل کاف	۵۳۴
۱۵۴	اجازتِ قصیدہ غوثیہ	۵۳۵
۱۵۵	دعا برائے دفع وبار طاعون	۵۳۶
۱۵۶	دعائے دافع طاعون	۵۴۱
۱۵۷	نعت شریف	۵۴۲
۱۵۸	بر موقع ولادت حضرت مجدد الف ثانی رح	۵۴۴
۱۵۹	غزل دیگر	۵۴۵
۱۶۰	حضرت مجدد الفِ ثانی سے استمداد	۵۴۶
۱۶۱	قصیدہ مبارکہ در شانِ حضرت مجدد الفِ ثانی رح	۵۴۷
۱۶۲	معروضہ بخدمتِ حضرت قیوم ثانی رح	۵۴۸
۱۶۳	غزل نوعِ دیگر عرض بخدمت حضرت خواجہ محمد زبیر صاحب	۵۵۳
۱۶۴	مکتوبِ گرامی حضرت قیوم زماں	۵۶۴
۱۶۵	نعت شریف چہار یار کبار کی منقبت	۵۷۰
۱۶۶	غزلیات و نظمیں	۵۷۱
۱۶۷	مناجاتِ مصنف	۵۹۱
۱۶۸	حکایت حضرت ابراہیم ادہم	۵۹۳

تمت بالخیر

Marfat.com

یَا اللّٰہُ یَا مُحَمَّدُ

آغازِ جلدِ سوئم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا فَتَّاحُ

ختمِ انبیاء پڑھنے کا طریقہ

بعد از حمد و صلوٰۃ بر افضل المخلوقات علی نبینا محمدؐ شفیع المذنبین و علیٰ آلہٖ و اصحابہٖ و ازواجہٖ اجمعین. اَمَّا بَعْدُ:

واضح آنکہ، کہ اکثر تفاسیر و دیگر معتبر کتابوں میں اس طرح سے وارد ہے کہ ماضی پیغمبرؑ کے زمانہ میں یا ہمارے پیغمبر آخر الزماں حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں یا بعدہٗ اصحاب کبار، تبع تابعین سلف الصالحین خلف الراشدین مجتہدان دینِ متین کے زمانہ میں کسی قسم کی مہمات مشکلات آفات و بلیات کثرت سے نزول کر جاتی تھیں۔ یا کوئی اس پاک قافلہ سے متوفی ہو جاتا تھا۔ تو اس کی مغفرت و نجات کے واسطے اس گروہ مذکور کا یہ دستور تھا کہ ایک جگہ پاک یا کسی خاص مکان پاکیزہ میں جمع ہو کر حلقہ باندھ کر حتی الوسع کوشش بلیغہ رجوعات سے اول استغفار سو بار یا زیادہ، پھر اپنے اپنے زمانہ کے پیغمبر پر درود شریف پڑھتے تھے۔ ایک ہزار بار یا زیادہ تو بھی نفی اثبات ذکر جہر بلند آواز سے ایک لاکھ پچیس ہزار بار پڑھ کر پھر اپنے زمانہ کے پیغمبر پر ایک ہزار بار یا زیادہ درود شریف پڑھ کر اس پیغمبر کے اسم کو بعد

Marfat.com

کلمہ نفی اثبات و استغفار درود شریف کو وسیلہ بنا کر بڑی سوزش جگر، خضوع و خشوع والحاح سے دعا کرتے تھے، تو پھر خداوند کریم اپنے فضل و کرم و اپنے پیغمبر کے اسم پاک کے وسیلہ سے ان کی ہر ایک حاجات و مشکلات کو سرانجام کر دیتا تھا۔ اور یہ عمل ان کی نجات اور متوفی کے مغفور ہونے کا وسیلہ ہو جاتا ہے۔

خداوند کریم کے فضل و کرم سے جیسا کہ خداوند کریم اپنے حبیبؐ، ہمارے پیغمبر حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر دے چکا ہے۔ قولہ تعالےٰ وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ۔ (جس وقت کہ مجھ سے سوال کرتے ہیں، بندے میرے میرے سے، تحقیق میں اجابت کے ساتھ نزدیک ہوں۔)

اور یہی قاعدہ سلف الصالحین خلف الراشدین علمایان دین متین و مشائخان متقدمین نے اکثر جاری رکھا تھا، تا زمانہ حال اگرچہ اس زمانہ میں شاخ اسلام کی ضعیفی نمودار ہو گئی ہے مگر ہمارے دلوں میں آلودگی زنگ ذنوبیہ کثرت سے درود ہو چکے ہیں، تو اس کے سبب سے ہماری زبانوں سے ورد کلام ربانی کی تاثیرات بالکل برداشت ہو گئی ہے، مگر پھر بھی ہماری نجات کا وسیلہ یہی ہے۔

اسی واسطے ختم انبیاء علیہم السلام کا طریقہ معتبر کتابوں سے نقل کیا جاتا ہے۔ اور اس کے پڑھنے کا طریقہ ہر ایک مہمات و متوفی کے مغفور کے واسطے اس طرح سے ہے کہ چند آدمی متقی پرہیزگار اور صحت سے پڑھنے والے ایک خاص جگہ یا کسی پاکیزہ مکان میں جمع ہو کر حلقہ باندھ کر دو زانو ہو کر بیٹھ کر بطریقہ سابقہ غیر کلام لغوات کو بالکل ترک کر کے حضور قلبی اور رجوعات روحانی قائم کر کے شروع کرنا چاہیئے۔

لیکن مشائخان نقشبندیہ مجددیہ العالیہ کے نزدیک بہتر یہ ہے کہ نشہ جات کنندہ آدمی سے حلقہ میں داخل ہونے سے اجتناب کرے۔

تو اوّل استغفار یکصد بار یا زیادہ، درود شریف ہزار بار یا زیادہ، پھر کلمہ نفی اثبات

Marfat.com

ذکر جہر بلند آواز سے ایک لاکھ پچیس ہزار پڑھ کر آخر درود شریف ہزار بار یا زیادہ پڑھ کر تمام کرے۔ پھر بہت خضوع وخشوع کے ساتھ ہر ایک مشکلات کے بارے میں بارگاہ مجیب الدعوات میں استدعا کریں۔ امید ہے کہ خداوند کریم اُن کی ہر ایک مشکلات کے واسطے نجات و فلاح کا وسیلہ ہو جائے گا۔

نیز در زاد الآخرت از لآلی فاخرہ فی تذکرۃ الآخرہ میں لکھا ہے کہ بعض اخباروں میں آیا ہے اس طرح سے کہ اگر تمام کلمہ طیبہ یکصد و بیست و پنج بار پڑھے، تو اوّل و آخر ہزار ہزار بار درود شریف بہ طریقہ اولی پڑھ کر ثواب آں بروح میت بخشا جائے، مغفور گردد اگرچہ مستوجب عذاب و سزاوار عقاب باشد و طریقہ سلف الصالحین اکثر اسی طرح سے چلا آیا ہے۔

نیز بہ روایت دیگر صحیحہ اس طرح سے ہے کہ اگر ہفتاد ہزار بار کلمہ طیبہ لا الٰہ الا اللہ پڑھا جاوے۔ بایں طریقہ کہ نو بار لا الٰہ الا اللہ اور دہم بار محمد رسول اللہ، اس طریقہ سے تمام کرے مگر اوّل و آخر درود شریف ہزار ہزار بار پڑھ کر ثواب اس کا بروح میت یا بارواح اہل مقبرہ کو بخشا جاوے، تو حق تعالیٰ ان مردوں کو بخش دے گا۔ اور عذاب قبروں کا ان سے دفع کر دے گا۔

اور فرمایا حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مِفْتَاحُ الْجَنَّۃِ۔

اور فرمایا حضرت انس رضی اللہ تعالےٰ عنہ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ یا حضرت جنت میں داخل ہونے کے واسطے ثمن بھی ہیں۔ قَالَ نَعَمْ یعنی آپ نے فرمایا کہ بلا شک ثمن ہیں۔ اے انس تو یہ ہیں، لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔

اور اسی طرح سے کلمہ طیبہ کی نسبت تفاسیر و احادیث میں طول طویل گفتگو ہے۔

اور نیز حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ مکتوبات شریف کی جلد ثانی میں اس طرح سے فرماتے ہیں اپنے دوستوں اور یاروں کو کہ اگر ہفتاد ہزار بار کلمہ طیبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کسی متوفی کے لئے پڑھ کر بخشا جاوے تو متوفی کیلئے اکسیر اعظم ہے۔

جیسا کہ حضرت خواجہ محمد صادق اور ان کی ہمشیرہ صاحبہ ام کلثوم ہر دونوں صاحبان کے واسطے

Marfat.com

ستر ستر ہزار بار کلمہ طیبہ بطور روحانیت پڑھ کر ثواب بخشا گیا تھا۔

اور اسی طرح سے ختم قرآن شریف جمع ہو کر حلقہ باندھ کر بر قبر متوفی یا دیگر کسی پاکیزہ مکان میں بہ طریقہ سابقہ پڑھ کر ثواب بروح میت یا بروح اہل مقبرہ بخشا جاوے، تو وہ میت و اہل مقبرہ کو رحمت فرقان حمید کے وسیلہ سے لے کر خداوند کریم بخش دیتا ہے۔

کیونکہ یہ طریقہ بھی ہمارے پیغمبر حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے لے کر و اصحاب کبار رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے زمانہ سے سلف الصالحین خلف الراشدین علمایان و مجتہدانِ دین متین سے جاری چلا آیا ہے۔ کیونکہ یہ بھی ہماری ہر ایک مہمات مشکلات کی نجات کا وسیلہ یہی ہیں۔ خداوند کریم گروہ محمدیہ کو اس وسیلہ کی رحمت کے زیر سایہ تابعداری میں رکھ کر متوفی کرے۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ اٰخِرَ کَلَامِنَا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

اُجرت بر عبادت

آنچہ در بعض کتب فقہیہ در باب اجارہ از متقدمین و متاخرین سوائے تعلیم قرآن شریف بر دیگر عبادات مثل امامت و خطابت و اذان و تعلیم علوم شرعیہ و ختمات وغیرہا اُجرت گرفتن منع نوشتہ اند۔ بیشک اگر اُجرت بمقابلہ نفس عبادت باشد، تا تحقیق ہمیں است فرمودہ اند، اما ایں جا اُجرت بمقابلہ حبس نفس در مکان خاص تا وقت خاص بگفتہ اہل آں واقع است و آں بلا اشتباہ حلال است۔ شاہ عبدالعزیز در تحت تفسیر آیت وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰیٰتِیْ ثَمَنًا قَلِیْلًا آوردہ اند کہ اما فرق معلمان صبیان کہ برائے تعلیم اطفال نوکر می شوند۔ داخل ایں زمرہ نیستند زیرا کہ در عوض تعلیم چیزے نمی گیرند۔ بلکہ علوفہ آنہا اجورہ محبت آنہاست کہ از صبح تا شام از خانہ خود جدا ماندہ از کسب معاش معطل گشتہ اطفال بے سروپا را مانند شبان کہ گوسپنداں رم کردہ را جمع نمایند و باحتیاط نگہدار نماری۔ اگر کسے بر محض تعلیم قرآن و حدیث و فقہ شریف و بے تعین مکانے یا زمانے اجورہ درخواستہ نمایند در زمرہ معلمانِ دنیا طلب کہ بر احکام الٰہی در ابلاغ آنہا متاع دنیا درخواست کنند محسوب می شود۔ انتہیٰ۔

Marfat.com

و بر صفحہ آیت در تفسیر ہمیں آیت فرمودہ اند کہ عبادات بسبب تعیّن مدت یا تخصیص مکان مباح می شوند نیز بر آنہا اُجرت گرفتن جائز است مثل تعلیم قرآن بہ طفل کسے در خانۂ او از صبح تا شام کہ این خصوصیات و قیود ہرگز عبادت نیستند۔ انتہٰی۔

نیز کہ در تحت تفسیر قولہ تعالیٰ اِنَّ الَّذِیْنَ یَکْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَیِّنٰتِ وَ الْھُدٰی۔ نوشتہ اند کہ دریں جا دقیقہ باید فہمید کہ اُجرت بر نفس تعلیم حرام است، امّا در خانہ کسے مسافت کردہ برائے تعلیم رفتن یا اطفال را از صبح تا شام در قید داشتن عملے است ورائے تعلیم در مقابلۂ این عمل اجرت گرفتن بلا شبہ حلال است و ہمچنیں مقیّد بودن بہ جلوس در مدرسۂ کسے در مدّت دراز نیز مقابل اُجرت می تواند شد۔ انتہٰی۔

پس اہل ختم نیز بر خاتمین مکان و زمان و تعداد ختمات و پارۂ قرآن و سورۂ مقرر می کند این نمی گویند کہ در کار بار خود لِلّٰہِ فی اللّٰہ، برائے شفائے مریض یا باثواب مردہ باختم ہر قدر کہ باشد بکنید و پاسدار خاتمین ہم می کند، و بر سستی کنندہ درشتی خفتگان ظاہر کنند۔

کَمَا ھُوَ الْمُشَاھَدُ فَھٰذَا ھُوَ الْمَحْمَلُ وَ فِیْہِ التَّخْلِیْصُ مِنْ بَعْضِ الظُّنُوْنِ فِیْ حَقِّ کَافَّۃِ الْاَنَامِ مِنْ اَھْلِ الْاِسْلَامِ مِنَ الْخَوَاصِ وَالْعَوَامِ وَھٰذَا مِنْ مَسَائِلِ عُمُوْمِ الْبَلْوٰی کَیْفَ وَقَدْ وَقَعَ الْخِلَافُ فِیْ اُجْرَۃِ نَفْسِ الْعِبَادَاتِ اَیْضًا فَلَا اِنْکَارَ عَلَی الْمُخْتَلَفِ فِیْہِ مِنَ الْاَعْمَالِ وَالْفَضَائِلِ وَاِنَّمَا الْاِنْکَارُ عَلَی الْمُتَّفَقِ لِلْغَیْرِ الشَّائِعِ بَیْنَ الْخَوَاصِ وَالْعَوَامِ فَکَیْفَ اِذَا ثَبَتَ مِنْ اَھْلِ التَّحْقِیْقِ اَنَّ الْاُجْرَۃَ لَیْسَتْ فِیْ مُقَابَلَۃِ الْعِبَادَۃِ ھٰھُنَا، بَلْ فِیْ مُقَابَلَۃِ حَبْسِ النَّفْسِ فِی الْقُیُوْدِ الْخَارِجَۃِ فَمَنْ اَنْکَرَ مِثْلَ ھٰذَا الْمَرْوَجَۃِ عَنْ فَقَدَ اَزَلَ نَفْسَہٗ وَ عِلْمَہٗ لَنْ یُفْسِدَ الْعَطَّارُ مَا اَصْلَحَہُ الدَّھْرُ، خَیْرُ الْکَلَامِ مَا قَلَّ وَدَلَّ۔

و نیز اگر ختم لا الہ الا اللہ کند مفید است۔ و در زاد الآخرت از لآلی فاخرہ فی تذکرۃ الآخرہ

Marfat.com

آورده که در بعضے اخبار آمده است که اگر یک صد و بست و پنج هزار بار ختم کلمه طیبه کند و ثواب آن را بروح میت بخشند مغفور گردد اگر مستوجب عذاب و سزاوار عقاب باشد و طریقه سلف همیں بوده و به روائتے یکصد و هزار بار - و نیز بروائتے صحیحه به صحت پیوسته که اگر لا الٰه الا الله هفتاد هزار بار خوانده شوند باین وضع که نُه بار لا الٰه إلا الله و دهم بار محمد رسول الله تا که باتمام رساند و ثواب آن بروح میت یا باهل مقبره بخشیده شود. حق تعالے آن مردگان را بیامرزد و عذاب گور از ایشان دفع کند. انتهیٰ.

و در حدیثے که آن را حضرت امام احمد از معاذ بن جبل روایت نموده آمده است، که آن لا الٰه الا الله مفتاح الجنة.

و ابو اللیث سمرقندی رحمة الله علیه در تنبیه از انس عن النبی صلی الله علیه وسلم آورده که انه قیل للنبی صلی الله علیه وسلم یارسول الله هل للجنة ثمن قال نعم لا الٰه إلا الله

و نیز حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی در جلد ثانی مکتوبات آورده اند که بیاران و دوستان فرمایند که هفتاد هزار بار کلمه طیبه لا الٰه الا الله بروحانیت مرحومی حضرت خواجه محمد صادق و بروحانیت مرحوم همشیراد ام کلثوم بخوانند و ثواب هفتاد هزار بار را بروحانیت یکے بخشند هفتاد هزار بار دیگر را بروحانیت دیگرے از دوستان دعا و فاتحه مسئول است. انتهیٰ.

و شیخ عبد الوهاب شعرانی در بحر المورود فی المواثیق والعهود آورده که اخذ علینا العهود ان نعمل باحادیث الفضائل ولو قیل بضعفها لا سیما ان اعتقدت بالکشف ولا تحمل العمل بها کما هو الغالب فی الناس فبمجرد ما یَسْمَعُوْن بضعف الحدیث یتهاونون بالعمل به وقد وقع للشیخ المحی الدین بن العربی رضی الله عنه انه اطلع علی تعذیب امراة فی

Marfat.com

النار وكان قد عمل سبعين الفا لا الٰه إلا اللّٰه بقصد فقال رقبة من النار فقال اجعل ذالك فی صحایف اعمال فلانه. فخرجت من النار لوقتها۔

والحدیث الوارد فی ذٰلك لم یزل المحدثون یتکلمون فی سنده فاعمل بمثل ذلك یا اخی ولا تستبعد حصول الاجر العظیم بالعمل الیسیر فان مقادیر الثواب لا تدرك بالقیاس۔ انتهٰی۔

قبور پر قرآن مجید پڑھنا اور جمع ہونا جائز اور مستحب ہے، منع نہیں ہے۔

علامہ علی القاری علیہ رحمۃ الباری در مرقات شرح مشکوٰۃ در شرح حدیث نبوی:

اذا مات احدکم فلا تحبسوه واسرعوا به الی قبره وَاقْرَءُوْا عِنْدَ رَأْسِهٖ فَاتِحَةَ البقرة وعند رجله بخاتمة البقرة۔

آوردہ کہ قال النووی فی الاذکار قال محمد بن احمد المروزی سمعت احمد بن حنبل یقول اذا دخلتم المقابر فاقرءوا بفاتحة الکتاب والمعوذتین وقل هو اللّٰه احد واجعلوا ثواب ذٰلك لاهل المقابر فانه یصل الیهم. انتهٰی۔

وفی الاحیاء العلوم للغزالی والعاقبة لعبد الحق عن احمد بن حنبل نحوه واَخْرَج الخلال فی الجامع عن الشعبی قال کانت الانصار اذا مات لهم المیت اختلفوا الیٰ قبره یقرءون القراٰن۔

واخرج ابو محمد السمرقندی فی فضائل قل هو اللّٰه احده عن علی مرفوعا، من مر علی المقابر وقَرَءَ قل هو اللّٰه احد، احدی عشرة مرة ثم وهب اجره للاموات اعطی من الاجر بعدد الاموات

Marfat.com

واخرج ابوالقاسم سعد ابن على الزنجانى فى فوائده عن ابى هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من دخل المقابر ثم قرأ فاتحة الكتاب وقل هوالله احده والهٰكم التكاثر ثم قال انى جعلت ثواب ما قرأت من كلامك لاهل المقابر عن المومنين والمومنٰت كانوا شفعاء له الى الله تعالىٰ۔

واخرج القاضى ابو بكر بن عبد الباقى الانصارى فى مشيخة عن سلمة بن عبيد قال قال حماد المكى خرجت ليلة الى مقابر مكة فوضعت راسى على قبر فنجيت فرايت اهل المقابر حلقة حلقة فقلت قامت القيامة قالوا لا ولكن الرجل من اخواننا قرأ قل هوالله احده وجعل ثوابها لنا فنحن نقسمه منذ سنة

واخرج عبد العزيز صاحب الخلال بسنده عن انس انّ رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من دخل المقابر فقرأ سورة يٰسٓ خفف الله عنهم وكان له بعد ومن فيها حسنات۔

وقال القرطبى اقرأوا على موتاكم يٰسٓ يحتمل ان يكون هذه القرأة عند الموت على الميّت ويحتمل ان يكون عند قبره كذا ذكره السيوطى فى شرح الصدور ثم قال واختلفوا فى وصول ثواب القرأة للميت فجمهور السلف وَالاٰئمّة الثلاثة على الوصول وخالف فى ذٰلك الشافعى مستدلا بقوله تعالىٰ وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى۔ فَاجابه الجمهور باجوبة عديدة شافية كافية و واستدلوا على ما قالوه بالقياس على وصول الدعاء والصدقة والصوم والحج والعتق فانه لا فرق فى نقل الثواب بين ان يكون

Marfat.com

عن حج او صدقة او وقف او دعاء او قراءة بالاحاديث المذكورة
و بان المسلمين ما زالوا فی کل عصر و مصر یجتمعون و
یقرأون لموتاهم من غیر نکیر فکان ذٰلك اجماعا۔

ذکر ذٰلك کله الحافظ شمس الدین بن عبد الواحد المقدسی
الحنبلی فی جزء الفه فی المسئلة ثم قال السیوطی واما القرأة
علی القبر فجزم بمشروعیتها اصحابنا و غیرهم و قال النووی
فی شرح المهذب یستحب لزائر القبران یقرأ ما تیسر من
القران و یدعو لهم عقیبها ۔ نص علیه الشافعی واتفق علیه
الاصحاب و زاد فی موضع اٰخر وان ختموا القراٰن علی القبر
کان افضل۔

انتهیٰ ما قال علی القاری فی المرقاة مختصراً۔

و نیز قاضی ثناء اللہ رحمۃ اللہ علیہ در تذکرۃ الموتیٰ والقبور آوردہ اند کہ حافظ شمس
الدین ابن عبد الواحد گفتہ از قدیم در ہر شہر مسلماناں جمع می شوند و برائے اموات قرآن
می خوانند۔ پس اجماع شدہ۔ انتہیٰ۔

و علامہ عینی در حاشیہ ہدایہ در باب حج عن الغیر آوردہ کہ:

ان المسلمین یجتمعون فی کل عصر و زمان و یقرؤون
القراٰن و یهدون ثوابه لموتاهم۔ و علی هذا اهل الفلاح
والدیانة من کل مذهب من المالکیة والشافعیة وغیرهم
ولا ینکر ذٰلك منکر فکان اجماعاً۔ انتهیٰ۔

Marfat.com

زیارتِ قبور کا بیان

قبروں کی زیارت کرنی ہر ایک مسلمان کیلئے سُنّت ہے۔ کیونکہ قبروں کی زیارت کرنے والوں کے دلوں میں عبرت پیدا ہوتی ہے، اور غفلت دور ہو کر موت یاد آجاتی ہے۔ اور موت کے لئے توشہ کرنے کی نسبت فکر مندی پیدا ہوتی ہے۔ اور قبروں کی زیارت کے واسطے کوئی دن اور وقت مقرر نہیں ہے، جس وقت چاہے کرے۔ مگر بہتر یہ ہے، کہ بروزِ جمعہ اور پیر وار اور سوموار کے دن کیا کرے۔ اور قبروں پر جا کر ہر ایک نامشروع فعل سے اجتناب کرے، ورنہ ایسے فعل بدعی سے ارتکاب گناہِ کبیرہ کا ہو کر زمرۂ مشرکین میں لاحق ہو جائے گا۔ اسی وجہ سے حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابتداء اسلام میں اصحاب کو قبروں کی زیارت کرنے سے منع کیا گیا تھا۔ کیونکہ بت پرستی کی ابتدا قبر پرستی سے شروع ہوئی تھی۔ اسی واسطے ابتداء اسلام میں اصحاب کو بھی منع کیا گیا تھا۔

قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم عبادۃ الاصنام من جھۃ القبور۔

فرمایا حضرت نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بت پرستی کی ابتدا قبروں سے ہے۔

نھی النبی علیہ الصلوٰۃ والسلام اصحابہ فی اوائل الاسلام عن زیارۃ القبور سداً لذریعۃ الشرک لکونھم حدیث العھد بالکفر ثم لما تمکن التوحید فی قلوبھم اذن لھم فی زیارتھا۔

لہٰذا نبی علیہ الصلوٰت والسلام نے اپنے پایوں کو شروع اسلام میں زیارت قبور سے منع کر دیا تھا۔ شرک کے وسیلہ کو بند کر دینے کے لیے، کیونکہ ان کو کفر چھوٹے ہوئے ابھی بہت تھوڑا زمانہ گذرا ہوا تھا۔ پھر جب توحید ان کے دلوں میں جم گئیں، تو ان کو زیارتِ قبور کی اجازت ہو گئی۔

وعلمھم کیفیتھا تارۃ بفعلہ وتارۃ بقولہ وذلک فی الاحادیث

Marfat.com

اور ان میں سے ایک وہ ہے، جو ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ یا رسول اللہ! میں زیارت قبور میں کیا کہا کروں؟ آپ نے فرمایا، کہ سلام گھر والوں مومنین اور مسلمین پر۔ اور اللہ رحمت کرے ہم میں سے اور تم میں سے آگے جانے والوں پر اور پیچھے رہ جانے والوں پر، اور ہم انشاء اللہ تمہیں سے آکر ملتے ہیں

فعلی هذا کل من یرید ان یزور القبور من الرجال ینبغی ان لا یکون حظه من زیارة لها الطواف علیها کالبهائم بل ینبغی له اذا جاءها ان یسلم علی اهلها و یخاطبهم خطاب الحاضرین و یسال لهم الرحمة والعافیة کما تقدم فی الاحادیث۔

پس اس بنا پر مردوں میں سے جو قبروں کی زیارت کا ارادہ کرے، تو چاہیئے کہ اپنا حصہ ان کی زیارت میں سے بہائم کی طرح قبر کا طواف نہ بنالے۔ بلکہ جب قبر کے پاس آئے تو اس کو چاہیئے کہ قبر والوں پر سلام بھیجے اور حاضروں کی طرح خطاب کرے۔ اور ان کے لئے رحمت اور مغفرت اور عافیت مانگے، جیسا کہ اوپر احادیث میں آچکا ہے۔

ثم یعتبر ممن کان تحت التراب وانقطع عن الاهل والاحباب وانه حین دخل القبر وابتلی بالسوال هل اصاب فی الجواب و کان قبره روضة من ریاض الجنة او اخطأ فی الجواب وکان قبره حفرة من حفر النیران۔

پھر ان کی حالت سے عبرت حاصل کرے جو مٹی تلے پڑے ہیں اور عزیزوں اور دوستوں سے جدا ہو گئے ہیں کہ یہ جب قبر میں داخل ہوئے اور سوال سے آزمائش کی گئی، تو آیا ٹھیک جواب دیا کہ اس کی قبر بہشت کے باغ کا ایک چمن ہو گئی ہو، یا جواب میں چوک گیا، کہ اس کی قبر دوزخ کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا ہو گئی۔

Marfat.com

ثم یجعل نفسه کانه مات و دخل القبر و ذهب عنه ماله واهله وولده ومعارفه وبقی وحیدا فریدا ،هو الاٰن یسأل فماذا یجیب وماذا یکون حاله و یکون مشغولا بهذا الاعتبار مادام هناك ویتعلق بمولاه فی الاخلاص من هذه الامور الخطیرة العظیمة و التجأ الیه۔

پھر اپنے آپ کو ایسا سمجھے کہ گویا مر گیا ہے۔ اور قبر میں داخل ہوا۔ اور اس کا مال اور اہل اور اولاد اور دوست سب چلے گئے۔ اور اکیلا تن تنہا رہ گیا ہے۔ اور اب سوال ہو رہا ہے۔ اب کیا جواب دوں۔ اور میرا کیا حال ہوگا، اس میں ہی عبرت حاصل کرنے میں مشغول رہے، جب تک وہاں رہے۔ اور ان امور نہایت خوفناک کی رستگاری میں اپنے مولیٰ سے لو لگائے۔ اور اسی کی طرف التجا کرے۔

شدید مصیبت کے وقت سجدہ کرنا چاہیئے

واضح ہو جس وقت کوئی مہمات مشکلات و شدائد مصیبتوں کا کثرت سے نزول ہو جائے، تو سجدہ کرنا ضروری ہے۔ یعنی کسی قسم کی بیماریوں کا پھیل جانا، یا دشمن کا قوی ہو جانا یا دوسرا کوئی خوفناک دقوعہ مصائب شدائد کا درپیش آجائے تو مسلمانوں کو لازم ہے، کہ دراز قرات سے خضوع و خشوع کے ساتھ نماز پڑھنی شروع کر دیں۔ کیونکہ ہمارے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی طرح ارشاد فرمایا ہے۔

قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا رأیتم اٰیة فاسجدوا هذا الحدیث من حسان المصابیح رواہ ابن عباس۔

حضرت رسول اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جب تم کوئی علامت دیکھو تو سجدہ کرو۔ یہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثوں میں سے ہے۔ ابن عباس اس کے راوی ہیں۔

Marfat.com

اور علامت سے مراد وہ علامت ہے، جس میں اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے۔ اور سجدہ سے مراد نماز ہے۔

گویا حضرت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ فرمایا کہ اے لوگو! جب تم کوئی ایسی علامت علامتوں میں سے دیکھو، جس سے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے، تو نماز کو کھڑے ہو جاؤ۔ پس اس بناء پر جب کوئی علامت خوفناک علامتوں سے ظاہر ہو، جیسے سورج گہن، چاند گہن اور بھونچال اور بجلی کی کڑک، اور بارش کی جھڑی، اور سخت آندھیاں اور دن میں ہولناک اندھیرا ہو جانا، اور رات کو ہولناک روشنی اور بیماریوں کا پھیل جانا، اور دشمن کا قوی خوف اور اس کی مثل اور ہول اور خوف، تو لوگوں کو چاہیئے کہ نماز کو کھڑے ہوں۔ اور نماز پڑھنی چاہیئے۔ دو رکعت اور چاہیں تو چار رکعت۔ کیونکہ یہ تمام باتیں خوفناک ہیں، جن سے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وما نرسل بالآیۃ اِلا تخویفاً اور نہیں بھیجتے ہم نشانیاں مگر ڈرانے کے لئے۔

وقد روی انہ علیہ السلام قال اذا رأیتم شیأ من ھذہ الافزاع فافزعوا الی الصلوٰۃ۔ اور روایت ہے کہ حضرت نبی علیہ الصلوٰت والسلام نے فرمایا، جب تم ان ہولناک چیزوں میں سے کوئی چیز دیکھو تو نماز پڑھنے لگو۔

پس نبی علیہ السلام کو جب کسی بات سے رنج ہوتا، تو نماز شروع کر دیتے، اور عذاب کی نشانیوں میں سے کسی علامت کے ظاہر ہونے کے وقت نماز پڑھنی اور دعا مانگنی اور توبہ کرنے کا حکم دیتے۔ اور آپ بھی اس میں مشغول رہتے، یہاں تک کہ لوگوں پر سے وہ بات ٹل جاتی۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کبھی علامات عذاب میں سے کوئی علامت اس کی بھیجتا ہے۔ اور اپنے بندوں کو ڈراتا ہے، تاکہ اس کی طرف رجوع کریں۔ اور اس کا

Marfat.com

درگاہ میں انکساری کریں۔

اس تمام بیان سے معلوم ہوا، کہ عذاب کی علامات سے جب کوئی علامت ظاہر ہو، تو توبہ اور استغفار اور ان نیک اعمال اور تقویٰ میں مشغول ہونا مشروع ہے، جس سے خوفناک عذاب کے دور ہو جانے کی امید ہو۔ کیونکہ یہ سب دفعیہ بلا کے لئے زبردست چیز ہے معاصی لہو و لعب میں مشغول ہونا، پس یہ بلا کو نہیں ٹالتا۔ بلکہ بلا کی آمد کو اور قوت دیتا ہے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا یہ قول دلالت کرتا ہے،

وما اصابکم من مصیبة فبما کسبت ایدیکم۔ (اور جو پہنچتی ہے تم کو کوئی مصیبت، پس وہ اس سبب سے ہے، جس کو کمایا تمہارے ہاتھوں نے۔)

روایت ہے کہ کسی صالح مرد کے عام بلا کی کسی نے شکایت کی، جس میں تمام خلقت مبتلا تھی۔ پس اس صالح مرد نے فرمایا، اس بلا کی وجہ میرے نزدیک تمہارے نزدیک گناہوں کی نحوست کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔

پس گنہ گار آدمی منحوس ہوتا ہے اپنی جان پر بھی اور غیروں پر بھی۔ اس لئے یہ اندیشہ ہے کہ اس پر عذاب نازل ہو کر سب خلقت میں پھیل جائے۔ خصوصاً ان لوگوں پر جو اس کے عمل کا انکار نہیں کرتے۔ کیونکہ بری بات سے منع کرنا واجب ہے۔ تو جب سب لوگ اس کو چھوڑ دیں تو سب لوگ عذاب کے مستحق ہوں گے۔ چنانچہ حضرت جریر بن عبداللہ سے روایت ہے کہ:

انه علیه السلام قال ما من رجل یکون فی قوم یعمل بالمعاصی و هم یقدرون علی ان یغیروا علیه ولا یغیرون الا اصابهم منه بعقاب قبل ان یموتوا۔

وفی حدیث اخر انه علیه السلام قال ان الله تعالیٰ لا یعذب العامة بذنوب الخاصة حتی یروا المنکر بین اظهرهم وهم قادرون

Marfat.com

علی ان ینکروہ فلا ینکرونہ فاذا فعلوا ذٰلک عذّب اللّٰہ العامۃ و الخاصہ فان المنکر اذا ظھر بین الناس یجب علی کل من یراہ ان یغیروہ فان لم یغیروہ فکلھم عاصون بعضھم بفعلہ و بعضھم برضابہ وقد جعل اللہ تعالیٰ بحکمہ وحکم الراضی بمنزلۃ العاصی۔

کہ حضرت نبی علیہ الصلوات والسلام نے فرمایا، نہیں کوئی شخص کہ کسی قوم میں رہ کر معاصی کرتا ہو، اور وہ لوگ اس کے منع کرنے پر قادر ہوں، لیکن منع نہیں کرتے۔ مگر ان سب پر مرنے سے پہلے ہی اللہ کی طرف سے عذاب آئے گا۔

اور ایک اور حدیث میں ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ بعض لوگوں کے گناہوں سے ساری خلقت کو عذاب نہیں دیتا۔ یہاں تک کہ وہ لوگ اس فعل کو اپنے سامنے دیکھیں اور باوجود اس کے روک دینے کے قدرت رکھتے ہوں، لیکن نہ روکیں، جب وہ ایسا کرتے ہیں، تو پھر اللہ تعالیٰ عوام وخواص سب کو عذاب دیتا ہے۔ کیونکہ فعل بد جب لوگوں میں ظاہر ہو، تو جو دیکھے، اس پر اس کا منع کرنا واجب ہے۔ پس اگر منع کریں۔ تو سب کے سب گنہ گار ہیں۔ بعضے تو خود عمل بد کرنے کی وجہ سے، اور بعضے اس کے پسند کرنے کی وجہ سے۔ اور اللہ تعالیٰ نے بمقتضائے اپنے حکم اور حکمت کے پسند کرنے والے کو گنہ گار کے برابر ٹھہرایا ہے۔

ولھذا قال اللہ تعالیٰ واتقوا فتنۃ لا تصیبن الذین ظلموا منکم خاصۃ۔ (اور اس لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا، اور بچتے رہو، اس فساد سے کہ نہ پڑے گا تم میں سے صرف ظالموں پر۔

ابن عباس اس آیت کی تفسیر میں کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے مومنوں کو حکم کیا ہے، کہ برا کام اپنے درمیان نہ رہنے دیں، جس سے سب کو عذاب عام ہو جائے۔

Marfat.com

پس اے دانشمند! دیکھ تو کہ حضرت صالح پیغمبر علیہ السلام کی قوم میں اونٹنی کے پاؤں کاٹنے والا ایک ہی تھا، جیسا کہ اللہ تعالےٰ نے اس کی خبر دی ہے جہاں فرمایا؛

فنادوا صاحبهم فتعاطى فعقر۔

(پھر پکارا اپنے رفیق کو، پس اس نے ہاتھ لپکایا، اور کاٹا۔)

پھر اس کے ساتھ آٹھ آدمی ہو گئے، تو وہ کل نو ہو گئے، جیسا کہ اللہ تعالےٰ نے بیان کیا، جہاں فرمایا؛

وكان فى المدينة تسعة رهط يفسدون فى الارض ولا يصلحون.

(اور اس شہر میں نو شخص تھے، کہ فساد کرتے تھے۔ زمین اور بھلائی نہ کرتے تھے۔)

پھر اللہ تعالیٰ نے حضرت نبی علیہ السلام کی قوم پر عذاب نازل کیا۔ اور سب کو ہلاک کر دیا، اور بچوں اور جانوروں پر وہ عذاب آیا، جو بڑوں پر اونٹنی کے قاتل کو قتل سے منع نہ کرنے کے وقت آیا تھا۔ اور ایسے ہی اور تمام امتیں جو ہلاک ہوئیں، کہ ان کے بچوں اور بڑوں اور عورتوں اور جانوروں کو عذاب نے گھیر لیا۔ اور اسی لئے اللہ تعالےٰ انبیاء علیہم السلام کو حکم دیتا تھا کہ مسلمانوں کو ساتھ لے کر عذاب آنے سے پیشتر اپنی قوم سے نکل جائیں۔ باوجودیکہ اس کو قدرت ہے کہ ان کو بچا لے۔ اگرچہ وہ اپنے مکانوں ہی میں بیٹھے رہیں۔ لیکن عادت الٰہی میں تبدیلی نہیں ہوتی۔ اور قاعدہ عذاب کا یوں ہی جاری تھا کہ جب کسی قوم پر عذاب نازل ہوتا تو مسخ وغیر مسخ سب پر عام ہو جاتا۔ پھر اپنی اپنی نیت پر اٹھائیں جائیں گے، جیسا کہ صحیح بخاری اور مسلم میں حضرت عبداللہ بن عمر کی روایت سے آیا ہے۔

عن عبد الله بن عمر انه عليه السلام قال اذا انزل الله بقوم عذابا اصاب من كان فيهم ثم يبعثون على نياتهم.

(پھر نبی علیہ السلام نے فرمایا، جب اللہ تعالےٰ کسی قوم پر عذاب بھیجتا ہے، تو جتنے

Marfat.com

وہاں ہوں گے سب کو پہنچتا ہے۔ پھر اپنی اپنی نیتوں پر اٹھائے جائیں گے۔

اور مالک بن دینار سے روایت ہے کہ انہوں نے یہ آیت شریفہ پڑھی،

وکان فی المدینۃ تسعۃ رھط یفسدون فی الارض ولا یصلحون۔ اور اس شہر میں نو شخص تھے، جو ملک میں خرابی پھیلاتے تھے اور اصلاح نہ کرتے تھے۔

پھر فرمایا کہ آج ہر محلہ اور ہر جماعت میں کتنے ہیں جو زمین میں فساد کرتے ہیں، اور اصلاح نہیں کرتے۔ باوجودیکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے،

فلیحذر الذین یخالفون عن امرہ ان تصیبھم فتنۃ او یصیبھم عذاب الیم۔ پس ڈرتے رہیں وہ لوگ کہ مخالفت کرتے ہیں اس کی حکم کی اس بات سے کہ پہنچے ان کو کوئی فتنہ یا ملے ان کو سخت عذاب۔

وقد روی عن ام سلمۃ انھا قالت سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول اذا ظھرت المعاصی فی امتی عمھم اللہ بعذاب من عندہ فقلت یارسول اما فیھم اناس صالحون قال بلیٰ قلت کیف یصنع بھم قال یصیبھم ما اصاب الناس ثم یصیرون الیٰ مغفرۃ اللہ ورضوانہ۔

اور ام سلمہ سے روایت ہے کہ وہ کہتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ فرماتے تھے کہ جب میری امت میں گناہ ظاہر ہوں گے، تو اللہ تعالیٰ اپنے پاس سے سب پر عذاب عام کر دے گا، میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! کیا ان میں نیک لوگ نہ ہوں گے، فرمایا، کیوں نہیں۔ میں نے عرض کیا، ان کا کیا حال ہوگا۔ فرمایا ان پر بھی وہی آئے گا جو سب پر آئے گا۔ پھر اللہ تعالیٰ ان کو بخش دے گا۔ اور راضی ہو جائے گا۔

اب اس حدیث سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مومن جب حتی الامکان بیزار رہے، اور برائی بند نہ کرے تو دنیا میں عذاب اس کو بھی شامل ہو جائے گا۔ لیکن آخرت میں نہ ہوگا۔ اور

Marfat.com

اس پر وہ مضمون بھی دلالت کرتا ہے، جو حضرت عائشہ سے روایت ہے،

روی عن عائشۃ انہا قالت یارسول اللہ ان اللہ تعالیٰ اذا انزل سطوتہٗ باہل الارض وفیہم صالحون افیہلکون بہلاکہم فقال یاعائشۃ ان اللہ تعالیٰ اذا انزل سطوتہ باہل الارض نقمۃ وفیہم صالحون فیصیبون معہم ثم یبعثون علی نیاتہم۔

کہ انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ! جب اللہ تعالیٰ اپنا قہر زمین پر اتارے گا، اور ان میں نیک لوگ بھی ہوں گے، تو کیا وہ بھی ان کے ساتھ ہلاک کر دیئے جائیں گے، تو فرمایا اے عائشہ! اللہ تعالیٰ جب اپنا قہر عذاب والوں پر نازل کرتا ہے۔ اور ان میں نیک لوگ بھی ہوتے ہیں، تو وہ بھی ان کے ساتھ مصیبت میں آجاتے ہیں۔ اور پھر اپنی اپنی نیتوں پر اٹھائے جائیں گے۔

اور آدمی صالح نہیں کیا جاتا، مگر جب ہی کہ اپنے مقدر پر انکار کرتا رہے، اور جس نے سستی کی اور قدرت کے ہوتے انکار نہ کیا، تو وہ فاسقوں میں ہو جاتا ہے۔ نیکوں میں۔ اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حدود الٰہی میں سستی کرنے والے اور خود اس میں پڑنے والی کی ایک مثال بیان فرمائی ہے۔ پس فرمایا آنحضرت علیہ السلام نے،

مثل المداہن فی حدود اللہ تعالیٰ والواقع فیہا مثل قوم استہموا سفینۃ فصار بعضہم فی اسفلہا وجار بعضہم فی اعلاہا فکان الذی فی اسفلہا یمر بالماء علی الذین فی اعلاہا فتأذوا بہ فاخذ فأسا فجعل ینقر السفینۃ فاتوہ فقالوا مالک فقال تأذیتم بی ولا بد لی من الماء فان اخذوا علی یدیہ انجوہ وانجوا انفسہم وان ترکوہ ہلکوہ وہلکوا انفسہم۔

کہ حدود الٰہی میں سستی کرنے والے اور خود اس میں پڑنے والے کی مثال ایسے ہے، کہ

Marfat.com

جیسے ایک قوم نے ایک کشتی پائی۔ پس کوئی نیچے کے درجے میں ہوگیا، اور کوئی اوپر کے درجے میں آیا۔ اور جو نیچے کے درجے میں تھا، وہ پانی لینے کے لئے اوپر والوں کے پاس ہو کر گذرتا تھا۔ پس اس سے ان کو ایذا ہوئی۔ لہذا ایک کلہاڑا لے کر وہ کشتی میں چھید کرنے لگا۔ تب وہ اس کے پاس آئے اور کہا کہ یہ تو کیا کرتا ہے۔ کہا، مجھ سے تم کو ایذا ہوتی ہے۔ اور پانی مجھے ضروری ہی چاہیئے۔ اب اگر انہوں نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا، تو اس کو بھی بچایا اور اپنی جان بھی بچائی۔ اور اگر اس کو چھوڑ دیا تو اس کو ہلاک کیا اور اپنی جان بھی ہلاک کی۔

پس نبی علیہ السلام نے اس تمثیل میں کئی فائدے بیان کر دیئے۔ ایک یہ ہے کہ دین جہاز کی مثل ہے۔ پس جیسے جہاز دنیا میں ڈوبنے سے نجات کا سبب ہے، ایسے دین آخرت میں نجات کا سبب ہے۔ اور ایک یہ ہے کہ کشتی والوں کا کشتی میں چھید کرنے والے سے خاموش رہنا، جس طرح دنیا میں ان کی ہلاکت کا سبب ہے، ایسے ہی فاسق سے مسلمان کا خاموش رہنا، اور اس کو منع نہ کرنا دنیا اور آخرت میں ان کی ہلاکت کا سبب ہے۔ اور ایک یہ ہے کہ سوراخ کرنے والے کا یہ کہنا کہ میں تو خاص حصہ میں چھید کرتا ہوں، جیسے اوروں کو جو کشتی میں ہیں ہلاکت سے نہیں بچا سکتا، ایسے ہی اور مومنین کو گنہگار کا یہ قول گناہ اور عقوبت سے نہیں بچاتا کہ میں تو صرف اپنے دین میں خرابی کرتا ہوں نہ کہ تمہارے دین میں۔ تم اپنی خبر رکھو۔ تم کو مجھ سے کیا مطلب، میرا کیا میرے لئے ہے، اور تمہارا کیا تمہارے لئے۔ ہر ایک بکری اپنے پیر سے بندھتی ہے۔

ایسی ایسی باتیں جو عوام کی زبان پر آیا کرتی ہیں، جن کو یہ خبر نہیں کہ ان کے فعل کی نحوست اور انجام بد کی خرابی سب کو شامل ہو جاتی ہے۔

اور ایک یہ ہے کہ اہل سفینہ کا کھڑے ہو کر اس کا منع کرنا، جو کشتی توڑتا ہے، جس طرح کہ تمام اہل سفینہ کے ڈوبنے سے نجات کا سبب ہے، ایسے ہی دینداروں کا مستعد ہو کر کھڑا ہونا اور برائی سے روکنا، گناہ اور عقوبت سے تمام مسلمانوں کی نجات کا سبب ہونا۔

Marfat.com

اور ایک یہ ہے کہ کشتی کے توڑنے پر جس طرح پیش قدمی وہی کرے گا، جو احمق ہو، کہ درحقیقت جو چیز بری ہے، اس کو اچھا سمجھے اور اپنے ڈوبنے کی خبر نہ ہو، ایسے ہی مصیبت پر وہی پیش قدمی کرے گا، جو اس کو اچھا سمجھتے ہیں، اور اس میں جو بڑا گناہ اور دردناک عذاب ہے، اس کو نہ جانے۔ کیونکہ اگر یقیناً یہ جانتا کہ اپنی معصیت سے اپنے دین کا اس قدر نقصان کرے گا، جس قدر کہ کشتی کا توڑ کر نقصان کرنے والا ہے۔ تو معصیت پر کبھی قدم نہ اٹھاتا۔

اور ایک یہ ہے کہ کوئی اہل سفینہ میں سے جب اس کو منع کرے، جو کشتی توڑتا ہے۔ اور اس منع کرنے والے پر کوئی اعتراض کرے کہ تجھے کیا مطلب، تو بیشک جیسا کہ یہ اعتراض کرنے والا احمق اور بے وقوف اور اس کی حرکت کے انجام سے ناواقف سمجھا جائے گا۔ اس وجہ سے کہ کشتی کے توڑنے سے منع کر دالا، اس معترض اور اس کے سوا سب کی ہلاکت میں کوشاں ہے۔

اسی طرح جو شخص اس پر اعتراض کرے، جو برائی سے منع کرتا ہے تو اس پر اعتراض اپنی بڑی حماقت اور کم عقلی اور معصیت کے انجام اور نحوست کی نادانی ہی کی وجہ سے ہے، کیونکہ جو شخص برے کام سے روکتا ہے، تو وہ اس فرض کو ساقط کرتا ہے، جو معترض وغیرہ سب پر ہے، اور ان کو گناہ سے بچانے اور عقاب کے چھڑانے میں کوشش کرتا ہے، اور ایک یہ ہے کہ کشتی والے اگر اس سے خاموش رہیں، جو اس کو توڑنا چاہتا ہے، اور اس کو منع نہ کریں تو جس طرح کہ یہ سب اس کے ساتھ ہلاکت میں برابر ہوں گے۔ اور توڑنے والے اور غیر توڑنے والے میں کچھ فرق نہ ہوگا۔ اور نہ نیک اور بد میں۔ اسی طرح اہل سلام جب گناہوں کے روکنے سے سکوت کریں گے تو سب پر عذاب آئے گا۔ اور اس گناہ کے کرنے والے اور غیر کرنے والے میں کوئی فرق نہ ہوگا۔ اور نہ ان کے نیک اور غیر نیک میں۔ اور اسی لئے نبی علیہ السلام نے فرمایا ہے:

Marfat.com

قال النبی علیہ السلام لا تزال لا الہ الا اللہ من قالہا وترد عنہم العذاب او النقمۃ مالم یستخفوہا بحقہا قالوا یارسول اللہ وما الاستخفاف بحقہا قال یظہر العمل بمعاصی تعالیٰ فلا ینکر ولا یغیرہ

کہ کلمہ لا الہ الا اللہ ہمیشہ اس کو فائدہ دیتا رہے گا، جو اس کو پڑھے، اور اس پر سے عذاب اور قہر کو ہٹاتا رہے گا، جب تک کہ اس کے حق کی حقیقت نہ سمجھیں، عرض کیا، یارسول اللہ! اس کے حق کا کیونکر استخفاف ہوتا ہے۔ فرمایا جب اعمال بمظاہر ہونے لگیں اور کوئی اس کو منع نہ کرے، اور نہ کوئی اس کو بند کرے۔

پس نبی علیہ السلام نے اس حدیث میں بتلا دیا کہ انکار اور تغیر کے ترک کرنے میں کلمہ توحید کا استخفاف ہوتا ہے پس کلمہ پڑھنے والوں سے عذاب کو دفع نہیں کرے گا۔ لیکن یہ بھی جاننا چاہیئے کہ جس کام سے انکار کرنا واجب ہے، اس کا برا ہونا شرط ہے، خواہ صغیرہ ہو، خواہ کبیرہ ہو۔ اس واسطے کہ انکار کا واجب ہونا کبیرہ گناہوں کے ساتھ مخصوص نہیں، بلکہ صغائر کو بھی شامل ہے۔

اور برا ہونے میں یہ شرط نہیں ہے کہ معصیت ہو، کیونکہ جو شخص چھوٹے لڑکے یا گل کو شراب پیتا دیکھے تو اس کو چاہیئے کہ شراب گرا دے۔ اور اس کو پینے سے منع کرے۔ اور ایسے ہی اگر کسی کو ان دونوں میں سے کوئی اور برا کام کرتے ہوئے دیکھے تو اس پر واجب ہے کہ اس کو منع کرے۔

اور یہ ممانعت اس لیے نہیں کہ ان کا فعل معصیت ہے۔ اس لئے کہ ان دونوں کے فعل کو معصیت نہیں کہتے بلکہ اس لئے کہ یہ فعل برا ہے، اور یہ بھی جاننے کی بات ہے، کہ بری بات سے روکنا حاکم کے ساتھ مخصوص نہیں۔ اور ان کی اجازت پر موقوف ہے، بلکہ ہر ایک پر اس کی قدرت کے موافق واجب ہے۔ اگرچہ ان کی طرف سے اجازت نہ دی

Marfat.com

گئی ہو، خواہ مرد ہو یا عورت، آزاد ہو یا غلام، چنانچہ اسی پر اجماع ہے۔ اس لئے کہ حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے:

روی عن ابی سعید الخدری انه علیه السلام قال من رأی منکم منکرا فلیغیره بیده وان لم یستطع فبلسانه وان لم یستطع فبقلبه وذلك اضعف الایمان۔

کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا، جو کوئی تم میں سے برا کام دیکھے تو چاہیئے کہ ہاتھ سے روک دے، اگر یہ طاقت نہ ہو تو زبان سے روکے، اگر یہ بھی طاقت نہ ہو تو دل سے برا جانے اور یہ ادنی ایمان ہے۔

پس رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمانا کہ روک دے، باتفاق ایجاب کا حکم ہے۔ اور آپ کا یہ قول کہ جو کوئی تم میں سے دیکھے، عام ہے، تمام امت کو یہ وجوب شامل ہے، لیکن اللہ تعالیٰ کا یہ قول:

ولتکن منکم امة یدعون الی الخیر ویأمرون بالمعروف وینهون عن المنکره (اور چاہیئے کہ رہے ایک جماعت جو نیک کام کی طرف لوگوں کو بلاتی رہے اور عمدہ باتوں کا حکم دے اور بری باتوں سے منع کرتی رہے۔)

اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ یہ فرض کفایہ ہے، اور فرض کفایہ فرض عین سے زیادہ قابل اہتمام ہے۔ اور فرض کفایہ میں مشغولی فرض عین میں مشغولی سے افضل ہے۔ اس واسطے کہ جو فرض عین چھوڑے گا، تو خاص وہی گنہ گار ہوگا، اور جو شخص اس کو ادا کرے گا، تو وہ اپنے ذمے کا فرض ساقط کرنے کے ساتھ وہی مخصوص ہوگا اور فرض کفایہ کو اگر ترک کرے گا تو سب گنہ گار ہوں گے۔ اور اگر ادا کرے گا، تو سب سے گناہ ساقط ہو جائے گا۔

پس فرض کفایہ کا کرنے والا تمام امت کو گناہ سے بچانے میں سعی کرتا ہے۔ اور اس

Marfat.com

میں شک نہیں کہ جو شخص ضروری دینی کام کے قائم کرنے میں تمام مسلمانوں کا قائم مقام ہو وہ افضل ہے۔ اسی وجہ سے نبی علیہ السلام نے فرمایا ہے:

قال النبی علیہ السّلام من امر بالمعروف ونھی عن المنکر فھو خلیفۃ اللہ تعالیٰ فی ارضہ وخلیفۃ کتابہ ورسولہٖ

کہ جو شخص نیک کام بتلائے اور بدکام سے روکے، وہ اللہ تعالیٰ کی زمین میں اللہ تعالیٰ اور اس کی کتاب اور رسول کا خلیفہ ہے۔ اور

اور یہ اس لئے ہے کہ انبیاء علیہ السلام نیک کام سکھانے اور برے کاموں سے روکنے ہی کے لئے بھیجے گئے ہیں، اور یہی ان کا مقررہ کام ہے، جس کو وہ لے کر آئے ہیں۔ سو جس نے اس باب میں ان کی پیروی کی اور نیک کام بتلائے اور بُرے کام سے منع کیا، وہ اس بڑے کام میں ان کا نائب ہوا۔ اور اس کا درجہ اس کارِ معظم میں ان کے درجہ کے قریب جا ملا، خواہ وہ حاکم ہو، یا اس کی طرف سے اجازت دی گئی ہو، یا غیر ماذون ہیں۔ جو شخص حاکم ہو یا حاکم کی طرف سے ماذون ہو، تو اس کے ذمہ بات متعین ہے اور اس کو حدود اور تعزیر کے قائم کرنے میں وہ اختیارات ہوں گے جو اور کسی مسلمان کو نہیں ہوں گی۔ اور جب وہ سستی کرے تو ہر ایک مسلمان کو لازم ہے کہ نیک کام کا حکم اور برے سے ممانعت اپنے قدر کے موافق کرے، پھر اگر حاکم اس پر خوش ہو تو خیر۔ اور اگر راضی نہ ہو بلکہ ناخوش ہو تو اس کی ناخوشی بھی ایک بُرا فعل ہے۔ اس پر انکار کرنا چاہیئے۔ اس لئے کہ علماء نے ان عمومات سے جو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے بارے میں آئی ہیں، امراء اور سلاطین کا بھی ان عمومات میں داخل ہونا سمجھا ہے، پھر بھلا ان پر انکار کے لئے ان کی اجازت کی حاجت کیا ہے! اور امراء و سلاطین کو منع کرنا متقدمین کی عادت میں داخل تھا۔

جیسا کہ روایت ہے کہ مامون بن ہارون رشید کو خبر پہنچی کہ ایک شخص لوگوں میں گشت

Marfat.com

کیا کرتا ہے اور بھلی بات کا حکم اور بُرائی سے ممانعت کیا کرتا ہے، حالانکہ مامون کی طرف سے مامور نہیں ہے۔ پس مامون نے اس کے حاضر کرنے کا حکم دیا، جب وہ سامنے آکر کھڑا ہوا، تو مامون نے کہا کہ مجھ کو خبر ملی کہ تو اپنے آپ کو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے لائق سمجھتا ہے، اور مامون کرسی پر بیٹھا ہوا ایک کتاب دیکھ رہا تھا کہ اتنے میں غافل ہو گیا، اور کتاب اس سے گر پڑی، اور پیر کے نیچے آگئی، اس طرح کہ اس کو خبر نہ ہوئی، تو اس شخص نے اس سے کہا، اللہ کے ناموں پر سے اپنا پیر اٹھا۔ پھر جو چاہے، وہ کہہ۔ مامون اس کا مطلب نہ سمجھا۔ پس کہا تو کیا کہتا ہے۔ آخر اس شخص نے تین بار یہی کہا، اور وہ نہ سمجھا۔ پھر اس شخص نے کہا کیا تو اٹھاتا ہے، یا مجھ کو اجازت دیتا ہے کہ میں اٹھا دوں۔ مامون نے کہا کہ میں نے اجازت دی۔

جب وہ شخص اٹھانے کو جھکا تو مامون کی نظر پڑی تو کتاب کو پیر کے نیچے دیکھا، اور اٹھا کر چوم لیا۔ اور وہی کہنے لگا، کہ تو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کیوں کرتا ہے۔ یہ کام تو اللہ تعالیٰ نے ہمارے حوالے کیا ہے۔ اور ہم ان لوگوں میں سے ہیں جن کے حق میں اللہ تعالیٰ یہ فرماتا ہے:

الذین ان مکناھم فی الارض اقاموا الصلوٰۃ و اٰتوا الزکوٰۃ وامروا بالمعروف و نھوا عن المنکرہ کہ یہ وہ لوگ ہیں کہ اگر ہم ان کو دنیا میں قوت دیں، تو نماز پڑھیں اور زکوٰۃ دیں، اور حکم کریں کام بھلے کا، اور منع کریں برے کام سے۔ تب

تب اس شخص نے کہا کہ اے امیر المومنین! تم نے سچ کہا، واقعی ویسے ہی ہیں جیسا کہ تم نے اپنا وصف سلطنت اور قدرت کا بیان کیا، لیکن ہم بھی تمہارے اسباب میں مددگار اور ساتھی ہیں۔ اس کا انکار وہی کرے گا، جو اللہ تعالیٰ کی کتاب اور اس کے رسول کی حدیث کو نہیں جانتا ہو۔ قرآن میں تو یہ آیت ہے:

Marfat.com

والمؤمنون والمومنات بعضهم اولیاء بعض یامرون بالمعروف وینھون عن المنکر اور ایمان والے مرد، اور ایمان والی عورتیں ایک دوسرے کی مددگار ہیں۔ بتلاتے ہیں نیک بات اور منع کرتے ہیں بری بات سے۔

اور حدیث میں پیغمبر علیہ الصلوات والسلام کا یہ ارشاد ہے،

المومنون کالبنیان یشد بعضہ بعضاً مسلمان بمنزلہ عمارت کے ہیں کہ ان میں ہر ایک دوسرے کو قوت اور مدد دیتا ہے۔

یہ اللہ کی کتاب اور اللہ کے رسول کی حدیث ہے۔ پس اگر تو ان دونوں کا مطیع ہے تو اس کا شکر گذار ہوگا، جو ان میں سے کسی بات میں مدد کرے۔ اور اگر تو ان دونوں کا مطیع نہیں ہے، تو ان دونوں کا وبال تیرے سر ہے، بے شک جس کی طرف تیرا مال ہے، اور جس کے ہاتھ میں تیری عزت ہے، اس نے شرط کی ہے کہ نیکوکار کا اجر ضائع نہیں کرتا۔ اب جو چاہو سو کہو۔

پس مامون کو اس کے کلام سے تعجب آیا۔ اور اس سے خوش ہو کر کہا، تجھ جیسا شخص امر بالمعروف ونہی عن المنکر کے لائق ہے، جا اسی میں لگا رہ، جس پر تو قائم تھا۔ سو وہ شخص اسی حال پر رہا۔

اور ایسے بہت لوگ سلف میں گذرے ہیں، وہ یہ کہتے ہیں کہ گنہ گاروں پر رحمت کا یہ مقتضیٰ نہیں کہ ان کو منع نہ کرے۔ اور ان کے حال سے معترض نہ ہو۔ بلکہ ان کے حال پر بڑی رحمت یہی ہے کہ ان کو منع کرتا رہے۔ اور ان کو روک کر شاہراہ استوار اور طریق راست پر لائے کیونکہ ایمان والا جب دشمن کے ملک میں مسلمان قیدیوں میں سے کسی قیدی کو سنتا ہے، تو اس پر رحم کرتا ہے۔ اور اپنا مال اور جان اس کے چھڑانے میں خرچ کرتا ہے۔ پھر بھلا اپنے بھائی مسلمان کے چھڑانے اور بچانے میں کیونکر کوشش نہ کرے، جب اس کو اپنے نفس شیطان کا قیدی دیکھے۔ حالانکہ یہ دونوں سب سے بڑے دشمن ہیں۔ پس اگر اس سے اعراض

Marfat.com

کرے اور نفس و شیطان کا قیدی رہنے دے۔ تو یہ اس کی جہالت ہے۔ کیونکہ چھوٹے سے دشمن کے قیدی کو چھڑانے میں جب مومن کو یہ ثواب ہے، جس کو اللہ تعالےٰ نے اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے اس قول میں:

ومن احیاھا فکانما احیا الناس جمیعاً ۱ اور جس نے جلائی ایک جان تو گویا جلایا اس نے سب لوگوں کو۔)

تو پھر بھلا اس کی نسبت تیرا کیا خیال ہے، جو معاصی کے قیدی کو بڑے دشمن کے ہاتھ سے خلاصی دے۔

اور بیشک علماء نے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو جہاد کے قائم مقام مقرر کیا ہے۔ کیونکہ مسلمانوں کو معاصی سے روکنا، جو دوزخ میں داخل ہونے کے سبب ہیں، کفار کے قتال سے افضل ہے۔

پس جیسے جہاد میں جائز نہیں کہ ایک شخص دو کے مقابلے سے بھاگ جائے۔ ایسے ہی امر بالمعروف اور نہی عن المنکر میں جو شخص دو شخصوں کو کسی برائی پر دیکھے، تو اس کو جائز نہیں، کہ ان کو برائی پر چھوڑ دے۔ بلکہ اس پر واجب ہے کہ حکم کرے اور منع کرے۔ اور اگر زیادہ ہوں، اور اس کو اپنی جان کا خوف ہو، تو چھوڑ دینے کی اس کو گنجائش ہے، لیکن منع کرنا اولیٰ اور افضل ہے۔

اس لئے کہ کہتے ہیں، جس کو معاصی پر انکار کرنے کی طاقت ہو، باوجودیکہ جان کا خوف ہے، تو اس کی ممانعت ہی مستحب ہے اور نہایت مرغوب، کیونکہ اعزاز دین کے لئے جان کو خطرہ میں ڈالنے کا حکم ہے، جیسے کہ کفار کے قتل میں ہے اور باغیوں کے قتل میں۔ اور روایت ہے۔

وقد روی ان رجلا سئل النبی علیہ السلام ای الجھاد افضل فقال کلمۃ حق عند سلطان جائر ۲

Marfat.com

(کہ کسی شخص نے نبی صلی اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام سے پوچھا، کونسا جہاد افضل ہے، فرمایا حق بات ظالم حاکم کے سامنے کہنا۔)

پس نبی علیہ الصلوٰت والسلام نے حق بات کو ظالم حاکم کے سامنے کہنا جہاد سے افضل ٹھہرایا ہے۔ اس واسطے کہ حق بیان کرنے والا بلندی کلمۂ حق اور امداد دین کے لئے اپنی جان پر کھیلتا ہے، باوجودیکہ حاکم اپنا ہاتھ اس سے روکے ہے۔ برخلاف اس کے جو لڑائی میں دشمن کا مقابلہ کرتا ہے۔ کیونکہ وہ دشمن اس پر ہاتھ چلاتا ہے اور امید کرتا ہے کہ غالب ہو جائے اور اس کو مار ڈالے۔ پس اس کا اپنی جان کی سخاوت کرنا سلامتی کی امید کے وقت اس کے برابر نہیں، جو سلامتی سے مایوسی کے وقت جان کی سخاوت کرے، لیکن اس بات میں آہستگی اور سہولیت کی رعایت لائق ہے کہ پہلے پہل سہولت اور نرمی سے ممانعت کرے۔ پس پہلے وعظ اور نصیحت سے ابتداء کرے اور اللہ تعالیٰ سے ڈرائے اور عاصی کو نظر رحمت سے دیکھے اور معصیت میں اس کا مبتلا ہونا اپنی مصیبت سمجھے، کیونکہ سب مسلمان ایک جان کی مثل ہیں۔ پس جس کو تو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتا ہے، وہ دوزخ کے کنارے کھڑا ہوا ہے۔ پس اس سے بچتے رہو کر اس کو دھکا دے کر دوزخ کی تہہ میں پھینک دو، کیونکہ شاید وہ تجھ کو پکڑے، پس تو بھی اس کے ساتھ گر پڑے اور اس لئے کہ اگر تو نے پہلے ہی اس کو سختی اور شدت سے کہا، تو شاید وہ تجھ پر ہاتھ اور زبان سے ایذا رسانی کرے اور زیادتی کرے۔ اب تو نے خرابی پر خرابی بڑھا دی۔ اب تو نے اپنی جان ہلاک کرنے کے بعد اس کو ہلاک کیا۔

ہاں اگر وعظ و نصیحت سے باز نہ آئے، اور اس کی طرف سے معصیت پر اصرار معلوم ہو، تو ضرور ہے کہ سختی سے کہا جائے۔ اور برا بھلا کہا جائے، جس میں تذلیل نہ ہو۔ مثلاً یہ الفاظ کہے، اے فاسق، اے جاہل، اے بیوقوف تجھ سے اپنی جان کے دشمن اے وہ شخص جو خدا سے نہیں ڈرتا، اور ایسے ہی اور الفاظ، اور اس میں سچ کہے

Marfat.com

رعایت کرتا رہے۔ کیونکہ یہ الفاظ حقیقت میں سچے ہیں۔ اس لئے کہ جو گناہ کرتا ہے، فاسق، جاہل احمق ہوتا ہے۔

کیونکہ احمق وہ ہوتا ہے، جو اپنے کو اپنی خواہش کے تابع کر دے اور خدا سے آرزوئیں کرتا رہے، جیسا کہ حدیث میں آیا ہے۔ اور غیبتے جاری کرنے اور کلام ناجائز کہنے سے بچتا رہے، جو کہ صاف جھوٹ ہو اور فحش قبیح ہو، اور جو برائی کے دور کرنے پر بلا اس کے فاعل کے مارے قدرت نہ ہو، تو چاہیئے کہ کم ہی لاف مارے۔

پھر جب وہ منکر جاتا رہے، تو واجب ہے کہ باز رہے، اور اس سے بچتا رہے جو اکثر لوگ کیا کرتے ہیں، کہ بعد دور ہو جانے منکر کے مار پیٹے میں لگے رہتے ہیں کیونکہ یہ حق حاکم کے سوا کسی کو نہیں۔ اور منکر کو دور نہیں کر سکتا، نہ ہاتھ سے اور نہ زبان سے تو اس کو مکروہ تحریمی ہے کہ اپنے بھائی مسلمان کے عیوب کسی کے سامنے بیان کرتا پھرے۔ پھر سوائے اس کے جو اس کے منع کرنے پر قادر ہو، اس لئے کہ جب اللہ تعالیٰ کی فرماں برداری منکر کے دور میں نہ ہوئی، تو مسلمان کی غیبت کر کے نافرمانی بھی نہ کرے۔

بیان صلوٰۃ الکسوف والخسوف

فی ظہور الامور المخوفۃ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الشمس والقمر اٰیتان من اٰیات اللہ تعالیٰ لا یخسفان بموت احد ولا لحیاتہ۔ فاذا رأیتم ذلک فاذکروا اللہ تعالیٰ۔ ھٰذا الحدیث من صحاح المصابیح رواہ عبد اللہ بن عباس۔

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سورج اور چاند اللہ تعالیٰ کی دو نشانیاں ہیں، نشانیوں میں سے، کسی کی موت اور حیات کے سبب سے گہن نہیں

Marfat.com

لگتا۔ جب تم یہ بات دیکھو تو، اللہ تعالیٰ کو یاد کرو۔ یہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثوں میں سے ہے، عبداللہ بن عباس کی روایت سے ہے۔

اور اس حکم کے ارشاد کا سبب اس مضمون کی رو سے، جو اور حدیث میں ابو سعید الانصاری کی روایت سے آیا ہے

ان الشمس انکسفت یوم مات ابراھیم بن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال انکسفت لموتہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الشمس والقمر اٰیتان من اٰیات اللہ تعالیٰ لاینکسفان لموت احد ولا لحیاتہ فاذا رأیتم شیأ من ھٰذہ الافزاع فافزعوا الی الصلوٰۃ۔

یہ ہے کہ حضرت ابراہیم بن رسول اللہ کی وفات کے دن سورج گہن ہوا، لوگوں نے کہا کہ ابراہیمؑ کی موت کے سبب ہوا ہے۔ تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ آفتاب اور مہتاب اللہ تعالےٰ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں۔ کسی کی موت اور حیات سے ان میں گہن نہیں لگتا۔ پس جب تم ایسے ہولناک امور دیکھو تو نماز پڑھنی شروع کرو۔

پس نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس حدیث میں ان ہولناک امور کے ظاہر ہونے کے وقت، جن میں سورج گہن بھی داخل ہے، نماز کا حکم فرمایا۔ اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ یاد الٰہی سے مراد جو پہلی حدیث میں مذکور ہے، نماز کا حکم ہے۔ کیونکہ آنحضرت علیہ الصلوٰت والسلام نے صلوٰۃ کسوف جماعت سے پڑھی ہے۔ اور قیاس تو یہ تھا کہ صلوٰۃ کسوف واجب ہوتی۔ جیسا کہ بعضے علماء کا یہی مذہب ہے۔ اور اسرار کبریٰ کے مصنف نے اسی کو اختیار کیا ہے۔ کیونکہ امر وجوب کے لئے ہے۔

لیکن جمہور علماء کہتے ہیں کہ یہ سنت ہے۔ کیونکہ یہ نماز اسلام کے علامت سے نہیں، صرف گہن کے عارض ہونے سے ہوتی ہے، مگر چونکہ نبی علیہ الصلوات

Marfat.com

والسلام نے جماعت سے پڑھی ہے، لہذا سنت ہے۔ جماعت سے بلا کراہت مشروع ہے، اور علماء نے اس امر کو استحباب پر محمول کیا ہے۔

پس اس بیان کے موافق امام جمعہ کو چاہیئے کہ جب سورج گہن ہو تو لوگوں کے ہمراہ جامع مسجد یا عیدگاہ میں دو رکعت پڑھے، ہر رکعت ایک رکوع سے نفل کی طرح بغیر اذان، بغیر تکبیر اور بغیر خطبہ کے۔

اور ان دونوں رکعتوں میں جس قدر چاہے قرآن مجید پڑھے۔ اور امام ابوحنیفہ کے نزدیک قرأت چپکے سے پڑھے اور صاحبین کے نزدیک پکار کر۔ اور ان دونوں رکعتوں میں قرأت کی درازی افضل ہے۔ اس لئے کہ اس میں نبی علیہ السلام کی متابعت ہے، کیونکہ ثابت ہوا ہے کہ نبی علیہ السلام کا قیام پہلی رکعت میں سورہ بقرہ کے پڑھنے کا مقدار تھا اور دوسری رکعت میں سورہ آل عمران کے پڑھنے کے مقدار تھا۔ اور اس میں تخفیف بھی جائز ہے، اس لئے کہ نماز اور دعا میں سارے وقت کا ختم کر دینا مسنون ہے، کیونکہ مغیرہ بن شعبہ سے مروی ہے:

روی عن مغیرۃ ابن شعبۃ انہ علیہ السلام قال ان الشمس والقمر ایتان من ایٰت اللہ تعالیٰ لا ینکسفان لموت احد ولا لحیاتہ فاذا رایتموھا فادعوا اللہ تعالیٰ حتی تنجلی الشمس۔

کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ سورج اور چاند اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ہیں۔ کسی کی موت سے ان کو گہن نہیں لگتا، اور نہ کسی کی حیات سے جب تم اس کو دیکھو، تو اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے اور نماز پڑھتے رہو، یہاں تک کہ سورج صاف ہو جائے۔

یہ حدیث نماز اور دعا میں پورے وقت کو ختم کر دینے کا فائدہ دیتی ہے۔ پس اگر ایک میں تخفیف کرے تو دوسری میں بڑھائے۔ اور نماز کے بعد دعا کرتا رہے۔ یہاں تک کہ سورج صاف ہو جائے۔

Marfat.com

کیونکہ دعاؤں کو نماز سے مؤخر کرنا مسنون ہے۔ پھر امام کو دعا میں اختیار ہے چاہے قبلہ رخ بیٹھ کر دعا مانگے، اور چاہے کھڑا ہو کر لوگوں کی طرف اپنا منہ کر کے یا رد بقبلہ ہو کر دعا مانگے، اور لوگ بہر حال قبلہ رخ بیٹھے رہیں۔

اور اگر امام جمعہ موجود نہ ہو، تو لوگ علیحدہ علیحدہ پڑھیں، چاہیں دو رکعت، چاہیں چار رکعت۔ کیونکہ یہ نماز نفل ہے۔ اور نوافل میں اصل یہی ہے۔

اور ایسے ہی چاند گرہن میں لوگ جدا جدا نماز پڑھیں۔ اور اس میں جماعت نہیں ہے۔ کیونکہ رات کے وقت آدمیوں کا جمع کرنا دشوار ہے، اور بعضے وقت فتنہ کا سبب ہو جاتا ہے۔ بلکہ ہر ایک خود نماز پڑھ لے۔

ایسے ہی ستاروں کے ٹوٹنے میں اور ان کی خوفناک روشنی میں، اور دن کو خوفناک اندھیری میں اور تند آندھیوں اور برابر کی بارش اور بجلی کے گرنے اور بھونچال اور بیماریوں کی کثرت اور دشمن کے سخت خوف میں، اس کے سوا اور ہولناک باتوں میں ہر ایک خود جدا جدا نماز پڑھے۔

اور اس ارشاد نبی علیہ السلام کے عام ہونے کی وجہ سے کہ جب تم یہ خوفناک باتیں دیکھو تو ڈر کر نماز شروع کر دو کیونکہ یہ سب خوف کے علامات ہیں، جن سے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

وَمَا نُرْسِلُ بِالْاٰيٰتِ اِلَّا تَخْوِيْفًا۔ (اور نہیں بھیجتے ہیں ہم علامات کو مگر ڈرانے کے لئے۔)

اور حدیث شریف میں آیا ہے:

انه عليه السلام قال هذه الايات التي يرسل الله تعالىٰ بها لا تكون لموت احد ولا لحياته ولكن يخوف بها عباده فاذا رأيتم شيأ من ذلك فافزعوا الى ذكر الله تعالىٰ ودعائه واستغفاره۔

Marfat.com

نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ نشانیاں جن کو اللہ تعالیٰ بھیجتا ہے، کسی کی موت سے نہیں ہوتیں، اور نہ کسی کی حیات سے۔ بلکہ اپنے بندوں کو اس سے ڈراتا ہے، پس جب تم ان میں کوئی بات دیکھو تو ڈر کر خدا کی یاد اور اس سے دعا اور استغفار کرو۔

اور ایک حدیث میں ہے۔

انه علیه الصلوٰة والسلام قال ان الشمس والقمر آیتان من آیات الله تعالیٰ لا یخسفان لموت احد ولا لحیاته فاذا رأیتم من ذلك شیأ فادعوا الله وکبروا وصلوا وتصدقوا فان کل خیر فی مثل هذه الاهوال والافزاع ماموربه لکون الخیرات دافعة للبلیات ۔

کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا، بیشک سورج اور چاند اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ہیں۔ دو نشانیاں۔ کسی کی موت سے ان کو گہن نہیں لگتا، اور نہ کسی کی حیات سے پس جب تم اس کو دیکھو تو اللہ تعالیٰ سے دعا مانگو اور اللہ اکبر کہو، اور نماز پڑھو، اور خیرات کرو۔ کیونکہ ہر ایک نیک کام ان ہولناک اور خوفناک باتوں میں مامور ہے۔ اس لئے کہ نیک کام آفتوں کو دور کرتے ہیں۔

وروی عن ابن عمر انه علیه السلام کان اذا سمع صوت الرعد و الصواعق یقول اللهم لا تقتلنا بغضبك ولا تهلکنا بعذابك و عافنا قبل ذلك۔

اور ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ نبی علیہ السلام جب گرج اور بجلیوں کی آواز سنتے تو کہتے الٰہی! ہم کو اپنے غضب سے مت قتل کر اور اپنے عذاب سے مت ہلاک کر اور ہم کو اس سے پہلے عافیت عطا فرما۔

وروی عن عائشه انه علیه السلام کان اذا بصر سحابا ترك عمله واستقبله وقال اللهم انی اعوذ بك من شر ما فیه فان کشفه

Marfat.com

اللہ تعالیٰ حمد اللہ تعالیٰ و ان مطر قال اللھم سقیا نافعاً ہ

اور حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام جب ابر دیکھتے تو اپنا کام چھوڑ دیتے اور اس کی طرف متوجہ ہو جاتے، اور یہ فرماتے کہ الٰہی! میں تیری پناہ لیتا ہوں، اس برائی سے جو اس میں ہے۔ پھر اگر اللہ تعالیٰ اس کو کھول دیتا، تو اللہ تعالیٰ کی حمد کرتے۔ اور اگر برستا تو یہ فرماتے کہ الٰہی! بارش سیرابی اور بہرہ مند دیجیو۔

و روی عن عائشۃ ایضا انہ علیہ السلام کان اذا عصفت الریح قال اللھم انی اسئلک خیرھا و خیر ما فیھا و خیر ما ارسلت بہ و اعوذ بک من شرھا و شر ما فیھا و شر ما ارسلت بھا۔

اور حضرت عائشہ سے یہ بھی مروی ہے کہ جب تند ہوا چلتی تو نبی علیہ السلام کہا کرتے تھے، یا اللہ! میں تجھ سے اس کی بھلائی مانگتا ہوں۔ اور اس کی بھلائی جو اس کے اندر ہے، اور اس کی بھلائی جس کے لئے بھیجی گئی ہے۔ اور تیری پناہ مانگتا ہوں اس کی برائی سے، اور اس کی برائی سے، جو اس کی برائی سے، جو اس کے اندر ہے، اور اس کی برائی سے جس کے لئے یہ بھیجی گئی ہے۔

و روی عن ابن عباس ان رجلا لعن الریح عند النبی علیہ السلام فقال لہ النبی علیہ السلام لا تلعن الریح فانھا مامورۃ و انہ من لعن شیأ لیس لہ باھل رجعت اللعنۃ علیہ۔

اور ابن عباس سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی علیہ السلام کے روبرو ہوا پر لعنت کی۔ تب نبی علیہ السلام نے فرمایا، ہوا پر مت لعنت کر۔ کیونکہ وہ مامور ہے۔ اور جو شخص ایسی چیز کو لعنت کرتا ہے کہ اس کے لائق نہیں، تو وہ لعنت اسی پر لوٹ کر آتی ہے۔

و روی عن ابی ھریرۃ انہ علیہ السلام قال الریح من روح

Marfat.com

اللہ تاتی بالرحمۃ و بالعذاب فلا تسبوھا و اسئلوا اللہ خیرھا و عوذوا من شرھا۔

ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا، ہوا اللہ کی مہربانی ہے کہ کبھی رحمت لاتی ہے کبھی عذاب۔ سو اس کو برا نہ کہو اور اللہ تعالےٰ سے اس کی بھلائی طلب کرو۔ اور اس کے شر سے پناہ مانگو۔

یعنی ہوا ان چیزوں میں سے ہے جو خدا کی طرف سے آتی ہے، جیسے مینہ اور سردی گرمی اور علاوہ اس کے کہ کبھی رحمت کے واسطے آتی ہے۔ اور کبھی عذاب کے لئے۔ تو جب اس کا آنا اللہ تعالےٰ کے حکم سے ہوا، تو کسی ضرر ہونے سے اس کو برا کہنا جائز نہیں۔ بلکہ جس میں اس کا دہم ہے۔ اس کے بارے میں بندوں کا طریق اللہ تعالےٰ کی طرف التجا کرنا ہے۔ اور اس کی رسی کو مضبوط پکڑنا ہے۔ اور اس کے شر سے جو اس کے اندر ہے، خدا کی پناہ مانگنا جیسا کہ:

روی عن ابی بن کعب قال لا تسبوا الریح فاذا رأیتم ما تکرھون فقولوا اللھم انا نسئلک خیر ھذہ الریح وخیر ما فیھا وخیر ما امرت بہ ونعوذ بک من شر ھذہ الریح وشر ما فیھا وشر ما امرت بہ۔

ابی بن کعب سے روایت ہے، کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا، ہوا کو برا مت کہو۔ پس جب ایسی چیز دیکھو جو تم پسند نہیں کرتے تو یہ کہو کہ الٰہی! ہم تجھ سے ہوا کی خوبی مانگتے ہیں اور خوبی اس کی جو اس کے اندر ہے اور خوبی اس کی، جس کا اس کو حکم ہے۔ اور اس ہوا سے تیری پناہ مانگتے ہیں۔ اور اس برائی سے جو اس کے اندر ہے۔ اور اس برائی سے جس کا اس کو حکم ہے۔ اور اسی طرح جو کوئی کہیں منزل کرے، تو اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگے۔

روی انہ علیہ السلام قال من نزل منزلا فقال اعوذ بکلمات اللہ

Marfat.com

التامة من شر ما خلق لم یضرہ شیٔ حتی یرتحل منه منزلا اخر

وروی عن ابن عباس انه علیه السلام کان یقول عند الکرب لآ الٰه الا اللہ رب العرش العظیم، لا الٰه الا اللہ رب السمٰوٰت السبع و رب الارض و رب العرش الکریم ۔

کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا، جو کوئی کسی منزل میں اترے اور یہ کہے کہ میں پناہ لیتا ہوں اللہ تعالیٰ کے کامل کلمات کے اس کی برائی سے، جس کو خدا نے پیدا کیا، تو اس کو کوئی ضرر نہیں ہوتا، یہاں تک کہ وہاں سے چل کر دوسرا مکان بدلے۔ اور ابن عباس سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام سختی کے وقت فرمایا کرتے تھے، نہیں کوئی معبود سوائے اللہ عظیم بردبار کے، نہیں کوئی معبود سوائے اللہ پروردگار عرش بزرگ کے، نہیں کوئی معبود سوائے اللہ تعالےٰ پروردگار ساتوں آسمانوں کے۔ اور پروردگار زمین اور پروردگار عرش بزرگ کے۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے بندگ اوصاف کا ذکر کرنا عقوبت کے دور ہونے کا سبب ہے۔

وقد روی انه علیه السلام قال الا اخبرکم بشیٔ اذا نزل بکم کرب او بلاء فدعا به فرج الله تعالےٰ عنه قیل بلیٰ یا رسول الله قال دعا ذی النون لا الٰه اِلا انت سبحانك انی کنت من الظالمین فاستجبنا له و نجّیناه من الغم وکذٰلك ننجی المومنین ۔

اور روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ میں تم کو ایسی دعا بتادوں کہ جب تم پر کوئی سختی یا بلا آوے، پھر وہ دعا پڑھے، تو اللہ تعالیٰ اس سے کشائش دے گا، عرض کیا گیا، کیوں نہیں یارسول اللہ! فرمایا ذوالنون کی دعا، کوئی معبود نہیں سوائے تیرے، تو بے عیب ہے۔ میں ہوں گنہ گاروں سے، پھر سن لی ہم نے اس کی پکار، اور بچا دیا، اس کو غم سے۔ اور یوں ہی ہم نجات دیتے ہیں ایمان والوں کو۔

Marfat.com

وروی انه علیه السلام قال ما من مکروب یدعو بهذا الدعاء اِلّا استجیب لہ ۔ اور روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا، نہیں کوئی مصیبت زدہ جو یہ دعا پڑھے، مگر قبول ہی ہوئی۔

یسرنا اللہ تعالیٰ دعوۃ مستجابۃ بلطفہ وکرمہ۔ الٰہی! ہم پر دعائے مستجاب اپنے لطف وکرم سے آسان کیجیو۔

اِستغفار کا طریقہ

ہر ایک مسلمان خصوصاً طالب اللہ کے لئے معتبر کتابوں سے سنت نبوی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مطابق مرقوم کیا جاتا ہے۔ کیونکہ ہمارے رسول حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو فرقان حمید میں یہ بشارت دے دی تھی کہ اے محمد! میں نے تم کو معصوم پیدا کیا ہے۔ مگر باوجود معصوم ہونے کے جو گناہ ماضی یا آئندہ برسوں میں ہوں گے ان کو میں نے بخش دیا ہے۔

ماضی اور آیندہ گناہ کے بارے میں مفسرین نے اسی طرح سے بیان کیا ہے، کہ تبلیغ رسالت کی کوتاہی اگر کسی قسم کی تم سے سابقہ یا آیندہ زمانہ میں ہوگی، تو میں نے معاف کردی ہے۔ اس واسطے ہمارے رسول حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم دن رات میں سو بار استغفار دائمی کرتے تھے۔

خیر اس میں مفسرین کی گفتگو طول طویل ہے۔ اور خداوند کریم نے فرقان حمید میں اس طرح سے فرمایا ہے،

یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَی اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا

اور یہ خطاب استغفار کی نسبت خاص مومنین کے واسطے ہے۔ اسی واسطے مختصر استغفار کا طریقہ ہر ایک مسلمان اعلیٰ وادنیٰ کے لئے تحریر کیا جاتا ہے، جیسا کہ حسب

Marfat.com

ذیل ہے۔ مگر طالب استغفار کنندہ کو چاہیئے کہ وظیفہ ہذا کو بوقت عصر بروز سہ شنبہ یعنی منگل دار کی عصر کے وقت کسی تنہا یا پاکیز جگہ میں بیٹھ کر حضور قلبی رجوعات روحانی سے اپنے ماضی کے گناہوں کو مدنظر رکھ کر شروع کرے۔ اور اول و آخر درود شریف یازدہ بار پڑھے۔ پھر بروز دوشنبہ یعنی سوموار کے دن عصر کے وقت اخیر منزل کو ختم کرکے اپنے صغیرہ و کبیرہ گناہوں ماضی و آیندہ کے لئے بخشش اپنے پروردگار سے مانگے۔ اور ہر ایک حاجات کے لئے خشوع و خضوع سے دعا کرے۔

امید ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ بفضل خود استغفار کنندہ کے لئے دریائے رحمت بے پایاں سے اس کی زمین پژمردہ زنگار خورد کے لئے باران کا نزول کرے گا۔ آمین یا رب العلمین۔

منزل اوّل

منزل اول بروز سہ شنبہ یعنی منگل دار کے دن عصر کے وقت شروع کرنی چاہیئے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبَّ الْاِنْسِ وَالْجَانِ

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ نَّفْسِیْ وَشَیْطَانِیْ

میں مغفرت چاہتا ہوں اللہ سے، جو رب ہے انسانوں کا اور جنوں۔ میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ اللہ کے اپنے نفس اور اپنے شیطان سے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ بِاسْمِ اللّٰہِ مُبْتَدِیْ

بَرَّ کَا بِاسْمِ مَنْ بِالْفَضْلِ اَغْنَانِیْ

میں مغفرت چاہتا ہوں اللہ سے ساتھ نام اللہ کے برکت کے لئے جو میرے لئے جائے شروع ہے۔ واسطے تبرک کے ساتھ نام اس ذات، جس نے اپنے فضل سے مجھے غنی کر دیا۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَحْمَانًا بِنَا اَبَدًا

فَرَحْمَۃُ اللّٰہِ عَمَّتْ کُلَّ اِنْسَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں اللہ سے جو کہ ہم تمام پر رحم کرنے والا ہے، اس لئے کہ اللہ

Marfat.com

کی رحمت شامل ہے ہر انسان کو۔

اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ مَوْلَانَا الرَّحِیْمُ بِنَا
بَلْ اَرْحَمُ النَّاسِ مِنْ اُمِّ الْوِلْدَانِ

مغفرت چاہتا ہوں اللہ سے جو ہمارا مولا ہے ہم پر مہربان ہے بلکہ تمام لوگوں پر زیادہ رحم کرنے والا ہے، بہ نسبت ماں کے جو اپنے بچوں پر رحم کرتی ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَوْلَانَا الْعَظِیْمُ بِنَا
اَلْحَیُّ لَا غَیْرُہٗ اَلْقَیُّوْمُ ذَا الشَّانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جو ہمارا مولا عظمت والا ہے۔ زندہ ہے۔ نہ اس کے سوا کوئی جو تدبیر خلق میں زاہ قیام کرنے والا ہے، اور بے مثل شان والا ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَوْمُوْلَ الْمَتَابِ بِہٖ
مَتَابُ عَبْدٍ مُسِیْئٍ، مُسْرِفٍ جَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں اللہ سے، جس کے پاس بندوں کی توبہ پہنچائی جاتی ہے، جو جائے رجوع ہے بندہ گنہگار، اسراف کرنے والا معصیت کار کا۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ تَحْلُوالْبَاقِیَاتُ بِہٖ
الصَّالِحَاتُ فَہِیَ رَوْحِیْ وَ رَیْحَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں اللہ سے کہ شیریں ہیں باقیات صالحات توجہ اس کی سے، جو پس وہ میری روح استراحت اور میرا رزاق وسیع ہیں اور میرے ریحان ہیں۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَا شَیْءٌ یُسَبِّحُہٗ
سُبْحَانَ رَبِّیَ الَّذِیْ بِالْخَیْرِ رَبَّانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں اللہ سے، جس کے لائق کوئی چیز تسبیح نہیں کر سکتی۔ پاک ہے میرا رب جس نے تربیت اور تعلیم مجھے خیر کی کی۔

Marfat.com

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَا الْمَخْلُوْقُ یَحْمَدُہٗ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ فِیْ یُسْرٍ وَّفِیْ حِرْمَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں اللہ سے جب تک کہ مخلوق اس کی حمد کرے۔ تمام حمد اللہ کے لئے ہے ہماری غنا اور فقر میں۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَا خَلْقٌ یُوَحِّدُہٗ

اِذْ لَا اِلٰہَ سِوٰی رَبِّیْ وَ دَیَّانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، جب تک مخلوق اس کی توحید بیان کرے۔ اس لئے کہ نہیں مستحق عبادت کا سوائے میرے رب اور پورے جزا دینے والے کے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَا عَبْدٌ یُکَبِّرُہٗ

اَللّٰہُ اَکْبَرُ فَرْدًا مَا لَہٗ ثَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، جب تک بندہ اس کی بڑائی بیان کرے۔ اللہ سب سے بڑا ہے، یکتا ہے، بے نظیر ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَا یُتْلٰی اِسْمُ سَیِّدِنَا

مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمَاضِیْ مَعَ الدَّانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جب تک تلاوت کیا جائے نام مبارک ہمارے سردار محمدؐ کا جو سردار اعلیٰ اور ادنیٰ کے ہیں۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَابْعَثْ رَبَّنَا کَرَمًا

اَزْکَی الصَّلٰوۃِ عَلَیْہِ طُوْلَ اَزْمَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، اور بھیج ہمارے رب اپنے کرم سے نہایت پاکیزہ اور افضل رحمت ان پر تمام زمانہ میں۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَامُنُّ بِالسَّلَامِ لَہٗ

Marfat.com

يَارَبِّ مَعَ بَرَكَاتِ وَامْحُ عِصْيَانِيْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے اور احسان کر ساتھ ان کی سلامتی کے، اے میرے رب
مع برکات کے اور مٹا میرے گناہوں کو۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَامْنَحُ لَهٗ بِرَضًى
وَالْمُؤْمِنِيْنَ تَغَمَّدْهُمْ بِرِضْوَانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، اور بخشش اس کی اولاد کو خوشنودی، اور مومنین کو چھپا
اپنی خوشنودی سے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ مَا عَبْدٌ وَّمَا اَمَةٌ
يَسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ يَرْجُوا نَيْلَ غُفْرَانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، جب تک عبد اور امہ مغفرت خدا سے چاہیں، مغفرت کے
حصول کی امید کرتے ہوئے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ حَنَّانًا وَّذَا مِنَنٍ
اِنِّيْ اسْتَخَرْتُ بِحَنَّانٍ وَّمَنَّانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جو بخشش اور احسان کرنے والا ہے۔ بے شک
میں نے خیر چاہا بخشش اور احسان کرنے والے سے

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ مَوْجُوْدًا وَّذَا قِدَمٍ
لَهُ الْبَقَاءُ وَكُلٌّ دُوْنَهٗ فَانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، جو موجود اور قدیم ہے۔ اس کے لئے بقا ہے، اور
اس کے سوا ہر ایک فانی ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ مَا اللّٰهُ مِنْ صِفَةٍ
حَقَّتْ عَلَى النَّاسِ مِنْ اُنْثٰى وَّذُكْرَانِ

Marfat.com

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، نہیں اللہ کی کوئی صفت ثابت انسان مؤنث اور منکر کے لئے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَادَامَ الْوَجُوْدُ لَہٗ
وَمِثْلُہٗ قَدَمٌ لِلدَّائِمِ الذَّاتِی

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جب تک وجود اس کے لئے ہے۔ اور مثل وجود کے قدم ہے واسطے دائم ذاتی کے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَادَامَ الْبَقَآءُ لَہٗ
کَذَا مُخَالِفُہٗ لِلْحَادِثِ الْفَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جب تک بقا اس کے لئے ہے۔ ایسے ہی مخالف بقا کا واسطے حادث فنا ہونے والے کے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَادَامَ الْقِیَامُ لَہٗ
بِالنَّفْسِ فَھُوَ اِذَا فِی الْمُلْکِ وُحْدَانٖ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جب تک اس کے لئے نفس میں قیام ہے، اس لئے کہ اس وقت وہ ملک میں یکتا ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ دَوْمَ قُدْرَتِہٖ
بِلَا تَعَدُّدٍ کَالْبَاقِیْ بِاِتْقَانٖ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جو میرا الہ رب ہے کہ اس کی قدرت بے شمار، بڑا درخت مثل باقی با ستحکام کے ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ دَوْمَ وَحْدَتِہٖ
فِی الذَّاتِ مَعَ صِفَۃٍ وَالْفِعْلُ فِیْ اٰنٖ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جو میرا الہ رب ہے کہ بڑا درخت اس کی یکتائی

Marfat.com

ذاتی اور صفتی اور ان میں فعل کا ثابت ہے۔

اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ مَا دَامَتْ اِرَادَتُہٗ
لَہُ الْاِرَادَۃُ فِیْ اِعْطَاءٍ وَّحِرْمَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں، خدا سے، جب تک اس کا ارادہ یعنی اس کے لئے ارادہ ہے،
دینے اور محروم کرنے کا۔

اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ دَوْمُ الْعِلْمِ فِیْ مَدَدٍ
مَعَ الْحَیَاتِ بِلَا مَوْتٍ وَّفُقْدَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے کہ جس کے علم کا بڑا درخت زیادتی میں ہے مع اس کی
زندگی بلا موت و بغیر کمی واقع ہونے کے۔

اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ دَوْمُ السَّمْعِ مَعَ بَصَرٍ
کَذَا الْکَلَامُ اَتٰی فِیْ نَصِّ قُرْاٰنٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، جس کی سماعت اور بینائی کا درخت بڑا ثابت ہے۔
ایسے ہی اس کا کلام آیا نص قرآن میں۔

اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ کَوْنُ اللّٰہِ سَیِّدَنَا
ذَا قُدْرَۃٍ مُّرِیْدًا عَالِمًا شَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، جس کا ہمارا سردار ہونا قدرت والا اور ارادہ والا
اور ہمارے حال کا جاننے والا ثابت ہے۔

اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ کَوْنُ اللّٰہِ ذَا بَصَرٍ
وَذَا حَیَاۃٍ ذَا سَمْعٍ وَّسُلْطَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، جس کا صاحب بینائی اور صاحب زندگی اور سماعت
اور غلبہ والا ہونا ثابت ہے۔

Marfat.com

اَسْتَغْفِرُاللّٰہِ کَوْنُ اللّٰہِ سَیِّدَنَا
مُتَکَلِّمًا لَّا بِالْفَاظٍ وَّاِلْحَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جس کا سردار کلام کرنے والا ہونا ثابت ہے، نہ ساتھ الفاظ اور خوش آواز کے۔

اَسْتَغْفِرُاللّٰہِ لَیْسَ اللّٰہُ فِیْ جِہَۃٍ
وَلَا مَکَانٍ وَلَا مَاْوٰی وَ بُنْیَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے کہ نہیں ہے خدا کسی جہت میں اور نہ مکان میں، اور نہ جائے پناہ میں اور نہ دیواروں کے اندر۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ لَا شَیْءٌ یُّشَابِھُہٗ
وَلَا یُخَیَّلُ فِیْ عَقْلٍ لِاِنْسَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے کہ جس کے مشابہ کوئی چیز نہیں ہے۔ اور نہ ہی وہ کسی انسان کے عقل میں آسکتا ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہِ مِنْ کُلِّ الْکَمَالِ لَہٗ
وَیَسْتَحِیْلُ عَلَیْہِ کُلَّ نُقْصَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے کہ جس کے لئے کل کمال ہے۔ اور ہر قسم کا نقصان اس پر محال اور ناممکن ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَادَامَ الْجَوَازُ لَہٗ
فِی الْفِعْلِ وَالتَّرْکِ مِنْ فَقْدٍ وَّوِجْدَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جب تک اس کے لئے امکان ہے فعل اور ترک کا، یعنی گم کردینے کا یا پالینے کا۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَا بِالْمُمْکِنَاتِ کَذَا

Marfat.com

اِرَادَۃً وَّھُوَ تَنْجِیْزِیْ کَالْاِیْمَانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جب تک ایسے ہے یعنی مثل قدرت کے ارادہ متعلق ہے، اور وہ میری استغفار کی تنجیز ہے جیسا کہ تنجیز ایمان کی۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَا بِالْوَاجِبَاتِ لَہٗ

تَعَلُّقُ الْعِلْمِ کَالرَّحْمٰنِ وَحْدَانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جب تک اس کی صفات واجبہ کے ساتھ علم متعلق ہے، ہے، جیسا کہ صفت رحمان یعنی یہ تغیر صفات واجبہ کے ہے صفات یکتا۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَا بِالْجَائِزَاتِ کَذَا

تَعَلَّقَ الْعِلْمُ کَالْاِبْقَاءِ وَفُقْدَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، جب تک ساتھ ممکنات کے ایسے ہے یعنی مثل متعلق علم صفات واجبہ کے علم متعلق ہے جیسا کہ ابقا اور فقدان کو تعلق بالممکنات ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَا بِالْمُسْتَحِیْلِ لَقَدْ

تَعَلَّقَ الْعَلَمُ کَالْاُنْثٰی لِلرَّحْمٰنِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، جب تک ساتھ مستحیل کے علم متعلق ہے، جیسا کہ مؤنث مستحیل ہے واسطے رحمان کے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَا اُنْفَکَّ التَّعَلُّقُ عَنْ

حَیَاۃِ رَبِّ الْبَرَایَا کُلَّ الْاَحْیَانِ.

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے یعنی علم خدا کا حیات رب البرایا جس حال میں کہ نہیں خدا تعلق علم کا حیات تمام مخلوق کے رب سے تمام زمانہ کے ساتھ ہمیشہ متعلق۔ کیونکہ رب البرایا ہمیشہ زندہ ہے۔ [1]

---

[1] اشارہ ہے طرف خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَیْرِ عَمَدٍ الخ وَلَئِنْ سَاَلْتَہُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

Marfat.com

منزل دوم بروز چہار شنبہ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَا سَمْعٌ وَّمَا بَصَرٌ
تَعَلَّقَا بِعِزِّی الْوُجُوْدِ فِی الْاٰنِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جب تک کان اور آنکھ متعلق ہیں ساتھ نکمہ موجود فی الآن کے

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَادَامَ الْکَلَامُ لَہٗ
تَعَلَّقَ الْعِلْمُ لَمْ یُوْصَفْ بِعِرْفَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، جب تک اس کے لئے کلام ہے۔ اور تعلق ہے علم اس سے بلا اس کے کہ کیا موصوف کیا جاوے ساتھ پہچانے جانے کے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ لَا یُقْضٰی اِنْتِہَاءُ کَمَا
لَا مُنْتَہٰی لِبَقَاءِ مَنْ دُوْنَہٗ فَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا کی اس کی انتہا تک حکم نہیں کیا جاتا، جب تمہیں ہی منتہیٰ اس کی بقا کے واسطے، اس کے فانی ہیں۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَوْلَانَا وَ سَیِّدَنَا
مَا اَبْرَزَتْ قُدْرَۃُ الْخَلَّاقِ مِنْ شَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، جو میرا مولیٰ اور سردار ہے، جب تک خلاق کی قدرت ظاہر کرے کوئی حال۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ عَدَّ الْکَائِنَاتِ وَمَا
وَ مَا اِرَادَۃٌ خُصِّصَتْ مِنْ اَمْرِ رَحْمَانٍ

Marfat.com

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے شمار موجودات کے اور شمار اس چیز کے کہ ارادہ خاص کیا
گیا ساتھ اس کے اور رحمان کے

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ تَعْدَادَ الصِّفَاتِ وَمَا
اَحَاطَہُ الْعِلْمُ مِنْ سِرٍّ وَاِعْلَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے شمار صفات کے اور شمار اس چیز کے، جس کو گھیرا اس
کے علم نے پوشیدہ اور ظاہر سے.

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وُسْعَ السَّمْعِ مَعَ بَصَرٍ
مِنْ کُلِّ شَیْءٍ کَاَصْوَاتٍ وَّاَلْوَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے بقدر طاقت اور مقدور سمع و بصر کے ہر شئے سے،
جیسے آوازیں اور انواع رنگ کے.

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ تَعْدَادَ الْکَمَالِ کَذَا
عَدَّ الْکَلَامِ کَمَا فِیْ اٰیِ لُقْمَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے شمار کمال کی، ایسے ہی شمار کلام کے جیسا کہ آیتوں سے
لقمان میں ہے.

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ عَدَّ الْفِعْلِ مَعَ نِعَمٍ
لَا مُنْتَہٰی لَہُمَا مِنْ غَیْرِ کُفْرَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے شمار فعل کے مع شمار نعمتوں کے، نہیں ہے منتہی دونوں
کے بلا انکار کے.

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَادَامَ الدَّلِیْلُ عَلٰی
وَجُوْدِ رَبِّیْ حُدُوْثَ الْعَالَمِ الْفَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جب تک دلیل میرے رب کے وجود پر عالم فانی

Marfat.com

کا حدوث ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَا قَامَ الدَّلِیْلُ عَلٰی
بَقَاءِ رَبِّیْ فَنَاءَ خَلْقٍ وَّ اَکْوَانٖ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جب تک دلیل قائم ہے میرے رب کی بقا پر مخلوق اور موجودات کا فنا ہونا۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَا جَآءَ الدَّلِیْلُ لَنَا
فِیْ قُدْرَۃِ اللّٰہِ رَبِّیْ خَلْقَ اِنْسَانٖ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جب تک دلیل ہمارے لئے ہے اللہ کی قدرت پر جو میرا رب ہے۔ قدرت پر انسان کا پیدا کیا جانا۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَا کَانَ الدَّلِیْلُ عَلٰی
بَاقِی الصِّفَاتِ کِتَابُ اللّٰہِ ذُوالشَّانٖ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جب تک دلیل ہے باقی صفات پر اللہ ذی شان کی کتاب۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَا اَسْمَآءُہٗ ذُکِرَتْ
وَکُلُّ اَسْمَآءِہٖ حُسْنٰی بِتِبْیَانٖ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جب تک اس کے ناموں کا ذکر کیا جاتا ہے اور کل نام اس کے حسنیٰ ہیں ساتھ تبیان کے۔[1]

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَا بِالرُّسْلِ مِنْ صِفَۃٍ
حَقَّتْ عَلَیْنَا فَاِنَّا اَھْلُ اِیْمَانٖ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، جب تک ساتھ رسولوں کے کوئی صفت ہے جو ثابت

---

[1] اشارہ ہے طرف آیت وَلِلّٰہِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی فَادْعُوْا بِھَا کے ۱۲

Marfat.com

ہوئی ہمارے نزدیک پھر ہم اہل اسلام اس کے ہیں۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَادَامَتْ اَمَانَتُھُمْ
وَصِدْقُھُمْ مَعَ تَبْلِیْغِ بِبُرْھَانٖ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، جب رسولوں کی امانت اور ان کا صدق معہ تبلیغِ احکام کے ثابت ہے ساتھ برہان کے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَادَامَتْ فَطَانَتُھُمْ
مَوْلَایَ صَلِّ عَلَیْھِمْ طُوْلَ اَزْمَانٖ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جب تک زیرکی ان کی ثابت ہے۔ اے میرے مولیٰ! رحمت بھیج رسولوں پر تمام زمانہ میں۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَادَامَ الْکَمَالُ لَھُمْ
وَمَا اسْتَحَالَ عَلَیْھِمْ ضِدُّہُ الشَّانٖ

مغفرت چاہتا ہوں جب تک کمال ثابت ہے رسولوں کے واسطے اور جب تک محال ان پر وہ حال، جو کمال کا ضد ہے

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَا کَانَ الْجَوَازُ عَلٰی
رُسُلِ الْاِلٰہِ کَاَسْقَامٍ وَّاَحْزَانٖ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، جب جواز ہے اللہ کے رسولوں پر مثل بیماریوں اور غموں کا۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَا نَصَّ الدَّلِیْلُ عَلٰی
مَا جَآءَ فِی الرُّسُلِ قَوْمٌ اَھْلُ عِرْفَانٖ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جب تک نصریح کریں دلیل کی جو ان احکام اور قصص پر ہیں جو رسولوں پر آئے وہ قوم جو اہل عرفان ہے۔

✣

Marfat.com

منزل سوئم بروز پنجشنبہ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ لِلرُّسُلِ الْکِرَامِ وَلَوْ
لَمْ یُذْنِبُوْا بَلْ زِیَادَۃً لِّلْاِحْسَانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے واسطے رسولوں بزرگوں کے، اگرچہ گناہ نہیں کیا انہوں نے بلکہ واسطے فضائل اچھے کے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ لِیْ وَالْمُؤْمِنِیْنَ بِہِمْ
وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ تَغَشَّاھُمْ وَتَغَشَّانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے اپنے لئے اور ان کے واسطے جو رسولوں پر ایمان لائے، اور رحمت سے اللہ ڈھانکے ان کو اور مجھ کو۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مِنْ ذَنْبِیْ وَاَشْھَدُہٗ
بِاَنَّہُ اللّٰہُ فَرْدٌ مَالَہٗ ثَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے اپنے گناہ کی اور گواہی دیتا ہوں اس کی کہ اللہ یکتا ہے۔ نہیں ہے اس کی کوئی نظیر۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اِنِّیْ قَدْ رَضِیْتُ بِہٖ
رَبًّا عَسَاہُ بِفَضْلٍ مِّنْہُ یُرْضِیْنِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے، بیشک میں راضی ہوا اس کے رب ہونے کے ساتھ، قریب ہے کہ وہ اپنے فضل و کرم کے ساتھ مجھے راضی کرے گا۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اِنِّیْ قَدْ رَضِیْتُ بِہٖ
بِاَنَّ الْاِسْلَامَ دِیْنٌ خَیْرُ الْاَدْیَانِ

Marfat.com

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے، بیشک میں راضی ہوا، اس کی خوشنودی کے لئے
ساتھ اس کے کہ اسلام دین ہے تمام دینوں سے بہتر۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اِنِّیْ قَدْ رَضِیْتُ کَذَا
بِاَنَّ اللّٰہَ رَسُوْلٌ خَیْرُ اِنْسَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے، بیشک میں راضی ہوا ایسے ہی اس کے ساتھ کہ اللہ
رسولؐ، بہتر انسان ہیں۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ تَوَّابًا وَّ ذَا کَرَمٍ
وَحِلْمُہٗ لِاقْتِرَافِ الذَّنْبِ الْجَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، جب کہ نہایت رحم کرنے والا اور کرم کرنے والا ہے۔ اور
اس کا حلم سبب ہے گناہ کرنے گنہ گار کا۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ دَیَّانًا فَیَحْکُمُ بِہٖ
فَصْلَ الْقَضِیَّۃِ بَیْنَ الْاِنْسِ وَالْجَانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے، جب کہ کامل جزا دینے والا، پس حکم کرے گا فیصلہ
قیامت میں انسان اور جن کے درمیان۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ اِنَّہٗ مَالِکٌ
یُشْقِیْ وَیُسْعِدُ فِیْ عِزٍّ وَّسُلْطَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے جو میرا رب ہے، بیشک وہ بادشاہ ہے۔ بدبخت
کرتا ہے، سعادت مند کرتا ہے عزت اور غلبہ میں۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ قُدُّوْسًا تَنَزَّہَ عَنْ
ضِدٍّ وَّ نِدٍّ وَّعَنْ زَوْجٍ وَّ وِلْدَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے نہایت صاحب پاکی کا ہے۔ منزہ ہے ضد اور مثل

Marfat.com

اور زوجہ اور اولاد سے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَوْلٰنَا اَلسَّلَامُ لَنَا
مِنْہُ السَّلَامُ وَمِنْہُ کُلُّ اِحْسَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے، جو ہمارا مولیٰ ہے۔ سالم ہے تمام عیوب سے، ہمارے لئے۔ اُسی سے سلامتی اور اُسی سے ہر احسان ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ خَلَّاقًا لِاَنْفُسِنَا
وَمَا عَلَیْہَا قَضٰی مِنْ قَبْلِ اَکْوَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جو خالق کامل ہمارے نفسوں کا ہے۔ اور ان کا جو زمین پر ہیں، قضا کی ان کی موجودات سے پہلے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ سَتَّارًا قَبَائِحَنَا
حَاشَاہُ یَنْشُرُہَا مِنْ بَعْدِ کِتْمَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، جب کہ ڈھانکنے والا ہے ہمارے عیبوں کو، تنزیہ ہے اس کے لئے تمام نقصانوں سے، پھیلا دے گا عیبوں کو چھپانے کے بعد۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ غَفَّارًا لِّمُذْنِبِنَا
مَوْلَایَ بَدِّلْ اِسَاءَتِیْ بِاِحْسَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے بخشنے والا گناہ ہم میں سے گناہ گار کا۔ اے میرے مولا، بدل دے میری برائیوں کو ساتھ نیکی کے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ قَہَّارًا لِّاَجْمَعِنَا
بِالْمَوْتِ حَتْمًا عَلٰی اُنْثٰی وَذُکْرَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جب کہ غلبہ کرنے والا ہے ہم تمام پر ساتھ موت کے وجوباً عورتوں اور مردوں پر۔

Marfat.com

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَھَّابُ الْعَطَآءِ لِمَنْ
یَّشَآءُ نَسْأَلُہٗ مِنْہُ فَیْضَ رِضْوَانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جب بہت بخشش کرنے والا عطا کا، جس کو چاہے۔
سوال کرتا ہوں میں اس سے رضوان بہانے کا۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَزَّاقَ الْاَجِنَّۃِ فِیْ
بُطُوْنِ اُمَّہَاتِہَا مِنْ غَیْرِ نُکْرَانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جب کہ روزی دینے والا بچوں کو پیٹوں میں ماؤں کے بلا
انکار کے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ فَتَّاحًا لِرَحْمَتِہٖ
لِتَشْمَلَ الطَّائِعَ النَّاجِیْ مَعَ الْجَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جب کہ کشادہ کرنے والا ہے اپنی رحمت کا، تاکہ شامل ہو
جاوے مطیع صاحب نجات اور گنہ گار کو۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ نِعْمَ اللّٰہُ خَالِقُنَا
تَبَارَکَ اللّٰہُ رَبُّ الْاِنْسِ وَالْجَانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے اچھا ہے اللہ ہمارا رازق۔ بزرگ اور صاحب برکت ہے
اللہ جو رب ہے انسان اور جن کا۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ نِعْمَ اللّٰہُ رَازِقُنَا
عَلَیْہِ لَا غَیْرُہٗ رِزْقِیْ وَنُکْلَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، اچھا ہے اللہ ہمارا رازق۔ اسی پر نہ غیر پر میرا رزق اور
میرا بھروسہ۔

Marfat.com

منزلِ چہارم بروز جمعۃ المبارک

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ نِعْمَ اللّٰہُ اَنْشَاَنَا
مِنْ نُّطْفَۃٍ وَّ بَرَاَنِیْ لَیْسَ یَنْسَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے اچھا ہے اللہ پیدا کیا ہم کو نطفے سے اور پیدا کیا مجھ کو اور مجھے نہیں بھولتا ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ نِعْمَ اللّٰہُ صَوَّرَنَا
فَاَحْسَنَ الْخَلْقَ تَصْوِیْرًا بِاِتْقَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے ذی صورت کیا ہے ہم کو۔ پھر اچھی کی ہماری پیدائش بحیثیت صورت دار کرنے استواری کے ساتھ۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ نِعْمَ اللّٰہُ فَضَّلَنَا
عَلٰی کَثِیْرٍ وَّ سَوَّانِیْ وَ قَوَّانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے اچھا ہے اللہ بزرگی دی ہم کو بہت لوگوں پر۔ اور درست اور برابر کیا اور قوت دی۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ نِعْمَ اللّٰہُ اَطْعَمَنَا
مِنْ رِّزْقِہِ الْوَافِرِ الْوَافِیْ وَ اٰوَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے اچھا ہے اللہ۔ دیا ہم کو رزق اپنا جو کثیر کافی ہے اور جگہ دی مجھ کو۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ نِعْمَ اللّٰہُ اَشْبَعَنَا
مِنْ مَّاۗئِہِ الْغَدِقِ الصَّافِیْ وَرَوَّانِیْ

Marfat.com

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے، اچھا ہے اللہ، سیراب کیا ہم کو اپنے پانی کثیر صاف سے اور سیراب کیا۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ کَمْ لِلّٰہِ مِنْ نِّعَمٍ
مِنْھَا اَزَلَّ الْاَذٰی عَنِّیْ وَعَافَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے، بہت ہیں اللہ کی نعمتیں۔ انہی نعمتوں میں سے ہے کہ دور کیا مجھ سے ایذا کو اور عافیت دی۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ نِعْوَ اللّٰہُ یَبْعَثُنَا
بَعْدَ الْمَمَاتِ لِجَنَّاتٍ وَّنِیْرَانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے، اچھا ہے اللہ، اٹھائے گا ہم کو بعد مرنے کے جنتوں اور دوزخوں میں۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَا دَامَ النَّعِیْمُ لَنَا
فِیْ جَنَّۃِ الْخُلْدِ لَا شَیْءٌ یُّھَانَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے، جب تک نعمتیں ہمارے لئے ہیں جنت الخلد میں، نہیں ہے کوئی چیز اس میں فنا ہونے والی۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَا دَامَ الْعَذَابُ عَلٰی
اَھْلِ الْجُحُوْدِ بِلَا غَایَاتِ اَزْمَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے، جب تک عذاب منکرین پر ہے بے انتہا زمانہ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَا اللّٰہُ الْعَفُوُّ عَفٰی
وَاِنَّہٗ اَھْلُ اِکْرَامٍ وَّغُفْرَانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے، جب تک زیادہ عفو کرنے والا عفو کرے۔ اور بے شک وہ اہلِ بخشش اور اہلِ غفران ہے۔

Marfat.com

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَا لَطُفَ اللَّطِیْفُ وَفَا
وَحِلْمُہٗ عَزَّ ذَا اِثْمٍ وَعُدْوَانٖ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، جب تک مہربانی کرنے والے کی مہربانی وفا کرے، اور اس کی بردباری غالب ہوئی گنہگار پر اور ظالم پر۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَا فَضْلُ الْکَرِیْمِ نَمٰی
وَ اَنَالَہٗ کُلَّ صَبَّارٍ وَّخَوَّانٖ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے بیشک خدا بخشش کرنے والا، احسان زیادہ ہوئے۔ اور پلے اس کو ہر صبر کرنے والا اور خیانت کرنے والا۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ حَسْبِیْ وَحْدَہٗ وَکَفٰی
نِعْمَ الْوَکِیْلُ الَّذِیْ یَجْلِی لِاَحْزَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، کافی ہے میرے لئے تنہا، اور کافی ہے اچھا ہے مختار کار، جو دور کرتا ہے میرے غموں کو۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ بِرًّا سَیِّدًا صَمَدًا
مُھَیْمِنًا عَالِمًا سِرِّیْ وَ عَلَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، جبکہ وہ نیکوں کا سردار بے نیاز ہے۔ نگاہ رکھنے والا دانا میرے باطن اور ظاہر کا ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ حَقٌّ مُقْسِطٌ حَکَمٌ
عَدْلٌ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ مُنْقِذُ الْجَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے وہ حق اور انصاف کرنے والا، فیصلہ کرنے والا ہے، عادل مہربان دانا، رہا کرنے والا گنہگار کا ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ دَائِمًا اَبَدًا

Marfat.com

لَـهُ الثَّنَاءُ كَمَا يَرْضٰى بِأَرْكَانٖ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جو میرا رب ہے ہمیشہ اس کے لئے تعریف ہے
جیسے پسند کرے ساتھ ارکان، یعنی میرے تمام اجزا کے ساتھ۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ لَا اُحْصِی الثَّنَاءَ لَـهٗ
وَمَنْ يُّطِيْقُ يَفِي الْمَوْلٰى بِشُكْرَانٖ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے نہیں شمار کرسکتا ہوں اس کی تعریف کو، اور کس کو طاقت ہے
ادا کرے شکر مولیٰ کا۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ لَا اَبْغِیْ بِهٖ بَدَلًا
فَكَيْفَ وَهُوَ مَعِیْ فِیْ كُلِّ اَحْيَانٖ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، طالب نہیں ان کے بدلے کا۔ اس لئے کہ کیونکر بدل طلب کیا جاوے
جب کہ وہ میرے ساتھ ہے تمام اوقات میں۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ نِعْمَ اللّٰهُ شَرَّفَنَا
بِالْمُصْطَفٰى الْمُجْتَبٰى طٰهٰ اِبْنِ عَدْنَانٖ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالیٰ سے، اچھا ہے اللہ بزرگی دی ہم کو بوجہ برگزیدہ نبیؐ طٰہٰ ابن عدنان کے

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ نِعْمَ اللّٰهُ طَهَّرَهٗ
فَلَمْ يَهُمَّ وَلَمْ يَقْرَبْ بِعِصْيَانٖ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالیٰ سے اچھا ہے خدا ظاہر کیا اس نے محمد کو، پس نہ قصد کیا اور
نہ قریب ہوئے وہ گناہ کے۔

Marfat.com

منزلِ پنجم بروز شنبہ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ نِعْمَۃَ اللّٰہِ کَمَّلَہٗ
بِالْخَلْقِ وَالْخُلُقِ الْمُرْتَضٰی بِاِحْسَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، اچھا ہے خدا، کامل کیا اپنے نبیؐ کو ساتھ پیدائش اور خلق پسندیدہ کے بروئے احسان۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ نِعْمَۃَ اللّٰہِ اَرْسَلَہٗ
حَتّٰی اِلٰی مَالِکِ وَالْاِنْسِ وَالْجَانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، اچھا ہے خدا، بھیجا اس نے اپنے نبیؐ کو، یہاں تک کہ طرف ملک بادشاہ اور انس اور جان کے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ نِعْمَۃَ اللّٰہِ فَضَّلَہٗ
عَلَی الْخَلَائِقِ اِجْمَاعًا بِاِتْقَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے اچھا ہے خدا بزرگی دی اس نے نبیؐ کو تمام مخلوقات پر استحکام کے ساتھ۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبَّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمَا
اٰبَائِہٖ وَاجْزِہِمْ رَبِّیْ بِاِحْسَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جو صاحب عرش ہے واسطے بزرگوں نبیؐ کے آباء کے اور جزا دے رب ان کو اے رب اچھی جزا۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَوْلَانَا لِاُمَّتِہٖ
مِنْ فَضْلِہٖ ثَابِتٌ فِیْ نَصِّ قُرْاٰنِیْ

Marfat.com

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے جو میرا مولیٰ ہے امت نبیؐ کے واسطے، وہ جن کا فضل ثابت ہے نص قرآن میں۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ لِلْمَلَائِکْ صَفْوَتِہٖ
یَارَبِّ صَلِّ عَلَیْہِمْ کُلَّ اَحْیَانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے واسطے اس کے بادشاہوں برگزیدہ کے اے رب رحمت کر ان پر تمام زمانوں میں۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَوْلَانَا لِاٰدَمَ مَعَ
حَوَّا وَ مِنْ وُلْدٍ مِّنْ اَھْلِ اِیْمَانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے جو ہمارا مولیٰ ہے حضرت آدمؑ اور حضرت حوّا کے لئے اور ان کی اولاد کے واسطے جو اہل ایمان ہیں۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ لِلصِّدِّیْقِؓ مَعْ عُمَرَؓ
کَذَا وَعُثْمَانَ وَالْکَرَّارِ ذَا الشَّانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے حضرت ابوبکر صدیقؓ کے لئے مع حضرت عمرؓ کے لئے۔ ایسے ہی حضرت عثمانؓ اور حضرت علی کرارؓ ذی شان کے لئے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ لِاِبْنَیْہِ وَاُمِّھِمَا
وَمَنْ لَّھُمْ مِنْ اُنَاثٍ ثُمَّ ذُکْرَانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے دونوں بیٹوں حضرت علیؓ کے اور ان کی ماں کے لئے اور ان کی عورتوں پھر ان کے مردوں کے لئے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَوْلَانَا بِطَلْحَتِہِمْ
وَلِلزُّبَیْرِ عَذَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جو ہمارا مولا ہے ان کے طلحہؓ کے واسطے۔ اور واسطے زبیرؓ کے

Marfat.com

ایسے ہی عبدالرحمنؓ کے لئے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَوْلَانَا لِسَعْدِھِمْ
کَذَا سَعِیْدٌ فَھُمْ سَعْدِیْ وَبُرْھَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جو ہمارا مولا ہے ان کے سعد کے واسطے۔ ایسے ہی سعید کے لئے، اس لئے کہ وہ میرے لئے نیکی اور دلیل ہیں۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَوْلَانَا لِعَامِرِھِمْ
مَنْ بُشِّرَ وَبِجِنَانٍ طَلْعُھَا دَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جو ہمارا مولا ہے، ان کے عامر کے لئے، جو بشارت دیئے گئے ساتھ جنتیوں کے جن کے شگوفے قریب ہونے والے ہیں۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَوْلَانَا لِجَعْفَرٍؓ ھُوْ
وَحَمْزَۃَؓ وَلِعَبَّاسٍؓ وَّوِلْدَانٖ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے جو ہمارا مولا ہے، ان کے جعفرؓ کے واسطے اور حمزہؓ اور عباس اور بچوں کے واسطے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَوْلَانَا لِزَیْدِھِمْ
کَذَا اُسَامَۃَ مَوْلَی الْمُصْطَفٰی الدَّانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے جو ہمارا مولا ہے ان کے زید کے واسطے۔ ایسے ہی اسامہ کے لئے جو آزاد ہوئے ہیں مصطفیٰؐ کے جو مقرب خدا کے ہیں۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَوْلَانَا لِعَآئِشَۃَ
کَذَا خَدِیْجَۃَ وَامْنَحْنِیْ بِاِحْصَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالیٰ سے ان کے حضرت عائشہ کے واسطے، یعنی ازواج ہیں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی، ایسے ہی حضرت خدیجہؓ کے لئے اور بخشش تو میرے لئے پارسائی۔

Marfat.com

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَوْلَانَا لِزَیْنَبَ مَعَ
ھِنْدٍ وَحَفْصَۃَ وَاحْفِظْنِیْ وَاِخْوَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جو ہمارا مولیٰ ہے، زینبؓ معہ ہند اور حفصہ کے واسطے۔ اور نگاہ رکھ تو مجھے اور میرے بھائیوں کو اپنی حفاظت میں۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ لِلْحَسْنَا جُوَیْرِیَۃً
کَذَا صَفِیَّۃَ وَالْمُحَقْ وَصْفَ عِصْیَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، واسطے صاحب جمال جویریہؓ کے، ایسے ہی صفیہؓ کے۔ اور مٹا تو اے خدا، میرے عصیان کو۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَوْلَانَا لِسَوْدَۃَ مَعَ
مَیْمُوْنَۃٍ وَاَدِمْ اَمْنِیْ وَاِیْمَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جو ہمارا مولیٰ ہے واسطے سودہؓ کے معہ میمونہ کے اور ہمیشگی دے میرے امن ایمان کو۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ لِاُمِّ الْمُؤْمِنِیْنَ مُلَیْکَۃَ
اَلْاُمَّھَاتِ لَنَا مِنْ غَیْرِ نُکْرَانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالیٰ سے جو ہمارا مولا ہے، واسطے ملیکہ ہمارے یعنی ام حبیبہؓ (یعنی ازواج ہیں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم) جو یہ سب ہماری مائیں ہیں بلا انکار کے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ لِاِبْرَاھِیْمَ سَیِّدِنَا
وَقَاسِمٍ وَعَبْدِ اللّٰہِ ذَا الشَّانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے واسطے ابراہیمؑ جو ہمارے سردار ہیں، اور قاسم اور عبد اللہ شان والے۔

Marfat.com

منزل ششم بروز یکشنبہ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَوْلَانَا بِفَاطِمَۃَ
کَذَا رُقَیَّۃَ وَارْفَعْ رَبِّیْ مِیْزَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالیٰ سے جو ہمارا مولیٰ ہے واسطے فاطمہؓ کے، ایسے ہی رقیہؓ کے اور بلند قدر کر اے میرے رب میرے وزن اعمال نیک کو۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَوْلَانَا لِزَیْنَبَ
وَاُمِّ کَلْثُوْمٍ وَاَوْلَادِ ابْنِ عَدْنَانَ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، جو ہمارا مولیٰ ہے، واسطے اپنی زینبؓ اور ام کلثومؓ کے واسطے، جو اولاد ہیں ابن عدنان کے (یعنی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم)

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ لِاٰلِ الَّذِیْنَ ھَدَوْا
اِلٰی طَرِیْقِ الْھُدٰی اَلدَّاعِیْ لِدَیَّانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالیٰ سے واسطے آلِ پیغمبر کے جو راہنما ہیں طرف راہ ہدایت کے جو بلانے والے ہیں طرف جزا کامل دینے والے کے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ لِلصَّحْبِ الَّذِیْنَ لَھُمْ
دَارُ السَّلَامِ لَقَدْ فَازُوْا بِرِضْوَانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالیٰ سے واسطے اصحاب محمدؐ کے جن کے لئے دار السلام یعنی جنت ہے، بیشک کامیاب ہوئے وہ اللہ کی خوشنودی کے ساتھ۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ لِلْاَنْصَارِ وَالشُّھَدَاءِ
اُولِی الْحَیْوٰۃِ دَارَ اَنْوَاعٍ بِدَارِ ذَاتِ اَفْنَانِ

Marfat.com

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے واسطے انصار اور شہیدوں کے، جو زندہ ہیں دار انواع آرائش والے جنت میں۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ لِلْاَتْبَاعِ جَمْعِھِمْ
وَتَابِعِیْھِمْ مد الدُّنْیَا بِاِحْسَانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے تمام تابعین سرور کائنات اور ان کے تابعین خوبی کے ساتھ دنیا تک۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبَّ الْعَرْشِ لِلْقَرْنِیِّ
اَعْنِیْ اُوَیْسًا یَغِیْضُ الْعَاجِلَ الْفَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے جو صاحب عرش ہے، واسطے قرنی یعنی اویسؓ کے جو دشمن تھے عاجل اور دنیا فانی کے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ لِلْبَصْرِیِّ التَّقِیِّ حَسَنِ
وَلِلسَّعِیْدِ وَالثَّوْرِیِّ سُفْیَانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ واسطے حسن بصری پرہیزگار کے۔ اور دونوں سعیدؒ اور سفیان ثوری کے لئے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَوْلَانَا لِزَیْنِھِمْ
وَبَاقِرِ الْعِلْمِ مَعَ اٰیَاتِ قُرْاٰنِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالیٰ سے ان کے علی زین العابدینؒ اور محمد باقر کے لئے، جو علم قرآن معہ آیات کے ماہر تھے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَوْلٰنَا لِجَعْفَرِھِمْ
الصَّادِقِ اَدْرِبِھِمْ یَارَبِّ شَبْطَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالیٰ سے، جو ہمارا مولیٰ ہے، ان کے جعفر صادق کے واسطے

Marfat.com

دفع کر تو اے میرے رب ان سب کے وسیلے سے میرے شیطان کو۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَوْلَانَا لِکَاظِمِہِمْ
لِلْغَیْظِ مُوْسٰی فَہُمْ رَدْحِیْ وَرَیْحَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالیٰ سے ان کے موسیٰ کاظم کے واسطے جو ضبط کرنے والے غصّہ کے تھے، پس وہ میری روح اور ریحان ہیں۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَوْلٰنَا لِنَجْلِہِمْ
عَلِیُّ الرِّضٰی عَمَّہُمْ رَبِّیْ بِرِضْوَانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالیٰ سے ان کے فرزند علی رضاؓ کے واسطے اے میرے رب اُن سب کے لئے عام کر خوشنودی کو۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَوْلَانَا لِزَیْنَبَ مَعَ
نَفِیْسَۃِ الْوَقْتِ وَاکْشِفْ رَبِّ اَحْزَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالیٰ سے زینبؓ مع نفیسہ وقت کے واسطے۔ اور اے رب میرے! دور کر میرے غموں کو۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَوْلَانَا لِرَابِعَۃَ
کَذَا سَکِیْنَۃَ وَارْحَمْ عَبْدَکَ الْفَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالیٰ سے جو ہمارا مولا ہے، رابعہ، ایسے ہی سکینہ کے واسطے۔ اور رحم کر تو اے خدا اپنے فانی بندہ پر۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَوْلَانَا لِاَحْمَدِنَا
وَمَالِکٍ وَّابْنِ اِدْرِیْسٍ وَّنُعْمَانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالیٰ سے جو ہمارا مولیٰ ہے، احمدؒ اور مالکؒ، ابن ادریسؒ امام شافعی اور نعمان امام ابوحنیفہؒ کے لئے۔

Marfat.com

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ لِلْجِیْلَانِ وَالْبَدْوِیِّ
وَلِلرِّفَاعِیِّ وَ اِبْرَاھِیْمَ ذَاالشَّانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے جیلان اور بدوی سے اور رفاعی اور ابراہیم شان والے کے واسطے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ لِابْنِ اَدْھَمِنَا
وَلِلْجُنَیْدِ وَبُسْطَامِیِّ وَ شَیْبَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالیٰ سے، جو میرا رب ہے اپنے ابراہیم ادہم اور جنید و بسطامی اور شیبانی کے واسطے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ لِلْقُطْبِ الشَّھِیْرِ عَلِیِّ
الشَّاذِلِیِّ وَمُرِیْدَیْہِ بِاِحْسَانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے واسطے قطب مشہور علی شاذلی اور ان کے دونوں مرید ارادت مند احسان کے ساتھ۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ لِلْخَصَّافِ سَیِّدِنَا
کَذَاجَوَالِقُ وَاغْسِلْ رَبِّ اَدْرَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالیٰ سے واسطے خصاف کے جو ہمارے سردار ہیں۔ ایسے ہی جوالق کے لئے۔ اے میرے رب دھو تو میری میل کو۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَوْلٰنَا لِوَالِدَیَّ
وَوَالِدِیْ وَلِذِیْ قُرْبٰی وَجِیْرَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے جو میرا مولیٰ اور مالک ہے، اپنی والدہ اور والد اور قرابتدار اور ہمسایہ کے واسطے۔

Marfat.com

منزل ہفتم بروز دوشنبہ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ لِلَّذِیْنَ لَھُمْ
اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مِنْ حَقِّ الْاِنْسَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالیٰ سے، جو میرا رب ہے، ان لوگوں کے لئے، جن کا، مغفرت چاہتا ہوں خدا سے حق سے جو کسی انسان کا ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مِنْ حَقٍّ عَلَیَّ لَھُمْ
عَلَیَّ حَقٌّ فَھُمْ اَوْلٰی بِغُفْرَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالیٰ سے ان کے حق سے جو مجھ پر ہے. مجھ پر حق ہے اس لئے کہ وہ سزاوار ہیں واسطے طلبِ غفران کے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اَرْجُوالْعَفْوَ مِنْہُ وَاِنْ
قَصَّرْتُ فِیْ حَقِّ رَحْمَانِیْ وَاِخْوَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالیٰ سے، امید عفو کی رکھتا ہوں، اس سے۔ اگرچہ کمی کی ہے میں نے حق اپنے رحمان اور اخوان میں۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اَرْجُوْ مَنْ ظَلَمْتُھُمْ
بِاَیِّ ظُلْمٍ یُکَافِیْھِمْ بِاِحْسَانٍ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالیٰ سے امید کرتا ہوں اللہ تعالیٰ سے اس سے کہ جن لوگوں پر میں نے کوئی ظلم کیا، ان کی مکافات کرے احسان کے ساتھ۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اَرْجُواللّٰہَ یَرْحَمُنِیْ
مَادُمْتُ حَیًّا اَوْحِیْنَ الْمَوْتُ یَلْقَانِیْ

Marfat.com

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالیٰ سے امید کرتا ہوں اللہ تعالیٰ سے اس کی کہ مجھ پر رحم کرے جب
زندہ ہوں اور بوقت موت اپنی ملاقات سے مشرف کرے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اَرْجُوْ اَنْ یُّسَھِّلَ لِیْ
خُرُوْجَ رُوْحِیْ عَلٰی تَقْوٰی وَاِیْمَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالیٰ سے امید کرتا ہوں کہ سہل کرے میرے واسطے میری روح کا
تقویٰ اور ایمان پر نکلنا۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اَرْجُوْ اَنْ یُّنْجِیَنِیْ
مِنْ ضَغْطَۃِ الْقَبْرِ مَعَ رَوْعَانِ فَتَّانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالیٰ سے گناہوں کی، امید کرتا ہوں اس سے اس کی کہ نجات
دے مجھے ضغط قبر اور خوف فتنہ میں ڈالنے والے کے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اَرْجُوْ اللّٰہَ اَنْ یُّلْھِمَنِیْ
رَدَّ الْجَوَابِ اِذَا جَآءَ النَّکِیْرَانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، امید کرتا ہوں اللہ سے کہ ڈال دے میرے دل میں جواب
دینا منکر نکیر کا جب دونوں آویں۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اَرْجُوْ اللّٰہَ اَنْ یُّوَسِّعَ لِیْ
فِی الْقَبْرِ رَوْضَۃً جَنَّاتٍ بِرَیْحَانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے امید کرتا ہوں کہ فراخ کرے میرے لئے قبر میں جنتوں
میں سے ایک باغ اپنی رحمت سے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اَرْجُوْ اَنْ یُّؤَانِسَنِیْ
مَا دُمْتُ فِی الْقَبْرِ وَالْاَنْوَارُ تَغْشَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے، امید کرتا ہوں کہ ونس تک مجھے بچا دے، جب تک

Marfat.com

قبر میں رہوں اور نور کے انواع مجھ کو ڈھانکیں۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اَرْجُوْ اَنْ یُّعَافِیَنِیْ
مِنْ حِیْنَ یَبْعَثُنِیْ اِلٰی اَنْ یَّنْقَضِیَ شَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے امید کرتا ہوں کہ محفوظ رکھے مجھے، جس وقت اٹھائے مجھے قبر سے میرا حال اخیر ہونے تک۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اَرْجُوْ اَنْ یُّیَسِّرَ لِیْ
صَعْبَ الْحِسَابِ وَتَثْقِیْلًا لِّمِیْزَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے امید کرتا ہوں کہ آسان کرے میرے لیے حساب کی دشواری، اور امید کرتا ہوں بوجھل کرنے پلہ ترازو اعمال نیک کا۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اَرْجُوْ اَنْ یُّقَوِّیَنِیْ
عَلَی الصِّرَاطِ وَعَیْنُ اللّٰہِ تَرْعَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے امید کرتا ہوں کہ توانائی دے پل صراط پر گذرنے کی، اور یہ کہ ذاتِ الٰہی میری نگران رہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اَرْجُوْ اَنْ یُّسَلِّمَنِیْ
مِنْ کُلِّ ھَوْلٍ وَّمِنْ اِحْرَاقِ نِیْرَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے، امید کرتا ہوں یہ کہ بچائے مجھے ہر خوف اور دوزخ کی آگ کے احراق و سوخت سے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اَرْجُوْ اللّٰہَ اَدْخُلُ فِیْ
شَفَاعَۃِ الْمُصْطَفٰی مِنْ فَضْلِ رَحْمَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالیٰ سے امید کرتا ہوں اللہ سے یہ کہ داخل ہوں میں شفاعت رحمت کرنے والے کے فضل سے۔

Marfat.com

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اَرْجُوالرَّیَّ مِنْ ظَمَاءٍ
مِنْ حَوْضِ طٰہٰ رَسُوْلِ الْاِنْسِ وَالْجَانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے امید کرتا ہوں تشنگی سے سیراب ہونے کی حوض طٰہٰ سے جو رسول انسان اور جنوں کے ہیں۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اَرْجُوْ اَنْ یُّوَرِّثَنِیْ
دَارَ الْجِنَانِ الَّتِیْ رَبِّیْ لَہَا بَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے، امید کرتا ہوں کہ وارث کرے مجھ کو دار کا جنتوں سے، جس کا بنانے والا میرا رب ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اَرْجُوْ اَنْ یُّسْمِعَنِیْ
کَلَامَہٗ جَلَّ عَنْ تَصْوِیْرِ اَذْہَانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا سے امید کرتا ہوں کہ سنائے مجھے اپنا کلام برتر ہے وہ ذہنوں کی تصویر سے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اَرْجُوْ اَنْ یُّمَتِّعَنِیْ
بِوَجْہِہِ الدَّائِمِ الْبَاقِیْ بِاِتْقَانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے، امید کرتا ہوں کہ فائدہ مند کرے مجھ کو دیکھنے اپنے وجہ (ذات) سے جو ہمیشہ باقی ہے استحکام کے ساتھ۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ لِیْ مِنْ کُلِّ سَیِّئَۃٍ
وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ تَعُمُّ الْبَارَّ وَالْجَانِیْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے، اپنے اور مومنین کے واسطے ہر گناہ سے، جو شامل ہونیکو کار اور گنہگار کو۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مَغْمُوْرًا بِکُلِّ شَدَ

Marfat.com

مَا دَامَ مُلْكُكَ يَا فَرْدُ بِلَا ثَانِيْ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے، جب کہ دُھانکا ہوا ہوں ہر صدمہ سے، جب تک تیرا ملک ہے، اے یکتائے بے نظیر۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ مَا الْعَبْدُ الْمُسِيْءُ تَلَا

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبَّ الْاِنْسِ وَالْجَانِ

مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالےٰ سے، جب تک کہ بندہ گنہ گار پڑھے کہ مغفرت چاہتا ہوں خدا تعالیٰ سے، جو رب ہے انسان اور جن کا۔

+

مُصنّف کی کسرِ نفسی کا بیان

حقیر پُر تقصیر تصنیف کنندہ کتاب ہذا نے اپنی تمامی عمر کو غنیمت جان کر درسیّات خرچ کی۔ علاوہ ازیں اگر کسی قسم کی اطاعت کرنے میں کثیر قلیل میں سعی کی، تو وہ بغیر ریائے کدورت آمیزی سے خالی نہیں ہوئی، کہ میں اپنی بے توفیقی اور بے حاصلی کو کیا ظاہر کروں، جو کام پروردگار کو مقبول ہے، وہ اس گنہ گار کے حق میں عنقائے روزگار ہے۔ اور وہ عمل جو کردگار کی نظر کے لائق ہے، اس کا ظہور اس مغرور سے دور از کار ہے۔

میرے کام کا ماحصل خود کامی اور ہوس روائی ہے۔ اور زمانہ کی مجلس خودستائی اور خود آرائی کی وجہ ہے۔ اور میری طاعت حرص و ہوا کی اطاعت ہے، اور میری عبادت ریا سے پُر ہے۔ اور میرا کلام نفسانی غرض کے سوا نہیں۔ اور میرا چپ رہنا بغیر وسوسہ شیطانی کے نہیں ہے۔

میرا استغفار طمع آمیز ہے، اور میری عاجزی کبر انگیز ہے۔ میری ہمت نعمتوں اور

Marfat.com

لذتوں کے حاصل کرنے اور اپنی نزدیکیوں پر فوقیت لے جانے اور شہوت کی تابعداری کرتا ہے۔ اگرچہ میں زبان سے استغفار کرتا ہوں، لیکن میرا اندر گناہوں سے پُر ہے۔ اور اگر آنکھیں بند حبس دم کیا ہے، تو اس واسطے کہ میں نامحرم ہوں۔ بہت سے سر آنکھوں پر منظور ہیں۔ اگر ذکر اور ورد میں مشغول ہوتا ہوں، تو صاحب الورد ملعون کا مورد بنتا ہوں۔ اور اگر بے ورد اور ذکر رہتا ہوں، تو تارک الورد ملعون کا مصداق بنتا ہوں۔ مختصر یہ کہ میں دنیا کا طالب اور عقبیٰ کا تارک ہوں اور اپنے آقا سے کھوٹا اور ہنسی مخول والا معاملہ کرتا ہے۔

؎ کس نہ کند با کس بیگانگاں
آنچہ تو با حضرت حق می کنی

ظاہر میں تو میں محبت کا دعویٰ کرتا ہوں، لیکن میرا معاملہ فرنگستان کے کافر کا سا ہے۔ اب خیال کرنا چاہیئے کہ اس قسم کے دعوے میں کیا بھلائی ہو سکتی ہے۔ اور اس قسم کے معاملے کا کیا عوض ہو سکتا ہے۔ کسی اور کو اس سیاہ کار سے نسبت نہیں۔ جھوٹے معاملے کو تمام گناہوں سے کیا مساوات۔ ؎

مئے خوار و خود پرست فاسق بودن — بر کام ہوا نفس عاشق بودن
در کوئے خرابات موافق بودن — بہ زانکہ بخرقہ در منافق بودن

اس تکلیف دینے اور التماس کے لکھنے سے میری غرض یہ ہے، چونکہ عزیز و حبیب اس شرمندہ کار کو محض حسن ظن سے نیک اطوار خیال کئے بیٹھے ہیں۔ اور پیروی کر رہے ہیں۔ اب ان سطروں کو ملاحظہ کر کے جب میرے واقعی حال سے واقف ہوں تو جو خیال مجھ آوارہ کے ان کے دلوں میں ہیں انہیں دور کر دیں۔ اور مندرجہ بالا سطور کے موافق تصور کریں۔ اور میری آشنائی سے ڈریں۔

؎ صد مرحلہ بگزینے اے اہل جہاں

چونکہ اشخاص سے جو میری نسبت گمان رکھتے ہیں، اصلی خیالات کا چھپانا داخلِ

Marfat.com

خیانت تھا۔ اس لئے میں نے اپنی حقیقت کو پورا پورا ذکر کر دیا ہے۔ تاکہ دوست اس سے آگاہ ہو جائیں، اور چند سادہ دلوں کو اس کی اطلاع دے دیں۔ تاکہ صرف نام ہی سُن کر از خود رفتہ ہو جائیں اور نہ لوگوں کو از خود رفتہ کریں۔

؎ شیریں مثلے است گشتہ مشہور
آوار دُہل خوش است از دور

کراماً کاتبین یہ دو ملائک ہر ایک انسان کے ساتھ یمین و یسار کے رہتے ہیں۔ کہ یمین والا یعنی دائیں والا افعال و اقوال حسنٰی کی کتابت کرتا ہے۔ اور یسار والا یعنی بائیں والا ملک افعال و اقوال سیئہ کی کتابت کرتا ہے۔ اور ہمارے یمین والے نے اپنی کتابت کے دفتر کو ہر ایک حرکات سے بند کر کے فارغ و خاموش ہے۔ تو جو یسار والا ہے اس نے اپنے دفتر کتابت کو پھیلایا ہوا ہے۔ اور اس کو کتابت کرنے سے دن رات میں بالکل فرصت نہیں ہے۔ تو جس شخص کا معاملہ یہاں تک پہنچ گیا ہو اُسے سخن پکڑنے اور قلم پردازی سے کیا مناسبت۔ ؎

گر عاقلی حدیث خود کم کنی قفل در گفتگوئے محکم کنی
ماتم زدہ چند فراہم کنی برگفتہ بگریہ و ماتم کنی

اس نیاز نامہ کی تحریر کے بعد میرے دل میں خیال آیا، کہ اپنی حقیقت بیان کرنے کے بعد اگر اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا کچھ ذکر جو اپنے بارے میں مشاہدہ کی ہیں اس وقت درج نہیں کیا، تو ایسا نہ ہو کہ ناشکری میں داخل نہ ہو۔ اس واسطے وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ کے بموجب ان میں سے بھی تھوڑی سی ظاہر کرتا ہوں۔

میرے مخدوم! باوجود اس خواری اور تباہ کاری کے مجھے اس قدر کہ معلوم ہے کہ اپنی پیشگاہ سے اس خاک رہ میں کچھ معنیٰ رکھتے ہیں۔ اور کچھ بطور ودیعت رکھا گیا ہے۔ جو اللہ تعالیٰ کا خاص منظور نظر ہے۔ یہ خفی عنائتیں اسی واقعہ کے بارے میں ہیں۔ اس سے

Marfat.com

زیادہ ہیں اور کچھ نہیں لکھ سکتا۔ اور نراوس کی تفصیل بیان کرتا ہوں۔ کیونکہ بات کرنے والے کو اس کے کہنے کی تاب اور سننے والے کو اس کے سننے کی ہوش نہیں۔

اسی وجہ سے مجھے ابتداء میں ان معنوں کے ظہور سے بیشتر اپنے آپ میں حقیقی جذب اور کشش اور محبت اور عشق معلوم ہوتا تھا۔ اور طبیعت خلقت سے متنفر تھی اور خلوت اور جنگل کی طرف مائل تھی۔ اور میں اپنے دل میں کہتا تھا ؎

بہ شاہی چنیں میل دلم چیست وزیں تنہا نشستن حاصلم چیست

اور اس محبت اور عشق کی بابت مجھے کچھ معلوم نہ تھا کہ کس کوچے کا عشق ہے اور یہ کس طرف کو کشش ہو رہی ہے ؎

میدید بہ چشم خود غبارے در دیدہ نہفتہ خارخارے
گہ گہ گر دامن چیست واں غنچہ ز خارے گلشن کیست
در جیب گلشن کہ ایں خسک ریخت وز چشم دلش کہ ایں نمک ریخت
آتش کہ در سقف خانہ درزد دیں فتنہ ز دامنہ سر زد
ایں تلوہ چیست در شکیبش جادوے کہ مبد ہد فریبش
شورے است ز عشق در سر تیغے است نہاں در بگوہر
از جنبش غمزہ ہائے خونی دارد نگرانئے درونی
جانے بسر خیال میدانست چشمے براہ استمال میداشت
سرمست نظارہ سو بسو بود ہمدیدہ از و براہ او بود

ہم گوش تیمنش پر آواز
کز قافلہ رسد صدائے آواز

میں اس حالت میں مغلوب تھا، اور ارادہ یہ تھا کہ یہ عشق کسی سفلی معشوق پر جماؤں۔ لیکن نہیں جمتا تھا۔ یہ ایک جنون آمیز سودا اور آتش انگیز شوق تھا اور یہ کچھ معلوم نہ تھا

Marfat.com

کہ اس جنون کو بھڑکانے والا کون ہے۔ میں اپنے کام کی نسبت خود حیران تھا، اور زبانِ حال سے یہ پڑھتا تھا۔

دارد کہ مو بمو یم آزار وز ناخن کیست جنبش تار
تنہا مرا خلد گزاں سو دارد حُلّہ بہر بن مو
در دیدہ من کہ می زند برق آں شعلہ کیست دشنہ بر فرق
از سوز کہ ایں شرار برخاست واز راہ کہ ایں غبار برخاست
بر ہر شرام جدا نگارے است در ہم نگرم جدا بہارے است
آں کیست کہ در درون سینہ بشکست ہزار آب گینہ
ایں باد زدامن کہ برخاست ویں دود ز خرمن کہ برخاست
ایں مرغ کہ می پرد بریں بام وایں بوسہ کہ می دہد بہ پیغام
ایں عشق ندانم از کجا خاست واز ہر رگ ریشہ ام بلا خاست
آں روز کہ خاک من سرشتند سودائے جنوں بسر نوشتند
از طرّہ بینی فگندہ دام است لیکن بشناسمش کدام است
تا عشق کہ شد مساعد من دانند کفِ کیست ساعد من
از خندہ کیست نو بہارم وز ناز کیست خار خارم
ایں عشق ز عاشقاں عجب نیست معشوق شناسی از ادب نیست
اے عشق خوش آمدی چنیں ہیست در دل بنشیں کہ منزل کیست
بنشیں بنشیں مشیں از تست جان و خرد و دل و تن از تست
رو از تو شبِ سیاہ مرا بس تخت از تو خاکِ راہ مرا بس
بے دیر تحفہ جاں بنشیں سے بکشا کمر از میاں بنشیں
بنشیں و ز عشق خوش بنشاں وز خون جوشش دہ بنشاں

Marfat.com

از آمدنت چو گل شگفتم دامن دامن ببار رفتم
گل کرد بہار بختم امروز
بر تخت شہے نشستم امروز

اب ہم اصلی بات کرتے ہیں۔ اس کے بعد کہ یہ چھپے ہوئے معنیٰ مدت دراز کے بعد چمک اُٹھے۔ اور پیشتر اس کے کہ کامل ظہور میں آتے، مجھے معلوم ہوا کہ یہ سب کچھ اس محبت کے متعلق تھا۔ اور یہ کشش اور جذبہ کس طرف تھا، ایک ایسا محبوب ظاہر ہوا، جو حسن و خوبی، محبوبیت اور مرغوبیت میں لاثانی تھا۔ بلکہ اس کی نزاکت منزل اس قسم کی ہے کہ حسن و جمال کا اطلاق اس کی چار دیواری پر بھی ہو سکتا ہے۔ اور اس سے ہر ایک کمال و جمال ہو سکتا ہے، جہاں کہیں کوئی کمال ہے، وہ اسی کمال کا اثر ہے، اور جہاں کہیں حسن و جمال منظور ہے، وہ اسی کے حُسن و جمال کا شمہ ہے۔ اب مجھے یقین ہو گیا کہ واقعی وہی محبوب بننے کے لائق ہے۔ اور مطلوب بننے کے شایان ہے۔ اس لئے میں نے سب سے منہ پھیر لیا۔ اور عنایت کی باگ اس طرف پھیری اور ہمت کی کمر اس کی خدمت میں مضبوط باندھ لی۔

جب میں معلوم کر چکا تو معلوم ہوا کہ وہاں باگ کا پھیرنا کسی کام نہیں آتا۔ اور یہ خدمت اس مقدس بارگاہ کے شایان نہیں ہے اور کوئی کوشش اور سعی اس کے فضل کے بغیر بار یاب نہیں ہو سکتی۔ صرف اس کی سابقہ عنایت درکار ہے۔ اور اس کی کشش کارگر باقی ہے۔ باقی سب ہیچ ہے۔ اس لئے میں سب چیزوں سے عاجز رہ گیا اور معاملہ اس کے سپرد کر دیا۔ کسی نے کیا اچھا کہا ہے ؎

مرا گر تو سن دل نیست در راہ
کمند زلف او ہم نیست کوتاہ

اس کی عنایت ازلی آ پہنچی اور اپنی مہربانی سے اس پس ماندہ کی نوازش فرمائی۔ اور سابقہ فضل و کرم سے اس خاک پر گرے ہوئے کو اپنے مقدس چار دیواری کے گرد

Marfat.com

جلوہ دی۔ وہ چھپا ہوا اور پوشیدہ اس بارگاہ پُر نور میں ظاہر اور ہویدا ہے۔ اور بڑی آب و تاب سے امید کے گلشن کے صحن میں رقص کرتا ہے، اور ہمیشہ خوش کرتا ہے۔ بڑے ناز سے ساغر دیتا ہے اور بڑے بانکے سے قدم اٹھاتا ہے۔ اور بڑی خوشی و خورمی اور خندہ پیشانی سے اس سے بغل گیر ہوئی۔ اور باوجود بندگی کے نہ زائل ہونے والی شراب کا مست ہے، اور یہ گیت گاتا ہے ؎

ہم از در باز کردی باز نوروز　　کہ من بوئے گل خود دارم امروز
پیش شب از ماہ بادہ اکنوں　　کہ مشہور خود شادیم اکنوں
گر اوّل می برد باگریہ آئیم　　کنوں خوش میرود در باز خوانیم

اگر وہ خود اپنے آپ پر ہی عاشق ہو کر عشق کرے تو مناسب ہے۔ کیونکہ اس کی نوازش خود محبوب نے فرمائی ہے۔ اور اگر اپنے حسن پر خود شیفتہ ہو جائے تو لائق ہے۔ کیونکہ وہ مطلوب کا منظور ہے۔

اے عزیز! اس زلف کو جو خوشبو سے معطر ہے۔ اس ناپاک بدن سے کیا نسبت۔ اور اس علوی معنیٰ کو اس سفلی وجود سے پس ماندہ آوارہ بے چارہ یار سے جدا اور دشمنوں کی ولایت میں گرفتار ہے۔ کیا مناسبت یہ عنصری وجود ہے، جو حیرت اور حسرت کے جنگل میں مارا مارا پھرتا ہے۔ اس کے بال بکھرے ہوئے ہیں۔ اور چھ طرفوں سے ہوا اس کے چہرے پر طمانچے مارتی ہے اور وہ حواس خمسہ کے گرد کو پکڑتا ہے۔

ہم یار زدہ طمانچہ بر دے
ہم خاک فشردہ پنجہ در موئے

کار اور از کار سے رہا ہوا۔ شوق اور گرمی سے ناکارہ بدمزگی اور دل مردگی کے کونے میں گمنام ہمت کی باگ ہاتھ سے چھوڑے ہوئے، کمر ہمت کھولے ہوئے، حیرانی کی وجہ سے کسی چیز پر نہیں جمتا، اور مارے ڈر کے کسی دروازے سے بھیک بھی نہیں مانگ سکتا۔

Marfat.com

گو یہ ساری باتیں تھیں، تاہم اس نے دلیری کی۔ اور اس دوری کی منزلوں کو طے کرنا منظور کر لیا، بعد المشرقین کا فاصلہ بیچ میں آگیا۔

از بادِ صبا دلم چو بوئے تو گرفت　　بگذاشت مراد جستجوئے تو گرفت
اکنوں زمن خستہ نمی آرد یاد　　بوئے تو گرفتہ بود خوئی تو گرفت

تو وہ محبت کے جڑاؤ تخت پر بیٹھا ہوا، اور یہ وجود سیاہ خاک میں گرا ہوا، وہ خوشی خوشی بازو پھیلائے ہوئے اور بہ حیرت اور حسرت سے زخمی سینے والا یہ زاری اور نیاز کرتا ہے۔ اور وہ سو طرح کا ناز اور بے پرواہی کرتا ہے۔ یہ ہزاروں آہوں اور دردوں سے اس کا راز ڈھونڈتا ہے۔ اور سخت بے سروسامانی سے اپنے دل میں کہتا ہے اور یہ سفلی وجود بایں معنیٰ علوی معنیٰ بیان کرتا ہے ؎

من بے تو بہ خاک راہ مژہ باز　　تو خواب گزیں بہ بستر ناز
من بے تو زخواں دیدہ گل بار　　تو خندہ زناں بہ صحنِ گلزار
من بے تو بخوں کشیدہ دامن　　تو رفتہ بہ طرم گل خرامان
من بے تو بہ خاک غصہ پامال　　تو رقص کناں بہ بانگ خلخال
من بے تو چو رشتہ نایابم　　تو رشتہ گسل چو دُرِ نایاب
من بے تو بہ سوز و داگدازی　　تو عاشق خود بہ حسن بازی

من بے تو گرفتہ ترک ہستی
تو کردہ بہ خویش ناز ہستی

تنبیہ

اے عزیز! اگر کوئی شخص کتاب کے شروع کو اس کے اخیر کا مناقض اور مخالف نہ لکھتا۔ اس واسطے جو ممکن کی طرف منسوب ہے، وہ محض اس واسطے کہ ممکن ہے، از روئے اعتبار وہ قابل طعن ہے، وہ کس طرح درگاہ الٰہی کے لائق ہو سکتی ہے۔ یہاں معاملہ فضل الٰہی

Marfat.com

سے ہے۔ اگر اس قسم کی ناکارہ کی نوازش فرمائے تو عین اس کی بندہ نوازی ہے۔ ورنہ بندہ اور اس کے افعال ایسے ہی ہیں، جیسے کہ اوپر بیان ہو چکا ہے۔

اس کی بخشش اور عنائت نیک کاموں پر موقوف نہیں۔ جو کچھ میں نے اوپر بیان کیا ہے، وہ واردات الٰہی میں سے ایک وارد ہے۔ اور جب یہ درود غالب ہوتی ہے تو انسان کو اپنے تمام اعمال اور عبادات قابل طعن اور لعن معلوم ہوتے ہیں۔ اور ان کی اصل حقیقت معلوم ہو جاتی ہے۔ اور جو کچھ کتاب کے آخر میں لکھا ہے، وہ یہی ایک واردات ہے۔ ان میں کسی قسم کا تناقض یا تدافع نہیں۔ پہلے اسے مغلوب دیکھا، اور بعد ازاں خود اس کی دید کا مغلوب ہو گیا۔

ایک بزرگ نے شروع میں لکھا کہ میرے بائیں طرف کا فرشتہ ہمیشہ کام میں مشغول ہے۔ یعنی مجھ سے بداعمالیاں کثرت سے ظاہر ہوتی ہیں۔ اور دائیں طرف والے کو لکھنے کے لئے کوئی نیکی ہی نہیں ملتی۔

یہ کارخانہ صرف عارف کی دید میں ہے۔ اور دیدار منشا رہے۔ اور اس سے معاملہ دلبستہ ہیں، جن میں سے تھوڑا سا لکھا جائے گا۔ چونکہ قاصد جلدی کر رہا ہے اس لئے اس کو مفصل طور پر میں بیان نہیں کر سکتا۔

وہی بزرگ ایک اور جگہ اپنی دید کے موافق لکھتا ہے کہ مجھے اپنے کاتبین دکھائی دیتے ہیں۔ پہلے جو حالت دائیں والے کی تھی اب وہ بائیں والے کی ہے۔

یعنی بائیں والے کو کوئی برائی نہیں ملتی، تاکہ وہ لکھے۔ كَاتِبًا يَدَيْهِ شِمَالُهُ يَمِينٌ۔ ان کے کراماً کاتبین میں سے ان کا بایاں بھی دائیاں ہے۔ اس واسطے کہ بائیں طرف والا عدم کی مقتضیات سے ہے۔ اور جب دائیں والے کا عدم اور عارف کے شر لے زائل ہو گئے ہیں، اس کے حق میں ظاہر کرتا ہے اور تخلّق باخلاق اللہ کے موجب بایاں دایاں کا سا بن جاتا ہے۔ اور یہ بات جو ہم نے کہی ہے کہ اس دید کا منشا رخاص ہے، اور اس سے ایک خاص معاملہ دلبستہ ہے۔

واضح رہے کہ جو کچھ اس جناب مقدس سے منسوب ہے، وہ خیر اور کمال ہے، کوئی آئینہ

Marfat.com

ہونا چاہیئے۔ تاکہ اس خیر اور کمال کا ظہور ہو سکے، کسی شئی کے تقابل کا آئینہ نہیں ہوتا، اور خیر اور کمال کا تقابل شر اور نقص ہیں، جو ایک دوسرے کی ضد ہیں۔

اور یہ بھی ظاہر ہے کہ جس قدر آئینہ کامل ہوگا، اسی قدر اس میں عکس اچھا دکھائی دے گا۔ پس جس قدر عارف کی دید زیادہ ہوگی، اسی قدر خیر اور کمال کا ظہور بھی اس میں زیادہ ہوگا۔ اس واسطے کہ ممکن بذات خود شر و نقص کا منشاء ہے۔ کیونکہ خود اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف میں ارشاد فرمایا ہے۔

مَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ وَمَآ اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَّفْسِكَ۔

(جو بھلائی تجھے پہنچے وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے، اور جو تجھے بُرائی پہنچے، وہ تیرے نفس کی طرف سے ہے۔)

خیریت کے ظہور کے لئے دید کافی ہے۔ چنانچہ مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ رَفَعَهُ اللّٰهُ۔ (جو اللہ کی خاطر تواضع کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اسے بلند مرتبہ عنایت کرتا ہے۔)

حاصل یہ کہ جو خیر و کلام و حسن و جمال روئے زمین پر ظاہر ہے، سب مستفاد اور مستعار ہے۔ صرف واجب الوجود کو مرتبہ حاصل ہے۔ ممکن الوجود کی ذات بمنزلہ عدم ہے، جو کچھ بھی نہیں، اور ہیچ ہیچ کے سوا کیا ہو سکتا ہے۔

از تست طلسم این خزانہ — من ہیچ نیم در میانہ
از شیشہ تست این مئے ناب — من خاک بلب در آتش و آب
ہم گنج ز تست ہم تو گنجور — مستند ہستی فشاندم از دور
معنیٰ تو ہی چنیں شکرفم — من جلد کتاب صوت و حرفم
من در رہ خاک آستانم — تو می طلبی بر آسمانم
از موجہ تست فیض این جوشش — من مہر بلب نہادہ خاموشش
از جوش و خروش خود چہ گویم — این بادہ قوی و من سبوئم

Marfat.com

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِيْنَا اَوْ اَخْطَاْنَا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اَوَّلًا وَّاٰخِرًا وَّ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَى الْاِتْمَامِ اَكْمَلَانِ عَلٰى رَسُوْلِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِهِ الْاَطْهَارِ وَاَصْحَابِهِ الْاَخْيَارِ وَعَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى اَهْلِ الطَّاعَةِ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ.

اے پاک پروردگار! جو کچھ ہم سے بھول چوک ہوئی ہے، اس کی بابت مؤاخذہ نہ کر۔ اوّل و آخر میں اللہ تعالےٰ کا شکر ہے۔ اے بہت رحم کرنے والے، تیری رحمت سے تیرے رسول ہمارے سردار محمد اور اس کی آلِ پاک نیک اصحاب اور تمام انبیاء و مرسلین اور تمام اہل طاعت پر سلام اور درود ہو۔

کتاب ہذا کے خاتمہ کے قریب متفرق شرائط کا بیان

جاننا چاہئے کہ ایمان حقیقی و ارکان معرفت و لباس باطنی سلوکیہ و غذائے روحانیہ ہر ایک سالک کے لئے بڑی شرائط میں سے ہیں۔ اول ایمان شریعت کے نزدیک جب تک کوئی بندہ نہ لائے گا، تب تک مسلمانوں کے زمرہ میں شمار نہیں کیا جائے گا۔

ایمان شریعت والوں کے نزدیک یہ ہے کہ جس وقت کوئی بندہ بلوغت کو پہنچ گیا تو خداوند کریم کی وحدانیت اور ہر ایک رسول کی رسالت اور کتب سماویہ کے ساتھ تصدیق قلبی اور اقرار لسانی کرتا ہے۔

بلوغت دو قسم پر منحصر ہے۔ ظاہراً یہ ہے کہ جب کوئی بندہ باراں سال کو پہنچ گیا یا کم بیشی سے نشانی بلوغت پائی گئی تو وہ ظاہراً بالغ ہوگیا۔ مگر سلوک والوں کے نزدیک جب تک کوئی مذکر یا مؤنث شہوات نفسانی و منی سے باہر نہ آئے گا تو حقیقتاً بالغ نہ ہوگا۔ جیسا کہ حضرت مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے،

Marfat.com

خلق اطفال اند جز مستِ خدا

نیست بالغ جز رہیدہ از ہوا

اسی واسطے سلوک والوں کے نزدیک ایمان حقیقی و تحقیقی لانا بڑی شرائط سے ایک شرط ہے کیونکہ وہ ایمان حقیقی و تحقیقی لانے میں اس آیت کریمہ کے مستحق و مدعی ہیں:

یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ الخ (اے وہ لوگو! کہ ایمان لے آئے ہو ساتھ خداوند کریم و رسول کے تو اٰمِنُوْا ایمان لاؤ دوبارہ۔

دوبارہ ایک جگہ خداوند کریم مسلمانوں کو اس واسطے فرماتا ہے کہ اگر تم ظاہراً ایمان لے آئے ہو تو جلدی جلدی حقیقی و تحقیقی ایمان کی خلعت سے مشرف ہونا چاہیئے۔

مفسرین کا اختلاف ہے اس آیت کریمہ کی نسبت۔ بعضے کہتے ہیں کہ خطاب صرف مسلمانوں کو ہے۔ بعضے کہتے ہیں منافقوں کو ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ خطاب کافروں کو ہے۔ اور سلوک والے فرماتے ہیں کہ یہ خطاب خاص مسلمانوں کو ہے۔ مگر اشارہ حقیقی و تحقیقی ایمان کی طرف ہے۔ کہ اے مسلمانو! اگر تم ایمان لے آئے ہو، برہان وجیبت سے تو پھر ایمان لے آؤ بطریقہ حقیقی و تحقیقی کے۔ دوبارہ خطاب بطریقہ امر خداوند کریم اس واسطے فرمایا ہے۔ اور حضرت ولایت مآب خواجہ شاہ نقشبند مولانا بہاؤ الدین قدس اللہ سرہٗ فرماتے ہیں:

یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ الخ اشارت است کہ در طرفۃ العین نفی ایں وجود بشری میبائد کرد، و اثبات واجب الوجود جلّ ذکرہٗ میبائد نمود۔

یعنی ہر وقت و ہر لحظہ وجود بشری کی نفی کرنی چاہیئے اور زندہ تک حقیقی کی ہر وقت اور ہر لحظہ اثبات کرنی اور دیکھنے میں اپنے وجود خاکی کو محو و نیست و نابود خاکسار کر دینا چاہیئے۔ تاکہ تیرے وجود خاکی سے ایمان حقیقی و تحقیقی کی شاخ ظاہر ہوگی۔

اور حضرت مولانا جنید بغدادی فرماتے ہیں، یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا الخ کا خطاب جب میرے گوش گذار ہوا تو معلوم ہوا کہ ہمارے اک حقیقی سے خطاب حقیقی و تحقیقی

Marfat.com

ایمان کی طرف ہے تو پھر ہم ایمان حقیقی و تحقیقی لانے میں پچاس سال گذر گئے، تو پھر میں نے عرصہ پچاس سال تک ایمان حقیقی و تحقیقی کو تازہ کیا، مگر آج بھی تازہ کرنے سے فراغت نہیں پائی ہے، لیکن آخر کار اپنی ہمت کا گھوڑا اس راستہ میں لنگڑا دیکھ کر حیران ہو کر بیٹھ گیا۔

حضرت جنیدؒ کے قول سے اشارہ کمال ریاضت و عبادت شاق کی طرف ہے۔ کہ جب تک تم اپنے مالک حقیقی کے عشق میں پروانہ کی طرح جل کر خاکستر نہ ہوں گے، تب تک ایمان حقیقی کی شاخ نمودار نہ ہوگی۔ اور جب تک ایمان حقیقی کی شاخ نمودار نہ ہوگی تو پھر قول فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا بَعِیْدًا کے مصداق ہو جائیں گے، اور حقیقی ایمان کی نسبت مولانا روم علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

دم بے حق زدن محض گناہ است　　بخود مشغول گشتن کفر راہ است

ترا ہر دم کشد پندار ہستی　　سوئے ظلمت سرائے خود پرستی

خودی کفر است نفی خویش کن زود　　کہ جز حق در حقیقت نیست موجود

جہد کن تا نورِ تو رخشاں شود　　تا سلوک و خدمتت آساں شود

ایمان حقیقی و تحقیقی ہرگز حاصل نہ ہوگا جب تک تو اپنے نفس کو قتل نہ کرے گا۔ اسی واسطے امام قشیریؒ فرماتے ہیں کہ جس طرح سے بنی اسرائیلوں کی استغفار ظاہراً اپنے نفس کو قتل کرنا تھا جیسا کہ ارتکاب گناہ کنندہ کی گردن کو نبی یا اس کا خلیفہ قتل کر دیتا تھا، تو امت محمدی پر بھی منسوخ نہیں ہے۔ اگرچہ ظاہراً امت محمدی کے ارتکاب گناہ کنندہ کی استغفار لسانی ہے، مگر در حقیقت غائبانہ قتل کرنا اپنے نفس کا ہے در ریاضات شاقہ۔

اس واسطے ہمارے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں، رَجَعْنَا مِنَ الْجِهَادِ الْاَصْغَرِ اِلَى الْجِهَادِ الْاَكْبَرِ

مگر نفس کا قتل کرنا خالص مومن کے سوا میسر نمی شود۔ اور نفس کا قتل کرنا کیا ہے؟ بقطع آرزوہا و مرادہا باشد۔

اسی واسطے حضرت مولانا رومؒ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

Marfat.com

نفس خود را کُش جہاں را زندہ کُن　　خواجہ را کشتہ ہست او را بندہ کن
تو طمع داری کہ او را بے جفا　　بستہ داری در وقار و در وفا
ہر خسے را ایں تمنا کے رسد　　موسیٰؑ باید کہ از دلہائے را کشد

اور قطع آرزوہا و مرادہا بغیر مرشد کامل ہرگز ممکن نہ ہوگا، جیسا کہ شعر بُلہا شاہؒ کسی شاعر کی کتاب سے مرقوم کئے جاتے ہیں،

پھڑ مرشد عبد خدائی ہو　　اندر دل دے خوب صفائی ہو
بے خواہش بے نوائی ہو　　وچہ دلدے خوب صفائی ہو

بُلہیا باش سچی کدوں لُکدی اے
اک نقطے وچہ گل مُکدی اے

کسی اور شاعر نے کیا خوب کہا ہے!

بِناں مُرشداں راہ نہ ہتھ آوے
بِناں دُدھ نہ پکدی کھیر سائیں

اور مرشد کی چھاتی سے رازہائے نہانی و ہنر عرفانی کو تو اپنی نسبت ہرگز جریان نہ کر سکے گا، کہ جب تک اپنے آپ کو مرشد کی ذات میں نیست و نابود نہ کر دے گا۔ اسی واسطے حضرت مولانا عطار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں

تا نہ گردی بے خبر از جسم و جاں
کے خبر یابی ز بے نشاں از بے نشاں

اور جب تک تو پنبہ غفلت کو اپنے گوش سے باہر نہ نکالے گا۔ تب تک تیرے گوش میں رازہائے نہانی و خزینہائے معرفت کا آواز داخل نہ ہوگا۔ اسی واسطے مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں،

پنبہ وسواس بیروں کن ز گوش　　تا بگوشت آید از گردوں خروش

Marfat.com

گر بگویم شمّہ زاں نغمہ ہا　　جانہا سر برزند از دخمہ ہا

حضرت نیاز رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے:

حیف در بند حسم در امانی　　نشنوی صوتِ پاک رحمانی

ہمہ عالم پُر است از آواز　　لیک در ہائے گوش خود کن باز

اور جب تک تو در سایۂ مرشد کمال داخل نہ ہوگا، تب تک ایمان حقیقی و تحقیقی کی شاخ تیرے وجود میں نمودار نہ ہوگی۔ قتل نفس خود آرندوہا و مرادہا سے غیر ممکن ہوگا۔ اسی واسطے حضرت بلّھا شاہ صاحب فرماتے ہیں۔

پھڑ نقطہ چھوڑ حسابا ں نوں　　کر دور کفر دیاں بابا ں نوں

لا، دوزخ گور عذابا ں نوں　　کر صاف دلیہ یاں خوابا ں نوں

گل اس گھر دچہ ڈھکدی اے

اک نقطے دچہ گل مکدی اے

اینویں تھاں زمین گھسائیدا　　لمّاں پاء محراب دکھائیدا

پڑھ کلمہ لوک ہسائیدا　　دل اندر سمجھ لیائیدا

کدی بات سچی بھی لکدی اے

اک نقطے دچہ گل مکدی اے

کئی حاجی بن بن آئے جی　　گل نیلے جامے پائے جی

حج دیہ ٹکے لے کھائے جی　　بلّھا ایہہ گل کیوں بھائے جی

کدی بات سچی بھی لکدی اے

اک نقطے دچہ گل مکدی اے

اک جنگل بجریں جانڈے نی　　اک دانہ روزے کھانڈے نی

بے سمجھ وجود تھکانڈے نی　　گھر آون ہوکے ماندے نی

Marfat.com

اینویں چلیاں وچہ جند سُکدی اے
اک نقطے وچہ گل مُکدی اے

اگر تو ظاہراً و باطناً قولاً و فعلاً در سفینہ مرشد سواری شود۔ تو پھر تم کو وہ سفینہ مرشد کی سواری اپنے ساتھ دار الاسلام لا یزال میں بے خوف اور بیم غم و الم کے خود ہی داخل کر دے گی۔ جیسا کہ تفاسیر میں لکھا ہے کہ عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ کمال اصحاب میں سے تھے۔ اور صاحب اذان و مستجاب الدعوات بھی تھے۔ ایک روز بہت ہی سخت گریہ و زاری کرتے ہوئے آنحضرت جان پناہ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے۔ آپ نے استفسار گریہ زاری و غمزنی کی نسبت فرمایا کہ اے عبداللہ انصاری! تم کو ایسا گریہ و زاری و غمزنی کس سبب سے لاحق ہوئی ہے۔

عبداللہ انصاری نے عرض کی کہ یا رسول اللہ! آج ہم کو آپ کی محبت و دوستی اپنی جان و نفس مال و اولاد و والدین سے بھی زیادہ تر ہے۔ بلکہ ہمارا دین اسلام و ایمان صرف آپ ہی کی محبت و دوستی ہے۔ مبادا فردا روز قیامت کے دن آپ خود ہی جنت الفردوس و مقام محموداً کے مستحق و وارث ہوں گے۔ خدا جانے کہ میں کس جگہ میں اپنے وبال کے ذریعہ سے گرفتار و سزاوار ہوں گا۔ تو پھر میں دیدار پر انوار کی صحبت سے خود ہی مہجور و رنجور و مقہور ہوں گا۔

تو پھر آپ عبداللہ انصاری کی عرض گوش گذاری کے بعد وحی آسمانی کیے ہوئے کہ پھر حق سبحانہ تعالیٰ برائے شکستہ دلان و فراق کے ثمرہ وصال شاداں کی خاطر جمعیت کی نسبت وحی کو نازل کیا۔

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصَّالِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ۝

(ترجمہ جو کوئی اللہ پاک کی تابعداری اور اس کے رسول کی، پس وہ گروہ ان لوگوں کے ہمراہ

Marfat.com

ہوں گے کہ جن پر خداوند کریم نے احسان نعمت اپنی جانب سے کیا ہے، از پیغمبراں و صدیقاں و شہیداں و صالحاں کو بہت اچھا مقصود مند کیا ہے، اس گروہ کو رفیق و ہمنشین ہونا۔

مفسرین کرام نے اس آیت کریمہ کی تفسیر میں یوں لکھا ہے کہ مراد مِنَ النَّبِیّٖنَ سے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اور وَالصِّدِّیْقِیْنَ سے اشارت بطرف حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ہے۔ وَالشُّہَدَآءِ سے اشارت حضرت عمر، عثمان و علی رضی اللہ عنہم اجمعین کے ہے۔ اور صَالِحِیْنَ سے مراد جمیع اصحاب ہیں۔

اہل سلوک اس آیت کریمہ کی دستاویزی و نشریح اس طرح سے کرتے ہیں کہ اس سے مراد حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے لے کر اصحاب کبار رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے معہ جمیع اولیاؤں کا سلسلہ دست بدست لگاتار تا آخر انتہا تک مراد ہے۔ اس واسطے وہ فرماتے ہیں کہ رفیق و ہمنشینی اس گروہ کی بہت اچھی ہے کہ آج جس گروہ کے ساتھ جو دوستی رکھے گا، وہ فردا قیامت حشر با وخواہد بود۔ اسی کے مطابق حضرت مولانا روم فرماتے ہیں،

ہم چوں بلبل دوستی و گل گزیں　　تا شوی با خرمن گل، ہم نشیں
زاغ چوں مردار را شد ہم نفس　　یار او مردار خواہد بود و بس

ہر ایک طالب کو چاہیئے کہ وجود بشری بواسطہ مرشد در تجلیات در ربوبیت و در انوار محمدی کے محبت شاقہ کی نسبت کمالیت کو پہنچ کر اپنے آپ کو پروانہ کی طرح محبت لایزال بواسطہ راہنمائی خود کرے گا، تب ثمرۂ واصلان کے راز سے آگاہ ہو کر واصل ہوگا۔

مدارک میں لکھا ہے کہ خداوند کریم اپنے بندے کو جستجو کے وقت خطاب کرتا ہے کہ جب تک بندہ ظاہر آنکھوں کو فانی نہ کرے گا۔ اور چشم قلبی سے غفلت کے پردے کو اتار کر بازنہ کرے گا، اور چشم قلبی سے غفلت کے پردے کو اتار کر بازنہ کرے گا، کہ جرعہ ذوق و شوق محبت من نوش نہ کرے گا، تب تک مشاہدہ جمال من محال ہوگا۔ ؎

وے بسا بلبل کہ پیش از نوبہار　　می سرائید بہر گل بر شاخسار

Marfat.com

اور جب تک تو میری قضا پر رضا نہ ہوگا، درمکان لن ترانی سے مشاہدہ نہ کرے گا۔

بیت: لن ترانی میرسد از طور موسیٰؑ را جواب
ہر چہ آں از دوست آید سر بنہ گردن متاب

اور وجود خاکی بواسطہ برہان خود قطع کر کے دستاویزی دراد صاف نوریوں میں کرے گا، تو پھر اِنَّا اِلٰی رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ دے کے مکان سے خود ہی مشاہدہ کرے گا۔ اور اس مکان کی راز افشانی کی نسبت حضرت مولانا روم علیہ الرحمۃ جرعہ ذوق سے جامِ توحید ثمرہ واصلان کی نسبت تقسیم کرتے ہیں۔

مثنوی

جان ہا بستہ اندر آب و گل — چوں رہند از آب و گل شاد و دل
در ہوائے مہر حق رقصاں شوند — ہم چوں قرص بدر بے نقصاں شوند
چوں نقاب تن برفت از روئے روح — از لقائے دوست یابد صد فتوح
می زند جاں در جہاں آب و گون
نعرۂ یَالَیْتَ قَوْمِیْ یَعْلَمُوْنَ

اور کتاب فصل الخطاب میں حضرت خواجہ محمد پارسا رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ خداوند کریم نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو بسط کے مقام میں رکھا تھا۔ تا بجمال ربوبیت میں انس سے مشاہدہ کیا، بار بار حضرت موسیٰ کا سوال کرنا اور کلام بے واسطہ سننا کوئی ترک ادب نہ تھا۔ اس واسطے کہ گستاخی عاشق پیش معشوق ترک ادب نیست۔

بیت: ہر کہ کرد از جام حق یک جرعہ نوش
نے ادب ماند درونے عقل و ہوش

مگر اے جستجو کنندہ عزفاں کے جبتک تو اپنے برہان کی تصویر میں فنا نہ ہوگا، تب تک مرتبہ موصوف کے بحر بے کنار سے گنام و بے نوش رہے۔ اور برہان کے لفظ سے مراد

Marfat.com

مرشد کمال ہے کہ جب تک تو فنا فی الشیخ میں محو نہ ہوگا، دریائے بے کنار کا سفر طے کرنا دشوار ہو گا۔ اور فنا فی الشیخ کی نسبت اکثر لوگ اس طرح سے کہتے ہیں کہ اس میں کوئی صریحاً نص کا ناطق نہیں ہے۔ مگر گروہ سلوکیہ صریحاً نص ناطق فنا فی الشیخ کی نسبت دستاویزی کرتے ہیں۔

قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْ سُوْرَۃِ یُوْسُفَ:

وَلَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْھَانَ رَبِّہٖ ط یعنی حضرت یوسف علیہ السلام اگر اللہ جلّ شانہٗ کا برہان تو البتہ بی بی زلیخا کی طرف قصد کرتے۔

اس مقام پر مفسرین کا اختلاف ہے کہ برہان سے کیا مراد ہے۔ بعض نے یہ لکھا ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے اس گھر کے ایک جانب میں یہ آیت شریفہ لکھی ہوئی دیکھی،

وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰی الخ (اے یوسف! نہ نزدیکی کرو زنا کی۔)

ایک فرشتہ نے کہا کہ تو بے وقوفی کا کام کرنے کا ارادہ کرتا ہے، حالانکہ انبیاء کے دفتر میں تیرا نام لکھا ہوا ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ حضرت یعقوب علیہ السلام کی شکل مبارک آپ کو نظر آئی تھی۔ اس طرح سے کہ اپنے ہاتھ تأسف سے کاٹتے تھے۔

تفسیر کبیر میں ابن عباس سے یوں ہی آیا ہے۔ نیز تفسیر خازن میں لکھا ہے کہ قتادہؓ اور اکثر مفسرین کا یہ قول ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے حضرت یعقوب علیہ السلام کی صورت مبارک کو دیکھا، اور وہ کہتے تھے،

یُوْسُفُ اَنْتَ تَعْمَلُ عَمَلَ السُّفَھَآءِ وَاَنْتَ مَکْتُوْبٌ فِی الْاَنْبِیَآءِ۔

اور حسنؒ، سعیدؒ بن جبیرؒ و مجاہدؒ و عکرمہؒ اور ضحاکؒ فرماتے ہیں کہ گھر کا چھت پھٹ گیا۔ اور حضرت یوسف علیہ السلام نے دیکھا کہ حضرت یعقوب علیہ السلام اپنی انگلی مبارک کو کاٹتے ہیں۔ اور ابن عباسؓ سے یوں آیا ہے کہ حضرت یعقوبؑ کی شکل مبارک نے اس کے سینے میں ہاتھ مارا، جس سے آپ کی شہوت انگوٹھوں کے راستے نکل گئی۔

معلوم ہوا کہ وہ برہان جو حضرت یوسف علیہ السلام کو دکھائی گئی، وہ شکل مبارک حضرت

Marfat.com

یعقوب کی تھی، جو عبارت از تصور ہے۔ پس جب حضرت یوسف علیہ السلام اسی تصور کے سبب سے گناہ سے بچ گئے، تو پھر کون اہل ایمان کہہ سکتا ہے کہ تصور شرک ہے۔ بھلا شرک بھی موجب ہدایت ہو سکتا ہے۔ ہرگز نہیں۔ بلکہ وہ تو عین گمراہی ہے۔ جس سے گروہ انبیاء علیہم السلام بالکل پاک تھے۔

برہان سے مراد ہر ایک طالب کے لئے مرشد کمال کا تصور ہے۔ تصور شیخ ہرگز ہرگز شرک نہیں ہے۔ اس کے شرک نہ ہونے کی ایک بڑی دلیل یہی کافی ہے کہ بزرگان دین میں کابر عن کابر اس کی تعلیم چلی آئی ہے۔ اور مشائخ علیہم الرحمۃ نے اس کو ایک وسیلہ ہدایت و رہنمائی سمجھا ہے۔ اور بالیقین اکثر طالبانِ حق کو اس طریق سے فیض پہنچا ہے۔ پس اگر یہ شرک یا حرام ہوتا (معاذاللہ منہ) تو اس پر عمل کرنے سے انسان گمراہ ہو جاتا، نہ کہ مراتب سلوک طے کرتا چلا جاتا۔ پس اس کو شرک یا حرام کہنا کوتاہ فہمی ہے۔ طالب صادق جب اپنے شیخ کا تصور کرتا ہے تو وہ اس کو معبود نہیں سمجھتا، نہ شیخ کا ذکر کرتا ہے، نہ اس کا نام لیتا ہے۔ نہ یہ سمجھتا ہے کہ شیخ میرے حالات کو دیکھ رہا ہے۔ بلکہ وہ ذکر خدا کرتا ہے۔ صرف اپنے پراگندہ خیالات کو ایک طرف باندھ لیتا ہے۔ اور مرشد کو درمیان اپنے اور ہادی کے ایک رابطہ اور واسطہ سمجھتا ہے۔ جیسے کہ کعبہ درمیان عابد و معبود کے رابطہ ہے۔ اسی طرح مرشد درمیان ہادی اور ہدایت یابندہ کے رابطہ ہے۔ اور جب تک تصور شیخ کی تعلیم کی منزل طے نہ کرے گا، تب تک دریائے عرفان بے کنار کا عبور کرنا ممکن نہ ہوگا۔

مثنوی

من کہ دارم از ہمہ عالم فراغ — مہر کامل کردہ ام در سینہ داغ
من کہ از سیرِ دو عالم رستہ ام — بر در اہلِ دلاں خاکِ درم
من کہ بر فرق سلاطین افسرم — پیش ایشاں از گدایاں کمترم
من کہ عرش و فرش ہر دم زیر پا — بوسم از خاکِ ایشاں توتیا

Marfat.com

؎ اگر در جستجوئی من شتابی
مرا در خود بزودی بازیابی

اَللّٰھُمَّ احْشُرْنَا مَعَ اَحْبَابِنَا وَاِخْوَانِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ فِیْ زُمْرَۃِ الْاَوْلِیَآءِ اَجْمَعِیْنَ ۝

روزانہ کے وظائف کا بیان

ہر ایک دن کے لئے علیحدہ علیحدہ مقررہ وظائف رقم کئے جاتے ہیں. اگر کوئی طالب ان کے پڑھنے پر پابندی سے استقامت کرے گا، تو اس کو چاہئے کہ روزانہ پڑھنے کے وقت کسی تنہا پاک جگہ میں بیٹھ کر حضور قلبی در رجوعات روحانیہ و حواس خمسہ قائم کر کے باطل خیالات کو ایک طرف باندھ کر اول آخر درود شریف طاق طاق بار یعنی تین یا پانچ یا سات یا یازدہ بار وظائف مقررہ کی منزل کو ختم کرے۔ اور مسکین مصنف ہذا کی طرف سے اجازت عام ہے۔

اسبوع شریف مصنفہ شیخ عبدالقادر جیلانیؒ

وظیفہ بروز یک شنبہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْجَمِیْلُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ہ
وہی اللہ جس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں مگر وہی بزرگ بڑا مہربان نہایت رحم والا
اللَّطِیْفُ ہ الْحَلِیْمُ ہ الرَّءُوْفُ ہ الْعَفُوُّ ہ الْمُؤْمِنُ ہ النَّصِیْرُ ہ
لطف کرنے والا صاحب حلم مہربان معاف کرنے والا امن دینے والا مددگار

Marfat.com

الْمُجِيْبُ ہ الْمُغِيْثُ ہ الْقَرِيْبُ ہ السَّرِيْعُ ہ الْكَرِيْمُ ہ

دعا قبول کرنے والا، فریاد سننے والا نزدیک جلدی حساب لینے والا کرم کرنے والا

ذُوالْاِكْرَامِ ہ ذُوالطَّوْلِ ہ رَبِّ اكْسُنِيْ مِنْ جَمَالِ

صاحب اکرام صاحب حشمت اے میرے پروردگار! مجھے ایسے جمال بدیع انوار

بَدِيْعِ الْاَنْوَارِ الْجَمَالِيَّةِ مَا يُدْهِشُ اَبْوَابَ الذَّرَّاتِ

کے خوبصورت لباس پہنا جو اپنی روشنی سے پیدائشی ذرات کے دروازے بند

الْكَوْنِيَّةِ فَتَتَوَجَّهَ اِلَيَّ حَقَائِقُ الْمُكَوَّنَاتِ

کر دیں۔ یعنی تمام اندھیرے مجھ سے دور ہو جائیں۔ پس حقائق کائنات کی مجھ پر

تَوَجُّهَ الْمَحَبَّةِ الذَّاتِيَّةِ الْجَاذِبَةِ اِلٰى شُهُوْدِ مُطْلَقِ

ذاتی محبت مطلق جمال کے شہود کی طرف کھینچنے والا، توجہ مجھ پر کریں۔

الْجَمَالِ الَّذِيْ لَا يُضَادُّهٗ قُبْحٌ وَّلَا يَقْطَعُ عَنْهُ اِيْلَامٌ

وہ جمال کہ جس کو کوئی کلنگ نہیں لگتا۔ اور نہ اس سے خوشی کبھی منقطع ہوتی ہے۔

وَاجْعَلْنِيْ مَرْحُوْمًا مِنْ كُلِّ رَاحِمٍ بِحُكْمِ الْعَطْفِ الْحُبِّيِّ

اور مجھے ہر ایک رحمت سے ساتھ حکم ایسے محبت کرنے والے مہربان کے

الَّذِيْ لَا يَشُوْبُهٗ انْتِقَامٌ وَّلَا يُنَقِّصُهٗ غَضَبٌ وَّلَا يَقْطَعُ

کہ جس میں انتقام کا کوئی شائبہ نہیں اور نہ اس کو کوئی غضب ناخوش کرتا ہے، اور نہ

مَدَدَهٗ سَبَبٌ وَتَوَلَّ ذٰلِكَ بِحُكْمِ اَبَدِيَّةِ وَارِثِيَّتِكَ

اس کی یاوری کو کوئی سبب کاٹ سکتا ہے۔ اور اس بات کی کارسازی اپنی ابدیت اور اپنی

اِلٰى غَيْرِ نِهَايَةٍ لَا تَقْطَعُهَا غَايَةٌ ہ يَا رَحِيْمُ هُوَ الرَّحِيْمُ

لانہایت دوام اور ہمیشگی کے ہمراہ کہ جس کو کوئی حد ختم نہیں کرتی۔ اے نہایت مہربان، تو

Marfat.com

رَبَّاهُ، رَبَّاهُ، غَوْثَاهُ، يَاخَفِيًّا لَّا يَظْهَرُ

اے مہربان ہے، جو قیامت میں رحم کرے گا۔ اے میرے پروردگار، اے میرے پروردگار! اے میرے

يَا ظَاهِرًا لَّا يَخْفٰى لَطُفَتْ اَسْرَارُ وُجُوْدِكَ

فریادرس! اے پوشیدہ جو ظاہر نہیں ہوتا۔ اے ظاہر! جو پوشیدہ نہیں ہوتا۔ تیرے

الْاَعْلٰى فَتُرٰى فِيْ كُلِّ مَوْجُوْدٍ وَعَلَتْ اَنْوَارُ

اعلیٰ وجود کے اسرار باریک ہیں۔ پس تو ہر ایک موجودات میں دیکھا جا سکتا ہے۔ اور تیری نہایت

ظُهُوْرِكَ الْاَقْدَسِ فَبَدَتْ فِيْ كُلِّ مَشْهُوْدٍ وَّاَنْتَ

پاک ظہور کے انوار بلند ہیں۔ پس ہر ایک مشہود میں ظاہر ہو رہی ہیں۔ اور تو

الْحَلِيْمُ الْمَنَّانُ بِالرَّاْفَةِ وَالْعَفُوُّ السَّرِيْعُ بِالْمَغْفِرَةِ

حلم کرنے والا مہربانی سے احسان لانے والے اور جلدی معافی بخشش کے ساتھ کرنے والا

مُؤْمِنُ الْخَائِفِيْنَ نَصِيْرُ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ الْقَرِيْبُ بِمَحْوِ

ہے۔ خوف کرنے والے کو امن دینے والا، فریاد کرنے والوں کا مددگار قریب اور بعید کے جہات

جِهَاتِ الْقُرْبِ وَالْبُعْدِ عَنْ عُيُوْنِ الْعَارِفِيْنَ ۝

دور کر کے قرب دینے والا، عارفوں کی آنکھوں سے پردہ اٹھانے والا۔

يَا كَرِيْمُ ۝ يَا كَرِيْمُ ۝ يَا ذَا الطَّوْلِ وَالْاِكْرَامِ ۝

اے کرم کرنے والے اے کرم کرنے والے اے صاحب حشمت اور بزرگی کے۔

سَلَامٌ ۝ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

سلام کہا گیا ہے رب رحیم کی طرف سے اور سب تعریف واسطے اللہ

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

پاک کے ہے جو پروردگار ہے تمام جہانوں کا۔

Marfat.com

وظیفہ بروز دوشنبہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَلِیْمُ الرَّحِیْمُ الْفَعَّالُ

وہی اللہ پاک ہے کہ جس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں صاحب حلم، نہایت مہربان، کارکن،

اللَّطِیْفُ الْوَلِیُّ الْحَمِیْدُ الصَّبُوْرُ الرَّشِیْدُ الرَّحْمٰنُ رَبِّ

باریک بین کارساز سراہا گیا متحمل ہدایت والا مہربان اے پروردگار

اَذِقْنِیْ مِنْ بَرْدِ حِلْمِكَ عَلَیَّ مَا اَبْتَهِجُ بِهٖ فِیْ عَوَالِمِیْ

میرے! مجھے اپنے حلم کی ٹھنڈک چکھا، جو میرے حق میں ہو، جس کے ساتھ میں اپنے معلومات کی

فَلَآ اَشْهَدُ فِی الْكَوْنِ اِلَّا مَا لَیَقْتَضِیْ سُكُوْنِیْ وَرِضَائِیْ

رو سے خوش ہو جاؤں۔ پس جہاں میں اپنی سکون اور رضا کی اقتضاء مجھے دکھائی دیں۔

فَاِنَّكَ الْحَقُّ وَاَمْرُكَ الْحَقُّ وَاَنْتَ الْحَكِیْمُ الرَّحِیْمُ ۝ رَبِّ

کیوں کہ تو حق ہے اور تیرا امر حق ہے۔ اور تو پکے کام والا مہربان ہے۔ اے

اَشْهِدْنِیْ مُطْلَقَ فَاعِلِیَّتِكَ فِیْ كُلِّ مَفْعُوْلٍ حَتّٰی لَآ اَرٰی

میرے پروردگار! مجھے ہر ایک مفعول میں اپنی فاعلیت دکھا یعنی ایسا کر کہ اپنی کمال قدرت

فَاعِلًا غَیْرَكَ لِاَكُوْنَ مُطْمَئِنًّا تَحْتَ جَرَیَانِ اَقْدَارِكَ

کے سوا کسی فاعلیت کو خیال میں نہ لاؤں یہاں تک کہ تیرے سوا کوئی فاعل نہ دیکھوں۔ تاکہ تیری

مُنْقَادًا لِكُلِّ حُكْمٍ وَّجُوْدِیْ عَیْنِیْ وَّغَیْبِیْ وَ

تقدیروں کے نیچے ثابت و مطمئن دل ہو جاؤں۔ اور تیرے ہر ایک حکم وجودی عینی اور غیبی اور

بَرْزَخِیْ ۝ یَا نَافِخَ رُوْحِ اَمْرِهٖ فِیْ كُلِّ عَیْنٍ ۝ اجْعَلْنِیْ

برزخی کا فرماں بردار ہو جاؤں۔ اے امر کا روح ہر ایک وجود میں پھونکنے والے مجھے

Marfat.com

مُنْفَعِلًا فِیْ کُلِّ حَالٍ لِّمَا یُحَوِّلُنِیْ عَنْ ظُلُمٰتِ

امر قبول کرنے والا بنا ہر حال میں جو مجھے جہان بھر کے اندھیروں سے

تَکْوِیْنَاتِیْ وَاَلْحَقْ فِعْلِیْ وَفِعْلَ الْفَاعِلِیْنَ فِیْ اَحَدِیَّةِ

برگشتہ کرے اور اپنے فعل کے اکیلا پن میں میرا فعل اور تمام فاعلین کا فعل نیست

فِعْلِكَ وَلَوِّلَنِیْ بِجَمِیْلِ حَمِیْدِ اِخْتِیَارِكَ لِیْ فِیْ جَمِیْعِ

کردے۔ اور اپنے بزرگ اور نکوئی والے اختیار سے جو تو میرے لئے رکھتا ہے میری

تَوَجُّهَاتِیْ وَافْنِ مِنِّیْ اِرَادَتِیْ وَصَبِّرْنِیْ وَسَدِّدْنِیْ

کارسازی کے تمام توجہات سے اور میرے ارادہ کو مجھ سے فانی کر اور مجھے صبر دے۔ اور

وَارْحَمْنِیْ وَاصْحَبْنِیْ بِاللُّطْفِ وَالْعِنَایَاتِ بِمَعِیَّةٍ

مجھے خواہشوں سے بند کر اور مجھ پر رحم کر۔ اور لطف و عنایات سے میری ہمراہی

خَاصَّةٍ مِّنْكَ وَحَقِّقْنِیْ بِقُرْبِكَ الَّذِیْ لَا وَحْشَةَ

اور مددگاری ساتھ ہمراہی خاص کے اور جو مجھے تیرے ساتھ ہو فرما۔ اور مجھے اپنے اُس قرب کے لائق کر

مَعَهٗ یَا رَحْمٰنُ یَا سَلَامُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ۝

جس میں میرے کوئی وحشت نہ رہے۔ اے رحمان اے سلامتی دینے والے اور سب تعریف اللہ پاک کے

واسطے ہے، جو پروردگار ہے تمام جہان کا۔

وظیفہ بروز سہ شنبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِلٰهِیْ مَا اَحْلَمَكَ عَلٰی مَنْ عَصَاكَ وَمَا اَقْرَبَكَ مِمَّنْ دَعَاكَ

اے میرے معبود برحق! تو کیا بردبار ہے جو تیری نافرمانی کرے۔ اور تو کیا قریب ہے جو تجھے پکارے۔

Marfat.com

وَمَا اَعْطَفَكَ عَلٰى مَنْ سَاَلَكَ وَمَا اَرْاَفَكَ بِمَنْ اَمَّلَكَ

اور تو کیا مہربان ہے اس پر جو تجھ سے سوال کرے، اور تو بڑا رحیم ہے اس کے ساتھ جو تجھ سے

مَنْ ذَا الَّذِیْ سَاَلَكَ فَحَرَّمْتَهٗ اَوْ لَجَاَ اِلَیْكَ

امید رکھے۔ وہ کون ہے جس نے تجھ سے سوال کیا، پس تو نے اس کو محروم رکھا۔ اور تیری طرف

فَاَهْمَلْتَهٗ اَوْ تَقَرَّبَ مِنْكَ فَاَبْعَدْتَهٗ اَوْ هَرَبَ

ملتجی ہوا، پس تو نے اس کو بے کار چھوڑ دیا۔ یا تجھ سے ملاپ چاہا، اور تو نے اس کو

اِلَیْكَ فَطَرَدْتَهٗ لَكَ الْخَلْقُ وَ لَكَ الْاَمْرُ

دور کر دیا۔ یا تیری طرف دوڑ کر گیا، پس تو نے اس کو دھتکار دیا۔ سب تیری خلقت ہے۔

اِلٰهِیْ اَفَتَرَاكَ تُعَذِّبُنَا وَتَوْحِیْدُكَ فِیْ قُلُوْبِنَا

سب امر تیرے ہیں۔ اے میرے معبود! کیا تو مناسب سمجھتا ہے کہ تو ہمیں عذاب دے

وَمَا اَخَالُكَ اَنْ تَفْعَلَ وَلَئِنْ فَعَلْتَ اَتَجْمَعُنَا

درانحالیکہ تیری توحید ہمارے دلوں میں ہو۔ اور میں نہیں گمان کرتا کہ تو ایسا کرے۔ اور اگر تو

مَعَ قَوْمٍ طَالَمَا بَغَضْنَاهُمْ لَكَ

ایسا کرے گا تو کیا تو ہم کو ان لوگوں کے ساتھ اکٹھا کرے گا جن کو ہم بڑی مدت سے خاص تیری

فَبِالْمَكْنُوْنِ مِنْ اَسْمَآئِكَ وَمَا وَارَتْهُ

محبت کے سبب دشمن جانتے ہیں۔ پس اپنے ناموں کی پوشیدہ تاثیرات کے سبب سے

الْحُجُبُ مِنْ بَهَائِكَ اَنْ تَغْفِرَ لِهٰذِهِ النَّفْسِ

اور اپنے پوشیدہ چمک دمک کے طفیل پر قادر، اس حریص نفس اداس بے صبر دل

الْمَلُوْعِ وَلِهٰذَا الْقَلْبِ الْجَزُوْعِ الَّذِیْ لَا یَصْبِرُ لِحَرِّ

کو بخش جو کہ دھوپ کی گرمی میں صبر نہیں کر سکتا، تیری آگ کی گرمی میں کس طرح

Marfat.com

الشَّمْسِ فَكَيْفَ يَصْبِرُ لِحَرِّ نَارِكَ يَا حَلِيْمُ يَا عَظِيْمُ

صبر کرسکے گا۔ اے حلم کرنے والے اے بڑے مرتبے والے۔

يَا كَرِيْمُ يَا رَحِيْمُ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنَ الذُّلِّ

اے سخی مہربان۔ اے اللہ پاک! ہم تیرے ساتھ پناہ مانگتے ہیں ذلت سے

اِلَّا لَكَ وَمِنَ الْخَوْفِ اِلَّا مِنْكَ وَمِنَ الْفَقْرِ اِلَّا اِلَيْكَ

مگر جو تیرے لئے ہو اور خوف سے مگر جو تجھ سے ہو اور فقر و فاقہ سے پناہ مانگتے ہیں

اَللّٰهُمَّ كَمَا صُنْتَ وُجُوْهَنَا اَنْ نَسْجُدَ لِغَيْرِكَ

مگر جو تیری طرف سے ہو۔ اے اللہ پاک جیسا تو نے ہمارے مونہوں کو غیر کے آگے سجدہ کرنے

فَصُنْ اَيْدِيَنَا اَنْ تَمْتَدَّ بِالسُّؤَالِ لِغَيْرِكَ۔ لَآ اِلٰهَ

سے بچایا، ایسا ہی ہمارے ہاتھوں کو بچا کہ تیرے غیر کے آگے سوال نہ کریں۔ کوئی معبود

اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ وَالْحَمْدُ

نہیں مگر تو ہی ہے۔ تجھے پاکی ہے۔ ٹھیک میں ظالموں سے ہوں۔ اور سب صفت و ثنا

لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

پروردگار جہانوں کے لئے ہے۔

وظیفہ بروز چہار شنبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِلٰهِيْ عَمَّ قِدَمُكَ حَدَثِيْ فَلَا اَنَا وَاَشْرَقَ سُلْطَانُ

یا اللہ پاک تیری ہمیشگی نے میری پیدائش پر عام احسانات کئے۔ پس میرا تو کچھ نہیں۔ اور تیری

نُوْرِ وَجْهِكَ فَاضَاءَ هَيْكَلَ بَشَرِيَّتِيْ وَلَا سِوَاكَ

ذات کا نور تجھ پر چمکا پس میری بشریت کے ہیکل کو روشن کر دیا۔ اب تیرے سوا کوئی نظر نہیں

Marfat.com

فَمَادَامَ مِنِّیْ فَبِدَوَامِكَ وَ مَتٰی فَنٰی عَنِّیْ فَبِرُؤْیَتِكَ

اسکا۔ پس میں جب تک رہوں گا تیری بقا کے ساتھ قائم رہوں گا اور جب میں فنا ہوں گا، تو

اِیَّایَ وَاَنْتَ الدَّاءِمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ. اَسْئَلُكَ بِالْاَلِفِ

تیرا دیدار مجھے نصیب ہو اور تو دائم ہے۔ نہیں کوئی معبود تیرے سوا۔ تجھ سے سوال کرتا ہوں،

اِذَا تَقَدَّمَتْ وَ بِالْهَاءِ اِذَا تَاَخَّرَتْ وَ بِالْهَا مِنِّیْ اِذَا

طفیل الف کے جب مقدم کیا جاتا ہے۔ اور طفیل ہا کے جب پیچھے آتی ہے۔ اور ساتھ ہا،

انْقَلَبَتْ لَامًا اَنْ تُفْنِیَنِیْ بِكَ عَنِّیْ حَتّٰی تَلْتَحِقَ

کے مجھ سے جب لام سے بدل جاتی ہے۔ یہ کہ اپنی ذات کے ساتھ مجھے محو کردے۔ یہاں

الصِّفَةُ بِالصِّفَةِ. وَتَقَعَ الرَّابِطَةُ بِالذَّاتِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

تک کہ صفت کے ساتھ صفت مل جائے اور ذات کے ساتھ رابطہ قائم ہو جائے۔ نہیں کوئی معبود

اَنْتَ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَصَلَّی

تیرے سوا اے زندہ اے قائم اے صاحب بزرگی اور اکرام کے اور ہمارے

اللّٰهُ تَعَالٰی وَسَلَّمَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ

سردار محمد علیہ السلام اور ان کی آل اور ان کے اصحاب پر اللہ تعالیٰ کی رحمت اور

وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِیْنَ ۝ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ۝

سلام ہو۔ اور سب تعریفیں اللہ پاک کو لائق ہیں جو عالمین کا پروردگار ہے۔

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَحْدَهٗ ۝

اور سب ستائش اسی ایک کو لائق ہے۔

وظیفہ بروز پنج شنبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

Marfat.com

اَللّٰہُ لَا اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ الٓمّٓ ۚ اَللّٰہُ لَا اِلٰـہَ

اللہ پاک وہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ زندہ دائم ہے اور ہمیشہ قائم۔ اللہ پاک وہ ہے

اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ وَعَنَتِ الْوُجُوْہُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ ۚ

کہ جس کے سوا کوئی معبود نہیں برحق زندہ قائم ہے سب مونہہ زندہ قائم خدا پاک کے آگے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ بِمَا سَئَلَکَ

ذلیل ہوں گے۔ یا اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں یا اللہ یا اللہ یا اللہ وہ کچھ جو تجھ سے سوال

بِہٖ نَبِیُّکَ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَ

کیا تیرے نبی نے جس کا نام پاک محمدؐ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

سَلَّمَ یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ یَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِیْدِ

ہے اے مہربان، اے مہربان اے مہربان اے صاحب عرش بزرگ کے

یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا فَعَّالُ لِمَا یُرِیْدُ ۚ اَسْئَلُکَ

اے پہلی بار پیدا کرنے والے، اے دوسری بار پیدا کرنے والے، اے جو چاہے کرنے والے۔

بِنُوْرِ وَجْھِکَ الَّذِیْ مَلَاَ اَرْکَانَ عَرْشِکَ ، وَ

تیرے ذاتی نور کے طفیل تجھ سے سوال کرتا ہوں، وہ نور جس نے تیرے عرش کے ارکان کو

بِقُدْرَتِکَ الَّتِیْ قَدَرْتَ بِھَا عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِکَ وَ

پُر کر دیا۔ اور تیری قدرت کے طفیل جس کے ساتھ تو تمام مخلوقات پر قادر اور غالب

بِرَحْمَتِکَ الَّتِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ لَا اِلٰـہَ اِلَّا

ہے۔ اور تیری رحمت کے طفیل جو کہ ہر چیز پر واسع اور فراخ ہے۔ نہیں کوئی معبود

اَنْتَ یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ (ثَلَاثًا) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ

برحق تیرے سوا اے فریادرس میرے، میری فریادرسی کر (تین بار کہے) اے اللہ! میں

Marfat.com

أَسْئَلُكَ يَا لَطِيْفُ قَبْلَ كُلِّ لَطِيْفٍ يَا لَطِيْفُ بَعْدَ

تجھ سے سوال کرتا ہوں۔ اے باریک بین ہر ایک باریک بین سے پہلے اور اے مہربان ہر ایک

كُلِّ لَطِيْفٍ يَا لَطِيْفُ (ثَلَاثًا) لَطُفْتَ بِخَلْقِ

مہربان کے بعد یا لطیف (تین بار کہے) تو نے آسمانوں اور

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَسْئَلُكَ يَا رَبِّ كَمَا لَطُفْتَ

زمینوں کی پیدائش میں لطف کیا۔ اے میرے اللہ میں سوال کرتا ہوں مہربانی کا، جیسا کہ

بِیْ فِیْ ظُلُمَاتِ الْاَحْشَاءِ اُلْطُفْ بِیْ

تو نے مجھ پر ماں کے پیٹ کے اندھیروں میں لطف کیا۔ ایسے ہی مجھ پر

فِیْ قَضَائِكَ وَقَدَرِكَ وَفَرِّجْ عَنِّیْ الضِّيْقَ وَلَا تُحَمِّلْنِیْ

اپنی قضاء اور قدر میں مہربانی کر اور مجھ سے تنگی دور کر دے۔ اور جس تکلیف کی

مَا لَا اُطِيْقُ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ

میں طاقت نہیں رکھتا، وہ مجھ پر نہ ڈالیو۔ بحرمت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اللہ تعالےٰ

وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَبِیْ بَكْرِنِ الصِّدِّيْقِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰى

کی رحمت اور سلام ہو ان پر اور ان کی آل پر۔ اور بحرمت ابی بکر صدیق خدائے تعالیٰ اس سے

عَنْهُ يَا لَطِيْفُ يَا لَطِيْفُ يَا لَطِيْفُ اُلْطُفْ بِیْ بِخَفِیِّ

راضی ہو اے مہربان، اے مہربان اے مہربان مجھ پر مہربانی کر ساتھ باریک در باریک

خَفِیِّ خَفِیِّ لُطْفِكَ الْخَفِیِّ الْخَفِیِّ اِنَّكَ قُلْتَ وَ

در باریک لطف اپنے کے جو نہایت مخفی در مخفی در مخفی ہے۔ تو نے فرمایا ہے اور

قَوْلُكَ الْحَقُّ اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ

تیرا فرمان سچ ہے، اللہ مہربان ہے اپنے بندوں پر رزق دیتا ہے، جس کو چاہے۔

Marfat.com

وَهُوَالْقَوِیُّ الْعَزِیْزُہ وَحَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ

اور وہ قوت والا غالب ہے۔ اور ہم کو اللہ پاک کافی ہے اور اچھا کارساز ہے۔

وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَہ

اور سب تعریفیں اللہ کو ہیں جو پروردگار جہانوں کا ہے۔

وظیفہ بروز جمعۃ المبارک

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِہ

اَللّٰھُمَّ اَسْئَلُکَ بِعَظِیْمِ قَدِیْمِ کَرِیْمِ مَکْنُوْنِ مَخْزُوْنِ

یا اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں طفیل بزرگ قدیم صاحب عزت پوشیدہ پاک

اَسْمَآئِکَ وَبِاَنْوَاعِ اَجْنَاسِ رَقُوْمِ نُقُوْشِ اَنْوَارِکَ وَ

ناموں تیرے کے اور طفیل قسموں جنسوں رقموں نقشوں نوروں تیرے کے اور

بِعَزِیْزِ اِعْزَازِ تَعَزُّزِ عِزَّتِکَ وَبِحَوْلِ طَوْلِ جَوْلِ شَدِیْدِ

طفیل عزت والے اعزاز بزرگ عزت تیرے کے۔ اور طفیل طاقت غلبے حملے شدید

قُوَّتِکَ وَبِقَدْرِ مِقْدَارِ اِقْتِدَارِ قُدْرَتِکَ وَبِتَائِیْدِ تَحْمِیْدِ

قوت تیری کے اور طفیل قدر اندازے اقتدار قوت تیری کے اور طفیل تائید تعریف

تَمْجِیْدِ تَعْظِیْمِ عَظْمَتِکَ وَبِسَمُوِّ نَمُوِّ عُلُوِّ رِفْعَتِکَ وَبِقَیُّوْمِ

بزرگی بیان کرنے تعظیم عظمت تیری کے۔ اور طفیل اونچائی بڑھنے بلندی رفعت تیری کے اور

دَیُّمُوْمِ دَوَامِ مُدَّتِکَ وَبِرِضْوَانِ غُفْرَانِ اَمَانِ مَغْفِرَتِکَ

طفیل قائم رکھنے والے ہمیشگی دوام مدت تیری کے اور رضامندی بخشش امان مغفرت

وَبِرَفِیْعِ بَدِیْعِ مَنِیْعِ سُلْطَانِکَ وَسَطْوَتِکَ وَبِرَھْبُوْتِ

تیری کے اور طفیل بلند عجائب پختہ حکومت اور غلبے تیرے کے۔ اور طفیل دبدبے

Marfat.com

عَظْمُوْتِ جَبْرُوْتِ جَلَالِكَ وَبِصَلَاةِ سُعَاةِ سِعَةِ بِسَاطِ

عظمت تجبر جلال تیرے کے اور طفیل رحمت پاک فراخی فرش رحمت

رَحْمَتِكَ وَبِلَوَامِعِ بَوَارِقِ صَوَاعِقِ عَجِيْجِ هَجِيْجِ

تیری کے اور طفیل چمکنے والے روشن بجلیوں گرج اور صاف خوش نما

رَهِيْجِ وَهِيْجِ بَهِيْجِ نُوْرِ ذَاتِكَ وَبِبَهْرِ قَهْرِ جَهْرِ

روشن نور ذات تیری کے اور طفیل روشن غلبے ظاہر

مَيْمُوْنِ اِرْتِبَاطِ وَاحِدَانِيَّتِكَ وَبِهَدِيْرِ هَتَّارِ تَبَّارِ نَبَّارِ

مبارک رابطے توحید تیری کے. اور طفیل برحق زور آور جوشن زن موجوں

اَمْوَاجِ بَحْرِكَ الْمُحِيْطِ بِمَلَكُوْتِكَ وَبِاِتِّسَاعِ اِنْفِسَاحِ

دریا تیرے کے جو تیری بادشاہی کا محیط ہے اور طفیل فراخی فراخ میدانوں

مَيَادِيْنِ بَرَارِخِ كُرْسِيِّكَ وَبِهَيْكَلِيَّاتِ عُلْوِيَّاتِ

حدود کرسی تیری کے اور طفیل پاک مقامات بلند روحانیات

رُوْحَانِيَّةِ اَمْلَاكِ اَفْلَاكِ عَرْشِكَ وَبِاَمْلَاكِ

ملکوں افلاک عرش تیرے کے اور طفیل فرشتوں

الرُّوْحَانِيِّيْنَ الْمُدَبِّرِيْنَ لِلْكَوَاكِبِ الْمُدِيْرَةِ

روحانیوں کواکب کی تدبیر کرنے والے تیرے آسمانوں کے

بِاَفْلَاكِكَ وَبِحَنِيْنِ اَنِيْنِ تَسْكِيْنِ قُلُوْبِ الْمُرِيْدِيْنَ

کارخانہ داروں کے. اور طفیل گریہ زاری تسکین دلوں تیرے قرب کے خواہشمندوں کی

لِقُرْبِكَ وَبِخَضَعَاتِ خَرَقَاتِ زَفَرَاتِ الْخَآئِفِيْنَ

اور طفیل عاجزیوں سوزشوں مناجات آہ وزاری تیری ہیبت سے

Marfat.com

مِنْ سَطْوَتِكَ وَ بِاٰمَالِ نَوَالِ اَقْوَالِ الْمُجْتَهِدِيْنَ فِيْ
ڈرنے والوں کے اور طفیل بخشش کے امیدوں تیری رضامندی میں کوشش
فِيْ مَرْضَاتِكَ وَ بِتَخْضِيْعِ تَفْظِيْعِ تَعْظِيْمِ مَرَاٰبِرِ
کرنے والوں کے۔ اور طفیل عجز و نیاز بھاری تکلیف کے تنگی تلخیوں صابر
الصَّابِرِيْنَ عَلٰى بَلْوَائِكَ وَ بِتَعَبُّدِ تَمَجُّدِ تَجَلُّدِ الْعَابِدِيْنَ
لوگوں کے تیری بلاؤں پر۔ اور طفیل بندگی بزرگی بہادری عابد لوگوں
عَلٰى اِطَاعَتِكَ يَا اَوَّلُ يَا اٰخِرُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ يَا قَدِيْمُ
کے تیری اطاعت پر اے اوّل اے آخر اے ظاہر اے باطن اے قدیم
يَا مُقِيْمُ يَا قَوِيُّ اِطْمِسْ بِطِلِسْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ
اے مقیم اے قائم رہنے والے محو کردے برکت طلسم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے
الرَّحِيْمِ شَرَّ سُوَيْدَاءِ قُلُوْبِ اَعْدَآئِنَا وَاَعْدَآئِكَ
شر سیاہی دلوں دشمنوں دلوں ہمارے اور اپنے دشمنوں کے
وَدُقَّ اَعْنَاقَ رُءُوْسِ الظَّلَمَةِ بِسُيُوْفِ نَشَاتِ قَهْرِكَ
اور اپنے قہر و غلبہ کی تیز تلواروں سے ظالموں کے سروں سے گردنیں کاٹ دے۔
وَ سَطْوَتِكَ وَاحْجُبْنَا بِحُجُبِكَ الْكَثِيْفَةِ بِحَوْلِكَ وَ
اور ہم کو اپنے محکم پردوں میں طفیل اپنی طاقت اور
قُوَّتِكَ وَقُدْرَتِكَ عَنْ لَحْظَاتِ لَمَحَاتِ اَبْصَارِهِمْ
قوت اور قدرت کے ان کی آنکھوں کے بدنظروں کے چمکاروں سے ڈھانپ
الضَّعِيْفَةِ بِعِزَّتِكَ وَقُدْرَتِكَ وَسَطْوَتِكَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ
لے اپنی عزت اور قدرت اور غلبے کے ساتھ اے اللہ پاک، اے اللہ پاک،

Marfat.com

يَا اَللّٰهُ وَصُبَّ عَلَيْنَا مِنْ اَنَابِيْبِ مَيَازِيْبِ التَّوْفِيْقِ

اے اللہ پاک اور ہم پر توفیق کے فواروں کے نلکوں کے

فِيْ رَوْضَاتِ السَّعَادَاتِ اٰنَاءَ لَيْلِكَ وَاَطْرَافَ نَهَارِكَ

نیک بختوں کے باغوں میں رات دن

وَاغْمِسْنَا فِيْ اَحْوَاضِ سَوَاقِيْ مَسَاقِيْ بِرِّ بِرِّكَ وَ

اور ہم کو اپنی نکوئی و احسان کے جاری و سیراب حوضوں میں نہلا۔

رَحْمَتِكَ وَقَيِّدْنَا بِقُيُوْدِ السَّلَامَةِ عَنِ الْوُقُوْعِ فِيْ

اور ہم کو گناہوں سے بچنے کی قیدوں میں رکھ۔

مَعْصِيَتِكَ يَا اَوَّلُ يَا اٰخِرُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ يَا قَدِيْمُ

اے اوّل اے آخر اے ظاہر اے باطن اے قدیم

يَا قَوِيُّ يَا مُقِيْمُ يَا مَوْلَايَ يَا قَادِرُ يَا مَوْلَايَ

اے قائم اے مقیم اے میرے مولیٰ اے قادر اے میرے مولا

يَا غَافِرُ يَا لَطِيْفُ يَا خَبِيْرُ اَللّٰهُمَّ ذَهَلَتِ الْعُقُوْلُ

اے گناہ بخشنے والے اے لطف کرنے والے اے خبر رکھنے والے۔ اے اللہ! عقل جاتی رہی۔

وَانْحَصَرَتِ الْاَبْصَارُ وَحَارَتِ الْاَوْهَامُ وَضَاقَتِ

اور آنکھیں تھک گئیں۔ اور وہم حیران ہو گئی اور فہم تنگ

الْاَفْهَامُ وَبَعُدَتِ الْخَوَاطِرُ وَقَصُرَتِ الظُّنُوْنُ

ہو گئی اور دل کی باتیں دور جا پڑیں اور ظن کم ہمت ہو گئی

عَنْ اِدْرَاكِ كُنْهِ كَيْفِيَّةِ ذَاتِكَ وَمَا ظَهَرَ مِنْ بَوَادِيْ

تیری ذات کی کنہ کی کیفیت معلوم کرنے سے اور تیرے قسم قسم کے عجائبات کے

Marfat.com

عَجَائِبِ اَنْوَاعِ قُدْرَتِكَ دُوْنَ الْبُلُوْغِ اِلٰى تَلَأْلُؤِ لَمَعَاتِ

جنگلوں سے کچھ ظاہر نہ ہوا سوائے چمکنے چمکار روشنیوں

لَمَحَاتِ بُرُوْقِ شُرُوْقِ اَسْمَآئِكَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَوَّلُ يَا

چمک دمک ناموں تیرے کے اے اللہ اے اللہ اے اول اے

اٰخِرُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ يَا قَدِيْمُ يَا قَوِيُّ يَا مُقِيْمُ يَا نُوْرُ

آخر اے ظاہر اے باطن اے قدیم اے پختہ کار اے مقیم اے نور

يَا هَادِيُ يَا بَدِيْعُ يَا بَاقِيُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ لَآ اِلٰهَ

اے ہادی اے پیدا کرنے والے اے باقی اے صاحب جلال اور عظمت انعام عام کے۔ تیرے

اِلَّآ اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ نَسْتَغِيْثُ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ

سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ ہم تیری رحمت کے ساتھ فریاد کرتے ہیں۔ اے فریاد

اَغِثْنَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ اِرْحَمْنَاهُ اَللّٰهُمَّ

کرنے والوں کے فریاد رس، ہماری فریاد سن۔ تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں۔ اپنی رحمت

مُحَرِّكَ الْحَرَكَاتِ وَ مُبْدِئَ نِهَايَاتِ

کے طفیل ہم پر رحمت کر۔ اے اللہ! تحریک دینے والے تمام حرکات کے، تمام مقاصد

الْغَايَاتِ وَ مُخْرِجَ يَنَابِيْعِ قَضْبَانِ قَصَبَاتِ

کے انتہا کو شروع کرنے والے۔ اور چشمے زمین سے نکالنے والے، بوٹیوں کی شاخیں

النَّبَاتَاتِ وَ مُشَقِّقَ صُمِّ جَلَامِيْدِ الصَّخُوْرِ الرَّاسِيَاتِ

اُگانے والے اور اے ٹھوس اور سخت پتھروں اور محکم پہاڑوں کے پھاڑنے والے

وَالْمُنْبِعُ مِنْهَا مَآءً مُّعِيْنًا لِلْمَخْلُوْقَاتِ وَالْمُحْيِ بِهٖ

اور ان میں سے مخلوقات کے لیے میٹھے پانی کے چشمے نکالنے والے اور اس پانی سے

Marfat.com

سَائِرَ الْحَيَوَانَاتِ وَالنَّبَاتَاتِ وَالْعَالِمُ بِمَا اخْتَلَجَ

تمام جانداروں اور بوٹیوں کے زندہ کرنے والے اور لے لوگوں کے سینوں کے

فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ اَسْرَارِهِمْ وَاَفْكَارِهِمْ وَفَلَقِ

بھیدوں اور فکروں کو جاننے والے اور باریک رمز و اشارے

رَمْزِ نُطُقِ اِشَارَاتِ خَفِيَّاتِ لُغَاتِ النَّمْلِ السَّارِحَاتِ

زمین پر چلنے والی چیونٹیوں کی لغتوں اور بولیوں کو سمجھنے والے

يَا مَنْ سَبَّحَتْ وَقَدَّسَتْ وَعَظَّمَتْ وَكَبَّرَتْ وَ

وہ پاک ذات کہ تیری تسبیحیں بیان کیں اور مجھے پاکی سے یاد کیا اور تیری عظمت بیان کی۔ اور

مَجَّدَتْ لِجَلَالِ جَمَالِ كَمَالِ اَقْدَامِ اَقْوَالِ اَعْظَامِ

تجھے بڑائی سے یاد کیا اور تیری بزرگی بیان کی ساتھ بزرگی خوبصورتی کمال پسندیدہ اقوال بڑے

عِزَّةِ جَبَرُوْتِ مَلَائِكَ سَبْعِ سَمٰوٰتِكَ اِجْعَلْنَا فِيْ

بڑے کے، جو تیری عزت اور جبروت کے لائق ہیں، سات آسمانوں کے فرشتوں نے

هٰذَا الْعَامِ وَفِيْ هٰذَا الشَّهْرِ وَفِيْ هٰذِهِ الْجُمُعَةِ وَفِيْ هٰذَا

کہا۔ ہم کو اس سال اس مہینے اور اس جمعہ اور اس

الْيَوْمِ وَفِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ وَفِيْ هٰذَا الْوَقْتِ الْمُبَارَكِ

دن اور اس ساعت اور اس وقت مبارک میں

مِمَّنْ دَعَاكَ فَاَجَبْتَهٗ وَسَئَلَكَ فَاَعْطَيْتَهٗ وَ

ان لوگوں سے جن کی تو دعا قبول کرتا ہے اور جو سوال کریں، تو تو عطا کرتا ہے۔ اور

تَضَرَّعَ اِلَيْكَ فَرَحِمْتَهٗ وَاِلٰى دَارِكَ دَارِ السَّلَامِ

ان کی عاجزی پر رحم کرتا ہے اور اپنی سلامتی کے گھر میں ان کو

Marfat.com

أَدْنَيْتَهُ بِفَضْلِكَ يَا جَوَّادُ يَا جَوَّادُ يَا جَوَّادُ جُدْ عَلَيْنَا

پہنچاتا ہے اپنے فضل سے اے سخی اے سخی اے سخی ہم پر سخاوت کر

وَعَامِلْنَا بِمَا أَنْتَ أَهْلُهُ وَلَا تُقَابِلْنَا بِمَا نَحْنُ أَهْلُهُ

اور ہمارے ساتھ وہ معاملہ کر جس کے تو لائق ہے اور اس بات کی ہم پر گرفت نہ کر،

إِنَّكَ أَهْلُ التَّقْوٰى وَأَهْلُ الْمَغْفِرَةِ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝

جس کے ہم لائق ہیں تو ہی پرہیزگاری اور بخشش کے لائق ہے اے تمام مہربانوں سے زیادہ

يَا اللّٰهُ يَا أَللّٰهُ يَا اللّٰهُ يَا أَوَّلُ يَا آخِرُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ

مہربان۔ اے اللہ اے اللہ اے اللہ اے اول اے آخر اے ظاہر اے باطن

يَا قَدِيْمُ يَا قَوِيُّ يَا مُقِيْمُ يَا نُوْرُ يَا هَادِيْ يَا بَدِيْعُ

اے قدیم اے قائم اے مقیم اے نور اے ہادی اے بدیع

يَا بَاقِيْ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ

اے باقی اے صاحب جلال اور عظمت تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں ہے۔

بِرَحْمَتِكَ نَسْتَغِيْثُ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ أَغِثْنَا لَا إِلٰهَ

ہم تیری رحمت کے ساتھ فریاد کرتے ہیں اے فریاد کرنے والوں کی فریاد سننے والے ہم فریاد سن۔

إِلَّا أَنْتَ وَبِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝ نَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ

تیرے سوا کوئی لائق بندگی کے نہیں اور ساتھ رحمت تیری کے اے سب سے زیادہ رحمت کرنے والے

أَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَتُسَلِّمَ

رحمت کرنے والوں سے۔ ہم سوال کرتے ہیں یا اللہ یہ کہ رحمت بھیجے ہمارے سردار محمدؐ

وَأَنْ تَقْضِيَ حَوَائِجَنَا يَا اللّٰهُ يَا اللّٰهُ يَا اللّٰهُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

اور اس کی آل اور اس کے اصحاب پر اور سلام بھیجے تو۔ اور یہ کہ ہماری حاجتیں پوری کر

اے اللہ اے اللہ اے اللہ اور سب تعریفیں اللہ جہانوں کے پروردگار کو لائق ہیں۔

Marfat.com

وظیفہ بروز شنبہ یعنی ہفتہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ یَا مَنْ نِعَمُہٗ لَا تُحْصٰی وَاَمْرُہٗ لَا یُعْصٰی وَنُوْرُہٗ

اے اللہ! وہ ذات کہ تیری نعمتیں کوئی گن نہیں سکتا اور تیرے امر کو کوئی نافرمانی نہیں کر

لَا یُطْفٰی وَلُطْفُہٗ لَا یَخْفٰی یَا مَنْ فَلَقَ الْبَحْرَ لِمُوْسٰی وَاَحْیَ

سکتا۔ اور تیرا نور بجھ نہیں سکتا۔ اور تیرا لطف پوشیدہ نہیں رہ سکتا۔ اے وہ ذات کہ تو نے حضرت

الْمَیِّتَ لِعِیْسٰی وَجَعَلَ النَّارَ بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ

موسیٰ کے لئے دریا میں راستہ کر دیا۔ اور حضرت عیسیٰ کے لئے مردے زندہ کر دیئے اور حضرت

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

ابراہیم کے آگ کو سرد اور سلامت کر دیا، رحمت نازل کر ہمارے سردار محمد اور اس

اجْعَلْ لِّیْ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا ھ اَللّٰھُمَّ

آل پر اور کر ہمارے لئے اپنے امر کو خوشی اور سلامتی کا باعث بنا۔ یا اللہ

بِتَلَاْلُؤِ نُوْرِ بَھَآءِ حُجُبِ عَرْشِکَ مِنْ اَعْدَائِیْ

طفیل چمکار نور پردوں عرش تیرے کے میں اپنے دشمنوں سے پردہ

اِحْتَجَبْتُ وَبِسَطْوَۃِ الْجَبَرُوْتِ مِمَّنْ یَّکِیْدُنِیْ تَحَصَّنْتُ

مانگتا ہوں اور طفیل غلبے جلالیت کے۔ جو مجھ سے فریب کرے، اس سے قلعہ گیر

وَبِحَوْلِ طَوْلِ جَوْلِ شَدِیْدِ قُوَّتِکَ مِنْ کُلِّ سُلْطَانٍ

ہوتا ہوں۔ اور ساتھ برکت لطافت غلبے حملے شدید قوت تیری کے ہر ایک بادشاہ سے

تَحَصَّنْتُ وَبِدَیْمُوْمِ قَیُّوْمِ دَوَامِ اَبَدِیَّتِکَ مِنْ کُلِّ

قلعہ گیر ہوتا ہوں اور ساتھ برکت اور ہمیشگی قائم رہنے والے دوام ابدیت تیری

Marfat.com

شَيْطَانٍ اِسْتَعَذْتُ وَبِمَكْنُوْنِ السِّرِّ مِنْ سِرِّ سِرِّكَ مِنْ

کے ہر ایک شیطان سے میں نے پناہ مانگی اور ساتھ برکت پوشیدہ بھید سرّی کے

كُلِّ هَامَّةٍ تَخَلَّصْتُ وَتَحَصَّنْتُ يَا حَامِلَ الْعَرْشِ

میں ہر ایک شیطان سے خلاص اور قلعہ گیر ہوا۔ اے عرش کے اٹھانے والے

عَنْ حَمَلَةِ الْعَرْشِ يَا حَابِسَ الْوَحْشِ يَا شَدِيْدَ الْبَطْشِ

حاملان عرش سے اے بند کرنے والے وحشت کے اے شدید حملے

عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْكَ اَنَبْتُ اِحْبِسْ عَنِّيْ مَنْ

والے تجھ پر میں نے توکل کی اور تیری طرف میں رجوع لایا۔ مجھ سے ظالموں کو

ظَلَمَنِيْ وَاَغْلِبْ مَنْ غَلَبَنِيْ كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا

بند کر اور جو مجھ پر غالب ہے اس پر تو اللہ نے لکھ دیا، البتہ میں ضرور

وَرُسُلِيْ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ

غالب ہوں گا اور میرے رسول غالب ہوں گے تحقیق اللہ قوت والا غالب ہے۔ اللہ بڑا ہے۔ اللہ

اَللّٰهُ اَكْبَرُ، وَاَعَزُّ مِنْ خَلْقِهٖ جَمِيْعًا وَاللّٰهُ اَعَزُّ مِمَّنْ اَخَافُ

بڑا ہے، اللہ بڑا ہے اور اپنی تمام خلقت سے بڑی عزت والا ہے۔ اور بڑا غالب

وَاَحْذَرُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۝

ہے اس سے، جس میں خوف کرتا ہوں اور ڈرتا ہوں۔ پناہ مانگتا ہوں ساتھ اللہ کے جس

يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ السَّبْعَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ

کے سوا کوئی معبود نہیں۔ جس نے سات آسمانوں کو زمین پر گرنے سے روکا ہوا ہے۔

مِنْ شَرِّ عَبْدِكَ فُلَانٍ وَّجُنُوْدِهٖ وَاَتْبَاعِهٖ وَ

مگر اس کے اذن سے شر بندے فلانے تیرے سے اور اس کے لشکروں اور تابعداروں

Marfat.com

اَشْيَاعِهٖ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَللّٰهُمَّ كُنْ لِّيْ جَارًا

فریاد برداروں جنوں اور آدمیوں سے اے اللہ! تو میرا پڑوسی بن جا

مِنْ شَرِّهِمْ جَمِيْعًا ۫ جَلَّ ثَنَآؤُكَ وَعَزَّ جَارُكَ وَتَبَارَكَ

ان تمام کے شر سے تیری صفت بزرگ اور تیرا پڑوسی عزت والا ہے اور

اسْمُكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ تَفْعَلُ مَا تَشَآءُ وَاَنْتَ عَلٰى

تیرا نام برکت والا اور تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں ہے۔ تو جو چاہے کر سکتا ہے اور تو

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۫ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۫

ہر ایک چیز پر قادر ہے۔ اور سب تعریف اللہ پروردگار جہانوں کے لائق ہے۔

دُعائے ماثورہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۫

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً

وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۫ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ

اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۫ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا

اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ

عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ

الْكٰفِرِيْنَ ۫ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ

لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۫ رَبَّنَآ اِنَّنَا

اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۫ رَبَّنَا

اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَ اِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا

Marfat.com

عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا
سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ۝ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى
رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۝ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝ رَبَّنَا
اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَ
اٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝
رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ
مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ
رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ۝ رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ
يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ۝

ہرکس کہ بعد ہر نماز ایں آیات شریفہ بخواند و بعد از خواندن بالتجا دلی دعا کند انشاءاللہ تعالیٰ مقبول خواہد شد۔

ھٰذِہٖ تَرْکِیْبُ النَّوَافِلِ مَعَ الْاَدْعِیَۃِ

دُعائے شکر اللہ

بعد از فاتحہ شریفہ در اول رکعت آیت الکرسی تا خٰلِدُوْنَ ۝ بہ ترکیب نوافل اور ادعیات کی ہے۔ نوافل اشراق کے بارہ رکعتیں ہیں۔ و در ثانی رکعت از اٰمَنَ الرَّسُوْلُ تا تمام سورہ شریفہ اور آیت اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ تا عَلِيْمٌ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَصْبَحْتُ لَكَ لَآ اَسْتَطِيْعُ دَفْعَ مَا اَكْرَهُ وَمَا اَمْلِكُ

اے اللہ! تحقیق صبح کی میں نے واسطے تیرے، نہیں طاقت رکھتا میں رد کرنا اس چیز کا کہ بُرا جانوں

Marfat.com

نَفْعَ مَا اَرْجُوْ مِنْ رَّحْمَتِكَ. اَصْبَحْتُ مُرْتَهِنًا بِعَمَلِیْ وَ
ہیں اور نہیں قدرت رکھتا ہوں میں فائدہ لینے کے اس چیز سے جو امید رکھتا ہوں تیری
اَصْبَحَ اَمْرِیْ بِیَدِ غَیْرِیْ فَلَا فَقِیْرٌ اَفْقَرُ مِنِّیْ
رحمت سے صبح کی میں نے گروی پڑے ہوئے اپنے عمل میں۔ اور صبح کی میرے کام نے
لَا تُشْمِتْ بِیْ عَدُوِّیْ وَلَا تَسُؤْلِیْ صَدِیْقِیْ وَلَا تَجْعَلْ
غیر کے قبضے میں۔ پس نہیں کوئی فقیر بہت محتاج میرے سے۔ نہ خوش کر تو میرے دشمنوں
مُصِیْبَتِیْ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَلَا فِی الْاٰخِرَةِ وَلَا تَجْعَلِ
کو اور نہ تکلیف دے میرے دوستوں کو، اور نہ کر مصیبت میرے دین اور میری دنیا
الدُّنْیَا اَکْبَرَ هَمِّیْ وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِیْ وَلَا تُسَلِّطْ
میں اور نہ آخرت میں۔ اور نہ کر تو دنیا کو بڑا بھاری مقصود میرا۔ اور نہ جگہ پہنچے علم
عَلَیَّ مَنْ لَّا یَرْحَمُنِیْ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ
کا میرے کا اور نہ غالب کر دے مجھ پر وہ شخص جو مجھ پر رحم نہ کرے دنیا اور آخرت میں۔
اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الذُّنُوْبِ الَّتِیْ تُزِیْلُ بِهَا النِّعَمَ وَمِنَ
اے اللہ! میں تحقیق پناہ مانگتا ہوں گناہوں سے وہ گناہ کہ دور کر دے تو بہ سبب ان کے
الذُّنُوْبِ الَّتِیْ تُوْجِبُ بِهَا النَّقِمَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ
نعمتوں کو اور ایسے گناہوں سے جو واجب کر دے بہ سبب ان کے عذاب کو ساتھ

الرَّاحِمِیْنَ ۝

اپنی رحمت کے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

دعائے استعاذہ

در اول رکعت سورہ فلق شریف و در دوم رکعت سورہ ناس شریف یکبار بخواند۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ بِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ بِكَلِمَاتِكَ التَّامَّةِ

اے ! رخدایا تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے، ساتھ تیرے بزرگ نام کے اور ساتھ کلموں

مِنْ شَرِّ السَّامَّةِ وَالْهَامَّةِ وَاَعُوْذُ بِاَسْمِكَ الْاَعْظَمِ وَكَلِمَاتِكَ

تیرے کاملہ کے شرارت خزندوں اور گزندوں سے اور میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے بذریعہ نام

التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ عِبَادِكَ وَمِنْ شَرِّ عَذَابِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ بِاسْمِكَ

بزرگ تیرے کے اور کلمات کاملہ تیرے کے شرارت تیرے بندوں سے اور شرارت عذاب تیرے

الْاَعْظَمِ وَكَلِمَاتِكَ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ مَّرِيْدٍ

سے۔ اور پناہ مانگتا ہوں میں ساتھ تیرے بذریعہ اسم بزرگ تیرے کے۔ اور کلمات کاملہ تیرے کے،

وَّمِنْ شَرِّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ وَّاَعُوْذُ بِكَ بِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ

شرارت ہر شیطان اور راندہ سے اور شرارت ہر سرکش عداوتی سے۔ اور پناہ مانگتا ہوں میں ساتھ

وَكَلِمٰتِكَ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ كُلِّ مَا يَجْرِیْ بِهِ اللَّيْلُ

تیرے بذریعہ نام بزرگ تیرے کے اور کلمات کاملہ تیرے کے شرارت اس چیز سے جو چلتے ہیں،

وَالنَّهَارُ اِنَّ رَبِّیَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ

اس کو رات اور دن۔ تحقیق میرا پروردگار اللہ ہے۔ وہ اللہ کہ جو نہیں کوئی معبود اس کے سوا۔ اس

وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ؕ اِنَّكَ سَلَّطْتَ عَلَيْنَا عَدُوًّا

پر توکل کی میں نے وہی پروردگار عرش بزرگ کا۔ اے اللہ! تحقیق تو نے غالب کیا ہم پر ایسے

بَصِيْرًا يَّرَانَا بِعُيُوْبِنَا هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا نَرَاهُمْ

دشمن کو دیکھنے والا کہ دیکھتا ہے ہمارے عیبوں کو وہ اور اس کا قبیلہ اس مکان سے کہ نہیں

اَللّٰهُمَّ فَاٰيِسْهُ مِنَّا كَمَا اٰيَسْتَهٗ مِنْ رَّحْمَتِكَ وَ

دیکھتے ہم ان۔ اللہ! پس ناامید کر دے اس کو ہم سے جیسا کہ ناامید کیا تو نے اس کو

Marfat.com

فَنَجِّلْهُ مِنَّا كَمَا قَنَّطْتَهُ مِنْ عَفْوِكَ وَأَبْعِدْ بَيْنَنَا

اپنی رحمت سے۔ اور نا امید کر دے اس کو ہم سے جیسا کہ نا امید کیا تو نے اس کو اپنی بخشش

وَبَيْنَهُ كَمَا أَبْعَدْتَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ جَنَّتِكَ إِنَّكَ

سے۔ اور دوری ڈال دے درمیان ہمارے اور درمیان اس کے جیسا کہ دوری ڈالی تو نے اس

عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ وَبِالْإِجَابَةِ جَدِيرٌ ۝ وَلَا

کے اور اپنی جنت کے درمیان تحقیق تو ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔ اور ساتھ دعاؤں کے قبول

حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ ۝

کرنے کے لائق ہے۔ اور پھرا نگتا ہوں اور نہ طاقت بندگی کی مگر ساتھ اللہ بلند بزرگ کے۔

دُعائے استخارہ

دراوّل رکعت سورہ کافرون شریف دردوم رکعت سورہ اخلاص شریف بخواند یک بار۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو بخشنے والا ہے مہربان

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْتَخِيرُكَ بِعِلْمِكَ وَأَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ

معشوق کا قاعدہ ہے کہ جب تک عاشق کو ظلم اور ستم کے ذریعے آزمانے۔ تب تک اُسے اپنے وصال سے بہرہ ور نہیں کرتا۔ پس جس قدر وہ امتحان میں کامیاب نکلتا ہے۔ اسی قدر اُسے معشوق وصال سے بہرہ اندوز کرتا ہے۔ اور جس قدر وہ ناقص نکلتا ہے۔ اس سے محنت و مشقت کرواتا ہے۔ تاکہ وہ اس کے وصال کے قابل ہو جائے شیطان سے کسی نے پوچھا کہ تو کیوں لوگوں کو بہکاتا ہے۔ اُس نے کہا میری کیا مجال ہے۔ کہ ہر ایک آدمی کو بہکا سکوں۔ ہاں اتنی بات ضرور ہے۔ کہ میں مرد اور عورتوں کی کسوٹی ہوں یعنی جو میرا کہا مانتا ہے وہ مرد نہیں بلکہ عورت ہے۔ اور جو مرد ہے وہ میرا کہا نہیں مانتا۔ اگرچہ خدا تک پہنچنے کے بہت سے راستے ہیں۔ مگر اُن تمام راستوں کا مآل یہ تین راستے ہیں عامہ مومنین کا راستہ یعنے کثرت سے نماز پڑھنا۔ روزہ۔ قرآن مجید کی تلاوت اور حج وغیرہ جو ظاہر سے تعلق رکھتا ہے۔ ابرار کا راستہ اور وہ تبدیل اخلاق تزکیۂ نفس تصفیہ دل وغیرہ ہے جو باطن سے تعلق رکھتے ہیں مقربوں کا راستہ۔ یہ لوگ عشق الٰہی کے جذبہ کے پروں سے عالم قرب کی ہوا میں اُڑتے رہتے ہیں۔ اس راستہ میں ایک لمحہ میں جو چیز حاصل ہوتی ہے۔ وہ دوسرے راستوں میں کئی سالوں میں حاصل نہیں ہوتے۔

عشق را پانصد پرست و ہر پرے از فراز عرش تا تحت الثرائے
سیر عاشق ہر دمے تا تخت شاہ سیر زاہد ہر دمے یک روزہ راہ

حکایت:۔ سلطان محمود کا غلام ایاز چند دن بیمار ہوا سلطان محمود نے اپنے ایک غلام کو کہا جلدی ایاز کی خبر لاؤ کیونکہ میری جان بیتاب ہے۔ اور دل اُس کے عشق کی آگ سے کباب راستہ میں کسی جگہ نہ ٹھہرنا غلام بہت جلد ایاز کے پاس

Marfat.com

پہنچا، اور دیکھا کہ سلطان محمود ایاز کے پاس بیٹھا ہے۔ ہکا بکا رہ گیا۔

سُلطان محمود کے آگے آداب شہانہ بجا لاکر عرض کیا کہ مجھ کو آپ نے جس کام کیلئے روانہ کیا ہے، اس میں میں نے کوئی کوتاہی نہیں کی میں حیران ہوں کہ آپ مجھ سے پہلے کس راستے یہاں پہنچے ہیں۔ سلطان محمود نے کہا تو اِس راز سے واقف نہیں ہے میں جس راستہ سے آیا ہوں اُسے عشق کا راستہ کہتے ہیں، وہ ایسا راستہ ہے کہ اگر میں مشرق یا مغرب میں تو اس راستہ سے ایاز کی خبر لے سکتا ہوں

من راہ ز دیدہ دارم سوئے او　　زانکہ نہ شکیبم دمے بے روئے او

ہر زمان زاں بد درہ ایم نہاں　　تا خبر نبود کسے را در جہاں

غلبہ عشق کے سبب عاشق بارگراں کے اٹھانے کا متحمل ہوتا ہے، اور اُسے زمین و آسمان کی طاقت حاصل ہوتی ہے۔ روایت ہے۔ کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام آگ میں ڈالے جانے لگے۔ تو حضرت جبرائیل آئے اور کہا اے ابراہیم علیہ السلام کوئی حاجت رکھتے ہو آپ نے کہا ہاں خدا سے حاجت رکھتا ہوں۔ جبرائیل نے کہا اس سے حاجت مانگئے آپ نے فرمایا وہ اوج وعظمت وجلال سے دیکھ رہا ہے اور میں نے اُس کی رضامندی کے آگے سر تسلیم جھکا دیا ہے، وہ حاکم ہے۔ جو کرے اس کو جانتا ہے پھر خدا تعالیٰ نے آگ کو کہا اے آگ جیسے ابراہیمؑ اپنے طبعی اقتضاد سے نکل گیا ہے تو بھی اپنے طبعی اقتضاء سے نکل اور اُسے نہ جلانا، ابراہیم علیہ السلام کو آگ سے خدا کے اس خطاب سے رشک آیا اور روئے اور کہا وَاللّٰہِ لَوْعَذَّبْتَنِیْ بِنَارِ الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ ثُمَّ نَادَیْتَنِیْ اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ نَعِیْمِ الدُّنْیَا۔ یعنی تمہاری ذات کی قسم اگر تو مجھے زمین و آسمان کی آگ سے عذاب دے پھر مجھے بلائے تو تمہارا بلانا مجھے دنیا کی تمام نعمتوں سے زیادہ پسند ہے، میں تمہاری محبت میں ہر قسم کی تکلیفیں اٹھانے پر خوش ہوں، اور تم آگ سے باتیں کرتے ہو، اور مجھ سے نہیں کرتے۔ خدا تعالیٰ نے فرمایا میں نے

Marfat.com

محض تمہاری خاطر آگ سے بات کی ہے۔ اور تمہاری وجہ سے اُسے یہ مرتبہ نصیب ہوا ہے
عاشق کو جب کوئی سخت مصیبت پہنچتی ہے۔ تو صبر کرتا ہے۔ اور کہتا ہے فَرِحْنَا بِالْبَلَا بَا كَمَا
يَفْرَحُ اَهْلُ الدُّنْيَا بِالنَّعْمَاءِ۔ یعنے ہم مصیبت سے اس طرح خوش ہوئے۔ جس طرح دنیا دار
لوگ دنیا کی نعمتوں سے خوش ہوتے ہیں۔ عارف کہتے ہیں۔ حقیقی ایمان خدا تعالیٰ کی
محبت ہے

اصل ایمان محبت است درجان ۔۔۔ نے رکوع و سجود دنے ایقان

جس قدر حقیقی ایمان بڑھتا ہے۔ اوسیقدر تقلیدی ایمان کی حقیقت معلوم ہوتی ہے۔

شعر

یارب دل دردمند ما لائم بخش ۔۔۔ ہم جان نگار و چشم گریانم بخش
صد قحبہ صفت آمدم بہ صدق و اخلاص ۔۔۔ از چاشنیٔ خود ایمانم بخش

خواجہ حضرت شاہ نقشبند رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ جب تک سالک کا ذرہ
بھر وجود باقی ہے تب تک اس کا عمل اُسے فائدہ نہیں دیتا۔

شعر

تا کہ تو دم میزنی ہمدم نہ ۔۔۔ تا کہ موئی ماندہ محرم نہ

عشق کے حاصل ہونے سے پہلے سالک موت سے ڈرتا ہے۔ اور اُسے موت کا
خیال آتا ہے۔ تو کانپتا ہے

مرگ گرچہ بس درشت و ظالم است
گردنش را نرم کردن لازم است

موت کی گردن کے یہ معنے ہیں کہ بحکم آیۃ مُوْتُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا۔

Marfat.com

قہر غضب ۔ غصہ ۔ شہوت ۔ اور حرص وغیرہ بُری صفتوں کو چھوڑ کر خدا تعالیٰ کی صفتوں سے ۔ جو صبر حلم ۔ رحم ۔ عفو ۔ ستر ۔ عیوب ۔ وغیرہ ہیں متصف ہو پس جب سالک اس قدر مقام پر پہنچتا ہے ۔ موت سے نہیں ڈرتا ۔

حکایت :۔ ایک بادشاہ ہر روز سات سو قسم کے لباس میں سے ایک لباس میں سے ایک لباس منتخب کر کے پہنتا تھا اور سات سو گھوڑوں میں سے ایک گھوڑا منتخب کر کے اس پر سوار ہو کر ارکان سلطنت کے ساتھ نکلتا تھا ایک دن وہ بادشاہ بن ٹھن اور کرّ و فر میں چلا جا رہا تھا ۔ کہ ایک درویش اُسے دکھائی دیا جو اسکی طرف آ رہا تھا ۔ اور اس کی بادشاہی کا اُسے خیال تک نہ تھا بادشاہ یہ دیکھ کر آتش در بغل ہو گیا ۔ اور کہنے لگا تو کون ہے اور کیوں ایسا گستاخ ہے ۔ اس نے کہا میں عزرائیل ہوں اور تمہاری روح قبض کرنے کے لئے آیا ہوں ۔ اس وقت بادشاہ کے بدن میں لرزہ پڑ گیا ۔ اور کہا کہ اے ملک الموت مجھے اتنی مہلت دے کہ اپنے بچوں سے رخصت ہو لوں ۔ اس نے کہا خدا کا حکم یہی ہے ۔ کہ اسی جگہ تمہاری روح قبض کی جائے ۔ بادشاہ نے کہا اچھا اتنی مہلت دے کہ وضو کر کے دو رکعت نفل پڑھ لوں اس نے کہا نہیں ۔ بادشاہ نے کہا اتنی مہلت دے ۔ کہ زمین پر اتر لوں ۔ اس نے کہا نہیں پس اُسی وقت اس نے اس کی روح قبض کر لی ۔ اور اس کی لاش گھوڑے سے زمین پر گری ۔ اس کے بعد عزرائیل ایک درویش کے پاس گیا ۔ جو اپنے کام کاج سے فارغ ہو کر موت کے انتظار میں بیٹھا تھا جب اس نے ملک الموت کو دیکھا تو کہا تو کون ہے ۔ اس نے کہا ، میں عزرائیل ہوں ۔ اور تمہاری روح قبض کرنے کے لئے آیا ہوں ۔ درویش نے کہا کہ میں تو عرصہ سے تمہارا انتظار کر رہا ہوں اور تم دیر سے آئے ہو ۔ ——— اب جلدی کرو کیونکہ یہ دیر کرنے کا وقت نہیں ۔ عزرائیل نے

Marfat.com

کہا اے درویش پہلے اپنے بیوی بچوں سے رخصت ہوئے پھر غسل کرکے دوگانہ پڑھ جب تم ان کاموں سے فارغ ہوگے۔ تو تمہاری روح قبض کروں گا درویش نے کہا عرصہ ہوا تمام چیزوں سے فارغ ہوکر تمہاری انتظار میں بیٹھا ہوں کہ کب آکر میری روح کو قبض کروگے۔ اور میں اپنے محبوب سے ملوں گا۔ اور تم کہتے ہو کہ پہلے اپنی بیوی بچوں سے مل لو پھر غسل کرکے دوگانہ پڑھو۔ عزرائیل نے کہا یہ خدا کا حکم ہے۔ تم اسے بجا لاؤ اور مجھے یہ حکم ہے۔ کہ تمہیں اس قدر مہلت دوں۔ کہ تم یہ کام کرسکو درویش خدا کا حکم بجالایا اور پھر عزرائیل علیہ السلام نے اسکی روح قبض کی۔ وہ بادشاہ موت سے اس لیئے ڈرتا تھا کہ اس نے صفات بشریہ آپ نے اندر سے دور نہیں کی تھیں۔ اور قیامت کے سفر کا سامان حاصل نہ کیا تھا

ہرگز نہ میرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق
ثبت است برجریدہ عالم دوام ما

دربیاں آنکہ:۔ ابتداء سالک کو اذکار روحانی سے آلائش وزنگ وتوبینہ صیقل ہوتا ہے۔ مگر انتہا منزل کو جس وقت سالک طے کرلیتا ہے تو اس کے نزدیک منزل ابتداء بے مقدار وبے بنیاد ہوجاتی ہے جیسا کہ وہ ایک منزل سے دوسری منزل کو حاصل کرتا ہے۔ تو اس کا آئینہ قلبی کلاں تر مشاہدات ربوبیت وتجلیات عرفانیہ کے لئے ہوتا جاتا ہے۔ آخر اگر وہ دریائے معرفت بے انتہا اپنے قلب میں سمالیوے۔ تو خود ہی اس کے سمالینے کی طاقت ہوجاتی ہے۔ جیسا کہ۔

نقل ہے:۔ کہ حضرت ابوالحسن خرقانی رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا کہ حضرت مولانا منصور رحمۃ اللہ علیہ نے جام محبت سے ایک جرعہ نوش کیا تو وہ نہ سما سکا

Marfat.com

انا الحق کہنے میں پیوستہ مشغول ہوکر اپنے آپ کو ظاہراً تباہ کر دیا تو حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر چند پے در پے دریائے محبت میں مشغول ہوتے تھے۔ تو حضرت مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابوالحسن خرقانی قدس اللہ سرہ کو جواب دیا کہ آوند حضرت منصور رحمۃ اللہ علیہ صغیر آوندوں سے تھا اور حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کا آوند کلاں تر تمام آوندوں سے تھا اگر وہ اپنی آوند مبارک میں تمام دریائے محبت ڈال کر نوش کر لیتے تو ان کو سما لینے کی طاقت تھی اس واسطے هَلْ مِنْ مَزِيْد کے لفظ پے در پے فرماتے تھے۔

الحمد شریف کی بابت اشارات غریبہ کا بیاں :- اس باب

میں آئمہ دین کے اقوال بیان کئے جاتے ہیں الحمد شریف بہت سے اشارات پر مشتمل ہے پہلا اشارہ یہ ہے کہ الحمد شریف سات آیات پر مشتمل ہے جن کو سات آسمانی کتابوں سے بطور اختصار نکالا گیا ہے یعنے تورات انجیل زبور اور فرقان اور حضرت آدم علیہ السلام کے صحیفے اور حضرت ادریس علیہ السلام اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے صحیفوں سے لہذا جو شخص الحمد شریف کو پڑھے گا۔ تو اس کو مذکورہ سات آسمانی کتابوں کے پڑھنے کا ثواب ملے گا اور حضرت حسن بصریؒ سے روایت ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ایک سو چار کتب آسمانی کو نازل فرمایا تھا یعنی تورات انجیل زبور فرقان وغیرہ اور پھر ان تمام آسمانی کتابوں کے امور قرآن کریم میں رکھے گئے۔ اور پھر قرآن کریم کے تمام علوم مفصل میں رکھے گئے اور پھر مفصل کے تمام علوم الحمد شریف میں رکھے گئے۔ لہذا جو شخص الحمد شریف کے علم تفسیر سے واقف ہوا ہو تو اس نے گویا تمام آسمانی کتابوں کا علم تفسیر سیکھ لیا۔

دوسرا اشارہ یہ ہے۔ کہ اکثر اشیاء کی دفع نظرت عدد سات پر کی گئی ہے۔ مثلاً آسمان بھی سات ہیں اور زمینیں بھی سات اور بڑے ستارے جن

Marfat.com

کا آسمان اور اعضاء میں تسلط ہے وہ بھی سات ہیں۔ لہذا اللہ تعالیٰ نے الحمد شریف کو بھی سات آیتوں پر مشتمل کرکے بندوں کی طرف اتارا تاکہ جو شخص الحمد شریف کو پڑھے تو اسے تمام اُن تمام چیزوں کا ثواب ملے جو عدد سات پر مشتمل ہیں۔ اور اس کی تائید اس اثر سے ہوتی ہے جس کی مقاتل بن سلیمانؒ روایت کی گئی ہے انہوں نے فرمایا کہ عرش مجید کے ساتھ خدا تعالیٰ کی ایک قندیل معلق ہے جس میں اٹھارہ ہزار عالم ہیں جب کوئی بندہ اَلْحَمْدُ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ کہتا ہے تو وہ قندیل بھی اللہ تعالیٰ پر ثناء کہتی ہوئی حرکت میں آتی ہے۔ لہذا الحمد شریف کے پڑھنے والے کو خدا تعالیٰ اٹھارہ ہزار عالم کا ثواب عطا کرتا ہے۔

تیسرا اشارہ یہ ہے:۔ کہ انسان کو اللہ تعالیٰ نے سات جوارح عطا کئے ہیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی اللہ تعالیٰ نے ایک ایسی سورت دی ہے جو سات آیتوں پر مشتمل ہے یعنے الحمد شریف لہذا جو شخص اس کو پڑھے گا تو خدا تعالیٰ اس کے ساتوں جوارح کا شکریہ اس سے قبول کرے گا۔ یعنے منہ۔ اور دونوں ہاتھ۔ اور دونوں رانوں پاؤں جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اُمِرْتُ اَنْ اَسْجُدَ عَلٰی سَبْعَةِ اَعْظُمٍ اَلْوَجْهِ وَالْيَدَيْنِ وَالرُّكْبَتَيْنِ وَالْقَدَمَيْنِ۔ یعنے مجھے اس بات کا حکم دیا گیا ہے کہ میں سات ہڈیوں پر سجدہ کروں یعنے منہ اور دونوں ہاتھ اور دونوں رانوں اور دونوں پاؤں۔

چوتھا اشارہ یہ ہے:۔ کہ اللہ تعالیٰ حضرت موسیٰ کی نسبت فرمایا۔ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيٰتٍ بَيِّنٰتٍ اور بے شک ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو نو کھلی نشانیاں دیں۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا۔ وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ یعنے ہم نے آپ کو الحمد شریف عنایت کی ہے جو قرآن مجید پر مشتمل ہے لہذا جو چیز

Marfat.com

حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دی گئی ہے وہ اسکی قوم کیلئے محنت تھی اور جو چیز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دی گئی۔ وہ آپ کی امت کے لئے عین رحمت ہے۔ کیونکہ وہ عطا جو خزانہ عدل سے نکلی۔ اس کی کیا نسبت ہے۔ اس عطا کے ساتھ جو خزانہ فضل اور کرم سے نکلے کیونکہ جو نشانیاں حضرت موسیٰ کو دی گئی تھیں ان کو خزانہ عدل سے نکالا گیا تھا۔

پانچواں اشارہ یہ ہے ۔ کہ موسیٰ علیہ السلام کے آیات فانی تھے۔ اور جو آیات آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دی گئی ہیں یعنے الحمد شریف وہ کبھی فنا نہیں ہونگے وہ باقی ہیں۔ اور جس طرح کہ آیات موسیٰ فانی تھے اسی طرح ان کی شریعت اور ان کی سُنّت ان کے فوت ہونے کے بعد فانی ہو گیا۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جو قرآن کریم اور الحمد شریف دیا گیا ہے۔ وہ ہمیشہ باقی ہے۔ کبھی فانی نہیں ہوگا۔ اسی طرح آپ کی شریعت اور سُنّت بھی ہمیشہ باقی رہے گی۔

چھٹا اشارہ یہ ہے :۔ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مثل کون ہو سکتا ہے۔ جب کہ آپ کا خدا رب العلمین اور آپ کی نبوت رحمۃ اللعالمین ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اپنی بابت فرمایا۔ الحمد للہ رب العلمین اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کے بارہ میں فرمایا۔ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ۔

ساتواں اشارہ یہ ہے :۔ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا خدا رحمان اور رحیم ہے اور آپ بھی مومنین کی نسبت رؤف اور رحیم ہیں۔

Marfat.com

آٹھواں اشارہ یہ ہے:۔ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا خدا مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ہے۔ اور آپ کی نبوت شفیع المذنبین ہے۔ یعنے اہل دین میں سے جو گنہگار ہوں گے اُن کی آپ بروز قیامت شفاعت کریں گے۔

نانواں اشارہ یہ ہے۔ کہ حضرت داؤد اور حضرت سلیمان علیہ السلام کے بارہ میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ عِلْمًا بے شک ہم نے حضرت داؤد اور حضرت سلیمان علیہ السلام کو علم دیا اور وہ علم پرندوں کا کلام تھا۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے باب میں فرمایا۔ وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ۔ اور وہ سب خدا تعالیٰ کا کلام تھا اب کلام طور اور کلام خدا تعالیٰ میں جو فرق ہے وہ اظہر من الشمس ہے۔ اور حضرت داؤد اور حضرت سلیمان علیہ السلام کو تو پرندوں کی کلام سمجھا کر یہ فرمایا کہ تم دونوں کو تمام بنی اسرائیل پر فضیلت دی گئی ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا کلام دیکر فرمایا کہ ہم نے آپ کی اُمت کو تمام اُمتوں پر اور آپ کو تمام جہاں پر فضیلت دی ہے۔ اور دوسرا حضرت داؤد علیہ السلام کے باب میں فرمایا وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا بیشک ہم نے حضرت داؤد کو اپنی طرف سے فضل دیا اور فضل کبھی تھوڑا ہوتا ہے اور کبھی زیادہ لیکن خدا نے اس جگہ یہ بیان نہیں فرمایا کہ خدا تعالیٰ نے جو فضل حضرت داؤد کو فرمایا وہ زیادہ تھا۔ یا کم لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جو فضل عطا کیا گیا اُس کے باب میں فرمایا وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا۔ اور اللہ تعالیٰ کا آپ پر بہت بڑا فضل ہے۔ اور آپ کی امت کے باب میں فرمایا۔ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا ۝

اور اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم مومنوں کو اس بات کی خوشخبری دو کہ اُن کے لیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے بہت بڑا فضل ہے۔

Marfat.com

اشارہ جامع:۔ اس اشارہ میں الحمد شریف کے من اولہا الی اخرہا تراجم بیان کئے جائیں گے۔ یعنی جب خدا تعالیٰ کا بندہ یہ کہے گا کہ اس بات میں کیا حکمت ہے۔ کہ خدا تعالیٰ نے مجھ پر اپنی ثناء کس لئے واجب کی تو خدا تعالیٰ بھی اُسے یہ جواب دیتا ہے کہ میں رَبّ العالمین ہوں یعنے میں انسان کا پرورش کرنے والا اور نطفے سے اُن کو پیدا کرنے والا ہوں۔ اس لئے میرا شکر ان پر واجب ہے اور بندہ کہتا ہے کہ میں محتاج ہوں رزق کی طرف پس کون شخص مجھے رزق دے گا۔ تو خدا تعالیٰ اسے جواب دیتا ہے کہ انا الرحمٰن ۔ میں تجھے رزق دینے والا ہوں۔ اور بندہ کہتا ہے کہ میں گنہگار ہوں مجھے کون بخشے گا۔ تو خدائے تعالیٰ اُسے جواب دیتا ہے کہ انا الرحیم میں رحیم ہوں تیرے گناہوں کو بخش دوں گا۔ اور بندہ کہتا ہے کہ قیامت کے دن میرے ساتھ جھگڑا کرنے والے بہت سے لوگ ہوں گے۔ مجھ کو ان کے ہاتھوں سے کون چھڑوائے گا۔ تو خدا تعالیٰ فرماتا ہے مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ روز جزا کا میں مالک ہوں۔ تجھ کو اُن کے ہاتھوں سے چھڑوا دوں گا۔ اور بندہ خدا تعالیٰ کو کہتا ہے۔ تو ہم کو کس کام کرنے کا ارشاد فرماتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے کہتا ہے کہ تو اس طرح کہہ اِيَّاكَ نَعْبُدُ یعنی ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تیرے تابعدار ہیں۔ اور گویا بندہ خدا تعالیٰ کو یہ کہہ رہا ہے کہ میں ضعیف ہوں۔ اور ناتواں ہوں۔ کی حقہ تیری عبادت نہیں کرسکتا۔ تو خدا تعالیٰ اسے یہ جواب دیتا ہے۔ کہ اے میرے بندے تو میری عبادت کرنے میں مجھ سے مدد طلب کرتے ہوئے یہ کہہ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ تاکہ میں تیری مدد کروں اور بندہ خدا تعالیٰ سے یہ کہتا ہے۔ کہ تیرا اکرام اور الطاف بندوں کے ساتھ بہت بڑا ہے تو پھر میں یا کام کروں جس کی وجہ سے میں تجھ سے جدا نہ ہو سکوں اور تیری رحمت سے نا اُمید نہ ہوں تو خدا تعالیٰ اُسے یہ جواب دیتا ہے۔ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ تاکہ تو میری رحمت سے اور مجھ سے جدا اور نہ اُمید نہ ہو سکے اور بندہ جو کہتا ہے کہ اے خدا تیرا صِرَاطِ مُسْتَقِيْم جو ہے

Marfat.com

وہ کن لوگوں کا راستہ ہے تو خدا تعالیٰ اسے یہ جواب دیتا ہے صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ یعنی ان لوگوں کا راستہ ہے جن پر ہم نے انعام کیا۔ اور بندہ خدا کو یہ کہتا ہے کہ وہ کون سی چیز ہے جس سے میں ڈروں۔ اور اس کے نزدیک نہ جاؤں تاکہ تو مجھ پر غضب ناک نہ ہو جائے۔ اور میں سیدھے راستے سے نہ بھٹک جاؤں تو خدا تعالیٰ اسے یہ فرماتا ہے۔ کہ تو یہ کہہ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ۔ تاکہ میں تجھ پر غضب ناک نہ ہوں۔ اور تو راہ راست پر قائم رہے۔ اور بندہ یہ کہتا ہے کہ اس بڑی بابرکت دعا کو جب میں پڑھوں گا تو اس پر امین کون کہے گا۔ تو خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔ کہ جب تو دعا کرے گا۔ تو فرشتے امین کہیں گے۔

الحمد شریف کے پڑھنے والے کو ہر ایک آیت کے مقابلے میں ایک ایک کرامت ملتی ہے

جب انسان اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ کہتا ہے تو خدا تعالیٰ اس پر اپنا انعام و اکرام زیادہ کرتا ہے۔ اور جب اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کہتا ہے تو خدا تعالیٰ اس پر اپنی رحمت نازل کرتا ہے اور جب وہ مَالِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ کہتا ہے تو خدا تعالیٰ اسے قیامت کے اہوال سے امن دیتا ہے اور جب وہ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ کہتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی عبادت کو قبول کرتا ہے اور اس کے تمام امور سے اسے امداد دیتا ہے۔ اور جب وہ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ کہتا ہے تو خدا تعالیٰ اسے اسلام پر ثابت قدم رکھتا ہے اور جب وہ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ کہتا ہے تو خدا تعالیٰ بسبب موافقت انبیاء اور صالحین کے اس پر اکرام کرتا ہے۔ اور جب وہ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ کہتا ہے۔ تو خدا تعالیٰ اسے کافروں کے عذاب سے نجات دیتا ہے۔

Marfat.com

الحمد شریف کے اسرار:۔ الحمد شریف میں جو الف ہے۔ یہ الف اُلفت ہے یعنی مومنین کی جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ اُلفت ہے اس کا الف ہے۔ اور لام جو ہے خلق اللہ کے ساتھ لطف عارفین کا لام ہے۔ اور حا حدود اللہ کی حفاظت کی حا ہے یعنے عارفین جو اللہ تعالیٰ کے حدود کی حفاظت کرتے ہیں۔ اُسکی حا ہے۔ اور میم محبت عارفین کی علامت ہے۔ اور دال دوام العارفین عَلیٰ بَابِ اللہ تعالیٰ علامت ہے۔ اور نیز الف آلاء اللہ مع العارفین کی علامت ہے۔ اور حا حکم اللہ علی العارفین کی علامت ہے اور میم مَعْرِفَۃُ اللہِ فِیْ قُلُوْبِ الْعَارِفِیْنَ کی علامت ہے۔ اور دال دَفْعُ الْبَلَاءِ عَنِ الْعَارِفِیْنَ کی علامت ہے۔

الحمد شریف:۔ ہم کو پچھلے پیغمبروں سے وراثت ملی ہے۔ اوّل حضرت آدم علیہ السلام سے کیونکہ جس وقت انہوں نے چھینک ماری تو کہا الحمد للہ تو خدا تعالیٰ نے ان پر رحمت بھیجی۔ اور فرشتوں نے کہا یَرْحَمُکَ اللہ اور دوسرا نوح علیہ السلام نے فرمایا الحمد للہِ الذی نَجّٰنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ تو ان کو سلامتی ملی۔ اور خدا تعالیٰ نے فرمایا یٰنُوْحُ اھْبِطْ بِسَلَامٍ مِنَّا اور تیسرا حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا الحمد للہِ الذِیْ وَھَبَ لِیْ عَلَی الْکِبَرِ اِسْمٰعِیْلَ۔ تو انہوں نے خدا کو فرمایا چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَفَدَیْنٰہُ بِذِبْحٍ عَظِیْمٍ۔ اور چوتھا اور پانچواں حضرت داؤد اور سلیمان علیہما السلام سے چنانچہ ان دونوں نے فرمایا الحمد للہِ الَّذِیْ فَضَّلَنَا عَلٰی کَثِیْرٍ مِّنْ عِبَادِہِ الْمُؤْمِنِیْنَ اور پھر اُن کو اس کے مقابلے میں علم اور حکمت دی گئی۔ چنانچہ فرمایا وَکُلًّا اٰتَیْنَا حُکْمًا وَّعِلْمًا اور چھٹا آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا تو حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کے مقابلے میں مقام محمود ملا چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا۔

Marfat.com

الحمد شریف کے فضائل:۔ اس باب میں احادیث صحیحہ کو بیان کیا جائے گا۔ شیخ اکبر محی الدین ابن عربی نے فتوحات میں فرمایا ہے کہ۔ الحمد شریف بسم اللہ کے ساتھ ملا کر ایک ہی دم پڑھا جائے کیونکہ میں حلفاً کہتا ہوں۔ کہ میرے آگے۔ ابوالحسن علی ابن ابوالفتح نے مقام کنارے میں جو شہر موصل کے پاس ایک گاؤں ہے سنہ ۶۰۱ میں میرے آگے بیان کیا۔ اور حلفاً فرمایا کہ میں نے ابوالفضل ملوسی سے سنا ہے اور ابوالفضل ملوسی نے حلفاً فرمایا کہ میں نے مبارک بن احمد منشیاپوری سے سنا ہے۔ اور انہوں نے حلفاً کہا کہ میں نے ابوبکر فضل بن محمد بروی سے سنا ہے۔ اور انہوں نے حلفاً کہا کہ میں نے ابوبکر محمد بن علی شاشی سے سنا ہے۔ اور انہوں نے حلفاً کہا کہ میں نے عبداللہ ابونصر سرخسی سے سنا ہے، اور انہوں نے حلفاً کہا کہ میں نے ابوبکر بن فضل سے سنا ہے اور انہوں نے حلفاً کہا کہ میں نے عبداللہ بن محمد بن علی بن محی الوراق سے سنا ہے اور انہوں نے حلفاً کہا کہ میں نے محمد بن یونس طویل الفقیہ سے سنا ہے، اور انہوں نے حلفاً کہا کہ میں نے محمد بن حسن علوی سے سنا ہے کہ انہوں نے حلفاً کہا کہ میں نے ابن عیسیٰ سے سنا ہے اور انہوں نے حلفاً کہا کہ میں نے ابوبکر راجی سے سنا ہے اور انہوں نے حلفاً کہا ہے کہ میں نے عمار بن موسیٰ ابرمکی سے سنا ہے اور انہوں نے حلفاً کہا کہ میں نے انس بن مالک سے سنا ہے۔ اور انہوں نے حلفاً کہا کہ میں نے انس بن مالک سے سنا ہے اور انہوں نے حلفاً کہا کہ میں نے علی ابن ابی طالب سے سنا ہے اور انہوں نے حلفاً کہا کہ میں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنا ہے اور انہوں نے حلفاً فرمایا ہے کہ میں نے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے۔ اور آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حلفاً فرمایا کہ میں نے حضرت جبرائیل علیہ السلام سے سنا ہے اور حضرت جبرائیل علیہ السلام نے حلفاً فرمایا کہ ——— میں نے حضرت میکائیل علیہ السلام سے سنا ہے۔ اور انہوں نے فرمایا کہ میں نے حضرت

Marfat.com

اسرافیل علیہ السلام سے سنا ہے اور انہوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے یا اسرافیل بِعِزَّتِیْ وَجَلَالِیْ وَجُوْدِیْ وَکَرَمِیْ مَنْ قَرَءَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مُتَّصِلَۃً بِفَاتِحَۃِ الْکِتَابِ مَرَّۃً وَّاحِدَۃً اِشْھَدُوْا عَلَیَّ اَنِّیْ قَدْ غَفَرْتُ لَہٗ وَقَبِلْتُ مِنْہُ الْحَسَنَاتِ وَتَجَاوَزْتُ عَنْہُ عَنْہُ السَّیِّئَاتِ وَلَا اُحْرِقُ لِسَانَہٗ بِالنَّارِ وَ اُجِیْرُہٗ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ وَعَذَابِ یَوْمِ الْقِیَامَۃِ وَالْفَزَعِ الْاَکْبَرِ وَ یَلْقَانِیْ قَبْلَ الْاَنْبِیَاءِ وَالْاَوْلِیَاءِ اَجْمَعِیْنَ ۔ —— اے اسرافیل مجھے اپنی عزت اور جلال اور بخشش اور کرم کی قسم ہے کہ جو شخص بسم اللہ شریف کو الحمد شریف کے ساتھ ملا کر ایک مرتبہ پڑھے گا تو تم گواہ ہو کہ میں ضرور اس کے گناہ بخش دوں گا اور اسکی نیکیوں کو قبول کروں گا۔ اور اسکی برائیوں سے درگذر کروں گا اور اُسکی زبان کو آگ میں نہیں جلاؤں گا۔ اور اس کو عذاب قبر اور عذاب دوزخ اور عذاب قیامت اور بڑی بے قراری سے پناہ دوں گا۔ اور تمام انبیاء اور اولیاء سے پہلے مجھ سے ملاقات کریگا۔ اور نیز احمدؒ اور بیہقی نے عبداللہ بن جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے انہوں نے فرمایا خَیْرُ سُوْرَۃٍ فِی الْقُرْاٰنِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ یعنی سب سے بہتر سورۃ قرآن کریم میں الحمد شریف ہے۔ اور نیز بیہقی اور حاکم نے حضرت انس سے روایت کی ہے آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اَفْضَلُ الْقُرْاٰنِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ یعنی بہتر قرآن کریم میں سے الحمد شریف ہے اور نیز ابو الشیخؒ اور طبرانیؒ اور ابن مردویہؒ اور دیلمیؒ نے حضرت ابی امامہؓ سے روایت کیا ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اَرْبَعٌ اُنْزِلَتْ مِنْ کَنْزٍ تَحْتَ الْعَرْشِ لَمْ یُنْزَلْ شَیْءٌ مِنْہُ غَیْرُھُنَّ اُمُّ الْکِتَابِ وَاٰیَۃُ الْکُرْسِیِّ وَخَوَاتِیْمُ سُوْرَۃِ الْبَقَرَۃِ وَالْکَوْثَرُ ۔—— چار سورتیں ایسی ہیں جو اس خزانے سے اتاری گئی ہیں جو عرش کے نیچے ہے۔ اور ان چار سورتوں کے سوا اور کوئی سورت اس خزانے سے نہیں اتاری گئی۔ وہ چار سورتیں یہ ہیں الحمد شریف اور

Marfat.com

اور آیۃ الکرسی اور سورۃ البقر کے خوا تیتم اور سورۃ کوثر حافظ جلال الدین سیوطی نے ان احادیث کو اپنی تفسیر الدر المنثور فی تفسیر القرآن بالماثور میں نقل کیا ہے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے انہوں نے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مَنْ قَرَءَ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ فَكَاَنَّمَا قَرَءَ التَّوْرَاةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَالزَّبُوْرَ وَالْقُرْاٰنَ وَكَاَنَّمَا تَصَدَّقَ بِكُلِّ اٰيَةٍ قَرَءَ بِمَلْاءِ الْاَرْضِ ذَهَبًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَحَرَّمَ اللّٰهُ جَسَدَهٗ عَلَى النَّارِ ــــــــــ یعنی جس شخص نے الحمد شریف کو پڑھا تو اس نے گویا تورات اور انجیل اور زبور اور قرآن کریم کو پڑھا اور گویا اس نے ہر ایک آیت کے مقابلے زمین بھر کر سونے کا صدقہ دیا، اور خدا تعالیٰ اس کے جسم کو آگ پر حرام کر دے گا۔

الحمد شریف کے اسرار کا بیان:۔ الحمد شریف کے پانچ حرف ہیں اور نمازیں بھی پانچ ہیں لہذا جب بندہ الحمد شریف کہے گا تو اس کے لئے پانچ نمازوں کا ثواب لکھا جائے گا اور لِلّٰہ میں تین حروف ہیں اور تین حرفوں کو پہلے پانچ حرفوں میں ملایا جائے تو آٹھ ہو جاویں گے۔ اور جنت کو دروازے بھی آٹھ ہیں لہذا جب انسان الحمد للہ کہتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے آٹھوں دروازے کھول دیتا ہے۔ جس دروازے سے وہ چاہے بغیر حساب و عذاب کے جنت میں داخل ہو جائے۔ اور جب رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ کہتا ہے۔ تو اس کے دس حرف ہیں جن کو اگر پہلے آٹھ حرفوں سے ملایا جائے تو اٹھارہ بن جائینگے اور عالم کی تعداد بھی اٹھارہ ہزار ہے۔ لہذا جب بندہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ کہے، تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے تمام عوالم کا ثواب لکھ دیتا ہے اور اَلرَّحْمٰنِ کے چھ حرف ہیں۔ جن کو اگر پہلے اٹھارہ حرفوں سے ملایا جائے تو چوبیس ۲۴ حرف بن جائیں گے اور دنوں اور راتوں

Marfat.com

کی ساعتیں بھی چوبیس ہیں لہذا جب الحمد للہ رب العلمین الرحمن کہے تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے رات اور دن کا ثواب لکھتا ہے الرحیم کے بھی چھ حروف ہیں جن کو اگر پہلے حرفوں سے ملایا جائے تو تیس حرف بن جائیں گے اور ماہِ رمضان کے بھی تیس دن ہیں ۔ لہذا جب بندہ الحمد للہ رب العلمین الرحمن الرحیم کہے تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے اس شخص کا ثواب لکھتا ہے ۔ جو رمضان شریف کے پورے روزے رکھے اور مالک یوم الدین کے بارہ حرف ہیں جس کو اگر پہلے حرفوں سے ملایا جائے تو بتالیس حروف ہو جائیں گے اور ہر روز کے فرضوں اور وتروں کی تعداد بیس رکعتیں ہیں اور سنن موکدہ اور صلواۃ الضحیٰ کی دو رکعتوں کو جب ان سے ملایا جائے گا تو کل بتالیس رکعتیں ہو جائیں گی ۔

لہذا جب بندہ الحمد للہ رب العلمین الرحمن الرحیم مالک یوم الدین کہے تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے فرائض اور سنتوں اور ضحیٰ کی رکعتوں کا ثواب لکھتا ہے اور ایاک نعبد میں آٹھ ہیں جن کو اگر پہلے حرفوں سے ملایا جائے تو پچاس حرف بن جائیں گے ۔ اور خدا تعالیٰ قیامت کے دن کو بھی پچاس ہزار سال کے مقدار پر بنائے گا جیسا کہ قرآن شریف میں آیا ہے کَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ لہذا جب بندہ الحمد للہ رب العلمین الرحمن الرحیم مالک یوم الدین ایاک نعبد کہے تو وہ قیامت کے دن کے خوف سے پچاس ہزار سال کا ہوگا ۔ امن میں رہے گا ۔ اور ایاک نستعین کے گیارہ حروف ہیں جن کو اگر پہلے حرفوں سے ملایا جائے تو اکسٹھ حروف بن جاتے ہیں اور زمین اور آسمان میں خدا تعالیٰ نے دریا بھی اکسٹھ پیدا کئے ہیں لہذا جب بندہ الحمد للہ رب العلمین الرحمن الرحیم مالک یوم الدین ایاک نعبد و ایاک نستعین کہے تو اللہ تعالیٰ اس کو دریاؤں کے قطروں کے موافق ثواب دے گا ۔ اور اِهْدِنَا الصِّرَاطَ المستقیم میں انیس حرف ہیں جن کو اگر پہلے حرفوں سے ملایا جائے تو اسی حرف بن جاتے ہیں ۔ اور حد قذف اور شراب نوشی کے بھی اسی درّے ہیں ۔ لہذا جو شخص الحمد للہ رب

Marfat.com

الْعٰلَمِیْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ کہے تو اللہ تعالیٰ اس سے اسّی دردوں کی سزا معاف کر دے گا صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ میں بھی اُنیس حروف ہیں جن کو اگر پہلے حرفوں سے ملایا جائے تو ننانوے حروف بن جائیں گے ۔ اور خدا تعالیٰ کے وہ اسماء حسنہ جو قرآن مجید میں وارد ہوئے ہیں ان کی تعداد بھی ننانوے ہے لہذا جو بندہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے ان اسماء کا ثواب لکھے گا اور غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ میں پندرہ حرف ہیں ۔ جن کو اگر پہلے حرفوں سے ملایا جائے تو ایک سو چودہ حرف ہو جائیں گے اور قرآن مجید کی سورتوں کی تعداد بھی ایک سو چودہ ہے لہذا جو شخص الحمد شریف کو غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ تک پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے ۔ قرآن کریم سورتوں کا ثواب لکھے گا اور وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۔ میں دس حروف ہیں جن کو اگر پہلے حرفوں سے ملایا جائے تو ایک سو بیس حرف بن جاتے ہیں ۔ اور انبیاء علیہم السلام کی تعداد بھی ایک لاکھ چوبیس ہزار ہے ۔ لہذا جو شخص الحمد شریف کو وَلَا الضَّآلِّیْنَ تک پڑھے گا تو اس کو اللہ تعالیٰ تمام انبیاء علیہم السلام کا ثواب عطا فرمائے گا ۔ اور اٰمین کے چار حرف ہیں ۔ جن میں سے الف آدم علیہ السلام کے اسم سے ماخوذ ہے اور میم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے اور یا اسم حضرت یحیٰ علیہ السلام سے اور نون اسم حضرت نوح علیہ السلام سے ماخوذ ہے ۔ اور آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ۔ آمین میں چار حرف ہیں لہذا جو شخص آمین کہے گا تو اللہ تعالیٰ اس چار قسم کی بلاؤں سے امن میں رکھے گا یعنی زوال ایمان اور قیامت کے دن کے ۔ خوف اور پلصراط کے گذرنے کے خوف اور دوزخ میں ہمیشہ رہنے کے خوف سے نجات دے گا اور انس بن مالک نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے ، آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ کو فرمایا تھا کہ اے موسیٰ! میں نے

Marfat.com

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کو چار حرف دیئے ہیں جن میں سے پہلا تورات اور دوسرا انجیل کا اور تیسرا زبور کا چوتھا قرآن کریم کا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی کہ وہ کون سے حرف ہیں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ وہ آمین کے حروف ہیں جو شخص ان کو پڑھے گا تو اس نے گویا چار آسمانی کتابوں کو پڑھا۔ اور ان کا ثواب لیا۔ اور بعض نے کہا ہے کہ الف کو عرش کے رکن پر لکھا ہوا ہے اور میم کو کرسی کے رکن پر اور یا کو لوح محفوظ کے رکن پر اور نون کو قلم پر لکھا ہوا ہے۔ لہذا جو شخص آمین اپنی دعا میں کہتا ہے۔ تو یہ تمام چیزیں حرکت میں آکر اس کے لئے بخشش مانگتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کہتا ہے۔ کہ تم گواہ ہو کہ میں نے اس کو بخش دیا اور ایک روایت میں آیا ہے۔ کہ الف حضرت جبرائیل کی پیشانی پر لکھا ہوا ہے۔ اور میم حضرت میکائیل کی پیشانی پر اور یا حضرت اسرافیل علیہ السلام کی پیشانی پر لکھی ہے۔ اور نون حضرت عزرائیل کی پیشانی پر لکھا گیا ہے لہذا جو شخص آمین کہتا ہے۔ تو یہ تمام فرشتے سجدے میں گر جاتے ہیں۔ اور یہ کہتے ہیں کہ اے خدا تو اس آمین کہنے والے کو بخش دے اور وہ ابھی اپنے سروں کو سجدے سے نہیں اٹھاتے کہ خدا تعالیٰ اس کو بخش دیتا ہے۔

اے عزیز آدمی کا جوہر جس کو دل کہتے ہیں۔ معرفت کے طریقہ میں جو اس کو بزرگی حاصل ہوتی ہے۔ اس کا نمونہ تو تجھے معلوم ہو گیا اب یہ جان لے کہ اس کو از روئے قدرت بھی ایک بزرگی حاصل ہے۔ کیونکہ قدرت بھی ملائکہ کی خاصیت ہے۔ اور یہ قدرت اور جانداروں میں نہیں ہے۔ دل کی قدرت یہی ہے۔ کہ جس طرح عالم اجسام ملائکہ کے اختیار میں ہے۔ کہ جب وہ مناسب سمجھتے ہیں۔ اور خلقت کو اس کا محتاج پاتے ہیں۔ تو بہار کے موسم میں خدا تعالیٰ کی اجازت سے مینہ برساتے ہیں۔ ہوا چلاتے ہیں جانداروں کی رحم میں نباتات کی زمین میں صورت بناتے ہیں۔ اور سنوارتے ہیں اور اسی طرح

Marfat.com

ہر ایک کام کے لئے ملائکہ کی ایک جماعت مقرر ہے۔ ایسا ہی آدمی کا دل بھی ملائکہ کے جوہر کا ہم جنس ہے۔ اس کو بھی قدرت دی ہے۔ اس لئے عالم کے بعض اجسام اس کے قبضہ میں ہیں۔ اور ہر شخص کا عالم اس کا بدن ہے اور بدن دل کے قبضے میں ہے۔ اور یہ تو ظاہر بات ہے کہ نہ دل انگلی میں ہے نہ ارادہ نہ علم بلکہ دل کے حکم سے انگلی ہلتی ہے۔ اور جب دل میں غصہ کی صورت میں ظاہر ہوتی ہے تو سارا بدن پسینے پسینے ہو جاتا ہے۔ تو یہ بمنزلہ مینہ ہے۔ اور جب صورت شہوت دل میں پیدا ہوتی ہے۔ تو اس سے ہوا ظاہر ہوتی ہے۔ اور وہ شرمگاہ کی طرف جاتی ہے۔ اور جب کھانا کھانے کا ارادہ کرتا ہے تو جو قوت زبان کے نیچے ہے۔ وہ خدمت کے لئے اٹھتی ہے اور پانی بہانے لگتی ہے۔ تاکہ کھانے کو اتنا تر کرے کہ کھایا جا سکے۔ اور یہ بات کچھ چھپی نہیں۔ کہ دل کا اختیار بدن میں ہے اور بدن دل کے قبضے میں ہے۔ لیکن یہ بات بھی جاننے کی ہے کہ ایسا بھی ہو سکتا ہے۔ کہ بعض کا دل زیادہ شریف اور زیادہ قوی۔ اور ملائکہ کے جوہر سے زیادہ مشابہ ہو کہ بدن کی ہوا اور جسم بھی اس کے مطیع ہوں۔ حتیٰ کہ اگر اس کا رعب شیر پر پڑے تو وہ گردن ڈال دے۔ اور مطیع ہو جائے اور بیمار کی طرف متوجہ ہو تو۔ اچھا ہو جائے۔ اور تندرست کی طرف متوجہ ہو تو بیمار ہو جائے اور اگر کسی کے پاس آنے کا خیال بندھے تو اس کے دل میں بھی آنے کا خیال ہو۔ اگر مینہ کی ڈبن بندھے تو مینہ آجائے یہ سب باتیں عقلی دلیل سے ممکن اور تجربہ سے ظاہر ہیں۔ اور جس کو نظر لگنا اور جادو کہتے ہیں۔ وہ بھی اسی قسم سے ہے خلاصہ یہ ہے کہ سب چیزوں میں آدمی کے نفس کا اثر پڑتا ہے یہاں تک کہ اگر کوئی حاسد ہو۔ اور حسد کی باعث کسی عمدہ چوپائے کو دیکھ کر اسکی ہلاکت کا خیال کرے تو وہ چوپایہ اسی وقت مر جائے گا۔ چنانچہ حدیث شریف میں ہے اَلْعَیْنُ تُدْخِلُ الرَّجُلَ الْقَبْرَ وَالْجَمَلَ الْقِدْرَ یعنی نظر آدمی کو قبر میں ڈالتی ہے۔ اور اونٹ کو ہانڈی میں۔ پس یہی دل کے عجب قدرتوں میں سے ہے۔ اور ایسی تاثیر جس شخص میں ظاہر ہو گئی۔ اگر وہ خلقت کا ہادی ہو

Marfat.com

گا۔ اس خاصیت کو معجزہ کہیں گے۔ اگر پیغمبر نہ ہوگا تو کرامت کہیں گے ہاں اگر وہ خاصیت نیک کام میں ہوئی تو اس کو نبی یا ولی کہیں گے۔ اور جو برے کام میں ہوئی تو اس کو جادو کہیں گے۔ لیکن جادو کرامات معجزہ آدمی کے دل کی قوت کا اثر ہے۔ مگر ان تینوں قدرتوں میں بہت بڑا فرق ہے۔ اور اس کتاب میں اس بیان کی گنجائش نہیں ہے۔ جو شخص مذکورہ بالا بیان کو نہ سمجھے وہ نبوت کی حقیقت سے بے خبر۔ مگر سنے سنانے سے اسے کچھ معلوم ہوگا۔ کہ نبوت اور ولایت آدمی کے دل کی بزرگی کے درجات میں سے ہیں اور اس کا ماحاصل تین خاصیتیں ہیں۔ جو عام لوگوں کو خواب میں معلوم ہوتا ہے۔ جو عام لوگوں کا نفس صرف ان کے بدن میں اثر کر سکتا ہے۔ اور جو اجسام کہ ان کے بدن سے خارج ہیں۔ اس میں اسی طور سے اثر کرتا ہے۔ جس میں خلقت کے لئے صلاحیت ہو اور دشوار نہ ہو۔ جو علوم کہ عام لوگوں کو سیکھنے سے حاصل ہوتے ہیں۔ اُسے بغیر سیکھنے اپنی طبیعت سے آجاتے ہیں۔ اور چونکہ یہ بات ہوا کرتی ہے کہ جو کوئی زیادہ عقلمند ہوتا ہے اور اس کے دل میں صفائی آجاتی ہے، تو وہ بعض علموں کو بغیر پڑھے سیکھ لیتا ہے۔ تو یہ بات بھی ہو سکتی ہے۔ کہ جس میں عقل اور صفائی زیادہ ہو۔ سب یا اکثر علوم اُسے آپ ہی آجائیں اُسی کو علم لدنی کہتے ہیں۔ جیسے حق تعالیٰ فرماتا ہے وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا اور سکھایا تھا ہم نے اپنے پاس سے ایک علم۔ جس کو یہ تینوں باتیں حاصل ہوں وہ تو یا بڑے پیغمبروں میں سے پیغمبر یا بڑے اولیاء میں سے کوئی ولی ہو۔ اور جس میں ایک بات بھی نہ ہوگی اس کو بھی قرب کا درجہ حاصل ہوگا۔ مگر ہر ایک میں مراتب کا فرق بہت ہے۔ کیونکہ بعض ایسا ہوگا۔ کہ اس کو ہر ایک میں سے کچھ حاصل ہوگا۔ اور کوئی ایسا ہوگا کہ اس کو اکثر حصہ میسر ہوا ہوگا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں یہ کمال تھا کہ اُن کو تینوں باتیں انتہا درجہ کی حاصل تھیں۔ جب اللہ تعالیٰ نے چاہا کہ ان کی نبوت کا حال خلقت پر ظاہر ہو۔ تاکہ لوگ

Marfat.com

ان کی پیروی کریں اور سعادت مندی کا راستہ اُن سے سیکھیں. تو ان ہی تینوں خاصیتوں میں سے ہر ایک کو ایک نمونہ دیا ایک خاصیت کا نمونہ تو خواب ہے دوسری خاصیت کا نمونہ سمجھ کر سیدھا ہونا تیسری خاصیت کا نمونہ علوم کا دل نشین ہونا اور آدمی کسی چیز پر ایمان نہیں لا سکتا. جب تک کہ اُس قسم کی چیز اس کی ذات میں نہ ہو. اور جس چیز کا نمونہ اپنے پاس نہیں ہوتا. اس کی صورت سمجھ میں نہیں آتی. اس لئے ہم کہتے ہیں. کہ خدائے تعالیٰ کی ذات کمال کو اس کی ذات کے سوا کوئی نہیں پہچان سکتا اس طرح ہم یہ بھی کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی پورے طور سے کوئی پہچان نہیں سکتا. مگر پیغمبر یا وہ ذات جو آپ سے مرتبہ میں زیادہ ہے لہذا آدمیوں میں سے پیغمبر کے قدر خود پیغمبر ہی پہچانتا ہے. ہم کو اس سے زیادہ کچھ معلوم نہیں. کیونکہ اگر ہمیں خواب نظر نہ آتا. اور ہم سے کوئی بیان کرتا. کہ آدمی بلا حرکت کے پڑا رہتا ہے. نہ دیکھتا ہے. نہ سنتا ہے. نہ بولتا ہے. اور یہ نہیں جانتا کہ کل کیا ہوگا. جس میں سننے اور دیکھنے کی قوت ہے. وہ اس حال کو نہیں سمجھ سکتا. پس اگر ہمیں نیند نہ آیا کرتی. تو ہم کو اس حالت کا کبھی یقین نہ ہوتا. کیونکہ آدمی نے جو نہیں دیکھا. اُسے یقین نہیں کرتا. اس لئے حق تعالیٰ نے فرمایا ہے بَلْ كَذَّبُوا بِمَا لَمْ يُحِيطُوا بِعِلْمِهِ وَلَمَّا يَأْتِهِمْ تَأْوِيلُهُ. پھر جسکا لگے ہیں جس کے سمجھنے پر قابو نہ پایا اور ابھی نہیں آئی یعنی اس کی حقیقت اور دوسری جگہ فرمایا إِذْ لَمْ يَهْتَدُوا بِهِ فَسَيَقُولُونَ هَٰذَا إِفْكٌ قَدِيمٌ اور جب راہ پر نہیں آئے اس

Marfat.com

کے بتلانے سے کہیں یہ جھوٹ ہے مدت کا اور اس بات کا تعجب نہ کرو، کہ انبیاء اور اولیاء میں ایسی صفت ہوتی ہے کہ اس سے اور لوگ بے خبر ہوتے ہیں، اور ان کو اس سے لذت اور اعلیٰ درجے کے حالات حاصل ہوتے ہیں۔ اے عزیز کیا تو نہیں دیکھتا، کہ جس کو شعر کا مذاق نہیں، اُسے اس کے وزن وسماع سے مزا نہیں آتا، اور اگر کوئی یہ چاہے کہ اُسے پس شعر کا لطف و معنی سمجھائے تو نہیں سمجھا سکتا کیونکہ اس کو ان باتوں کی خبر نہیں اسی طرح مادرزاد اندھا، رنگوں کی کیفیت اور دیدار کی لذت نہیں جان سکتا، پس اس بات کا بھی تعجب نہ کرو، کہ نبوت کے درجے کے علاوہ حق تعالیٰ کسی اور میں ایسے علوم پیدا کر دے کہ اس سے پہلے کسی کو اسکی خبر نہ ہو اے عزیز یہ کچھ بیان کیا گیا اس سے آدمی کے دل کی اصلیت اور بزرگی تو تجھے معلوم ہوگئی، اور صوفیوں کا طریق بھی معلوم ہوگیا، کہ کیا ہے۔ اور غالباً تو نے صوفیوں سے یہ بھی سنا ہوگا، کہ وہ کہا کرتے ہیں کہ علم اس راستہ کا حجاب ہے۔ اور تو نے اس کا انکار کیا ہوگا۔ اے عزیز اس کا انکار نہ کر کہ یہ سچی بات ہے، جو چیز کہ محسوسات میں ہے، اور جو علم کہ محسوسات کے طریقے سے حاصل ہوتا ہے، جب اس میں مشغول ہوگا، اس حال سے حجاب ہو جائیگا اور دل کی مثال حوض جیسی ہے۔ اور پانچوں حواس کی مثال ایسی ہے جیسے پانچ نہریں، اور نہروں کا پانی باہر سے حوض میں آتا ہے اگر تو یہ چاہے کہ صاف پانی حوض کی تہ سے نکلے تو اسکی تدبیر یہ ہے کہ اول اس کو خالی کر اور سارا پانی نکال اور جو کیچڑ وغیرہ پانی کے اثر سے اس میں ہے۔ وہ بھی باہر پھینک۔ اور سب نہروں کا راستہ بند کرتا باہر کا پانی ان کی سوتوں سے اس میں نہ آئے پھر حوض کی تہ کو کھودتا کہ پاک صاف پانی اس کی تہ سے نکلے۔ جب تک کہ حوض میں باہر کا آیا ہوا پانی رہے گا۔ ممکن نہیں کہ اسکی تہ سے پانی نکلے اسی طرح یہ علم جو اندر سے باہر آتا ہے حاصل نہیں ہو سکتا۔ جب تک کہ دل باہر کی آئی ہوئی چیزوں سے خالی نہ ہو۔ لیکن واضح رہے کہ اگر اپنی سمجھ بوجھ علم سے خالی کر دے

Marfat.com

اور دل کو اس میں مشغول نہ رکھے۔ تو وہ علم جس سے اپنے تئیں کو خالی کیا ہے حجاب بن سکتا
اور ممکن ہے کہ ایسے عالم کو کشف حاصل ہو، جس طرح دل کو جس وقت خیالات اور محسوسات
سے خالی کرتا ہے۔ تو وہ خیالات آڑ میں بن سکتے۔ حجاب کا سبب یہ ہے۔ کہ جب کسی
نے اہل سنت کے عقائد پر دلائل سیکھے، اور دلائل بھی وہ مجادلہ و مناظرہ میں کام آتے
ہیں، اور پھر بالکل انہی دلائل کا رہا، اور یہ سمجھ لیا۔ کہ اس علم کے سوا
اور کوئی علم ہی نہیں۔ اگر کوئی چیز اس کے دل میں آئے گی تو یہ کہے گا۔ جو میں نے سنا
ہے اس کے خلاف ہے، اور جو کوئی اس کے خلاف ہے باطل ہے۔ ممکن نہیں کہ کبھی ایسے
شخص کو کاموں کی حقیقت معلوم ہو، کیونکہ جو اعتقاد کہ عوام کو سکھائے جاتے ہیں وہ
حقیقت کا سانچہ ہے، عین حقیقت نہیں اور معرفت پوری جب ہوتی ہے کہ حقائق پر
سے سانچے کو اٹھا دیا جائے جس طرح مغز کو چھلکے سے الگ کرتے ہیں۔ چاہیے کہ جو
شخص بحث کا اعتقاد ثابت کرنے کے لئے سیکھتا ہے، اس کو حقیقت حال نہیں کھلتے
جس وقت وہ گمان کرتا ہے۔ کہ جو کچھ میرے پاس ہے اس کے سوا اور ہیچ ہے اسی
وقت یہ گمان اس کا حجاب بن جاتا ہے، اس سبب سے یہ گمان اس شخص پر غالب
آجاتا ہے، جس نے کچھ سیکھا ہے۔ اکثر ایسا ہوتا ہے، کہ یہ لوگ اس درجہ سے محروم رہتے
ہیں، پس اگر کوئی شخص اس گمان سے پاک ہو جائے، اس کے واسطے علم حجاب نہیں
ہوتا، جب کسی کو کشف ہونے لگتا ہے۔ تو اس کا درجہ کمال کو پہنچتا ہے، اور اس کی راہ
زیادہ امن میں اور زیادہ ٹھیک اس شخص کی بہ نسبت ہوتی ہے، جس کا قدم پہلے سے
علم میں مضبوط نہیں پڑا، اور یہ ہوتا ہے کہ مدت دراز تک بیہودہ خیال کی قید میں رہنے
سے تھوڑا سا شبہ اس کے لئے حجاب ہو جاتا ہے، اور عالم ایسے کھٹکے سے امن میں
ہے، پس اس بات کے معنی کہ علم حجاب ہے، جاننے چاہئے اور جب سنے کہ وہ مکاشفہ
کے درجے کو پہنچتا ہے، تو انکار نہ کرے، لیکن حلال کو حرام سمجھنے والے اور نفس

Marfat.com

کے قیدی یہودہ لوگ جو اس زمانہ میں ظاہر ہوئے ہیں ان کو یہ حال کبھی نصیب ہی نہیں ہوتے۔ ہاں صوفیوں سے بناوٹ کی چند باتیں واہیات سیکھی ہیں، اور اُن کا مشغلہ یہ ہے۔ کہ تمام دن اپنا بدن دھوتے ہیں۔ اور کنگھی چوٹی اور مصلی اور مرقع کی آرائش میں لگے رہتے ہیں اور علم کی اور علماء کی مذمت کرتے ہیں۔ یہ لوگ واجب القتل ہیں کیونکہ مخلوق کے حق میں شیطان ہیں اور خدا اور رسول کے دشمن۔ اسلئے کہ خدا اور رسولؐ نے علم اور عُلماء کی تعریف کی ہے۔ اور تمام جہان کو علم سیکھنے کی ہدایت فرمائی ہے یہ بدبخت نفس پرور نہ صاحب مال نہ صاحب علم ان کو یہ بات کہنی کب جائز ہے۔ ان کی مثال اس شخص کی سی ہے۔ جس نے سُنا تھا۔ کہ کیمیا سونے سے بہتر ہے۔ کیونکہ اس سے بہت سونا بن جاتا ہے۔ اور جب سونے کے خزانے اس کے سامنے کئے جاتے ہیں۔ تو انہیں ہاتھ نہیں لگاتا۔ اور کہتا ہے۔ کہ سونا کس کام ہے۔ اور کیا قدر کے قابل ہے کیمیا چاہیئے کہ وہ اصل ہے۔ یہ شخص تو سونا لیتا نہیں۔ اور کیمیا کو کسی آنکھ سے دیکھتا نہیں، نہ اُسے معلوم پس بدنصیب اور مفلس اور بھوکا رہتا ہے۔ اور اس بات کی خوشی سے کہ میں کہہ چکا کہ وہ کیمیا سونے سے بہتر ہے۔ پھولا نہیں سماتا اور شیخی بھگارتا ہے۔ پس انبیاء اور اولیاء کے کشف کی مثال کیمیا جیسی ہے۔ اور علماء کے علم کی مثال سونے جیسی ہے۔ اور کیمیا والے کو سونے والے پر ہر طرح فضیلت ہے۔ لیکن یہاں ایک نکتہ ہے۔ کہ اگر کسی کے پاس اتنی کیمیا ہے کہ اس سے سو اشرفیوں سے زیادہ حاصل نہیں ہوتا۔ اس کو اس شخص پر فضیلت نہیں ہوسکتی جس کے پاس ہزار اشرفیاں ہیں۔ اور جس طرح کیمیا کی کتابیں اور اس کا چرچا اور اس کے طالب علم بہت ہیں اور اس کی حقیقت زمانہ میں بہت کم ہاتھ آتی ہے۔ اور بہت سے لوگوں کو جو اس کے طالب ہیں نتیجہ کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ صوفیہ کا کام بھی ایسا ہی ہے۔ کہ اصلیت اِن میں کم ہے۔ اور جو کچھ ہے تھوڑی ہے اور کم ہیں وہ لوگ جو کمال کو پہنچتے ہیں۔ پس جاننا

Marfat.com

چاہیئے۔ کہ جس کو صوفیوں کا تھوڑا سا حال میسر ہوا ہو۔ اس کو ہر عالم پر فضیلت نہیں کیونکہ اکثر ان میں ایسے ہیں۔ کہ ابتدا میں کچھ حال ان پر وارد ہوتا ہے۔ پھر اس مقام سے گر پڑتے ہیں۔ اور کمال کو نہیں پہنچتے اور بعض ایسے بہتے ہیں۔ کہ خبط اور خیال ان پر غالب آجاتا ہے۔ اور اس کی کچھ اصلیت نہیں ہوتی۔ اور یہ لوگ گمان کرتے ہیں۔ کہ یہ کام کی بات ہے۔ اور اصل میں وہ ایسے نہیں ہوتے اور جس طرح خواب میں سچی اور جھوٹی باتیں ہوتی ہیں اس حال میں بھی ایسا ہی ہوتا ہے۔ بلکہ علماء پر فضیلت اس شخص کو ہے۔ کہ اس کا حال ایسا کامل ہو کہ جو علم دین سے تعلق رکھتا ہے اور دوسروں کو سیکھنے سے آتا ہے۔ اور اسے آپ ہی آپ بے سیکھے آجاتا ہے۔ اور یہ بہت نادر ہے پس چاہیئے کہ تصوف کے طریقہ کی اصلیت اور صوفیوں کی فضیلت پر ایمان ہو اور زمانے کی ان نفس پروروں کے سبب سے صوفیوں سے بے اعتقاد نہ ہو اور جو کوئی ان میں سے علم اور علماء پر طعن کرتا ہے۔ جان لے کہ کچھ حاصل نہ ہونے کے سبب سے کرتا ہے۔

آپ کے بعض کلام:۔ جو آپ سے بعض مقام کرام میں صادر ہوئے۔ صبح وصال کے نسیم جب ان لوگوں کی منزلوں سے گزرتی ہے۔ جو رنگ تودہ پر پھیلی ہوتی ہیں اور اتصال کی راتوں کا خیال جب ان لوگوں کی خوابگاہوں کی طرف آتا ہے۔ جو رات کی ساعت میں جدا کئے گئے ہیں اور جب روح خبر پوچھنے کیلئے قدموں پر کھڑی ہو جاتی ہے۔ اور آنکھ دیکھنے سے اعراض کرکے آنسو بہانے کی طرف مشغول ہو جاتی ہے۔ اور ادم احوال گناہوں کے اعتراف کے قدم پر کھڑا ہو جاتا ہے۔ ہمتوں کا ابراہیم اَلْمَعُ اَنْ یَّقِفَ اِلَی الْعَطِیَّۃِ کے دروازے پر قدم راسخ سے کھڑا ہو جاتا ہے۔ اور ارادوں کا موسیٰ طور مُنْتُ اِلَیْکَ کے قبہ پر بیہوش گر پڑتا ہے۔ اور ایوب رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ کے ہاتھ

Marfat.com

سے اشارہ کرتا ہے۔ اور سلیمان جہانی اپنی دولت کے بساط انبساط پر اِنَّ لِرَبِّکُمْ فِیْ اَیَّامِ دَھْرِکُمْ نَفَحَاتٌ کی ہوا پر سوار گزرتا ہے۔ اور تمام قلب خواطر کی رعایا کو سلطان جلال کی لشکر کے انتظار اور بادشاہ کمال کی جیوش کے استیلاء کے وقت کہتا ہے یٰاَیُّھَا النَّمْلُ اُدْخُلُوْا مَسَاکِنَکُمْ پس بہت سے ایسے دقیق مسالک آتے ہیں جن کی کیفیت کی معرفت سے دہم حیران اور سرگردان ہو جاتا ہے۔ اور بہت سے ایسے رقیق معنی ظاہر ہوتے ہیں کہ فکر دل اسکی مابیت سے تنگ آجاتا ہے۔ کبھی تو وہ برق کی طرح چمکتے ہیں۔ اور کبھی شمس کی طرح طلوع کرتے ہیں پس قلوب وحدہ بشتیاق سے ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتے ہیں۔ اور روح پیاس اور جلن سے سرگردان ہو جاتے ہیں ——— پس اے رواح کے قافلو ان منازل کی طلب میں کوشش کرو۔ اور اے دلوں کے عمدہ گھوڑوان محافل میں نزول کے لئے جلدی کرو۔ وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَیَرَی اللّٰہُ عَمَلَکُمْ وَرَسُوْلُہٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَسَتُرَدُّوْنَ اِلٰی عَالِمِ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ فَیُنَبِّئُکُمْ بِمَا کُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ۔ آپ کا قول ہے پہلے سمجھ اور پھر جدا ہو جا۔ جو شخص بغیر علم کے عبادت کرتا ہے، تو اس کی اصلاح کرنے والی چیزیں کم ہوں گی، اور خراب کرنے والی بہت۔ اپنے ساتھ اپنے رب کے نور کا دیا ہے۔ جو شخص اپنے علم کے موافق عمل کرے گا، تو اللہ تعالےٰ اُسے ایسا علم عطا کرے گا۔ جسے وہ نہیں جانتا۔ خدا کے سوائے ہر چیز سے قطع تعلق اغیار اور اسباب دنیوی چھوڑ دے۔ اپنے خدا کے ساتھ تین دن تک خلوص تو ہے۔ تو پھر بدل سے تیری زبان پر حکمتوں کے چشمے جاری ہو جائیں گے اور خدا کی آگ کو وہ ایسے دیکھے گا جیسے حضرت موسیٰ درخت سے آگ دیکھتے تھے اور اس کا دل اپنے نفس شیطانی اتباع اور طبع اسباب سے بچے گا۔ سمجھ جا میں نے آگ دیکھی ہے۔ اور دل سے آواز آئے گی کہ میں تیرا رب ہوں اور میں تیرا معبود ہوں۔

Marfat.com

پس میری عبادت کر اور میری یاد کے لئے نماز پڑھا کر۔ اور غیر کے سامنے عاجو
نہ بنا کر اور نہ کسی غیر سے تعلق رکھ۔ مجھے اچھی طرح سے پہچان اور غیر کو بھلا میرے
ساتھ مل اور غیر سے انقطاع کر اور مجھے طلب کر اور غیر سے اغراض کر کے میرے
علم قرب اور ملک کی طرف متوجہ ہو۔ جب یہ بات پوری ہو جائے گی۔ اور بقا
پورا ہو جائے گا اور جاری ہو گا۔ جو کچھ جاری ہو گا اور اس بندے کی طرف وحی ہو
گی اور خطاب ہو گا۔ کہ فرعون کی طرف جا اس نے سرکشی اختیار ہے۔ اے دل
نفس اور شیطان اور ہوا کی طرف جا۔ اور میری طرف ان کی راہنمائی کر اور کہو اگر تم
میری تابعداری کرو گے۔ تو میں تمہیں سیدھا رستہ دکھا دونگا۔ آپ کا قول روحوں کے
شہد کی مکھی جسموں کے وجود سے پہلے کُن کے چھتوں سے اُڑ کر توحید کے باغوں میں آئی۔ تا کہ
اُنس کے درختوں کے شگوفوں سے شہد چوسے۔ اور معرفت کی شاخوں سے پھل کھائے اور
مواطن قدس میں اپنے گھر بنائے اور درگاہ علو میں مقام قرب کی طرف اپنے رب کی نزدیکی
کے راستے چلے اور ہمم عالیہ کے ہاتھوں سے حضوری کے میوے چنے اور مقامات عالیہ پر
چڑھے۔ پس اسے قضاء قدر کے صیاد نے تکلیف کے جال سے شکار کر لیا۔ اور امر کے
ہاتھ سے بدنوں کے پنجروں میں اسے بند کر دیا۔ تو خدا نے اس روحوں کی مکھی کی طرف وحی
کی۔ کہ بدنوں میں تواضع سے اپنے پروردگار کے راستے پر چل۔ اور شریعت کے پھل کھا
اور حقیقت کے انوار کے شگوفوں سے چر۔ بلا عارفین کی ریحان ہے۔ اور رنج واصلین کے لئے
کی نسیم ہے سب سے بڑی بلا محبوب کا گم ہو جانا ہے۔ اور سب سے بڑا رنج محبوب کا نہ
ملنا ہے۔ حول و قوت سے بری ہو کر اُسے خدا کی سپرد کر دینا حقیقت توحید ہے۔ اور ہر مفلوح
کو عقل کی آنکھ سے مٹا دینا محض تقرار ہے قال اللہ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِي خَوْضِهِمْ يَلْعَبُونَ۔ اسم اعظم
اللہ ہی ہے۔ اور دعا تب مقبول ہوتی ہے۔ کہ جب تو اللہ کہے۔ اور اس وقت اس کے سوا
تیرے دل میں کسی کا خیال تک بھی نہ ہو عارفین کامل سے بسم اللہ کا لفظ ایسا ہے جیسے

Marfat.com

اللہ سے لفظ کُن۔ یہ ایسا کلمہ ہے۔ جو غم کو دور کرتا ہے۔ اور مصیبت کو زائل کر دیتا ہے۔ زبر کو باطل کر دیتا ہے۔ اور نور اِس کلمہ کا عام ہے اللہ ہر غالب پر غالب ہے۔ اور مظہر عجائب ہے۔ اللہ کی سلطنت بلند ہے۔ اور اُسکی شان ارفع ہے۔ اللہ بندوں کو اچھی طرح جانتا ہے۔ اور دلوں کا نگہبان ہے۔ اللہ جابروں پر غالب ہے۔ اللہ بڑے بڑے بادشاہوں کے تکبر توڑنے والا ہے۔ اللہ ظاہر و باطن جانتا ہے۔ اللہ پر کوئی چیز پوشیدہ نہیں ہے جو شخص اللہ کا ہو جاتا ہے۔ وہ اس کی حفاظت میں آتا ہے۔ جو اللہ کو دوست رکھتا ہے۔ وہ اس کے سوا کسی کو نہیں دیکھتا جو اللہ کے راستے پر چلتا ہے۔ وہ اللہ تک پہنچ جاتا ہے جو واصل باللہ ہو جاتا ہے۔ وہ اللہ کی حفاظت میں زندگی بسر کرتا ہے۔ جو اللہ کا مشتاق ہوتا ہے۔ وہ اللہ سے مانوس ہو جاتا ہے۔ جو اغیار کو ترک کرتا ہے۔ تو اللہ کے ساتھ اس کا وقت صاف ہو جاتا ہے۔ اللہ کا دروازہ ہی کھٹکھٹا اللہ ہی کو پناہ ڈھونڈ اور اسی پر ہی توکل کر اللہ سے اعراض کرنے والے اللہ کی طرف رجوع کر یہ میرے اسم کا سماع دارالشفاء میں ہے۔ تو تمنا کا وقت کیسے ہوگا۔ یہ حالت دارالمحنت میں ہے۔ پس دارالنعمت میں کیسے ہوگی باوجود تیرے دروازے پر ہونے کے میرا یہ حال ہے۔ تو جب پردے اٹھا جائیں گے پھر کیسے ہوگا۔ اور یہ حالت اس وقت کی ہے۔ کہ میں نے تجھے آواز دی ہے۔ اور جب میں تجھ سے راز کہوں گا وہ حالت کیسی ہوگی۔ قوم مشاہدہ میں ہے۔ اور بزرگی کی سمندر اُن کی طرف دارد ہو رہی ہیں۔ عاشق صادق پرندہ کی طرح ہے۔ جو درخت پر بیٹھا ہوا نہیں سوتا بلکہ صبح خالی اوقات اپنے دوست کو پکارتا ہے۔ قرب کی بُو اُن کے دلوں پر چلتی ہے۔ تو وہ اپنے رب کے ذکر کی طرف مشتاق ہوتے ہیں۔ افسوس ہے تم پر کہ تم کیسے مرد گے۔ حالانکہ تم نے اپنے پروردگار کو نہیں پہچانا۔ شجاعت ایک ساعت کا صبر ہے۔ اللہ نے بعض عارفین کو اس شراب سے ایک قطرہ پلایا۔ اور ساقی قدرت نے دیکھنے کے لئے اسے خالی کر دیا۔ تو اس کی روح اپنے ہم نشینوں کے درمیان ناچنے لگی اور برق تجلی کے

Marfat.com

چمکتے وقت جبلِ موسیٰ اس کے دیکھنے کے شوق سے ہلا۔ پس اس نے سر محبوب کو دیکھا اور غلبہ عشق سے انا الحق کہہ دیا۔ اور اس کا دوسرا ہم نشین بھی مست ہوا اور اس نے سُبْحَانِیْ مَا اَعْظَمَ شَانِیْ کہہ دیا روحوں کے پرندوں کے ایک جماعت نے اپنے بدنوں کے پنجروں کو چھوڑ دیا۔ اور شوق کے بازو سے فضا عشق میں پرواز کیا۔ اور وجد کے بخد سے منادی ازل کی وادی کا قصد کیا۔ اور طمع کیا کہ طور قدم سے مشاہدے کا دانہ چگیں۔ لیکن ان کے طلب کے کبوتروں پر عظمت کے باز لپکے۔ پس زمین و آسمان کے سب متنفس بے ہوش ہوگئے۔ مگر جسے خدا نے چاہا وہ بے ہوش نہ ہوا۔ عالمین کے اسوار کے لئے ہمیشگی کے جلال کی خوبی روشن ہوئی۔ اور عیون عارفین کے لئے کمال احدیت کا نور غیب قدم کے مشکاۃ سے چمکا۔ اور اقدام خلائق پر فَاقْدُرُوا اللّٰہَ حَقَّ قَدْرِہٖ کے جنگل میں گر پڑی اور عاصی تبہ نسوا اللہ منقطع ہوئی۔ اے مریدوں کے گروہ صورت آدمی میں غیب سے ایک راز رکھا گیا ہے۔ اور اس کی مٹی میں بلندی کا خزانہ مخفی ہے۔ پس سب نے اس کی معرفت کا قصد کیا۔ اور اس دفینہ پر مطلع ہونا چاہا۔ مگر نفوس کے پردے نے اسے منع کیا۔ اور اس نے اس چشمے پر جانے کا کوئی راستہ نہ پایا۔

حکایت:۔ حضرت ابوالحسنؒ دینوری فرماتے ہیں۔ کہ میرے استاد ابوجعفرؒ حیدلانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ میں نے پہلی عقیدت میں یعنے عالم ظاہری ہوتے کی حالت میں حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آنحضور ایک چبوترے پر بیٹھے ہیں۔ اور مشائخ صوفیا کی ایک جماعت آپ کے گرد اگرد بیٹھی ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ آسمان کے دروازے کھول دیئے گئے ہیں۔ اور ایک فرشتہ نیچے اترا ہے اور چھری اور لوٹا ہاتھ میں لئے ہوئے تھا۔ اور ایک

Marfat.com

ایک کے سامنے رکھتا تھا، اور وہ ہاتھ دھوتے تھے، اور جب میرے تک پہنچا تو آں حضرت نے فرمایا اٹھا لو کیونکہ یہ ان میں سے نہیں ہے۔ لوٹے والے نے لوٹا اٹھا لیا، اور چلا گیا، میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ میں ان سے تو نہ سہی لیکن آپ جانتے ہیں۔ کہ میں ان کو دوست رکھتا ہوں محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ان کو دوست رکھتا ہے۔ وہ ان ہی میں سے ہے۔

حدیث:۔ اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ۔

یعنے آدمی اس کے ساتھ ہوگا، جس سے اُسے محبت ہے

چلچلی لوٹا واپس لائے گئے۔ یہاں تک کہ میں نے بھی ہاتھ دھوئے آں حضرت میری طرف دیکھتے، اور ہنستے تھے، اور فرمایا، اگر ہم کو دوست رکھتا ہے، تو ہمارے ساتھ ہی ہے۔ ابو جعفر کہتے ہیں اس وقت میری صوفیوں سے صحبت نہ تھی۔

حکایت:۔ خواجہ بدر اسحاق کتاب اسرار الاولیا میں تحریر فرماتے ہیں کہ جب میں حضرت فرید الدین شکر گنج علیہ رحمت کی خدمت میں حاضر ہوا، اس وقت محمد صوفی خواجہ عزیز درویش مولنا یحیٰ غریب شیخ بدر الدین غزنوی شیخ جمال الدین ہانسوی شیخ جمال الدین عرف شیخ علاؤ الدین اور عزیز حاضر خدمت تھے۔ درویشی کے بارے میں گفتگو شروع ہوئی زبان مبارک سے فرمایا۔ اگر رسول اللہ درویشی کو قبول نہ فرماتے، تو درویشی کی برکت جہاں میں نہ ہوتی۔ پھر فرمایا ایک مرتبہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بارگاہ الٰہی میں عرض کی۔ اے بار خدایا دنیا اور اہل دنیا کس بات کے سہارے قائم ہیں، حکم ہوا درویشوں کی قدم کی برکت سے اے بیٹا اگر درویش جہاں میں نہ ہوتے تو دولت مندوں کی میرا قہر نگل جاتا، اور سب

Marfat.com

کو ہلاک کر دیتا۔ پھر فرمایا۔ اگر آرام دارین ہے۔ تو درویشوں کی صحبت میں ہے جب شیخ شہاب الدین سہروردی کے مہمان خانہ میں کوئی درویش نہ آتا تو فرماتے آج مجھ سے نعمت لے گئی ہے۔ جو کوئی درویش نہیں آیا۔ پھر فرمایا کہ ایک مرتبہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے تھے۔ کہ جبرائیل علیہ السلام آئے اور فرمانِ الٰہی سنایا کہ اے میرے حبیب جو لوگ فقیروں سے محبت کرتے ہیں اور ان کو اپنے پاس بٹھاتے ہیں تو اُن کے ساتھ دوستی کر اور اُن کے ساتھ بیٹھ پھر فرمایا کہ قیامت کے دن درویشوں سے معافی مانگی جائیگی اور دولت مندوں سے حساب لیا جائے گا۔ پھر فرمایا کہ میں نے شیخ واحد کرمانی کی زبانی سنا ہے کہ قیامت کے

دن درویشوں کو حکم ہو گا۔ کہ میزان و پل صراط کے پاس جاکر ان شخصوں کو اپنے ہمراہ بہشت میں لے جاؤ جنہوں نے دنیا میں تم سے محبت کی تھی۔ پھر فرمایا کہ قیامت کے دن بہت سے آدمی ایسے ہونگے پھر فرمایا کہ قیامت کے دن بہت سے آدمی ایسے ہوں گے جنہوں نے دنیا میں طاعت نماز روزہ وغیرہ سب کچھ کیا ہوگا۔ لیکن دوزخ میں جانے کا حکم ہوگا۔ وہ پوچھیں گے۔ کہ ہم نے تو دنیا میں نیک کام کئے تھے پھر کیوں ہم دوزخ میں جاتے ہیں۔ حکم ہوگا تم نے دنیا میں درویشوں سے روگردانی کی تھی۔ اور بعضے آدمی ایسے ہونگے جنہوں نے دنیا میں کوئی نیک کام نہیں کیا بلکہ گناہ در گناہ کرتے رہے۔ ان کے لئے بہشت میں جانے کا حکم ہوگا اور وہ حیران ہو جائیں گے کہ ہم نے تو دنیا میں کوئی نیک عمل نہیں کیا۔ پھر کس سبب سے ہمیں بہشت کا حکم ہوا ہے۔ فرمان ہوگا کہ گو دنیا میں تم نے گناہ کئے ہیں۔ لیکن تمہارے دلوں میں درویشوں کی محبت تھی۔ اور تم نے اُن سے نیک سلوک کیا۔ جس کی برکت سے تمہیں آج بہشت جانا نصیب ہوا۔ کوئی صحبت درویشوں کی صحبت سے اچھی اور نہ کوئی اس سے بڑھ کر عمل نیک اچھا ہے۔ پھر

Marfat.com

فرمایا جب شہر سے کوئی درویش فوت ہوتا ہے ، تو فرشتے اس کی موت پر افسوس کرتے اور روتے ہیں ۔ پس جس شہر میں درویش نہیں اس شہر میں خیر و برکت نہیں ۔

درویش را بہ شہر نہ بودی گر قیام　　گشتی سراسر ایں ہمہ عالم خراب حال
حُبّ درویشاں کلید جنّت است　　دشمن ایشاں سزائے لعنت است

پھر فرمایا ایک مرتبہ لاہور شہر اس طرح خراب ہوا تھا کہ اس شہر میں ایک بڈھن رہتا تھا چند روز ——— کے بعد مغل آنے والے تھے ۔ وہ جامع مسجد میں گیا اور لوگوں سے مخاطب ہو کر کہا کہ اے مسلمانوں اب ہم اس شہر سے جاتے ہیں کسی نے نہ پوچھا کہ کیوں جاتے ہو ۔ بلکہ کہا کہ بہتر ہے کہ ایسا درویش یہاں سے چلا جائے جب آپ شہر چھوڑ گئے تو مغلوں نے آکر شہر کو لوٹ لیا اور لوگوں کو قید کر لیا ۔

حکایت :- منقول ہے کہ قطب العالم شیخ جلال الدین بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ۔ کہ ایک روز میں ملتان میں اپنے پیر و مرشد حضرت بہاؤ الدین غوث الاعظم کی خدمت میں تھا ۔ کہ ہاتھ یا پاؤں کے بوسہ دینے میں گفتگو شروع ہوئی ۔ تو آپ نے فرمایا یوسف بن حجاج کو جو بڑا ظالم بادشاہ تھا ۔ خواب میں دیکھا اور اس سے پوچھا کہ تیری کیا حالت ہے ۔ اس نے کہا کہ مجھے دوزخ میں ڈالنے کو تیار تھے ۔ میرے منہ سے نکلا کہ میں نے خواجہ حسن بصری کے ہاتھ کو بوسہ دیا تھا وہ خدا کے پیارے ہیں ۔ مجھے پیارو کے طفیل بخشا جائے اس لئے مجھے معافی مل گئی ہے اور بہشت میں داخل کیا گیا ۔ پس جو شخص کسی بزرگ کے ہاتھ یا پاؤں کو بوسہ دے گا ۔ امید ہے کہ اُسے غفور الرحیم بخش دے گا ۔ از کتاب خلاصۃ العارفین ۔

حکایت :- حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلوی فرماتے ہیں کہ ملتان میں

Marfat.com

ایک نوجوان گنہگاری میں مشہور دائم مصروف بہ فسق و فجور تھا وہ فوت ہوگیا فوت ہونے کے بعد اُسے بعض شخصوں نے کشف قبور کرکے دیکھا کہ سبز لباس پہنے بہشت میں ٹہل رہا ہے۔ اس سے پوچھا کہ تو بدکار و بدعمل تھا یہ درجہ تجھے کہاں سے ملا اس نے کہا جیسے تم کہتے ہو ٹھیک ہے۔ لیکن میری معافی کی یہ صورت ہے کہ ایک مرتبہ میں حضرت بہاؤالحق کے گھر کی طرف سے گذرا تو آپ کی دہلیز پر بوسہ دیا تھا، میں جب فوت ہوا تو حکم صادر ہوا کہ جس شخص نے میری پیارے کی دہلیز کو بوسہ دیا ہو میں اُسے آگ میں کیوں ڈالوں سبحان اللہ کیا شان کبریائی ہے۔ کہ دوست کس قدر پیارے ہیں، جیسا کہ فرعونی موسیٰ جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی نقلیں کیا کرتا تھا، حضرت موسیٰ کے نام کے لحاظ سے خداوند تعالیٰ نے بخش دیا تھا سب کو حال معلوم ہے۔ میں کیا عرض کروں۔

بیت

میرے پیاریاں نال پیار کریں پکی ہو پابند اس بات دے نی
غلام جیلانی پاسوں جاکے پچھ رستہ خواہشمند میرے جی نوں حیات دے نی

ہندی میں صحبت اولیاء کو ست سنگ کہتے ہیں شاستروں اور پورانوں میں لکھا ہے بغیر ست سنگ کے گیان نہیں پراپت ہوتا۔ ست سنگ سے پاپ بارود کی طرح اڑجاتے ہیں۔ اور سنسار سمندر سے پار اترنے کے لئے ست سنگ سے تم اوپر کوئی چیز نہیں صرف ست سنگ ہی ایک چیز ہے جو مکتی کا اچھا سہارا ہے۔ جس کے سہارے کو پکڑ کر بڑے بڑے پاپی پار اُتر گئے۔ ہندو اور مسلمانوں کے بزرگوں کی تصنیفات سے خوب معلوم ہوتا ہے جیسے تپتی ہوئی زمین کو بارش سرد کر دیتی ہے۔ ایسے ہی ست سنگ سے ہر دا گنا ہوں سے تپا ہوا سرد ہوجاتا ہے، جیسا کہ چراغ کے آگے

Marfat.com

سے اندھیرا دور ہوجاتا ہے۔ ایسے ست سنگ سے پاپوں کا ناش ہوجاتا ہے
اس لئے حضرت مولنا روم فرماتے ہیں۔

از جوارِ طالبان طالب شوی از جوار غالبان غالب شوی

ترجمہ:- جو بُردں کے پاس بیٹھے وہ بُرا ہوجائے گا۔ نیک ہونے کے لئے
نیکوں کی صحبت چاہیئے۔

ہم نشینی صالح ترا صالح کند ہم نشینی طالح ترا طالح کند

حدیث: اَلصُّحْبَۃُ مُؤَثِّرٌ
(یعنی صحبت اپنا اثر کر جاتی ہے۔)

حکائیت :- ایک کیڑے اور بھنورے میں دوستی تھی بھورا اپنی عادت کے مطابق باغ میں جاتا اور پھولوں کی خوشبو لیتا۔ اور کیڑا ہمیشہ گوبر وغیرہ کھاتا بھورے نے دیکھا کہ یہ دوستی کے خلاف ہے۔ جو میرا دوست بدبو میں اپنی عمر خراب کرے۔ یہ سمجھ کر اس کو باغ میں لے گیا اور کئی طرح کے پھولوں کی خوشبو سونگھائی مگر کیڑے کو مزہ نہ آئی۔ اور اپنی گوبر خوری کو اچھا سمجھا تب بھورے کو تعجب ہوا اور کہنے لگا کہ دیکھو یہ خوشبو چھوڑ کر بدبو پسند کرتا ہے۔ اس کا کوئی علاج کریں۔ یہ سوچ سمجھ کر اُسے ایک مہاتما یعنے درویش کے پاس لے گئے۔ اور سارا حال کہہ سنایا۔ درویش نے سنتے ہی کیڑے کو پکڑ کر جوک کی طرح سوت ڈالا اور اندر کا تمام میل اور گند نکال کر پھینک دیا اور پانی سے دھوکر تمام آلودگی دور کرکے بالکل صاف کر دیا۔ اور بھورے کو کہا کہ اب اسے لے جا کر پھولوں کی خوشبو سونگھا۔ جب بھورا نے کیڑے کو خوشبو سونگھائی تو کیڑا بہت خوش ہوا اور اب باغ سے باہر نکلنا ہی وبال جان سمجھتا تھا۔ سچ ہے جب تک پلید تھا تو پلیدی کو ہی پسند کرتا تھا۔

Marfat.com

حدیث، اَلْجِنْسُ یَمِیْلُ اِلٰی جِنْسِہٖ۔ یعنی ہر جنس اپنی جنس کی طرف رغبت کرتی ہے۔

حکایت :- پوتھی بھگت مال میں لکھا ہے۔ کہ ایک بیسوا بہت خوبصورت اور مالدار دکن کے کسی شہر میں رہتی تھی مکان اس کا اچھا صاف وستھرا بنا ہوا تھا مکان کے باہر دروازہ پر پیپل لگا ہوا تھا۔ چاروں طرف درخت کے چونترہ بنا ہوا تھا ایک روز اس طرف سادھوان کا گزر ہوا جگہ صاف دیکھ کر ٹھہر گئے اور درخت کے ٹہنوں سے جا بجا سالگ رام جی کے بٹوہ لٹکا دیئے اور اشنان کرکے بھگوت کی پوجا وسیوا میں مصروف ہو کر مگن ہو گئے شام کے وقت جب وہ بیسوا سنگار کرکے باہر آئی تو درخت کے نیچے چونترہ پر بھگوت بھگتوں کا ہجوم دیکھا کہ بھجن اور کیرتن کر رہے ہیں۔ دیکھ کر شرمندہ ہوئی اور کہنے لگے کہ اگر میرے حال سے ان کو خبر ہو جاوے گی تو افسوس کریں گے کہ ہم ایسے مکان پر کیوں ٹھہرے اس لئے اپنے مکان میں چلی گئی۔ اور کچھ دیر بعد تھال میں اشرفیاں رکھ کر بھیٹ کرنے کو لائی دیکھ کر سادھو بولا کہ پہلے تم اپنی ذات بتاؤ اس نے کچھ جواب نہ دیا جب اصرار سادھوں نے کیا اور کہا کہ کچھ خوف کسی قسم کا مت کر تو اپنا نام اور کام وقوم بتا جب اس نے بتایا تو سادھوں نے ہدایت کی کہ پہلے اپنے مال سے جو جمع کیا ہوا ہے ایک مکٹ یعنے تاج تیار کرا کر رگھناتھ جی کی بھیٹ چڑھا پھر تیری بھیٹ سب سادھو قبول کر لیا کریں گے بیسوا مذکور نے عرض کی کہ جب بھگتوں کو میری بھیٹ لینے سے انکار ہے تو بھگوت اس کو کس طرح منظور کریں گے سادھوں نے جواب دیا کہ اسکے حضور میں تو پریم و محبت اور اعتقاد کی ضرورت ہے۔ ذات اور پیشہ کی نہیں۔ لَا یَنْظُرُ اِلٰی وُجُوْھِکُمْ وَلَا اِلٰی اَعْمَالِکُمْ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ یَنْظُرُ اِلٰی قُلُوْبِکُمْ یعنے تمہارے کام اور منہ نہ دیکھے جائیں گے۔ لیکن اللہ دل دیکھے گا الغرض بیسوا نی

Marfat.com

تین لاکھ روپیہ خرچ کرکے چڑھاؤ ملکٹ بنوایا اور کمال محبت سے باجوں کے ساتھ ناچتی ہوئی اور پریم کے نشہ میں مست اس ملکٹ کو لے کر چلی جب نزدیک سری رگھناتھ جی کے مندر کے پہنچی تو کسی سبب سے اندر نہ جا سکی مگر بیقرار اور اپنی کم نصیبی پر پکار کر روتی تھی اور بے ہوش ہو جاتی تھی اور کہتی اے مہاراج دیالو کرپالو میں مہاپاپن ہتیاری آپ کے دربار میں بھیٹ لے کر آئی ہوں آپ اس کو قبول کریں۔ انتر جامی بھگوان نے جب اس کا سچا پریم اور محبت دلی دیکھی تو خود رگناتھ جی کی مورتی پنجے اتری اور سر نیچا کر دیا۔ بیسوا نے نمسکار کی اور ملکٹ سر پر رکھ دیا مورتی پھر اپنی جگہ پر چلی گئی اس روز سے وہ بیسوا پریم بھگتوں میں مشہور و معروف ہوئی۔ خیال کرنے کی بات ہے۔ کہ اس کو ست سنگ سادھوان کا قدرے ہوا اور اس ذرا سی دیر کے ست سنگ نے اس کے تمام پاپوں کا ناش کر دیا جیسے پتھر کی مورتی بھی سر جھکانے لگی نکتہ ھولیناروم صاحب علیہ الرحمت فرماتے ہیں کہ جیسی محبت ہو ویسا ہی انسان بن جاتا ہے۔ مثلاً روٹی جب تک دسترخوان پر پڑی ہے۔ تو جیسے دسترخوان جماد ہے ہی روٹی سوا بلائے بل نہیں سکتی۔ لیکن روٹی جب پیٹ میں گئی اور انسانی محبت ہوئی تو پھر کیا کیا رنگ بدلاتی ہے۔ یہاں تک کہ خون اور جزو بدن انسانی بن جاتی ہے جماد کی محبت سے جماد اور انسان کی محبت سے انسان۔

حکائیت مثنوی مولینا روم

یہ وصیت تھی رسولؐ پاک کی — با امام الاولیا یعنی علی
گو کہ ہو قوت میں تم شیر خدا — سب شجاعاں جہاں کے پیشوا
مت کرو میری پہ لیکن اعتماد — آؤ اندر سایہ نخل مراد !!!

Marfat.com

سایۂ اس دانا کا کر تو اختیار — ہو جو مکاری سے کلی برکنار
بس تفکر اس سے سوئے اللہ — سر کو اپنے مت پھرا طاعت سے گاہ
ظل ہے اس کا زمین پر کوہ قاف — روح ہے سیمرغ اس کی خوش طواف
دست گیر و بندۂ خاص اللہ — لے چلی طالب کو جو تا پیش گاہ
لغت اس کی جو کہوں میں تا قیام — غایت اس کی ہو... میں ہرگز تمام
آدمی میں ہیں نہاں وہ آفتاب — فہم کرد اللہ اعلم بالصواب
ہر کسی مخلوق کی طاعت جدا — جس میں اپنی مخلصی وہ ڈھونڈتا
سایہ عاقل کو مسامن جیکھئے — جنگ ہا با نفس و شمن جیکھئے
پیر جب پاوے تو ہو فرمان پذیر — صبر کر اس پر جو ہو ارشاد پیر
بے دلیل اس راہ میں کوئی گم گیا — جو گیا ہے وہ بہ لطف را بما
پیر کے ساتھ ہو صابر بے نفاق — تا نہ چوں موسیٰ سنے ندا فراق
غالبوں پر جان غالب دست پیر — ہاتھ اس کا قبضۂ رب قدیر
جب کہ پایا پیر نازک دل بنو — سست و در زندہ چوں آب و گل شنو
تو اگر ہر زخم پر کینہ کرے — پھر کہاں بے صیقل آئینہ کرے

کافی

ہو کامل پیر دے سائے — جہڑا پلوچ بھید گنوائے
جو حکم کرے توں سو یو کر! — بہادیں الٹا آوے تیری نظر
کر جو کچھ او فرمائے — ہو کامل پیر دے سائے
بنا پیر دے ملدا راہ نہیں! — بے گرجیہا کوئی گمراہ نہیں
ایویں مور کھ عمر گنوائے — ہو کامل پیر دے سائے

Marfat.com

واہ واہ مرد مکمل ظاہر ہیں — جو کامل عارف ظاہر ہیں
خود مولا صفت سنائے — ہو کامل پیر دے سلیٹے
جب کامل پیر دی پیر کرے — پیئی نظر دے وچ تاثیر کرے
سب خودی خیال وجائے — ہو کامل پیر دے سلٹے
ہو عاشق پیر دی صورت دا — پا برقعہ اس دی مورت دا
تیری ہستی دمبم مٹائے — ہو کامل پیر دے سائے
اوہ غلام جیلا لنگھ پار گئے — جہڑے کامل پیر دے سرن پیئے
پھڑ یا ہوں پار لنگھایے — ہو کامل پیر دے سائے

حکایت دہلی میں جہاں حضرت نظام اولیاء محبوب آلہٰی کا مزار مبارک واقع ہے وہاں ایک گاؤں بھی آباد ہے۔ اس کا نام حضور پاک کے نام مبارک پر بستی نظام الدین ہے۔ اس بستی میں خوبی نام ایک چمار رہتا تھا لوگوں کی جوتیاں گانٹھا کرتا تھا۔ اس کے دل میں محبت بزرگان دین کی یہاں تک سمائی ہوتی تھی۔ کہ عشق کے درجہ تک پہنچ گئی تھی۔ چنانچہ اس کا معمول تھا کہ شام کے وقت جب اپنی محنت مزدوری سے فراغت پاتا تو حضور کے مزار مبارک پر جا بیٹھتا تھا۔ اور اس طرح ادب کے ساتھ بیٹھا کرتا تھا گویا وہ حضور کو ظاہری آنکھ سے دیکھ رہا ہے۔ صبح سے شام تک جو کچھ واقعات گذرتے من وعن سنا دیا کرتا تھا۔ اس طرح کہ غریب نواز میں صبح بستر سے اٹھ کر باہر گیا وہاں سے آکر کھانا کھایا پھر یہ ہوا اور وہ ہوا آج میں نے اتنے پیسے کمائے ہیں فلاں سے لڑائی ہوئی فلاں سے صلاح ہوئی الحاصل جو کچھ اس کی آنکھوں نے دن بھر میں دیکھا اور کانوں سے سنا سب حرف بحرف حضور انور کی خدمت اقدس میں عرض کر دیتا تھا۔ پھر تھوڑی دیر خاموش رہ کر الٹے پاؤں گھر کو آتا تھا۔ ہر روز

Marfat.com

اس کا یہی معمول تھا ایک دفعہ ریاست بنگش کے نواب صاحب موصوف نے مزار شریف پر گنبد بنوایا، اور مطلاً کار بھی کرائی۔ جب کام ختم ہو چکا تو نواب صاحب نے اسی خوشی میں ساری بستی کو دعوت دی۔ لیکن اتفاقاً خوبی کو اس میں سے کچھ حصہ نہ ملا شام کو حسب معمول خوبی نے اپنا روز نامچہ سناتے وقت یہ بھی عرض کیا کہ غریب نواز آج نواب صاحب نے ساری بستی کو دعوت دی لیکن مجھے کچھ حصہ نہیں ملا اسی رات کو نواب صاحب موصوف کو حضرت محبوب الٰہی نے خواب میں زیارت سے مشرف فرمایا، اور فرمایا کہ ہم تم پر بہت خوش ہوئے کہ تم نے گنبد بنوایا اور دعوت وغیرہ کی۔ مگر افسوس کہ ہمارے خوبی کو تم نے کچھ نہ دیا اسے بھی کچھ دو صبح کو نواب صاحب جب جاگے تو ایک سو روپیہ نقد اور دو دیگیں کھانے کی پکوا کر خوبی چمار کو تلاش کرتے ہوئے اُن کے پاس پہنچے وہ کھاتا اور روپیہ پیش کیا اور معافی بھی طلب کی خوبی نے نہایت متانت اور محبت کے لہجے میں کہا ہاں جاؤ آج یہ بھی کہہ دیں گے

اس کے پیاروں کے ساتھ پیار کر کے ایسا کوئی شخص نہیں جس نے کچھ نہ پایا ہو بلکہ بڑے بڑے گنہ گاروں کے بیڑے پار گئے جو بڑوں کے پیچھے وہ برا ہو جائے گا۔ نیک ہونے کیلئے نیکوں کی صحبت چاہیئے۔

حکایت :- سورج اپنی روشنی عبادت خانوں تک محدود نہیں رکھتا مے خانوں اور غلاظت کے انباروں پر بھی شعاعیں فیاضی سے ڈالتا ہے۔ چاند صرف پرہیز گاروں کی گھر میں اپنی شہادنی چاندنی نہیں برساتا آوارہ گنہگار بھی اس کی تقسیم نور کا حصہ لیتے ہیں۔ ہوا جب چلتی ہے نیک و بد کو یکساں فائدہ پہنچاتی ہے پانی کے گھونٹ ہر گورے کالے اچھے برے ادنیٰ اعلیٰ کے حلق کو سیراب کرتے ہیں۔ جب فطرت کے یہ بڑے بڑے ہاتھ پاؤں مخلوق خدا سے مساوات برتاؤ کا کرتے ہیں۔ تو وہ دین فطرت کا پیام رساں پیغمبر الٰہی کا حکیم اول کیونکر بخیلی کر سکتا ہے۔ وہ تو ہوا پانی آگ سورج چاند سے زیادہ خدا کے بندوں کا الفتی ہے

Marfat.com

اس کے دل میں تو خدا نے ساری کائنات سے بڑھ کر مخلوقات کی محبت پیدا کی جب کوئی بد کردار بندہ اپنے گناہوں کی ندامت میں آنسو بہاتا ہے۔ اور پروردگار سے اس کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کا یا اور اس کے پیارے کا واسطہ دے کر معافی مانگتا ہے۔ تو صرف اسکی توبہ ہی قبول نہیں ہوتی بلکہ وہ رسالت مآب سرکار کا مقبول پیارا بن جاتا ہے اس دربار میں یہ پوچھ نہیں ہوتی کہ یہ بندہ کس قوم کا ہے یا کس ذات کا ہے۔ اور کیا چال وچلن رکھتا ہے۔ یہاں تک کہ اگر ساری عمر ناپاک جذبات کی غلامی میں گذاری ہو بد سے بدفرقہ میں پیدائش ہوئی ہو اور خدا اور رسول کی نافرمانی میں ساری زندگی گذر گئی ہو۔ مگر ایک دفعہ سچے دل سے توبہ کر لینا سب گناہوں سے بے زار ہو کر خدا کے دروازہ پر جھک پڑنا اور آقائے نامدار محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا دیگر ولی اللہ کو وسیلہ قرار دیکر خدا کی طرف رجوع ہونا سب گناہوں کا کفارہ ہو جاتا ہے۔ وہ ان تمام نعمتوں کا سزاوار بن جاتا ہے۔ جو نیکوں اور خدا کے بندوں کے لئے مخصوص ہیں۔

حکایت:- حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حالات میں درج ہے کہ ایک روز تعلیم دینیات کے وقت آپ بار بار کھڑے ہوتے تھے شاگردوں میں سے کسی نے پوچھا۔ کہ حضرت آپ آج بار بار کیوں قیام فرماتے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ مدرسہ کے دروازے کے سامنے لڑکے جو کھیل رہے ہیں۔ ان میں ایک صاحب زادہ سید اولاد فاطمہؓ زہرا بھی ہے جس وقت وہ میرے سامنے آتا ہے اس کی تعظیم کے لئے کھڑا ہوتا ہوں چوں کہ وہ آل رسول ہے۔ سبحان اللہ ایک امام وقت مجتہد و فقیہ اپنے پیارے کی نسل سے بھی کس قدر پیار کرتا ہے۔ کیوں نہ ہو۔ بے ادب محروم ماند از افضل رب۔

نقل ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کے زمانہ میں ایک گانے والا

Marfat.com

ستار بجایا کرتا تھا۔ شوقین لوگ در پردہ حضرت عمرؓ کے ڈر سے بھی اور دل بھی خوف کے مارے چوری گاتا۔ جب اُسکی عمر کو بڑھاپا آیا۔ تو آواز خراب ہوگئی۔ جب ستار بجاتا تو درست نہ بجا سکتا۔ بڑھاپے کی وجہ سے ہاتھ کانپتے تھے۔ جو شخص اس کی خوش آوازی پر جان قربان کرتے تھے وہ سب کے سب دوستی توڑ گئے۔ جو ہر وقت بلبل بیقرار کی طرح اس کے گرد رہتے تھے۔ سب رخ بدل گئے۔ کوئی قریب نہ آتا۔ گانے بجانے کی جو آمدنی تھی۔ سب بند ہوگئی۔ وہ بے چارہ عاجز ہوگیا۔ جب کئی روز کا فاقہ ہوا تو لاچار ہوکر ستار ہاتھ میں لئے قبرستان کی طرف روانہ ہوا۔ قبروں میں جاکر بہت گریہ اوزاری کی روتا اور کہتا اے خداوندا! اب تیرے دربار کے سوا کہاں جاؤں۔ جو دوست و آشنا تھے سب چھوڑ گئے۔ اب ان سے نا اُمید ہوکر تیرے دربار فیض آثار میں آیا ہوں۔ اے میرے مولیٰ میری فریاد سُن۔ آج کئی روز کا بھوکا ہوں۔ اسی طرح روتا روتا ستار پہلو میں رکھ کر قبر سے تکیہ لگا کر سوگیا۔ ادھر حضرت عمرؓ کو اشارہ ہوا۔ کہ اے عمر اسی وقت سات سو دینار بیت المال سے لے اور قبرستان میں جا اور وہاں میرا خاص دوست ہے یہ تحفہ اسے میری طرف سے دے اور سلام کہہ۔ حضرت عمرؓ اسی وقت اٹھے سات سو دینار لیکر قبرستان میں پہنچے۔ وہاں جاکر ڈھونڈنا شروع کیا۔ اِدھر اُدھر تلاش کرتے اُسے دیکھ کر آگے سرک جاتے دل میں خیال کرتے یہ تو وہی مردود ہے۔ جو گایا کرتا تھا۔ جب بہت تلاش کر چکے اور کوئی شخص نہ دیکھا تو آپ کے دل میں خیال آیا کہ اسی کے لئے حکم الٰہی صادر ہوا ہے

فرد

چشمۂ آب حیوان در تاریک است

اب اس کے پاس بیٹھ جاؤ۔ جب یہ بیدار ہوگا تو

یہ نذرانہ خدا کا اس کے پاس پیش کر دینا۔ اتنے میں مطرب کو جھینک آئی اور جاگ اُٹھا جب حضرت عمرؓ کو دیکھا تو خوف زدہ ہوکر بھاگنے کو تیار ہوا حضرت عمرؓ نے فرمایا بھاگ نہیں

Marfat.com

یہ سات سو دینار تیرے لئے خداوند نے بھیجا ہے۔ اور سلام کیا ہے۔ جب تو یہ سات سو دینار خرچ کرے گا تو پھر عمرؓ اپنی طرف سے تجھے دیا کرے گا۔ اور تو مقبول خدا ہے۔ مجھ سے ڈر نہیں یہ خوش پیغام سن کر ایک آہ بھری اور جان وجود سے نکل گئی۔ حضرت عمرؓ افسوس کے ہاتھ ملتے ہوئے واپس چلے آئے اور اسے بڑی عزت سے دفن کروایا

قول غوث الاعظمؓ

فَقَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی یَا غَوْثَ الْاَعْظَمِ قُلْتُ لَبَّیْکَ قَالَ کُلُّ طَوْرٍ بَیْنَ النَّاسُوْتِ وَالْمَلَکُوْتِ فَھِیَ شَرِیْعَۃٌ وَکُلُّ طَوْرٍ بَیْنَ الْمَلَکُوْتِ وَالْجَبَرُوْتِ فَھِیَ طَرِیْقَۃٌ وَکُلُّ طَوْرٍ بَیْنَ الْجَبَرُوْتِ وَاللَّاھُوْتِ فَھِیَ حَقِیْقَۃٌ۔

ترجمہ: مجھ کو فرمایا اللہ تعالیٰ نے، اے غوث الاعظم، میں نے عرض کیا کہ الٰہی! ارشاد ہو، اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جو راہ ناسوت اور ملکوت کے درمیان میں ہے وہ شریعت ہے۔ اور جو راہ جبروت اور ملکوت کے درمیان میں ہے، وہ طریقت ہے۔ اور جو راہ جبروت اور لاہوت کے درمیان میں ہے، وہ حقیقت ہے۔

فائدہ:۔ واضح ہو کہ عالم ظاہر کو ناسوت کہتے ہیں۔ اور ملائکہ کو ملکوت اور عالم معقولات کو عالم ارواح و جبروت اور جو عالم ان کے سوا ہے اُسے لاہوت بولتے ہیں۔ یا یوں سمجھئے کہ لاہوت ذات ہے اور جبروت صفات ہے۔ ملکوت فعل اور ناسوت اثر فعل ہے۔ ناسوت جبروت تک افعال و اقوال ہیں جیسا کہ حدیث میں وارد ہے اَلشَّرِیْعَۃُ اَقْوَالِیْ وَالطَّرِیْقَۃُ اَفْعَالِیْ وَالْحَقِیْقَۃُ اَحْوَالِیْ وَالْمَعْرِفَۃُ رَأْسُ مَالِیْ۔ ترجمہ شریعت میرا قول ہے اور طریقت میرا حال ہے، اور معرفت میرا راس المال ہے، اور درمیان جبروت اور لاہوت کے حقیقت یعنی حال ہے۔ جو کلام سے تعبیر نہیں کیا جاتا۔ وہاں نہ گفتار ہے نہ کردار انسان جب شریعت کے منازل طے کر لیتا ہے۔ تو حقیقت میں داخل ہونے

Marfat.com

کے قابل ہوجاتا ہے۔ انسان کا وجود ناسوت کے مرتبہ میں ہے اور دلِ ملکوت کے مرتبہ میں اور روح جبروت کے مرتبہ میں اور سر لاہوت کے مرتبہ میں جب انسان ناسوت کے مرتبہ سے گذر جاتا ہے تو ملکوت میں جب ملکوت سے گذر جاتا ہے۔ تو جبروت میں جب جبروت سے گذر جاتا ہے تو لاہوت میں پہنچ جاتا ہے۔ زبان دل روح سر سب کا ذکر علیحدہ علیحدہ ہے زبان کا ذکر ناسوتی ہے۔ دل کا ذکر ملکوتی ہے۔ روح کا جبروتی سر کا لاہوتی زبان کا ذکر کلمہ شریف پڑھنا یا اور کوئی چیز پڑھنی دل کا ذکر صرف اللہ۔ اللہ۔ اللہ اور روح کا ذکر ہو۔ ہو۔ ہو اور سر کا ذکر اَنَا یعنی میں یہاں نہ عبارت ہے نہ اشارت خلاصہ مطلب یہ ہے۔ کہ اقوال پہ عمل کرنا شریعت ہے اور اخلاق الہٰی سے رنگین ہوجانا طریقت ہے اور حال یعنی فنا فی اللہ حقیقت اور بقا باللہ معرفت ہے اور یعنی یہاں پر اپنی حقیقت کھل جاتی ہے سو اے یار دلدار پہلے پہل تیرے عشق نے مجھے خوب جلایا۔ اور طڑپایا۔ اور میں نے طرح طرح سے تیرے وصل کیلئے جد وجہد کی جس کا آخر کار نتیجہ ہوا کہ میں واصل ہوگئی اَب مجھے یہ معلوم نہیں کہ میں ہوں بھی یا نہیں۔ حضرت مولانا روم فرماتے ہیں

ہر کہ چیزے جست بیشک یافت او　　چوں وجد اندر طلب بشتافت او
چوں نہادی در طلب پا اے پسر!　　یافتی و شد میسّر بے خطر

نقل ہے :۔ جب مجنوں عاشق ہوا تو سوز و گداز حد سے بڑھ گیا۔ اور دور تک اُس کا عشق مشہور ہوگیا۔ تو امتحان کے لئے لیلیٰ نے ایک آدمی بھیجا کہ مجنوں سے ایک ٹکڑا گوشت کی طلب میں روانہ کیا۔ تو مجنوں نے جواب دیا کہ کاٹ کرلے جاؤ۔ اُس نے آکر لیلیٰ سے بیان کیا تو لیلیٰ نے کہا ہاں اب عشق میں آیا ہے اور یہ مرتبہ ملکوتی ہے۔ کچھ عرصہ کے بعد اَنَا لیلیٰ کہنے لگا۔ جس طرح شاہ منصور نے اناالحق کہا تھا

Marfat.com

یہ مرتبہ جبروتی اور فناء فی العشق ہے۔ چند روز کے بعد صرف لیلیٰ لیلیٰ کہنا شروع کیا یہ مرتبہ لاہوت و توحید ہے۔ اس کے بعد گم گشتگی پیدا ہوئی۔ نہ لیلیٰ یاد رہی نہ مجنوں یہ مرتبہ ہاہوت کا ہے۔ نہ خود نہ خودی نہ خدا کچھ باقی نہ رہا۔ نہ ذکر نہ ذاکر نہ مذکور صرف ہُم ہُم نہ ہم تم اسی مرتبہ کے لئے اشارہ ہے مَنْ عَرَفَ رَبَّہٗ کَلَّ لِسَانُہٗ یعنی جس نے اپنا رب پہچانا بند ہوئی زبان اس کی آزاد جب ہوا۔ تو خاموشی کرا اختیار زیبا ہے۔ شور مرغ گرفتار کے لئے اِس میدان پہنچ کر اونچی آواز بھی نکالنی منع ہے۔

نقل ہے۔ کہ حضرت داؤد علیہ السلام پر وحی نازل ہوئی۔ کہ ہمارے لئے اے داؤد پاک گھر تیار کر۔ تاکہ میری عظمت اس میں نزول کرے۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے عرض کی کہ یارب وہ کون سا گھر ہے جو تیری عظمت کے لائق ہے۔ ارشاد ہوا کہ وہ مومن کا دل ہے داؤد نے عرض کی کہ اسکو کس طرح پاک کردں ہاتف غیبی نے ندا کی کہ عشق کی آگ سینے میں روشن کر جس نے غیریت کی خس و خاشاک جل کر صاف محبت الٰہی کے لائق ہو جائے۔

حکایت:- ایک کتاب میں لکھا ہوا دیکھا ہے۔ کہ ایک شخص تھا اس نے لون کی پتلی بنا کر اس کے سر میں تار لگا کر اور کشتی میں بیٹھ کر دریا کی گہرائی کا پتہ لینا شروع کیا۔ جب پتلی کو غوطہ لگا کر باہر لاتا تو دریافت کر لیتا۔ کہ اس جگہ کس قدر پانی ہے جابجا غوطہ لگانے سے تھوڑی دیر میں پتلی کا کام تمام ہوا۔ پھر دریافت پر دریا سے آواز آئی۔ کہ اب میں دریا ہو گئی ہوں اب مجھے پتلی کہہ کر آواز نہ دینا۔

چنانچہ بایزید بسطامی۔ رحمۃ اللہ علیہ کی ملاقات کے لئے ایک شخص بسطام

Marfat.com

شریف میں آیا اور آپ سے ہی دریافت کیا کہ بایزید کہاں ہے۔ آپ نے فرمایا بایزید تیس سال سے گم ہے۔ اس کا نام زبان پر لانا جائز نہیں وہ خدا کی ہستی میں گم ہے۔

حکایت:- خواجہ معین الدین علیہ رحمت فرماتے ہیں۔ جب تک ہماری شادی نہ ہوئی تھی بلا دعا تمام حاجات پوری ہوتی تھیں اب دعا کی ضرورت پڑتی ہے۔ یہ بات سن کر سلطان التارکین مولنا حمید الدین صوفی نے عرض کی خواجہ آپ نے بجا و درست فرمایا۔ جب تک حضرت عیسیٰ علیہ السلام نہ پیدا ہوئے تھے حضرت مریم کو میوے غیر موسم کے ملتے تھے۔ حضرت عیسیٰ کے پیدا ہونے پر بھی انتظار رہتا تھا۔ ارشاد الہٰی ہوا اے مریم اب گھر بھی بلا محنت رزق کا انتظار نہ کیا کرو۔ ہاتھ پیر ہلاؤ۔

وَهُزِّيْ اِلَيْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسَاقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا ط

ترجمہ: ہلا اپنی طرف کھجور کی جڑ اس سے گریں گی تجھ پر پکی ہوئی کھجوریں۔

قول جناب فرد الاحباب غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے

ہیں میں تجھے یہاں دیکھ رہا ہوں۔ تمہارا وعدہ لوگوں سے قیامت کا کیوں ہے۔ کہ تم کو وہاں میرا دیدار ہوگا سو اے پیر جنہوں نے مجھے دنیا میں دیکھا ہے وہی مجھے وہاں پہنچائیں گے اور نجات پائیں گے اس لئے لازم بلکہ فرض عین ہے۔ کہ یہاں ہی اس کی معرفت حاصل کریں۔ تاکہ آخرت میں بھی پہچانیں۔ مثلاً جب ہماری کسی سے آشنائی ہو۔ پھر ہم میں کسی وجہ سے دوری ہو گئی۔ پھر جب کبھی ہم ملیں گے۔ تو ایک دوسرے کو پہچان لیں گے۔ بلکہ پہلے سے بھی زیادہ محبت ہو گی۔ اور ناواقف کسی مشہور معروف آدمی کو ہی سنے۔ تو بھی نہیں پہچان سکتا۔ خواہ اس شخص کی کتنی ہی صفت ثناء بھی سن چکا ہو۔ دیکھتے ہی کبھی یقین نہیں ہوتا۔ کہ وہی ہے۔ جس کی تمام جہان میں دھوم ہے۔ حدیث میں وارد ہے

Marfat.com

کرنا آشنا خدا کو دیکھ کر کہیں گے۔ یہ ہمارا خدا نہیں۔ ہمیں ہرگز یقین نہیں آتا۔ پھر خدائے تعالیٰ ان کے خیال کے مطابق تجلی فرمائے گا۔ جیسا کہ وہ دنیا میں حمادی خدا تصور کئے ہوئے ہیں۔ پھر مان لیں گے اور سورت قلم میں آیت ہے۔ کہ قیامت کو خداوند کریم تمام اہل اسلام کو بلائے گا۔ اور پنڈلی کھولے گا۔ اور فرمائے گا کہ ہم کو سجدہ کرو۔ اہل تحقیق دیکھتے پہچان کر سجدہ کریں گے۔ اور جن لوگوں نے دنیا میں نہیں پہچانا اور نہ سجدہ کیا وہ وہاں انکار کریں گے۔ کہ یہ خدا ہی نہیں ان کی پیشانی ٹیڑھی ہو جائے گی دیکھو سورت قلم تفسیر عزیزی۔

قول خواجہ معین الدین

رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ کہ اہل محبت کی فریاد بوجہ شوق و اشتیاق اس وقت تک رہتی ہے۔ کہ جب تک وہ دوست سے نہ مل جائیں اس واسطے کہ عاشق اسی وقت تک واویلا کرتا ہے۔ جب تک اس کا وصال نہ ہو جائے۔ جب معشوق کو دیکھ لیتا ہے۔ تو گفتگو بیچ سے اٹھ جاتی ہے۔ پھر اس طرح تحریر فرمایا ہے۔ کہ ندیوں میں بہتا ہوا پانی شور کرتا ہے۔ لیکن جب سمندر میں جا ملتا ہے، تو پھر آواز بس ہو جاتی ہے۔ اس طرح جب عاشق و معشوق کا وصال ہو جاتا ہے، تو عاشق واویلا نہیں کرتا۔

پھر اپنے ملفوظات میں لکھتے ہیں عشق و محبت میں گفتگو اور حرکت مشغول ہیں یہ اس وقت تک ہی جب تک باہر ہیں۔ جب اندر آجاتے ہیں۔ تو پھر آرام و خاموشی اور سکوت حاصل ہوتی ہے۔ فریاد و شور سب جاتے ہیں۔

حکایت

۔ حضرت سہل نے اپنے ایک مرید کو کہا کہ تمام دن اللہ اللہ کے سوا کوئی کلام نہ کر پھر تین دن کے لئے اور تاکید کی پھر کچھ دن اور بڑھا دیئے یہاں تک

Marfat.com

کہ جب مرید سوتا اور خواب دیکھتا تو اللہ اللہ کی آواز سنائی دیتی ایک مرتبہ مکان کے چھت کی لکڑی مرید کے سر پر گری خون کے قطرے جو زمین پر گرے ان سے بھی اللہ اللہ ہی لکھتا گیا۔

حکایت:۔ مؤلف ایک دفعہ خاکسار مؤلف کتاب ہذا اجمیر شریف پہنچا وہاں کئی ایک درویشوں سے ملنے کا موقع بلا گفتگو سے معلوم ہوا کہ درگاہ شریف کے قرب وجوار میں ایک حست رہتے ہیں۔ بڑے کامل اور مکمل ہیں۔ خیر ہم حاضر خدمت ہوئے بڑی جستجو کے بعد ملاقات ہوئی باتوں باتوں میں بے تکلفی ہو گئی آپ نے آنے کا سبب پوچھا تو بندہ نے عرض کی کہ اے حضور کا بڑا نام مشہور ہے۔ اور خداوند کریم نے آپ کو بڑا کمال عطا فرمایا ہوا ہے۔ لوگوں کو آن ہی آن میں منزل مقصود تک پہنچا دیتے ہو۔ آپ میری گفتگو کو سن کر مسکرائے اور فرمایا تمہارا یہاں آنا کس طرح ہوا کچھ اپنا مطلب بھی بیان کرو جب خاکسار نے آپ کی کمال مہربانی و شفقت اپنے حال پر دیکھی تو عرض کیا کہ حضور بندہ نے عالم خلق کی سیر کر لی ہے۔ اور آپ مجھے عالم امر کی سیر کرا دیں۔ یہ بات سن کر آپ نے چندے خاموشی کی پھر فرمایا اچھا بھرو روزہ رکھنے کا حکم دیا تین دن کے بعد قریبًا دو بجے شب بندہ کو روبرو بٹھا کر توجہ دینی شروع کی کچھ دیر کے بعد اپنے اس شغل سے ہٹ کر بندہ سے دریافت کیا کہ تم پہلے بھی کسی بزرگ ملے ہو بندہ نے عرض کی کہ حضور بہت سے بزرگوں کی خدمت میں حاضر ہو چکا ہوں۔ آپ نے فرمایا نہیں کسی خاص سے خاص طور پر بندہ نے عرض کی حضور میں تو سب کو خاص سمجھ کر ہی حاضر خدمت ہوتا رہا ہوں پھر آپ نے فرمایا نہیں کسی خاص سے خاص طور سے بندہ نے عرض کی کہ اس دریافت سے کیا مطلب ہے آپ نے فرمایا کہ جب میں نے توجہ دینی شروع کی تو تمہارے اور ہمارے دل کے

Marfat.com

درمیان کئی پردے حائل ہیں ۔ جب ہم وہ سب پردے ہٹا کر تمہارے دل تک پہنچے تو کیا دیکھا کہ تمہارے دل پر ایک شخص بیٹھا ہے۔ اس نے ہماری طرف غصہ کی نظر سے دیکھا جسکی ہم تاب نہیں لاسکتے اس لئے ہم واپس چلے آئے ہیں ۔ بندہ نے عرض کی کہ حضور وہ کس شکل وشباہت کے ہیں۔ زندہ ہیں یا انتقال کرگئے ہیں آپ نے فرمایا زندہ یا انتقال کا مجھے کچھ پتہ نہیں ۔ لیکن اس شکل وصورت کے ہیں اور تمہارے دل پر قابض ہیں وہ تمہارے ہر رگ وریشہ میں خون کے ساتھ بدن میں پھر رہے ہیں ۔ ان کے سوا کوئی بھی تمہارے جسم میں تصرف نہیں کرسکتا ۔ جب کرائیں گے وہی عالم امر کی سیر کرائیں گے جب مناسب سمجھیں گے کرادیں گے ۔ وہ تمہاری ہر بات اور حالت سے واقف ہیں ۔ جب بندہ نے تمام حُلیا اور شکل وصورت اپنے قبلہ وکعبہ کے حالات سن لیئے تو صبح وہاں سے چل کر آں جناب کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر تمام حال گذشتہ عرض کیا ۔

حکایت :- مخفی نہ رہے کہ اکثر کتب عملیات بازاروں میں فروخت ہوتے ہیں اور بعض احباب ان میں سے کوئی خرید لاتے ہیں ۔ اور اپنی مطلب برآری کے لئے حسب منشاء عمل نقل کرکے منتظر کامیابی کے ہوتے ہیں جب کامیابی نہیں ہوتی بلکہ بعض اوقات بجائے فائدہ نقصان عاید ہوجاتا ہے ۔ تو پھر مصنف پر زبان طعن وتشنیع دراز کرتے ہیں اور اپنی غلطی پر کوئی نظر اندازی نہیں کرتے ۔ کہ شاید ہم سے ترکیب وغیرہ میں کوئی نقص صادر ہوگیا ہو اور یہ امر مسلم ہے کہ کاملین ہر فن نے ہر چیز کے واسطے ترتیب وترکیب مدنظر رکھی ہے ۔ جب تک ترکیب کے شرائط درست نہ ہوں تو کام درست نہ ہوگا ۔ مثلاً ایک شخص وضو میں پہلے پاؤں دھوتا ہے ۔ پھر ہاتھ منہ اور ناک میں پانی ڈالتا ہے تو یہ ترکیب اس کی ناقص ہوئی ایسے وضوے نماز ہرگز درست نہیں ہوسکتی

Marfat.com

حکایت :- ایک شخص کو شکار کا بہت شوق تھا اس نے کسی رفیق سے ایک بندوق اور گولہ و بارود و ٹکیہ وگز وغیرہ یعنی جملہ سامان لیکر شکار کو گیا ۔ مگر ترکیب وقواعد بندوق بھرنے سے لاعلم تھا ۔ وہاں جاکر بندوق اس طرح بھرنے لگا کہ پہلے گولی اوپر سے بارود ڈال کر ٹوپی چڑھا کر فائر کرنے لگا تو فائر نہ ہوا ۔ بلکہ بندوق کو جنبش کھدنے سے گولی بارود اندر سے گر کر خاک میں رائیگاں ہوگیا متفکر ہو کر بے چارہ بیٹھ گیا کہ اتنے میں ناگاہ کسی صیاد کا گذر ادھر سے ہوا ۔ اس کو کہنے لگا کہ میری بندوق خراب ہے فائر نہیں کرتی اس کو درست کر دیں صیاد نے بندوق دیکھ کر کہا کہ اس میں کوئی نقص نہیں البتہ تیرا قصور معلوم ہوتا ہے کہ بھرنے میں غلطی کر گیا ہے جب اس نے ترکیب بیان کی تو صیاد نے کہا افسوس کہ نقصان تو اپنا اور ملامت بندوق کو اس طرح بھر جیسے میں کہوں ۔ اول بارود ڈال اور اوپر ٹکیہ ڈال کر گز سے ٹھونس تاکہ بارود پنل میں چڑھ آئے پھر ایک گولی ڈال اور ایک ٹکیہ دوسری ڈال کر گز سے ٹھونس کہ گولی جم جائے پھر پنل پر ٹوپی چڑھا کر فائر کر جب اس نے حسب دستور بھر کر صید کی طرف ہاتھ بڑھا کر فائر کیا تو فائر ہوگیا ۔ مگر صید اپنی ضد پر قائم رہا صیاد غصہ میں آکر کہنے لگا کہ اے ناسمجھ جب تجھ کو بندوق پکڑنے کا مادہ نہیں تھا پھر کیوں شکار کو آتا تھا ناحق اپنی گولی بارود کا نقصان کرنا الغرض تیسری دفعہ پھر صیاد نے بندوق بھر کر اس کو باقاعدہ بٹھا کر کہا کہ بندوق اپنے کاندھے سے لگا اور اپنی وجود کو نرم کر کے حرکت سے باز رکھ اور اپنے خیال اور نظر کو تمام اطراف سے روک کر یک سو کر اور لمحہ بھر دم بند کر کے اپنی نظر کو بندوق کی نال پر ایسا قائم کر کے نشست لگا بندوق کی نلکی اور صد دونوں برابر ہو جائیں پھر فائر کر اس نے ایسا کیا تو گولی عین صید کے سینہ پر لگی ۔ اب کوئی یہ کہہ سکتا ہے ۔ کہ بندوق میں مادہ ہلاکت پہلے نہ تھا

Marfat.com

بلکہ ضرور تھا۔ لیکن ترکیب کا قصور تھا۔ جس طرح بندوق میں مادہ ہلاکت کا موجود ہے۔ اسی طرح ہر ادعیہ و عمل میں کامل تاثیر حق سبحانہ تعالیٰ نے رکھی ہے۔ اور کیوں تاثیر نہ ہو۔ کہ اسماء۔ آلہٰی و کلام رب العالمین ہو۔ اور ارشاد کاملین لیکن شروط کے نہ بجا لانے پر انسان محروم رہتا ہے۔ اور عمل کی تاثیر سے بے اعتقاد ہو کر مرتکب گناہ کا بن جاتا ہے۔

شعر از مؤلف

تاثیر ہر عمل کی تو ہوتی ضرور ہے ۔۔۔ صادر نہ ہو تو سمجھو اپنا قصور ہے

لہٰذا ضروری ہوا کہ کچھ شرائط عامل و دعا قلم بند کردوں۔ کہ جس پر ارباب شوق و ذوق عمل کر کے نتیجہ کلی حاصل کر سکیں گے۔ اس لئے ناظرین با تمکین کو چاہیئے کہ شرائط عمل وغیرہ کے پابند ہو کر عمل شروع کریں اگر پہلی دفعہ کوئی تاثیر ظاہر نہ ہو تو مایوس ہو کر عمل ترک نہ کریں۔ کیونکہ ممکن ہے کہ پہلی بار بسبب احتیاطی کے شرائط میں کوئی نقص واقع ہو گیا ہو۔ دوبارہ پھر کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہو گی۔

حکایت :- حضرت حبیب عجمی ولیوں میں برگزیدہ گزرے ہیں ابتدا میں آپ مالدار تھے۔ محتاجوں کو روپیہ سود پر دیا کرتے تھے۔ اور شہر بصرہ میں رہتے تھے۔ ہر روز اپنے مقروضوں سے قرضہ لینے جاتا اگر مقروض قرضہ یا سود نہ دیتا تو آنے جانے کی مزدوری۔ اور خوراک لے لیتا۔ ایک دن ایک شخص گھر قرضہ مانگنے گیا اس وقت وہ قرض دار گھر نہ تھا اس کی عورت نے کہا میرا خاوند گھر نہیں۔ اور میرے پاس کوئی چیز موجود نہیں یہ بکری کی سری کسی نے ہمیں دی تھی اگر لینا چاہتے ہو تو لے جاؤ اس نے دوسری لی اور گھر کو چلا آیا آ کر اپنی عورت کو کہا کہ یہ سری بیاج

Marfat.com

میں لایا ہوں ۔ اسے پکاؤ۔ عورت نے کہا لکڑی اور آٹا گھر میں نہیں اس نے کہا اچھا کسی اور قرض دار کے گھر جاتا ہوں ۔ گیا اور آٹا لکڑی اسی طرح لایا عورت نے ہانڈی اور روٹی پکائی اتنے میں ایک فقیر آیا اور صدا دی اور روٹی مانگی جیب نے کہا چلا جا سوالی نا امید ہو کر چلا گیا حبیب کی عورت نے جب ہانڈی میں چمچہ ڈالا معلوم کیا کہ سب سالن خون ہو گیا ہے ۔ حبیب کو آواز دی اور کہا کہ آ کر دیکھ کہ تیری بدبختی سے کیا ہو گیا ہے ۔ جب حبیب نے دیکھا تو دل میں آگ لگ گئی جو پھر ہرگز نہ بجھی اور کہا کہ اے بی بی جو حرام ہی ہے میں نے اس سے توبہ کی اور دوسرے دن گھر سے باہر نکلا وہ جمعہ کا دن تھا۔ لڑکے کھیل رہے تھے ۔ جب انہوں نے حبیب کو دیکھا تو کہا سود خوار آتا ہے ۔ دور ہو جاؤ۔ تاکہ اس کا سایہ اور پاؤں کی گرد ہم پر نہ پڑے کیونکہ یہ بدبخت ہے شاید ہم بھی بدبخت ہو جائیں ۔ جب حبیب نے یہ لڑکوں کی باتیں سنیں تو اس کے دل میں گرفت پیدا ہوئی ۔ اور وہیں سے حضرت حسن بصری کی خدمت میں گیا اور حسن بصری کی زبان سے ایک کلمہ نکلا کہ اس نے ایک دفعہ ہی حبیب کے دل کو قابو میں کر لیا ۔ اس نے حضرت حسن بصری کی خدمت میں توبہ کی اور جب آپ کی مجلس سے واپس ہوا تو جب ان لڑکوں کے پاس پہنچا تو انہوں نے کہا کہ دور ہو جاؤ حبیب تائب آتا ہے ۔ ہماری گرد اور سایہ اس پر نہ پڑے ۔ اگر پڑے گی تو ہم گنہگار ہو جائیں گے ۔ یہ سن کر حبیب نے کہا ۔ ایک ہی دن میں جو میں نے تیرے ساتھ صلح کی ہے اس کا اثر تو نے دوستوں کے دل میں پہنچا دیا ہے ۔ اور میرا نام نیکی سے مشہور کیا ہے ۔ اس لئے ڈھنڈورا پٹوا دیا کہ جس نے حبیب کا قرض دینا ہے ۔ وہ آئے اور اپنا نوشتہ لے جائے ۔ اس لئے سب اکٹھے ہو گئے آپ نے ہر ایک کو نوشتہ واپس دے دیا اور جس قدر مال جمع کیا ہوا تھا وہ بھی بانٹ دیا یہاں تک کہ تن بدن کے کپڑے بھی دے دیئے ۔ دونوں بیبیاں ہوی ننگے رہ گئے ۔ اس کے بعد آپ نے دریائے فرات کے کنارے پر حجرا بنایا اور اسی

Marfat.com

جگہ عبادتِ خدا میں مشغول ہوتے اور دن کے وقت حضرت حسن بصریؒ سے علم سیکھتے تھے اور رات کو عبادت کیا کرتے۔ اسی طرح مدت گذر گئی۔ ایک دفعہ ان کو چند دن کا فاقہ آیا تو عورت نے کہا۔ کچھ کمائی کرنی چاہئے۔ حبیب نے کہا اچھا میں مزدوری کے لئے جاتا ہوں۔ یہ کہہ کر گھر سے باہر نکلا اور مجرے میں آکر عبادت میں مشغول ہوا جب رات کو گھر میں آیا تو عورت نے کہا کوئی چیز نہیں لایا جواب دیا کہ جس کا میں کام کرتا تھا وہ بڑا سخی ہے مجھے شرم آئی کہ اس سے کوئی چیز مانگوں۔ جب وقت آئے گا تو وہ خود ہی بہت کچھ دے گا اور وہ ہفتہ بعد تمام مزدوروں کو مزدوری دیا کرتا ہے۔ جب ہر روز جا کر مجرا میں عبادت کرتا رات کو گھر آجاتا۔ اسی طرح ہفتہ ختم ہوا اور اس کو فکر ہوئی کہ آج کا عورت سے وعدہ ہے۔ گھر کیا لیکر جاؤں گا۔ ادھر فرشتہ کو حکم ہوا کہ میرا دوست وعدہ سے جھوٹا نہ ہو اس کے گھر ایک خچر آٹے کا اور کچھ شہد گھی اور تیس ہزار درہم اس کے گھر جانے سے پہلے پہنچا دو۔ فرشتہ نے یہ سب چیزیں حبیب کے گھر پہنچائیں اور اسکی بی بی کو کہا یہ حبیب کی مزدوری ہے۔ اور مالک نے کہا ہے کہ حبیب سے کہہ دیں کہ اپنے کام کو بڑھا دیں تاکہ میں اس کی مزدوری بڑھا دوں یہ کہا اور چلا گیا۔ جب رات ہوئی تو حبیب شرمندگی کی حالت میں گھر آیا اور اس کے گھر سے طعام کی بو آرہی تھی اس کی عورت نے کھانا لاکر آگے رکھا اور کہا تو کس کا کام کیا کرتا ہے وہ تو بڑا ہی سردار اور سخی ہے یہ سب چیزیں اس نے بھیجی ہیں اور کہلا بھیجا ہے۔ کہ حبیب کام کو بڑھا دے حبیب نے جب سنا تو دنیا سے بالکل منہ پھیر کر خدا کی عبادت میں مشغول ہو گیا آخر کو بڑے رتبہ کا بزرگ ہوا **چنانچہ** ایک دن ایک عورت آئی اور رو کر عرض کی میرا بیٹا کہیں غائب ہو گیا ہے۔ مجھے اس کے فراق میں صبر نہیں۔ آپ للہ دعا کیجئے کہ وہ واپس آجائے آپ نے اس عورت سے پوچھا کہ تیرے پاس کچھ ہے اس نے کہا ہاں دو درہم ہیں وہ درہم آپ نے

Marfat.com

اس سے لے لئے اور درویشوں کو تقسیم کر دیئے اور دعا کی اور کہا جا تیرا بیٹا گھر آگیا ہے۔ جب وہ عورت گھر پہنچی تو بیٹے کو دیکھا اور پوچھا کہ بیٹا تو کہاں سے آیا ہے اس نے کہا کہ میں شہر کرمان میں رہتا تھا استاد نے مجھے گوشت کے لئے بازار میں بھیجا۔ میں نے گوشت خرید لیا اور گھر کو جا رہا تھا کہ ہوا کا جھونکا آیا اور مجھے تخت سلیمان کی طرح اٹھا لیا اور یہاں لا رکھا اور ہوا سے میں نے یہ آواز سُنی کہ لے ہوا اس لڑکے کو حبیب کی دعا اور دو درہم کے صدقہ کی برکت سے اس کے گھر پہنچا دے۔

نقل ہے۔ کہ ایک دن حضرت حسن بصری حبیب کے مکان پر آیا۔ اس وقت جو کی روٹی اور نمک حبیب کے پاس موجود تھا حضرت حسن بصری کے آگے رکھا حسن نے اس کو کھانا شروع کیا اسی اثنا میں ایک سوالی آیا حبیب نے اس روٹی اور نمک کو حسن کے آگے سے اٹھا لیا۔ اور سوالی کو دے دیا۔ حسن نے کہا حبیب تو شائستہ آدمی تھا۔ اگر تجھے کچھ معلوم ہوتا تو یہ نہیں جانتا۔ کہ آدمی کے آگے سے روٹی نہیں اٹھانی چاہیئے۔ ایک ٹکڑا سوالی کو دیتا اور ایک میرے آگے رہنے دیتا مگر حبیب نے اس بات کا کوئی جواب نہ دیا جب ایک گھنٹہ گذر گیا تو ایک شخص آیا سر پر خوان رکھا ہوا تھا اس میں کچھ کباب اور حلوہ میدہ کی روٹیاں تھیں اور پانچ سو درہم تھے یہ لاکر حبیب کے آگے رکھا۔ حبیب نے درہم تو درویشوں کو دے دیئے اور روٹی وغیرہ سب نے مل کر کھائی اور بعدہ حسن کو کہا اے مرشد تو نیک آدمی ہے اگر کچھ یقین ہوتا تو بہتر تھا۔ کیونکہ علم بغیر یقین کے کچھ نہیں

نقل ہے:۔ کہ شام کی نماز کے وقت حسن بصری حبیب کے حجرے کے

Marfat.com

پاس سے گذرا۔ اس وقت حبیب اقامت کہہ کر نماز میں کھڑا ہوا تھا۔ حسن آیا اور اس کے پیچھے نیت باندھ کر کھڑا ہوگیا۔ تو معلوم ہوا کہ حبیب نے بجائے الحمد کے الہمد ہائے ہوز سے پڑھی اس لئے نیت توڑ کر نماز علیحدہ ہوکر پڑھی اسی رات حق تعالیٰ کو خواب میں دیکھا اور عرض کی کہ اے خداوند تیری خوشنودی کس بات میں ہے تاکہ میں وہی زیادہ کروں۔ جواب ملا حسن تو نے میری خوشنودی کو پالیا تھا مگر اس کا قدر نہ جانا عرض کی الٰہی یہ کس طرح جواب ملا حبیب کے پیچھے نماز ادا کرنے میں میں راضی تھا۔ مگر تو نے الحمد کی عبارت کی درستی میں فرق کیا اور نیت کی درستگی نہ دیکھی۔ زبان کے درست کرنے سے دل کا درست کرنا بہت ضروری ہے۔

نقل ہے۔ کہ جب حبیب کے پاس کوئی قرآن شریف پڑھتا تو آپ بہت روتے لوگوں نے کہا آپ تو عجمی ہیں قرآن شریف پڑھنا نہیں جانتے پھر یہ رونا کس واسطے آتا ہے۔ یہ سن کر آپ نے فرمایا میری زبان تو عجمی ہے۔ مگر دل عربی ہے۔ جو قرآن شریف سمجھ سکتا ہے۔

کافی راگ سپیلون

سانوں لگڑے درد اوتے پیا وے سانوں لگے درد اوتے
گھڑی گھڑی پل پل جیا پلچاوے اج ماہی ساڈے گھر آوے
سکھ سینہا یا کوئی گھلے پیا وے سانوں لگے درد اوتے
بنت جدائیاں جان جلائی نیوں لا، اک پل چین نہ آئی
بنت برہوں سینا سلے پیا وے سانوں لگڑے درد اوتے

Marfat.com

عشق تیریدیاں الٹیاں چالاں　　جان پئی وچہ سخت جنجالاں
گئے سکھ پیئے دُکھ پلے　　پیا دے سانوں لگڑے درداوتے
اک بھر کنت کلاوے لیاں　　اکناں روندیاں عمراں گیاں
اِک نا امید ہو چلے　　پیا دے سانوں لگڑے درداوتے
غلام جیلانی شاہ جے نوشہ آوے　　سب دکھ جاوے جے گل لاوے
کیتے برہوں کملے جھلے!　　پیا دے سانوں لگڑے درداوتے

* * * *

کافی راگ بھیرویں

کدی دلیس اساڈے اجا پیا وے　　سارے دکھڑے سانواں تینوں پھول
نال زوراوراں اکھیاں لایاں　　باجھ دیدار سدا ترڑفایاں
میں رعیت توں راجہ پیا وے　　سارے دکھڑے سانواں تینوں پھول
ویکھ سوہنیاں تینوں اکھیاں لایاں　　تاں ہن سہندی جان جدایاں
اک دینہ اتگ سنگ لاجا وے　　سارے دکھڑے سانواں تینوں پھول
اوگن ویکھ نہ جاویں چھڈ کے　　سینے برہوندا تیزہ گڈ کے
لگیا ندی اوڑ بنہاہ جا پیا وے　　سارے دکھڑے سانواں تینوں پھول
دور گیاں دے کاگ اڈاواں　　جے گھر آوے شگن مناواں
کھڑا کھڑا تا جھاتی پا جا پیا وے　　سارے دکھڑے سانواں تینوں پھول
غلام جیلانی شاہ عرض گذارے　　قادری پیر دے ہو بہارے

میری غم تے جان چھوڑا جا پیا وے
سارے دکھڑے سانواں تینوں پھول

Marfat.com

ز زہد عبادتاں سب سوکھے مشکل عشق دا بوجھ اُٹھان رانجا
دید عید بی عاشقاں صادقاں نوں باجھ دیدِ حیران ہرآن رانجا
شہد شیریں چاہ دناں نہیں مشکل مشکل زہر تیزاب پچان رانجا
باجھوں عشق نہ ملکت غلام جیلاں باجھوں عشق نہ کدی عرفان رانجا
ق قدر عنایتاں تیریاں دے ادبی جاندے جو واقف کار رانجا
اک آن جیکر مہربان ہونویں بخشیں مکھ عاصی گنہ گار رانجا
کریں بداں نوں نیک انیک میاں تیرے دلاندی ہتھ مہار رانجا
غلام جیلانی درگی نائیں ردیکتے جہدا عیب سی باجھ شمار رانجا
ل لادی رکھ تلوار پھڑکے کدی غیر دا دار نہ کھا بیرے
اسلمت فی الوحدت یاد رکھیں دوجا وچہ دھیان نہ لا بیرے
رضی اللہ عنہم درضوا عنہ پاویں سکھ تے چین سدا بیرے
غلام جیلانی حبّ مولا دی کرے مولیٰ رانجے حب لئے رانجا نا بیرے
الف آس مراد سب ہوئی پوری اُج اُنا رانجن کولوں چھیٹاں میں
اُنا کفر سارا رانجن یار اکو ایس اُنا دی ربی ساں مٹھیاں میں
گئی اُنا بھی یار اک رہیا باقی رانجن یار دی ہوئی وچہ مکیاں میں
قسم رب دی پیر غلام جیلاں بھلی لوک پھردی نائیں چکیاں میں
می یادنوں چھڈ بے یاد ہو جا الحد جا مقام آرام کریں
ذکر روحتہ راحتہ سُرت ساہڈی صمّ بکمّ "عمی" والا کام کریں
بحر بے خودی دے وچہ مار غوطہ باہر آنون دا کم تمام کریں
صبغتہ اللہ دے رنگ وچہ رنگ ہو کے جنگل بودے وچہ مقام کریں

✦

Marfat.com

غزل

نیستی ہستی ہے یارو اور ہستی کچھ نہیں
بے خودی مستی ہے یارو اور مستی کچھ نہیں

لامکاں کی منزلت کب پا تا ہے کون و مکاں
ہو کے ویرانہ کے آگے بے کی بستی کچھ نہیں

کچھ نہیں سب کچھ ہے یارو اور سب کچھ کچھ نہیں
کچھ نہ ہونے کے سوا اور سب کچھ کچھ نہیں

یہ جو کچھ ہونا ہے کہتے ہیں نیستی ہے میاں
فقر میں ہستی بھی ہے اور ہستی کچھ نہیں

بندگی اور حق پرستی کچھ نہ ہونا ہے نیاز
کچھ نہ ہونے کے سوا اور حق پرستی کچھ نہیں

* * * *

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

مُردوں کی ارواح کا اپنے گھروں کو آنا

عَنْ بَعْضِ الْمُحَقِّقِیْنَ اَنَّ الْاَرْوَاحَ تَتَخَلَّصُ لَیْلَۃَ الْجُمُعَۃِ وَتَنْتَشِرُ فَجَاءُوْا اَوَّلًا اِلٰی مَقَابِرِھِمْ ثُمَّ جَاءُوْا فِیْ بُیُوْتِھِمْ ۔۔۔ ترجمہ:۔ محققین سے روایت ہے کہ تحقیق ارواح اموات کے خلاص کئے جاتے ہیں رات جمعہ کے اور کھنڈ کر آتے اول طرف قبروں

Marfat.com

اپنی کے پھر آتے ہیں بیچ گھروں اپنے کے اپنا۔ وَمِنَ النَّسِيْفَةِ اَنَّ اَرْوَاحَ الْمُؤْمِنِيْنَ
يَاْتُوْنَ فِيْ كُلِّ لَيْلَةِ الْجُمُعَةِ وَيَوْمِ الْجُمُعَةِ فَيَقُوْمُوْنَ بِفِنَاءِ بُيُوْتِهِمْ ثُمَّ يُنَادِيْ كُلُّ وَاحِدٍ
مِنْهُمْ بِصَوْتٍ حَزِيْنٍ يَا اَهْلِيْ وَاَوْلَادِيْ وَاَقْرِبَائِيْ اُعْطِفُوْا عَلَيْنَا بِالصَّدَقَةِ وَاذْكُرُوْنَا وَلَا
تَنْسَوْنَا وَارْحَمُوْنَا فِيْ غُرْبَتِنَا قَدْ كَانَ هٰذَا الْمَالُ الَّذِيْ فِيْ اَيْدِيْكُمْ فِيْ اَيْدِيْنَا فَاِنْ لَّمْ يَجِدُوْا
مَنْ يَعْطِفُ عَلَيْهِمْ وَيَدْعُوْا وَيَتَصَدَّقُ بِهِمْ رَجَعُوْا بَاكِيًا حَزِيْنًا، ثُمَّ يُنَادِيْ كُلُّ وَاحِدٍ
بِصَوْتٍ حَزِيْنٍ اَللّٰهُمَّ قَنِّطْهُمْ مِنَ الرَّحْمَةِ كَمَا قَنَّطُوْنَا مِنَ الدُّعَاءِ وَالصَّدَقَةِ ط

ترجمہ اور نسیفہ سے مروی ہے کہ تحقیق ارواح مومنوں کی آتی ہیں بیچ ہر ایک رات جمعہ کے اور دن جمعہ کے پس کھڑے ہوتے ہیں بیچ صحنوں گھروں اپنے کے پھر ندا کرتا ہے ہر ایک ان میں سے ساتھ آواز اندوہناکی کے کہ اے اہل میرے اور اولاد میری اور اقرباء میرے بخشائش کرو ہم پر ساتھ خیرات کے اور یاد کرو ہم کو اور نہ بھولو ہمیں اور رحم کرو ہم پر بیچ غربت ہمارے گھر کے تحقیق تھا یہ مال وہ جو بیچ ہاتھوں تمہارے کے ہے بیچ ہاتھوں کے ہمارے کے پس اگر نہیں پاتے ایسا شخص کو بخشائش کرے ان پر اور دعا کرے اور صدقہ دیوے ان کا پھر جاتے ہیں روتے ہوئے اندوہناک ہو ہو کر پھر ندا کرتا ہے۔ ہر ایک ان میں سے ساتھ آواز غم ناکی کے کہ اے اللہ تعالیٰ ناامید کر تو ان کو رحمت سے جیسا کہ ناامید کیا انہوں نے ہم کو دعا اور صدقہ سے

رَوٰى سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ عَنْ سَلْمَانَ قَالَ اَرْوَاحُ الْمُؤْمِنِيْنَ تَذْهَبُ فِيْ بَرْزَخٍ مِّنَ الْاَرْضِ حَيْثُ يَشَاءُوْنَ بَيْنَ
السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ حَتّٰى يَرُدُّوْهَا اِلٰى جَسَدِهَا۔

ترجمہ مروی ہے سعید ابن المسیبؒ سے وہ سلمانؓ سے روایت کرتے ہیں کہ ارواح مومنوں کے جاتے ہیں بیچ قبروں کے زمین سے جہاں چاہتے درمیان آسمان اور زمین کے یہاں تک کہ پھیرے جاتے ہیں وہ طرف وجودوں اپنے کے۔ انتہا امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ وَيَقُوْلُ اَرْوَاحُ الْمُؤْمِنِيْنَ رَبَّنَا

Marfat.com

اِئْذَنْ لَنَا بِالنُّزُوْلِ اِلٰی مَنَازِلِهَا حَتّٰی نَرٰی اَوْلَادَنَا وَعِیَالَنَا فَیَنْزِلُوْنَ لَیْلَةَ الْقَدْرِ۔ انتہی اور عرض کرتے ہیں ارواح مومنوں کے اے رب ہمارے اجازت دے تو واسطے ہمارے ساتھ اُترنے طرف گھروں اپنے کے حتیٰ کہ دیکھیں ہم اولاد اپنی اور عیال اپنا پس اترتے ہیں لیلۃ القدر کو انتہی۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اِذَا کَانَ یَوْمُ عِیْدٍ اَوْ یَوْمُ جُمُعَةٍ اَوْ یَوْمُ عَاشُوْرَا اَوْ لَیْلَةُ نِصْفٍ مِنْ شَعْبَانَ تَاْتِیْ اَرْوَاحُ الْاَمْوَاتِ وَیَقُوْمُوْنَ عَلٰی اَبْوَابِ بُیُوْتِهِمْ فَیَقُوْلُوْنَ هَلْ مِنْ اَحَدٍ یَتَرَحَّمُ عَلَیْنَا هَلْ مِنْ اَحَدٍ یَتَرَحَّمُ عَلَیْنَا هَلْ مِنْ اَحَدٍ یَذْکُرُ غُرْبَتَنَا یَا مَنْ سَکَنْتُمْ بُیُوْتَنَا وَیَا مَنْ سَعِدْتُمْ بِمَا شَقِیْنَا وَیَا مَنْ اَنْتُمْ فِیْ اَوْسَعِ قُصُوْرِنَا وَنَحْنُ فِیْ ضِیْقِ قُبُوْرِنَا وَیَا مَنْ اِسْتَذْلَلْتُمْ اَیْتَامَنَا وَیَا مَنْ نَکَحْتُمْ نِسَائَنَا هَلْ مِنْ اَحَدٍ یُفَکِّرُ فِیْ غُرْبَتِنَا وَفَقْرِنَا کِتَابُنَا مَطْوِیَّةٌ وَکِتَابُکُمْ مَنْشُوْرَةٌ۔

انتہی حضرت ابن عباسؓ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مروی ہے کہ جب ہوتا ہے دن عید کا یا دن جمعہ کا یا دن عاشورہ شریف کا یا رات نصف ماہ شعبان کی تو آتے ارواح مُردوں کے اور کھڑے ہوتے ہیں اوپر دروازوں گھروں اپنے کے پس کہتے ہیں آیا ہے کوئی ایسا شخص کہ رحم کرے ہم پر۔ آیا ہے کوئی ایسا شخص، کہ یاد کرے غربت ہماری اے وہ لوگو کہ بستے ہو ہمارے گھروں میں اور اے وہ لوگو کہ نیک بخت ہوئے تم بسبب اُس چیز کے کہ بدبخت ہوئے ہم اور اے وہ لوگو کہ قائم ہو تو پیچ کشادہ مکانوں ہمارے کے اور ہم پیچ تنگ قبروں اپنی کے ہیں، اور اے وہ لوگو کہ ذلیل سمجھتے ہو تم یتیموں ہمارے کو اور اے وہ لوگو کہ نکاح کیا تم نے عورتوں ہماری سے آیا ہے کوئی ایسا شخص کہ فکر کرے پیچ غربت ہمارے کے اور محتاجی ہماری کے کتاب ہماری لپیٹی گئی یعنی اعمال نامہ اور کتاب تمہاری کھلی ہے یعنی اعمال نامہ، علامہ علی القاری در مرقات شرح مشکوٰۃ شریف تحت حدیث شریف ابوہریرہؓ اَلْمَیِّتُ تَحْضُرُهُ الْمَلٰٓئِکَةُ آوردہ کہ بخلاف رُوحِ الْمُؤْمِنِ فَاِنَّهَا تَسِیْرُ

Marfat.com

فِیْ مَلَکُوْتِ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَتَسْرَحُ فِی الْجَنَّةِ حَیْثُ تَشَآءُ وَ تَاْوِیْ اِلٰی قَنَادِیْلَ تَحْتَ الْعَرْشِ وَلَهَا تَعَلُّقٌ بِجَسَدٍ اَیْضًا تَعَلُّقًا کُلِّیًّا بِحَیْثُ یَقْرَاُ الْقُرْاٰنَ فِیْ قَبْرِهٖ وَیُصَلِّیْ وَیَتَنَعَّمُ وَیَنَامُ کَنَوْمَةِ الْعَرُوْسِ وَیَنْظُرُ اِلٰی مَنَازِلِهٖ فِی الْجَنَّةِ بِحَسْبِ مَقَامِهٖ وَرُتْبَتِهٖ فَاَمْرُ الرُّوْحِ وَاَحْوَالُ الْبَرْزَخِ وَالْاٰخِرَةِ کُلُّهَا خَوَارِقُ الْعَادَاتِ فَلَا یَشْکُلُ شَیْءٌ مِّنْهَا عَلَی الْمُؤْمِنِ بِالْاٰیَاتِ۔ اِنْتَهٰی۔

ترجمہ علی القاری: پیچ

مرقات شرح مشکوٰۃ شریف تحت حدیث مذکورہ کے فرمایا کہ مردہ کے پاس حاضر ہوتے ہیں فرشتے بخلاف روح مومن کے پس تحقیق وہ سیر کرتی ہے پیچ ملکوت آسمان وزمین کے اور سیر کرتی ہے پیچ جنت کے جہاں چاہتی ہے اور جگہ پکڑتی ہے طرف قندیلوں عرش کے اور واسطے اس کے تعلق ہے ساتھ وجود اپنے کے بھی تعلق کلی ساتھ اس حیثیت کے کہ پڑھتا ہے قرآن مجید قبر اپنی کے اور پڑھتا ہے نماز اور حاصل کرتا ہے انعام اور سوتا ہے مثل سونے عروس کے اور نظر کرتی ہے طرف منزلوں اپنی کے پیچ جنت کے حسب مقام اور مرتبہ اپنے کے پس امر روح اور احوال برزخ اور آخرت سب وہ خوارق العادات ہیں پس نہیں مشکل کوئی چیز ان میں سے اوپر مومن کے ساتھ آیات کے۔ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا خَرَجَ الرُّوْحُ مِنْ بَنِیْ اٰدَمَ فَاِذَا مَضٰی ثَلٰثَةُ اَیَّامٍ یَقُوْلُ الرُّوْحُ یَا رَبِّ اْئْذَنْ لِیْ حَتّٰی اَمْشِیَ اِلٰی قَبْرِیْ وَاَنْظُرَ اِلٰی جَسَدِیَ الَّذِیْ کُنْتُ فِیْهِ فَیَاْذَنُ اللّٰهُ تَعَالٰی بِکَرَمِهٖ وَ فَیُجِیْئُ اِلٰی قَبْرِهٖ وَیَنْظُرُ اِلَی الْبَلٰی مِنْ بَعِیْدٍ قَدْ سَالَ الْمَآءُ مِنْ عَیْنَیْهِ وَمَنْخَرَیْهِ وَمِنْ فَمِهٖ یَبْکِیْ بُکَآءً طَوِیْلًا ۔ ــــ ترجمہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب نکلتا ہے روح بنی آدم سے پس جب گذرتے ہیں تین دن عرض کرتا

Marfat.com

بے روح کو اے رب اذن دے تو مجھ کو یہاں تک کہ چلوں میں طرف قبر اپنی کے اور نظر کروں میں طرف وجود اپنے کے وہ وجود کہ تھا میں پیچ اس کے اذن دیتا ہے اللہ تعالیٰ ساتھ کرم اور لطف اپنے کے پس آتا ہے طرف قبر اپنی کے اور نظر کرتا ہے طرف اس کے دور سے تحقیق بہتا ہے پانی اس کی آنکھوں سے اور اس کی ناسوں سے اور اس کے منہ سے پس روتا ہے . روتا طویل . قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا مَاتَ الْمُؤْمِنُ دَارَتْ رُوْحُہٗ حَوْلَ دَارِہٖ شَھْرًا یَنْظُرُ اِلٰی مَا خَلَّفَہٗ مِنْ مَالِہٖ کَیْفَ یُقْسَمُ مَالُہٗ وَ کَیْفَ یُقْضٰی دُیُوْنُہٗ فَاِذَا تَمَّ شَھْرٌ یَنْظُرُ اِلٰی جَسَدِہٖ وَتَدُوْرُ حَوْلَ قَبْرِہٖ سَنَۃً وَ یَنْظُرُ مَنْ یَدْعُوْ لَہٗ، وَمَنْ یَحْزُنُ عَلَیْہِ اِنْتَھٰی۔

ترجمہ فرمایا رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے جب مرتا ہے مومن تو پھرتا ہے روح اس کے گرد حویلی کے ایک مہینہ دیکھتا ہے طرف اس کے کہ پیچھے اس کے ہے مال اس کے سے کیوں کر تقسیم کیا جاتا ہے مال اس کا۔ اور کیونکر ادا کیا جاتا ہے قرض اس کا پھر جب تمام ہو جاتا ہے . مہینہ نظر کرتا ہے طرف وجود اپنے کے اور پھرتی ہے گرد قبر اپنی کے ایک سال اور دیکھتی ہے اس شخص کو کہ دعا کرتا ہے واسطے اس کے اور اس شخص کو کہ غم کھاتا ہے اوپر اس کے حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے تذکرۃ الموتی والقبور میں فرمایا ہے۔ کہ حق تعالیٰ شہیدوں کے حق میں فرماتا ہے، بَلْ اَحْیَآءٌ عِنْدَ رَبِّھِمْ ۔ اُن سے مراد ہے کہ حق تعالیٰ ارواح اُن کے کو قوت اجساد دیتا ہے جہاں چاہیں سیر کرتے ہیں اور یہ حکم مخصوص ساتھ شہیدوں کے نہیں ہے ۔ انبیاء اور صدیق شہیدوں سے فضیلت میں بڑھ کر ہیں اور اولیاء کرام بھی شہیدوں کے حکم میں ہیں اس واسطے کہ انہوں نے جہاد ساتھ نفس کے کیا ہے۔ کہ جہاد اکبر ہے رَجَعْنَا مِنَ الْجِھَادِ الْاَصْغَرِ اِلَی الْجِھَادِ الْاَکْبَرِ۔

ترجمہ پھر آئے ہم جہاد چھوٹے سے طرف جہاد بڑے کے اصغر سے جہاد بالکفار

Marfat.com

اور اکبر سے جہاد بالنفس مراد ہے اتنا ہی کافی ہے۔ لہذا اولیا اللہ فرماتے ہیں اَرْوَاحُنَا اَجْسَادُنَا وَاَجْسَادُنَا اَرْوَاحُنَا۔ ترجمہ یعنے ارواح ہمارے کام اجساد کرتے ہیں۔ اور کبھی وجود نہایت لطافت سے ارواحوں کے رنگ پر برآتے ہیں اور کہتے ہیں کہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو سایہ نہ تھا۔ روح ان کی زمین و آسمان اور بہشت میں جہاں چاہیں جاتے ہیں۔ دوستوں اور معتقدوں کو دنیا و آخرت میں امداد فرماتے ہیں اور ان کے دشمنوں کو ہلاک کرتے ہیں۔ اور ان کے روحوں کے ساتھ طریقے اویسیت کے فیض باطنی پہنچتا ہے۔ اور اسی حیات کے باعث ان کے وجود مبارک کو قبر میں خاک نہیں کھاتی۔ بلکہ کفن بھی بدستور لڑکا رہتا ہے۔ ابن ابی الدنیا نے مالک سے روایت فرمایا کہ روح مومنوں کی جس جگہ چاہیں سیر کرتی ہیں۔ مراد مومنوں سے اولیا کاملین ہیں۔ اور حق سبحانہٗ وتعالیٰ وجودوں ان کے کو روحوں کی طاقت دیتا ہے کہ قبروں میں نماز بھی پڑھتے ہیں اور ذکر بھی کرتے ہیں اور قرآن مجید بھی پڑھتے ہیں حضرت محمدؐ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہے کہ حق تعالیٰ بعض اولیا اللہ کو جسم موہوب دیتا ہے۔ اور یہ حکم شہیدوں کے حق میں حدیث سے ثابت ہے کہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس وقت انسان شہید ہوتا ہے حق تعالیٰ وجود نازل فرماتا ہے بہترین صورت میں اور کہا جاتا ہے روح اس کی کو کہ اس بدن میں داخل ہو پس دیکھتی ہے۔ وجود میں وہ کچھ کہ ساتھ اس کے کیا جاتا ہے۔ اور بات کرتی ہے۔ اور گمان کرتی ہے۔ کہ لوگ بات سنتے ہیں اور گمان کرتی ہے کہ لوگ اس کو دیکھتے ہیں تا کہ آتے ہیں۔ ازواج اس کے حوروعین پس اس کو ہمراہ لے جاتے ہیں۔ اس حدیث کو ابن مندہ نے مرسلاً روایت کیا انتہیٰ اور ایسے مسلمان کم اور شاذ ہیں۔ کہ مرجائیں اور شہیدوں آخرت کے حکم میں نہ ہوں اور شہدا آخرت کتب حدیثہ اور فقیہ میں معدود و معروف ہیں شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمتہ اللہ علیہ تکمیل الایمان شرح عقائد نسفی میں فرمایا ہے۔ کہ اولیا اللہ

Marfat.com

کو وجود مکتبہ مثالیہ بھی ہوتے ہیں کہ سابقہ ان بدنوں کے ظہور نما ہوتے ہیں اور ارشاد طالبان فرماتے ہیں۔ اور منکران کے دلیل اور برہان اوپر ان کا اس کے نہیں ہے انتہیٰ

اَلْمَجْلِسُ التَّاسِعُ

فِی لُزُوْمِ الْاِتِّبَاعِ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْمَا جَآءَ بِہٖ وَفِیْہِ تَحْقِیْقٌ۔

نویں مجلس اس بیان میں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے ہوئے تمام احکام کی پیروی کرنا لازم ہے، اور اس میں ایک تحقیق ہے۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی یَکُوْنَ هَوَاهُ تَبَعًا لِمَا جِئْتُ بِہٖ

وَالثَّالِثَةُ، الصَّلَاحُ اِذْ لَا خَيْرَ فِيْ صَدَاقَةِ الْفَاسِقِ۔ لِاَنَّ مَنْ يَرْتَكِبُ الْكَبِيْرَةَ، لَا يَخَافُ اللّٰهَ تَعَالٰى وَمَنْ لَّا يَخَافُ اللّٰهَ تَعَالٰى لَا يُؤْمَنُ غَائِلَتُهٗ وَلَا يُوْثَقُ بِصَدَاقَتِهٖ۔

وَالرَّابِعَةُ، اَلصِّدْقُ۔ اِذْ لَا خَيْرَ فِيْ صَدَاقَةِ الْكَذَّابِ لِاَنَّ مَثَلَهٗ مَثَلُ السَّرَابِ يُقَرِّبُ اِلَيْكَ الْبَعِيْدَ وَيُبْعِدُ مِنْكَ الْقَرِيْبَ وَتَكُوْنُ مِنْهُ دَائِمًا عَلَى الْغُرُوْرِ۔

وَالْخَامِسَةُ، الشَّجَاعَةُ۔ اِذْ لَا خَيْرَ فِيْ صَدَاقَةِ الْجَبَانِ لِاَنَّهٗ يَتْرُكُ نُصْرَتَكَ، وَاِعَانَتَكَ عِنْدَ الشِّدَّةِ وَيُخَوِّفُكَ بَلْ يَخْنَقُنِيْ وَيَغِيْبُ عَنْكَ۔

وَالسَّادِسَةُ اَلْوَفَاءُ۔ اِذْ لَا خَيْرَ فِيْ صَدَاقَةِ مَنْ لَا وَفَاءَ لَهٗ۔

Marfat.com

وَمَعْنَى الْوَفَاءِ الثَّبَاتُ عَلَى الْمَحَبَّةِ وَالدَّوَامُ عَلَيْهَا. وَالْمَحَبَّةُ الدَّائِمَةُ هِيَ الَّتِيْ تَكُوْنُ فِي اللّٰهِ. لِاَنَّ مَا يَكُوْنُ لِغَرَضٍ مِنَ الْاَغْرَاضِ يَزُوْلُ بِذٰلِكَ الْغَرَضِ. فَلَا يَتَحَقَّقُ الْوَفَاءُ. لِاَنَّ مَا يُنَافِي الْوَفَاءَ لَا يَكُوْنُ مِنَ الْوَفَاءِ.

فَمِنَ الْوَفَاءِ فِيْ حَقِّ صَدِيْقِهٖ مُرَاعَاةُ جَمِيْعِ اَصْدِقَائِهٖ وَاَقَارِبِهٖ وَالْمُتَعَلِّقِيْنَ بِهٖ. لِاَنَّ مُرَاعَاتَهُمْ اَوْقَعُ فِيْ قَلْبِهٖ مِنْ مُرَاعَاةِ نَفْسِهٖ. فَيَكُوْنُ فَرَحُهٗ بِتَفَقُّدِ مَنْ يَتَعَلَّقُ بِهٖ اَكْثَرَ لِدَلَالَتِهٖ عَلٰى تَعَدِّي الْحُبِّ مِنْهُ اِلٰى مَنْ يَتَعَلَّقُ بِهٖ حَتّٰى قَالُوْا اِنَّ الْكَلْبَ الَّذِيْ يَكُوْنُ فِيْ بَابِ دَارِ صَدِيْقِهٖ يَنْبَغِيْ اَنْ يَتَمَيَّزَ فِيْ قَلْبِهٖ عَنْ سَائِرِ الْكِلَابِ.

وَمِنَ الْوَفَاءِ اَنْ لَّا يُضَايِقَ عَدُوَّ صَدِيْقِهٖ. اِذْ قَالَ الْاِمَامُ الشَّافِعِيُّ اِذَا اَطَاعَ صَدِيْقُكَ عَدُوَّكَ فَقَدِ اشْتَرَكَ فِيْ عَدَاوَتِكَ. وَمِنَ الْوَفَاءِ لَا يَغْتَرُّ حَالُهٗ فِي التَّوَاضُعِ مَعَ صَدِيْقِهٖ وَاِنِ ارْتَفَعَ شَانُهٗ وَاتَّسَعَتْ وَلَايَتُهٗ وَعَظُمَ جَاهُهٗ. وَمِنَ الْوَفَاءِ اَنْ يَتَوَرَّعَ عَمَّا يُوْجِبُ الْفُرْقَةَ بَيْنَهُمَا اِذْ مِنْ تَمَامِ الْوَفَاءِ شَدِيْدُ الْحَزَرِ مِنَ الْمُفَارَقَةِ. وَلِذٰلِكَ قَالَ بَعْضُ مِنَ السَّلَفِ وَجَدْتُ جَمِيْعَ مُصِيْبَاتِ الزَّمَانِ هَيِّنَةً سِوٰى مُفَارَقَةِ الْاَحْبَابِ. وَقَالَ ابْنُ الْمُبَارِكِ اَلَذُّ الْاَشْيَاءِ مُجَالَسَةُ الْاَحْبَابِ.

وَمِنَ الْوَفَاءِ لِلْمُوَافَقَةِ فِيْمَا لَا يُخَالِفُ الْحَقَّ وَاَمَّا فِيْمَا يُخَالِفُ الْحَقَّ فِيْ اَمْرٍ يَتَعَلَّقُ بِالدِّيْنِ فَلَيْسَ مِنَ الْوَفَاءِ الْمُوَافَقَةُ فِيْهِ. بَلْ مِنَ الْوَفَاءِ الْمُخَالَفَةُ فِيْهِ وَالتَّنْبِيْهُ عَلٰى مَا هُوَ الْحَقُّ.

كَمَا حُكِيَ عَنِ الْاِمَامِ الشَّافِعِيِّ اَنَّهٗ كَانَ يُوَاخِيْ مُحَمَّدَ ابْنَ الْحَكَمِ وَكَانَ يَقْرِبُهٗ وَيُقْبِلُ عَلَيْهِ وَيَقُوْلُ مَا يُدِيْمُنِيْ بِهٖ مُضَرُ غَيْرُهٗ. فَلَمَّا رَاٰى

Marfat.com

النَّاسُ صِدْقَ مَوَدَّتِهِمَا، فَظَنُّوْا اَنَّهُ يُفَوِّضُ اِلَيْهِ اَمْرَ مَجْلِسِهِ بَعْدَ وَفَاتِهِ. فَقَالُوْا لَهُ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ تُوُفِّيَ فِيْهِ. "اِلٰى مَنْ تُفَوِّضُ اَمْرَ مَجْلِسِكَ بَعْدَكَ ؟" وَكَانَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَكَمِ عِنْدَ رَاْسِهِ وَاسْتَشْرَفَ لِيُوْمِيَ اِلَيْهِ. فَقَالَ الشَّافِعِيُّ، سُبْحَانَ اللّٰهِ! يَجْلِسُ مَجْلِسِيْ اَبُوْ يَعْقُوْبَ الْبُوَيْطِيُّ وَمَالَ اَصْحَابُ الشَّافِعِيِّ اِلَى الْبُوَيْطِيِّ. فَاَنْكَرَ لَهُ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَكَمِ مَعَ اَنَّهُ كَانَ حَمَلَ عَنْهُ مَذْهَبَهُ كُلَّهُ، اِلَّا اَنَّ الْبُوَيْطِيَّ كَانَ اَفْضَلَ وَاَقْرَبَ اِلَى الزُّهْدِ وَالْوَرَعِ فَاِنَّ بَعْضَ مَنْ يَشْتَهِرُ بِالْعِلْمِ وَالْفَضْلِ بَيْنَ الْخَلْقِ قَدْ يَكُوْنُ غَيْرُهُ اَفْضَلَ مِنْهُ، اِمَّا مُطْلَقًا اَوْ بِخُصُوْصِيَّةٍ فِيْهِ. لٰكِنْ لَا يَتَفَطَّنُ ذٰلِكَ كَثِيْرٌ مِنَ النَّاسِ فَيَعْرِضُوْنَ عَنْ غَيْرِ الْمَشْهُوْرِ يَشْتَغِلُوْنَ بِالْمَشْهُوْرِ عِنْدَهُمْ فَيَفُوْتُهُمْ تَحْصِيْلُ فَضِيْلَةِ مَنْ لَيْسَ بِمَشْهُوْرٍ عِنْدَهُمْ. فَنَصَحَ الْاِمَامُ الشَّافِعِيُّ لِلّٰهِ تَعَالٰى وَلِلْمُسْلِمِيْنَ وَاخْتَارَ الْاَفْضَلَ وَتَرَكَ الْمُدَاهَنَةَ وَلَمْ يُؤْثِرْ رِضَى الْخَلْقِ عَلٰى رِضَى اللّٰهِ تَعَالٰى. فَلَمَّا تُوُفِّيَ الْاِمَامُ الشَّافِعِيُّ اِنْقَلَبَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَكَمِ عَنْ مَذْهَبِهِ وَرَجَعَ اِلٰى مَذْهَبِ اَبِيْهِ. وَدَرَسَ كُتُبَ مَالِكٍ وَاَمَّا الْبُوَيْطِيُّ فَاٰثَرَ الزُّهْدَ وَالْخُمُوْلَ وَاشْتَغَلَ بِالْعِبَادَةِ وَلَمْ يُعْجِبْهُ الْجَمْعُ وَالْجُلُوْسُ فِي الْخِلْقَةِ.

فَظَهَرَ مِنْ هٰذَا كُلِّهِ اَنَّ الصَّالِحَ لِلصَّدَاقَةِ مَنْ يَجْتَمِعُ فِيْهِ هٰذِهِ الْخِصَالُ. فَاِنْ لَمْ يَجْتَمِعْ فِيْهِ هٰذِهِ الْخِصَالُ فَعَلَيْكَ بِاعْتِزَالِ النَّاسِ جُمْلَةً وَمُلَازَمَةِ بَيْتِكَ. اِذْ لَيْسَ لِلْعَاقِلِ فِيْ هٰذَا الزَّمَانِ اِلَّا التَّحَصُّنُ بِالسُّكُوْتِ وَمُلَازَمَةِ الْبُيُوْتِ.

وَقَدْ قَالَ اَبُوْ سُلَيْمَانَ الْخَطَّابِيُّ. دَعِ الرَّاغِبِيْنَ فِيْ صُحْبَتِكَ بِالتَّعَلُّمِ مِنْكَ. فَلَيْسَ مِنْهُمْ صَدِيْقٌ وَلَا رَفِيْقٌ، اِخْوَانُ الْعَلَانِيَةِ وَاَعْدَاءُ

Marfat.com

السِّرِّ. إِذَا لَاقَوْكَ مَدَحُوْكَ، وَإِذَا غِبْتَ عَنْهُمْ اِغْتَابُوْكَ. مَنْ أَتَاكَ مِنْهُمْ كَانَ عَلَيْكَ رَقِيْبًا، وَإِذَا خَرَجَ مِنْ عِنْدِكَ كَانَ عَلَيْكَ خَطِيْبًا. فَلَا تَغْتَرَّ بِاجْتِمَاعِهِمْ لَدَيْكَ وَتَمَلُّقِهِمْ بَيْنَ يَدَيْكَ فَمَا غَرَضُهُمُ الْعِلْمُ بَلْ غَرَضُهُمْ أَنْ يَتَّخِذُوْكَ إِلَى أَوْطَارِهِمْ وَحِمَارًا فِي حَاجَاتِهِمْ. وَإِنْ قَصَرْتَ فِي غَرَضٍ مِنْ أَغْرَاضِهِمْ، يَكُوْنُوْنَ أَشَدَّ أَعْدَائِكَ وَلَعَلَّهُمْ تَرُدُّ دَهُمْ إِلَيْكَ مِنَّةً عَلَيْكَ وَيَرَوْنَهُ حَقًّا وَاجِبًا لَدَيْكَ وَيُعْرِضُوْنَ عَلَيْكَ أَنْ تُبَذِّلَ لَهُمْ عِرْضَكَ وَدِيْنَكَ وَتَكُوْنَ لَهُمْ نَابِعًا خَسِيْسًا بَعْدَ أَنْ كُنْتَ مَتْبُوْعًا رَئِيْسًا.

وَقَدْ رُوِيَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ الشَّيْخُ فِي قَوْمِهِ كَالنَّبِيِّ فِي أُمَّتِهِ. وَإِنَّمَا يَكُوْنُ الشَّيْخُ فِي قَوْمِهِ كَذٰلِكَ لِأَنَّهُ يُعَلِّمُهُمْ دِيْنَهُمْ كَمَا عَلَّمَ كُلُّ نَبِيٍّ أُمَّتَهُ دِيْنَهُمْ.

وَمِنْ حَقِّ الْمُتَعَلِّمِ فِي حَقِّ مَنْ عَلَّمَهُ وَلَوْ حَرْفًا وَاحِدًا، أَنْ يُحْتَرِمَهُ ظَاهِرًا وَبَاطِنًا لِكَوْنِهِ مِثْلَ أَبِيْهِ، بَلْ هُوَ أَوْلٰى لِمَا رُوِيَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ إِنَّمَا أَنَا لَكُمْ مِثْلَ الْوَالِدِ لِوَلَدِهِ. وَفِي حَدِيْثٍ آخَرَ أَنَّهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ خَيْرُ الْآبَاءِ مَنْ عَلَّمَكَ. وَسَبَبُ ذٰلِكَ أَنَّ الْمُعَلِّمَ يَقْصِدُ الْإِنْقَاذَ مِنْ نَارِ الْآخِرَةِ. وَهُوَ أَهَمُّ مِنْ إِنْقَاذِ الْأَبَوَيْنِ لِوَلَدِهِمَا مِنْ نَارِ الدُّنْيَا. وَلِذٰلِكَ كَانَ حَقُّ الْمُعَلِّمِ أَعْظَمَ مِنْ حَقِّ الْوَالِدَيْنِ. فَإِنَّهُمَا وَإِنْ كَانَا سَبَبَيْنِ لِلْوُجُوْدِ وَالْحَيٰوةِ الْفَانِيَةِ، لٰكِنْ لَوْلَا الْمُعَلِّمُ وَإِفَادَتُهُ، مَا هُوَ سَبَبٌ لِلْحَيٰوةِ الْأُخْرَوِيَّةِ الدَّائِمَةِ، لَسَاقَ مَا حَصَلَ مِنْ جِهَتِهِمَا إِلَى الْمَهَالِكِ النَّائِمِ. ثُمَّ أَنَّهُ لَمَّا كَانَ مِثْلَ الْأَبِ يَلْزَمُ مَكَانَ بِجَرْيِ الْمُعَلِّمِ

Marfat.com

مَجْرٰی اِبْنِہٖ وَ یَشْفَقُ عَلَیْہِ وَ یَمْنَعُہٗ عَنْ تَجَاوُزِ مَرْتَبَتِہٖ اِلٰی مَرْتَبَتِہٖ لَمْ یَسْتَحِقَّھَا وَلَمْ یَجِئْ اَوَانُھَا وَ یُبَیِّنَ لَہٗ اَنَّ الْمَقْصُوْدَ مِنَ الْعِلْمِ تَحْصِیْلُ سَعَادَۃِ الْاٰخِرَۃِ لَا طَلَبُ الرِّیَاسَۃِ وَالْمُفَاخَرَۃِ۔

*

ترجمہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مت صحبت رکھ مگر مومن سے اور مت کھائے تیرا کھانا مگر پرہیزگار یہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثوں میں سے ہے ابوسعیدؓ نے روایت کیا ہے اور مومن سے مراد اس حدیث میں خاص مومن ہے جس کے مقابلہ میں فاسق ہوتا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے اس قول میں کیا جو شخص مومن ہو، اسکی مثل ہے جو فاسق ہے دونوں برابر نہیں پس گویا نبی علیہ السلام نے فرمایا مت صحبت رکھ مگر صالح کی اور مت دوستی کر مگر پرہیزگار کی پس نبیؐ علیہ السلام نے اس حدیث میں مومن کو اسکی صحبت سے ڈرایا ہے جو پرہیزگار نہ ہو اور اس سے میل جول اور اس کے ساتھ کھانے پینے سے منع کیا ہے۔ اس لئے کہ صحبت اور ملاقات دل میں الفت اور محبت ڈال دیتی ہے پس لازم آتا ہے جیسا کہ نبی علیہ السلام نے ایک حدیث میں فرمایا ہے جس کو ابوہریرہؓ نے روایت کیا ہے کہ آدمی کا حشر اپنے دوست کے دین پر ہوگا۔ لہٰذا ہر ایک دیکھ بھال لے کہ کس سے دوستی کرتا ہے یعنی جس کا دوست نیک ہوگا وہ بھی نیک ہوگا اور جس کا دوست فاسق ہوگا وہ بھی فاسق ہوگا۔

پھر اس آیت کے عام مضمون میں داخل ہو جائے گا کہ،

دوست اس دن ایک دوسرے کے دشمن ہوں گے مگر پرہیزگار۔

Marfat.com

پس غیر پرہیز گار میں سے ہر شخص قیامت کے دن کہے گا اے خرابی میری!
کاش نہ بناتا میں فلانے کو دوست اے کاش میرے اور اس کے درمیان فرق
ہوتا مشرقین کا سا اس بنا پر مومن کو چاہیئے کہ کسی کو دوست نہ بنائے مگر
اس کو جس کے دین اور امانت پر اعتماد ہو۔ اور اس کی خوبی اور تقویٰ معلوم ہو
کیونکہ ہر شخص دوستی کے قابل نہیں بلکہ ضرور ہے کہ جس کی دوستی تو اختیار کرے اس
میں کئی خصلتیں ہوں۔

اوّل عقل اس واسطے کہ احمق کی دوستی میں کچھ اچھائی نہیں کیونکہ اس کا
اچھے سے اچھا یہ حال ہے کہ وہ تیرے فائدے کی خواہش کے باوجود تجھے نقصان
پہنچا دیتا ہے۔ اس کا انجام ترک تعلق اور وحشت ہو جاتا ہے اگرچہ مدت گزر جائے
اس لئے کہ کسی کا قول ہے عقل مند دشمن نادان دوست سے بہتر ہے۔

مراد عاقل سے یہ ہے کہ امور کی حقیقت اور اصل کو سمجھتا
ہو۔ خود بخود یا سیکھ سمجھ کر اور حسنؓ سے روایت ہے کہ وہ کہتے ہیں احمق سے ترک تعلق
اللہ تعالیٰ کے قرب کا باعث ہوتا ہے۔ اور عیسیٰ نبیؑ علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ میں
مردوں کو زندہ کرنے میں کبھی عاجز نہیں ہوا۔ لیکن احمق کے علاج سے عاجز ہو گیا۔

دوسری خصلت حسن خلق ہے اس لئے کہ اس شخص کی دوستی میں کچھ بھلائی
نہیں جس کو غصے اور غضب کے وقت اور شہوت کے وقت اپنے نفس پر قابو نہ
ہو کیونکہ عاقل اگرچہ اشیاء کو اصلی حالت پر جان بھی لے گا۔ لیکن جب اس پر غصہ
اور شہوت غلبہ کریگی تو نفس کے اطاعت کرے گا اور وہی کام کرے گا جو اس کی خواہش
چاہتی ہے۔

اور تیسری خصلت نیک ہوتا ہے۔ اس واسطے کہ فاسق کی دوستی میں کچھ بھلائی نہیں
کیونکہ جو شخص گناہ کبیرہ کرتا ہے۔ وہ خدا سے نہیں ڈرتا اور جو اللہ تعالیٰ سے نہ ڈرے

Marfat.com

اس کی بدی کا کھٹکا نہیں جاتا اور اس کی دوستی کا بھروسہ نہیں

اور چوتھی خصلت سچائی ہے کیونکہ جھوٹے کی دوستی میں کچھ بھلائی نہیں کیونکہ اس کی مثال سراب کی سی ہے کہ دور کو تو تجھ سے نزدیک کر دیتا ہے اور نزدیک کو دور کر دیتا ہے۔ اور ہمیشہ اس کے فریب میں رہتا ہے۔

اور پانچویں خصلت مردانگی ہے اس واسطے کہ ڈرپوک کی دوستی میں کچھ بھلائی نہیں کیونکہ سختی کے وقت تیری مدد اور اعانت چھوڑ دے گا اور تجھ کو ڈرائے گا بلکہ چھپ رہے گا، اور تجھ سے غائب ہو جائے گا

اور چھٹی خصلت وفاداری ہے اس واسطے کہ اس کی دوستی میں کچھ بھلائی نہیں جو وفادار نہ ہو اور معنے وفاداری کے محبت پر قائم رہنا اور اس پر دائم رہنا ہے اور دائمی محبت وہی ہوتی ہے جو خدا کے واسطے ہو، اس لئے کہ جو محبت کسی غرض کے لئے ہوتی ہے تو اس غرض کے ساتھ وہ بھی جاتی رہتی ہے پس وفاداری نہیں ہوتے پاتی کیونکہ جو وفاداری کے خلاف ہو، وہ وفاداری میں داخل نہیں اور دوست کی وفاداری میں سے یہ بھی ہے کہ اس کے تمام دوستوں اور اس کے ناطے داروں اور علاقہ داروں کی رعایت کیا کرے۔ کیونکہ ان کی رعایت اس کے دل میں بہت جگہ کرتی ہے بہ نسبت خود اس کی رعایت کے۔ لہذا اس کی خوشی اس کے متعلقوں کی خبر گیری سے زیادہ ہو گی کیونکہ اس سے اس کی محبت کا بڑھ کر متعلقوں تک پہنچ جانا معلوم ہوتا ہے یہاں تک کہ کہتے ہیں جو کتا دوست کے گھر کے دروازے پر ہو تو مناسب ہے کہ دل میں وہ بھی بہ نسبت اور کتوں کے متمیز ہو۔

اور وفاداری میں ایک یہ ہے کہ اپنے دوست کے دشمن سے دوستی نہ کرے۔ کیونکہ امام شافعی کہتے ہیں جب تیرے دوست نے تیرے دشمن کا کہا مانا تو دونوں تیری دشمنی میں شریک ہوئے اور وفاداری میں سے ایک یہ ہے کہ دوست

Marfat.com

کے ساتھ انحاری میں حال بدل نہ جائے اگرچہ شان بلند اور حکومت زیادہ اور مرتبہ بڑا ہو جائے اور وفاداری میں سے ایک یہ بھی ہے کہ ان چیزوں سے بچتا رہے جو دونوں میں فرق کا سبب ہوں اس لئے کہ پوری وفاداری یہی ہے کہ مفارقت سے بہت گھبراتا ہو اور اسی لئے بعضے اگلوں نے کہا ہے کہ میں نے زمانے کی تمام مصیبتوں کو آسان پایا بجز دوستوں کی جدائی کے اور ابن مبارک کہتے ہیں بڑی عزیز دار چیز دوستوں کی ہم نشینی ہے اور وفاداری میں سے ایک یہ ہے کہ دینا ہے اس چیز میں جو حق کے خلاف نہ ہو اور رہی وہ بات جو دینیات میں حق کے خلاف ہو تو اس میں رفاقت کرنا وفاداری نہیں بلکہ اس میں مخالفت کرنا اور حق کا بتلا دینا ہی وفاداری ہے۔ چنانچہ حضرت امام شافعی سے حکایت ہے کہ وہ محمد بن حکم سے برادرانہ محبت رکھتے تھے اور ان کو پاس بٹھاتے اور ان کے پاس جایا کرتے اور کہتے تھے کہ مجھ کو مصر میں ان کے سوا کوئی نہیں لگتا پس جب لوگوں نے ان دونوں کی سچی محبت دیکھی تو خیال کیا کہ اپنی وفات کے بعد اپنی گدی انہی کے سپرد کریں گے سو لوگوں نے ان سے مرض موت میں پوچھا اپنے بعد اپنی گدی کس کے سپرد کرتے ہو اور اس وقت محمد بن الحکم بھی سرہانے تھے اور سامنے ہو گئے تاکہ ان کی طرف اشارہ کریں پس امام شافعی نے کہا سبحان اللہ میری جگہ ابو یعقوب بویطی بیٹھے گا اور امام شافعی کے تمام شاگرد بویطی کی طرف جھک پڑے پس محمد بن الحکم کو یہ بات بری لگی باوجودیکہ انہیں سے تمام مذہب سیکھا تھا بویطی افضل اور بڑے زاہد اور پرہیزگار تھے۔

کیونکہ بعض خلقت میں علم اور فضل کے ساتھ مشہور ہو جاتے ہیں، کبھی اور شخص ان سے افضل ہوا کرتا ہے یا تو ہر باب میں یا کسی خاص امر میں لیکن اس کو بہتیرے لوگ نہیں سمجھ پاتے۔ اس لئے غیر مشہور کو چھوڑ کر جو اُن میں مشہور ہوتا ہے

Marfat.com

ادھر متوجہ ہوجاتے ہیں لہٰذا ان سے اسکی فضیلت جاتی رہتی ہے جوان میں مشہور نہیں پس امام شافعیؒ نے اللہ کے واسطے اور مسلمانوں کے فائدے کے لئے خیرخواہی کی اور افضل کو اختیار کیا اور طرفداری کو ترک کیا اور خلقت کی رضامندی کو اللہ کی رضامندی پر اختیار نہ کیا پس جب امام شافعی نے وفات کی تو محمد بن حکم ان کے مذہب سے پھرکر اپنے باپ کے مذہب پر ہوگئے اور امام مالک کی کتابوں کا درس شروع کیا اور بویطی نے زہد و خلوت اختیار کی اور عبادت میں مشغول ہوگئے اور ان کو جماعت کا ہونا اور حلقہ میں بیٹھنا پسند نہ آیا اس تمام بیان سے ظاہر ہوا کہ دوستی کے لائق وہی ہے جس میں یہ خصلتیں جمع ہوں پس اگر اس میں یہ خصلتیں جمع نہ ہوں تو پھر سب لوگوں سے الگ ہوکر اپنے گھر میں بیٹھ رہنے کو اپنے اوپر لازم کرلے اس لئے کہ اس زمانے میں عقلمند کو سوائے خاموشی اور گھر میں پڑے رہنے کے اور کچھ نہ چاہیے۔

اور ابوسلیمان خطابی نے کہا کہ تیری صحبت اور تیرے شاگرد کی رغبت کرنے والوں کو چھوڑ دے کیونکہ ان میں تیرا کوئی دوست نہیں ہے اور نہ رفیق ہے ظاہر کے بھائی ہیں باطن کے دشمن جب تجھ سے ملتے ہیں تعریف کرتے ہیں اور جب تو ان سے غائب ہوجائے تو غیبت کرتے ہیں جو ان میں سے تیرے پاس آتا ہے تو تیرا نگہبان ہوتا ہے اور جب تیرے پاس سے چلا جاتا ہے تو تیری بدگوئی کرتا ہے لہٰذا اپنے پاس ان کے جمع ہونے اور اپنے سامنے خوشامد کرنے سے دھوکا نہ کھا کیونکہ ان کی غرض علم نہیں ہے بلکہ ان کی غرض یہ ہے کہ تجھ کو اپنی حاجات کا زینہ اور اپنے مقاصد کا گدھا بنالیں اور اگر تو نے ان کی کسی غرض میں ذرا کوتاہی کی تو پھر وہ تیرے بڑے ہی دشمن ہیں اور تیرے پاس اپنی آمدورفت کو تجھ پر احسان کرتے ہیں اور اس کو تیرے اوپر حق واجب سمجھتے ہیں اور خواہش کرتے

Marfat.com

ہیں کہ تو اپنی آبرو اور اپنا دین ان کے لئے کھو دے، اور اُن کا ادنیٰ فرمان بردار بن جائے بعد اس کے کہ تو حاکم اور سردار تھا اور ابن عمر سے روایت ہے کہ نبیؐ علیہ السلام نے فرمایا کہ شیخ اپنے گروہ میں ایسا ہے جیسے نبی اپنی امت میں اور شیخ اپنی قوم میں ایسا اس لئے ہے کہ ان کو دین سکھاتا ہے جیسے ہر نبیؐ نے اپنی امت کو دین سکھایا اور شاگرد پر اس شخص کا حق جس نے بھلائی سکھائی ہو اگرچہ ایک حرف سہی یہ ہے کہ ظاہر و باطن میں اس کی عزت کرے۔ کیونکہ وہ اسکی عزت کرے کیونکہ وہ اس کے باپ کی مثل ہے بلکہ اس سے بہتر ہے اس لئے کہ ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے کہا، کہ میں تمہارے لئے ایسا ہوں جیسے بیٹے کے لئے باپ اور ایک حدیث میں ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا اچھا باپ وہ ہے جو تجھ کو علم سکھائے اور سبب اس کا یہ ہے کہ استاد آخرت کی آگ سے بچانا چاہتا ہے اور یہ دنیا کی آگ سے ماں باپ کا اپنے بچے کو بچانے سے زیادہ اہم ہے اور اسی واسطے استاد کا حق ماں باپ کے حق سے زیادہ ہے۔ کیونکہ ماں باپ اگرچہ وجود اور حیاتِ فانی کے سبب ہیں لیکن اگر استاد اور اس کی تعلیم نہ ہوتی جو حیات اُخروی دائمی کا سبب ہے تو بے شک جو ماں باپ کی طرف سے حاصل ہوا ہے ہمیشہ کی ہلاکت کی طرف لے جاتا پھر وہ جب بجائے باپ کے ہوا تو اس کو لازم ہے کہ شاگرد کو بجائے بیٹے کو سمجھے اور اس پر شفقت کرے اور اپنے مرتبہ سے ایسے مرتبہ کی طرف بڑھنے سے جس کا وہ ابھی مستحق نہیں ہوا، اور اس کا ابھی وقت بھی نہیں آیا، منع کرے۔ اور اس سے بیان کر دے کہ علم سے مقصود سعادت اخروی ہے، طلب ریاست اور عزت نہیں۔

Marfat.com

نقل ہے :- کہ حضرت لقمان حکیم سے کسی شخص نے کچھ زرد دینار قرض حسنہ لئے ایک مدت کے بعد اس شخص نے لکھا کہ صاحب مجھے فرصت نہیں معتبر آدمی ملتا نہیں صاحبزادہ کو بھیج دیجئے تاکہ قرض لے جائیں حضرت لقمان نے اپنے فرزند کو تین نصیحتیں فرماکر روانہ کیا ایک یہ کہ پہلے منزل میں ایک بڑ کا درخت آتا ہے اس کے تلے نہ سونا دوسری منزل میں ایک بڑا شہر واقع ہوگا اس کے اندر قیام نہ کرنا کھانا کھا پی کر جنگل میں جا رہنا۔ تیسری یہ کہ اس مقروض کے گھر نہ ٹھہرنا اس کے بعد یہ بھی اجازت دی کہ راہ میں اگر کوئی واقف راہ و تجربہ کار ہم سے زیادہ ملے اور ہماری نصیحت کے برخلاف ارشاد کرے تو کچھ مضائقہ نہیں ویسا ہی عمل میں لانا جب پسر لقمان نے کچھ راہ طے کی تو ایک بڈھا مسافر ملا پوچھا میاں لڑکے کہاں جاتے ہو سب حال کہہ سنایا بڑے میاں بولے خیر مجھ کو بھی اس شہر میں پہنچنا ہے خوب ہوا کہ ہمارا تمہارا ساتھ ہو گیا ہے۔ جب پہلی منزل میں وارد ہوا تو بڑے میاں نے کہا کہ اس درخت کے نیچے رہیں گے۔ تاکہ شبنم سے بچیں۔ لڑکا بولا صاحب مجھ کو والد نے منع کیا ہے کہا کہ بھلا کچھ اور بھی کہہ دیا تھا کہ ہاں یہ بھی فرمایا تھا کہ اگر کوئی اس راہ کا واقف ترے تو اس کا کہنا ماننا۔ کہا کہ ہم اس راہ سے خوب واقف و آگاہ ہیں ہمارا کہنا مانو۔

بئی سجادہ رنگین کن گرت پیر مغاں گوید
کہ سالک بیخبر نبود زراہ و رسم منزلہا

غرض دونوں نے درخت کے نیچے بستر کیا آدھی رات گئی تو ایک سانپ درخت پر سے اترا بڑے میاں نے سانپ کو مارا ڈھال تلے ڈھانک دیا۔ جب صبح ہوئی تو کوچ کی بھڑے لڑکے کے دل میں یہ

Marfat.com

خیال آیا کہ والد ماجد نے خواہ مخواہ منع فرمایا تھا یہ درخت تو بڑے آرام کا مقام ہے پیر روشن ضمیر نے معلوم کیا کہ لڑکا باپ سے بدظن ہوا جاتا ہے رات کا ماجرا سنایا اور ڈھال کے نیچے سے نکال کر سانپ دکھایا۔ اس وقت لڑکے کو تشفی ہو گئی۔ پھر بڑے میاں نے ارشاد کیا، کہ صاحبزادہ! سانپ کا سر کاٹ کر اپنے پاس رکھو داشتہ آید بکار گرچہ بود زہر مار اس نے فوراً تعمیل کی اور وہاں سے چل نکلے دوسرے دن ایک بادشاہی شہر میں پہنچے بڑے میاں نے کہا کہ اسی شہر میں رات کو رہیں گے لڑکے نے کہا بہت اچھا میں تو آپ کے فرمانے کی تعمیل کروں گا دونوں ایک مسافر خانہ میں جا ٹھہرے اس شہر کا دستور تھا کہ جب کوئی جوان مسافر آجاتا تو بادشاہ اپنی بیٹی کی شادی اس کے ساتھ کر دیتا۔ صبح کو وہ مسافر مردہ نکلتا۔ حسبِ دستور بادشاہ کو خبر پہنچی اور نوجوان مسافر کی طلب ہوئی نکاح ہوگیا جب لڑکا دلہن کے پاس جانے لگا تو پیر دانا نے فرمایا کہ پہلے اس سانپ کے سر کو جو تمہارے پاس ہے آگ میں رکھ کر اپنی بیوی کو اس کی دھونی دینا لڑکے نے ایسا ہی کیا عورت کے رحم میں ایک مرض تھا جو مرد اس کے پاس جاتا جیتا نہ آتا اس دھونی کی تاثیر سے وہ مرض جاتا رہا اور صبح کو وہ لڑکا صحیح سلامت محل سے باہر آیا۔ بادشاہ کو بڑی خوشی حاصل ہوئی دو چار دن کے بعد روانہ ہوئے تیسری منزل طے کی اب بڑے میاں بولے کہ اسی مقروض کے گھر ٹھہریں گے۔ چنانچہ شب کو وہیں قیام کیا میزبان کی نیت بگڑی کہ رات کے وقت ان دونوں کو مار ڈالو تاکہ روپیہ بچ جائے مہمانوں سے پوچھا کہ صاحبو اندر سوؤ گے یا باہر بڑے میاں بولے کہ گرمی ہے ہم تو باہر سوئیں گے چنانچہ یہ دونوں باہر رہے اور اندر صاحب خانہ کے دو لڑکے سوئے جب آدھی رات گذری تو بڑے میاں نے پسر نعمان کو جگایا، کہ اب سردی لگتی ہے اندر چلو یہ دونوں تو اندر پہنچے اور میزبان کے لڑکوں کو جگا کر کہا کہ بھائی تم ہماری جگہ جا

Marfat.com

لیٹو ہم کو یہاں سوتے دو جب تیسرا پہر رات کا ہوا تو مالک مکان آیا اور باہر کے سوتے دونوں کو قتل کر دیا۔ صبح کو دیکھا تو اپنے لڑکوں کو مردہ پایا نہایت صدمہ ہوا مگر چپ رہ گیا۔ کہ خود کردہ را علاجے نیست چار و ناچار مہمانوں کو روپیہ دے کر رخصت کیا دونوں صاحب منزل بمنزل واپس ہوئے جب اس مقام پر پہنچے کہ جہاں بڑے میاں سے ملاقات ہوتی تھی پیر بزرگوار نے کہا کہ لو صاحب خدا حافظ اب تو ہم جاتے ہیں اپنے والد سے ہمارا سلام کہنا لڑکے نے نام پوچھا کہ تمہارے باپ خوب جانتے ہیں غرض کہ باپ کی خدمت میں پہنچ کر ماجرا سفر گذارش کیا اور پوچھا کہ حضرت یہ بزرگوار کون تھے باپ نے کہا کہ وہ خضر علیہ السلام تھے راقم کی غرض اس بیان سے یہ ہے کہ لقمان تو اصل ہے کُلُّ شَیْءٍ یَّرْجِعُ اِلٰی اَصْلِہٖ اور مسافر سالک اور منازل راہ منازل سلوک بڑے میاں پیر کامل، سانپ سانپ نفس و شیطان شہزادی دنیا خانہ قرض جہاں دنیا مقروض انسان وَحَمَلَهُ الْاِنْسَانُ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا اور پسران مقروض، اہل دنیا اور روپیہ محبت و عشق الٰہی ہے

خوشتر آں باشد کہ سرِ دلبراں
گفتہ آید در حدیث دیگراں

دوسری غرض اس نقل سے یہ ہے کہ جو مرد کامل ہوتے ہیں وہ طالب خدا کو دوسرے شیخ کامل کی خدمت میں جانے سے مانع نہیں ہوتے بلکہ اوروں کی خدمت میں جانے، اور ان سے فیض حاصل کرنیکی ہدایت فرماتے ہیں چنانچہ جناب قبلہ بھی طالبان راہ خدا کو ہمیشہ فرمایا کرتے تھے کہ جو کوئی مرد کامل مسلمان یا ہندو سالک یا مجذوب ملے اس سے بے تکلف ملو اور جو کچھ از راہ توجہ یا القا یا کسی طرح سے فیض و فائدہ پہنچا دے اور تعلیم و تلقین کرے۔ اس کو نہ چھوڑو یہ مرتبہ نبوت نہیں ہے جو ختم ہو چکا مرتبہ ولایت ہے ایک سے ایک افضل و اعلیٰ پیدا ہوتے چلے جاتے ہیں

وَفَضَّلْنَا بَعْضًا عَلٰى بَعْضٍ۔

Marfat.com

اور جو کوئی مرید کسی طرف جاتا یعنی سفر کرتا اس کو یہ ارشاد ہوتا

گفت حق اندر سفر ہر جاروی

باید اوّل طالب مرد شوی

چنانچہ ایک روز حضرت نے فرمایا کہ خواجہ معین الدین چشتی رحمتہ اللہ علیہ کے زمانے میں جو اکابر تھے خواجہ صاحب نے اپنے معتقدوں اور مریدوں کو ان کی خدمت میں بھیج دیا کرتے۔ اس میں یہ حکمت تھی کہ مبتدی کو شیخ کی تعلیم و تلقین کا ابتدا میں علم نہیں ہوتا۔ جو اکابر جوہر شناس تھے وہ چشم باطن سے جوہر کا پہچان کر فرماتے تھے کہ کسی نے خوب جوہر بھرے ہیں یعنی تعلیم خوب کی ہے تو ان کی جوہر شناسی سے طالب کی تسلی ہوتی تھی اور شیخ کا کمال معلوم ہوتا تھا اور اس زمانہ میں اگر کوئی طالب خدا کسی فقیر کی خدمت میں چلا ہی جائے تو حضرت مشائخ فوراً مردود کر دیتے ہیں۔

نقل ہے :- کہ امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک روز نماز فجر کے لئے مسجد میں تشریف لے گئے دیکھا کہ ایک شخص قبلہ رو پہلوئے راست پر سو رہا ہے خیال کیا کہ شاید نماز پڑھ کر سو گیا ہے۔ پھر ظہر کے وقت گئے تب بھی اسی کروٹ سے سوتے پایا پھر عصر و مغرب کے اوقات میں بھی وہی کیفیت دیکھی، جب مغرب تنگ ہونے لگا تو اس کو جگایا اور فرمایا کہ نماز قضا ہو ہی جاتی ہے۔ وہ شخص جاگا اور وضو کر کے اوّل نماز فجر کی نیت کی تو دیکھتے ہیں کہ ٹھیک صبح کا وقت اور نور کا تڑکا ہے پھر اس نے ظہر کی نیت کی تو وقت ظہر معلوم ہونے لگا اور جب عصر کی نیت باندھی تو وقت عصر موجود تھا۔ اور مغرب کی نیت کی تو مغرب کا۔ پھر حضرت مجدد صاحب سے اس نے کہا کہ نماز کے لئے تو آپ نے جگا دیا۔ مگر حال نہ پہچانا کہ کیا ہے۔ بھلا اس حالت کے روبرو نماز کیا شئے ہے۔ لیکن اس سے کوئی یہ نہ سمجھے کہ نماز کچھ شئے نہیں بلکہ ایسی حالت کے فقیر ہر وقت

Marfat.com

نماز ہی میں رہتے ہیں گو ظاہر میں نماز نہ پڑھیں

دربیان آنکہ پیدائش حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر وسیلہ کی ضرورت چلی آئی ہے

وَبِالتَّحَقُّقِ بِاَنَّ اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ اَجْرَی الْعَادَۃَ بِاَنْ یَّکُوْنَ فِی الْاَرْضِ شَیْخٌ وَّمُرِیْدٌ، صَاحِبٌ وَّ مَصْحُوْبٌ، تَابِعٌ وَّمَتْبُوْعٌ مِنْ لَّدُنْ اٰدَمَ اِلٰی اَنْ تَقُوْمَ السَّاعَۃُ اَلَا تَرٰی اِلٰی اٰدَمَ عَلَیْہِ السَّلَامُ لَمَّا خَلَقَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَّمَہُ الْاَسْمَآءَ کُلَّھَا. وَافْتَتَحَ الْاَمْرَ بِہٖ فَجَعَلَہٗ کَالتِّلْمِیْذِ مَعَ الْاُسْتَاذِ وَالْمُرِیْدِ مَعَ الشَّیْخِ وَقَالَ لَہٗ یَا اٰدَمُ ھٰذَا فَرَسٌ وَھٰذَا بَغْلٌ وَھٰذَا حِمَارٌ حَتّٰی عَلَّمَہٗ قَصْعَۃً وَّقُصَیْعَۃً. ثُمَّ لَمَّا فَرَغَ مِنْ تَعْلِیْمِہٖ وَتَھْذِیْبِہٖ، جَعَلَہٗ اُسْتَاذًا مُعَلِّمًا شَیْخًا حَکِیْمًا وَکَسَاہُ بِاَنْوَاعِ الْحُلَلِ وَالْحُلِیِّ وَتَوَجَّہَ مَنْطِقَہٗ وَاَجْلَسَہٗ عَلٰی کُرْسِیٍّ فِی الْجَنَّۃِ وَاَقَامَ الْمَلَائِکَۃَ حَوْلَہٗ صُفُوْفًا فَقَالَ یَآ اٰدَمُ اَنْبِئْھُمْ بِاَسْمَآءِھِمْ بَعْدَ اَنْ ظَھَرَ عَجْزُھُمْ وَ وَعَدَمُ عِلْمِھِمْ بِذٰلِکَ وَقَوْلِھِمْ سُبْحَانَکَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا. فَصَارَتِ الْمَلٰٓئِکَۃُ بِالتِّلْمِیْذَۃِ لِاٰدَمَ وَاٰدَمُ شَیْخَھُمْ فَاَنْبَاَھُمْ بِاَسْمَآءِ الْاَشْیَآءِ کُلِّھَا عَلٰی مَا شَھِدَ بِہِ الْقُرْاٰنُ. فَظَھَرَ فَضْلُہٗ عَلَیْہِ السَّلَامُ عَلَیْھِمْ فَصَارَ اَفْضَلَھُمْ وَاَشْرَفَھُمْ عِنْدَ اللّٰہِ وَعِنْدَھُمْ فَصَارَ مَتْبُوْعَھُمْ وَالْمَلَائِکَۃُ تَابِعُوْنَ مُقْتَدُوْنَ. صَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیْہِ.

فَلَمَّا جَرٰی مِنْ اَکْلِ الشَّجَرَۃِ وَالْخُرُوْجِ مِنَ الْجَنَّۃِ وَالْاِنْتِقَالِ اِلٰی

Marfat.com

حَالَةٍ اُخْرٰى وَمَنْزِلٍ غَيْرِهٖ الَّذِىْ لَمْ يُعْطَ عِلْمَهٗ وَلَمْ يَسْتَوْطِنْهُ بَعْدُ وَلَا جَرٰى
ذٰلِكَ فِىْ خُلْدِهٖ وَلَا ظَنَّ اَنَّهٗ سَيَسَارُبُهٗ اِلَيْهِ. فَلَمَّا وَصَلَ اِلَى الْمَنْزِلِ وَجَالَ
فِى الْاَرْضِ اِسْتَوْحَشَ مِنْهَا وَرَاٰى مَالَمْ يَكُنْ رَاٰهُ مِنْ قَبْلُ فَاَلْقٰى عَلَيْهِ الْجُوْعَ
وَالْعَطْشَ وَالْحُرْقَةَ وَالْقَبْضَ مَالَمْ يُعَهِّدْهُ مِنْ قَبْلُ، اِحْتَاجَ اِلٰى مُعَلِّمٍ وَ
مُرْشِدٍ وَاُسْتَاذٍ وَدَلِيْلٍ وَ مُؤَدِّبٍ وَ مُنَبِّهٍ. فَبَعَثَ اللّٰهُ تَعَالٰى جِبْرَائِيْلَ
عَلَيْهِ السَّلَامُ فَاَنَسَهٗ وَعَرَّفَهٗ مَا اَشْكَلَ عَلَيْهِ مِنْ اَمْرِ الْمَنْزِلِ وَهَبَهُ
الْحِنْطَةَ فَاَمَرَهٗ فَبَزَرَهَا. ثُمَّ اَمَرَهٗ فَحَصَدَهَا ثُمَّ اَمَرَهٗ فَدَرَّهَا ثُمَّ
اَمَرَهٗ فَطَحَنَهَا وَهَبَالَهٗ اَسْبَابَهَا ثُمَّ اَمَرَهٗ بِالْخُبْزِ فَخَبَزَهَا ثُمَّ اَمَرَهٗ
بِالْاَكْلِ فَاَكَلَ. ثُمَّ لَمَّا الطَّعَامُ طَلَبَ الْخُرُوْجَ مِنَ الْمِعْدَةِ تَحَيَّرَ. وَ
لَمْ يَعْلَمْ بِالصَّنْعِ اِحْتَاجَ اِلٰى مُعَلِّمٍ اَيْضًا فَعَلَّمَهٗ كَيْفَ يَتَغَوَّطُ وَكَيْفَ
يَتَطَهَّرُ وَكَيْفَ يَعْبُدُ اللّٰهَ تَعَالٰى فِى الْمَنْزِلِ وَعَلَّمَهٗ كَيْفَ يَتَوَصَّلُ
اِلٰى بَيَاضِ جَسَدِهِ الَّذِىْ قَدْ حَالَ لَوْنُهٗ مِنَ الْبَيَاضِ وَالْاِشْرَاقِ اِلَى السَّوَادِ
وَالظُّلْمَةِ فَاَمَرَهٗ بِصِيَامِ اَيَّامِ الْبِيْضِ مِنَ الشَّهْرِ ثَالِثَ عَشَرَ وَرَابِعَ
عَشَرَ وَخَامِسَ عَشَرَ، فَعَادَ لَوْنُهٗ اِلَى الْبَيَاضِ، وَعَلَّمَهٗ غَيْرَ ذٰلِكَ مِنَ
الْعُلُوْمِ وَالْاٰدَابِ. فَصَارَ اٰدَمُ تِلْمِيْذًا لِجِبْرَائِيْلَ، وَجِبْرَائِيْلُ اُسْتَاذَهٗ وَشَيْخَهٗ
بَعْدَ اَنْ كَانَ اٰدَمُ شَيْخَهٗ وَالْمَلَائِكَةُ اَجْمَعُ مَشْيُوْخَهُمْ وَاَعْلَمُهُمْ وَكُلُّ
ذٰلِكَ لِتَغَيُّرِ الْحَالِ بِهٖ وَالْاِنْتِقَالِ مِنْ مَنْزِلٍ اِلٰى اٰخَرَ.

ثُمَّ هَلُمَّ جَرًّا تَعَلَّمَ شِيْثُ ابْنُ اٰدَمَ مِنْ اَبِيْهِ اٰدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ
ثُمَّ اَوْلَادُهٗ مِنْهُ كَذٰلِكَ نُوْحٌ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَلَّمَ اَوْلَادَهٗ وَاِبْرَاهِيْمُ عَلَيْهِ
السَّلَامُ اَوْلَادَهٗ. قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَوَصّٰى بِهَا اِبْرَاهِيْمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ
يَعْقُوْبُ. اَىْ اَمَرَهُمْ وَعَلَّمَهُمْ وَكَذٰلِكَ مُوْسٰى وَهَارُوْنَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ

Marfat.com

عَلَّمَا اَوْلَادَهُمَا وَبَنِیْ اِسْرَائِیْلَ وَعِیْسٰی عَلَیْهِ السَّلَامُ عَلَّمَ لِلْحَوَارِیِّیْنَ ثُمَّ اِنَّ جِبْرِیْلَ عَلَیْهِ السَّلَامَ عَلَّمَ نَبِیَّنَا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَوَصَّاهُ بِالسِّوَاكِ. وَقَوْلُهُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَصَّانِیْ جِبْرِیْلُ بِالسِّوَاكِ حَتّٰی كَادَ اَنْ یَدُوْرَنِیْ وَصَلّٰی بِیْ جِبْرِیْلُ عَلَیْهِ السَّلَام عِنْدَ الْبَیْتِ مَرَّتَیْنِ فَصَلّٰی بِیَ الظُّهْرَ حِیْنَ زَالَتِ الشَّمْسُ (الحدیث اِلٰی اٰخِرِهٖ وَقَدْ تَقَدَّمَ ذِكْرُهٗ)

ثُمَّ تَعَلَّمَتِ الصَّحَابَةُ مِنْهُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ التَّابِعُوْنَ مِنْهُمْ عَلَی الْجَمِیْعِ السَّلَامُ. ثُمَّ تَابِعُوا التَّابِعِیْنَ مِنْهُمْ قَرْنًا بَعْدَ قَرْنٍ وَعَصْرًا بَعْدَ عَصْرٍ. فَمَا مِنْ نَبِیٍّ اِلَّا وَلَهٗ صَاحِبٌ یَهْتَدِیْ بِهُدَاهُ وَیَقِفُ اَثَرَهٗ وَیَتَّبِعُ مَذْهَبَهٗ وَیَهْدِیْ هَدْیَهٗ ثُمَّ یَخْلُفُهٗ مَكَانَهٗ وَیَقُوْمُ مَقَامَهٗ كَمُوْسٰی بْنِ عِمْرَانَ وَغُلَامِهٖ وَابْنِ اُخْتِهٖ یُوْشَعُ بْنُ نُوْنٍ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَالْحَوَارِیِّیْنَ مَعَ عِیْسٰی. وَاَبِیْ بَكْرٍ وَعُمَرَ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَكَذَالِكَ عُثْمَانُ وَسَائِرُ الصَّحَابَةِ وَمَا زَالَتِ الْاَوْلِیَاءُ وَالصِّدِّیْقُوْنَ وَالْاَبْدَالُ كَذَالِكَ مِنْ بَیْنِ اُسْتَاذٍ وَتِلْمِیْذٍ كَالْحَسَنِ الْبَصْرِیِّ. وَتِلْمِیْذُ عُتْبَةَ ابْنِ الْغُلَامِ وَسِرِّیِّ السَّقَطِیِّ وَغُلَامُهٗ وَابْنُ اُخْتِهٖ اَبِی الْقَاسِمِ الْجُنَیْدِ وَغَیْرِهِمْ مِمَّا یَطُوْلُ شَرْحُهٗ.

فَالْمَشَائِخُ مِنْهُمُ الطَّرِیْقُ اِلَی اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ وَالْاَلَاءِ عَلَیْهِ وَالْبَابُ الَّذِیْ یَدْخُلُ مِنْهُ اِلَیْهِ فَلَا بُدَّ لِكُلِّ مُرِیْدٍ لِلّٰهِ عَزَّوَجَلَّ مِنْ شَیْخٍ كَمَا بَیَّنَّا اِلَّا عَلَی النَّادِرِ وَالشَّاذِّ.

فَیَجُوْزُ اَنْ یَصْطَفِیَ اللّٰهُ عَبْدًا مِنْ عِبَادِهٖ فَیَتَوَلّٰی تَرْبِیَتَهٗ وَحِرَاسَتَهٗ عَنِ الشَّیْطَانِ وَصِفَاتِ النَّفْسِ وَالْهَوٰی كَاِبْرَاهِیْمَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَیْهِ وَسَلَامُهٗ وَاُوْلٰئِكَ الْقَرْنِ مِنَ الْاَوْلِیَاءِ

Marfat.com

وَغَيْرُهُمْ فَلَا يُنْكِرُ اِلَّا اِنَّا بَيَّنَّا مَا هُوَ الْاَغْلَبُ وَالْاَكْثَرُ وَالْاَسْلَمُ وَالْاَحْسَنُ.
فَلَا يَنْبَغِيْ لَهٗ اَنْ يَنْقَطِعَ عَنِ الشَّيْخِ حَتّٰى يَسْتَغْنِيَ عَنْهُ بِالْوُصُوْلِ اِلٰى
رَبِّهٖ عَزَّوَجَلَّ فَيَتَوَلّٰى تَبَارَكَ وَتَعَالٰى تَرْبِيَتَهٗ وَتَهْذِيْبَهٗ وَيُوَقِّفُهٗ عَلٰى مَا
فِيْهِ اَشْيَاءُ خَفِيَتْ عَلَى الشَّيْخِ وَيَسْتَعْمِلُهٗ بِمَا يَشَاءُ مِنَ الْاَعْمَالِ
وَيَاْمُرُهٗ وَيَنْهَاهُ وَيَبْسُطُهٗ وَيَقْبِضُهٗ وَيُغْنِيْهِ وَيُفْقِرُهٗ وَيُلْقِنُهٗ. وَ
يَطَّلِعُهٗ عَلٰى اَقْسَامِهٖ. وَمَا مَسْئُوْلٌ اَمْرُهٗ اِلَيْهِ فَيَسْتَغْنِيْ بِرَبِّهٖ عَنْ غَيْرِهٖ بَلْ
اِلَّا يَنْفَزِعُ بِغَيْرِهٖ وَلَا يَسَعُهٗ اِلَّا مُرَاعَاةُ الْاَدَبِ لِرَبِّهٖ وَمُحَافَظَةُ خِدْمَتِهٖ
وَحُرْمَتِهٖ وَكَوْفِيْرِهٖ. فَحِيْنَئِذٍ يَقْطَعُ قَطْعًا وَرُبَمَا حُرِمَ عَلَيْهِ الْمُرُوْرُ اِلَى
الشَّيْخِ اِلَّا عَنْ صَرِيْحٍ وَخَيْرٍ بَيِّنٍ اِلَّا مَا يَتَحَقَّقُ فِيْهِ الشَّيْخُ اِلَيْهِ وَ
الْمُلَاقَاةُ لَهٗ فِيْ طَرَفَيِ الْجَامِعِ قَدْرًا وَلَا يَكُوْنُ قَصْدًا. كُلُّ ذٰلِكَ حِفْظًا
لِلْحَالِ وَاسْتِغْنَاءً بِالرَّبِّ وَغَيْرَةً عَلَى الْحَالِ وَمُلَازَمَةً لَهُمَا وَخِيْفَةً
مِنَ الذِّلَّةِ وَالْمُفَارَقَةِ لَهُمَا. وَالْعُقُوْبَةُ بِذٰلِكَ.

وَذٰلِكَ اَنَّ الْحُكْمَ يَجْمَعُ الْمُرِيْدَ وَالشَّيْخَ وَيَسَعُهُمَا. وَالْاَحْوَالُ
تُفَرِّقُ بَيْنَهُمَا لِاَنَّهَا قَدَرٌ وَالْقَدَرُ غَيْبٌ فَهِيَ فِعْلُ الرَّبِّ عَزَّوَجَلَّ
وَاللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ كُلِّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ فِيْ تَقْدِيْمٍ وَتَاْخِيْرٍ وَتَبْدِيْلٍ وَ
وَتَغْيِيْرٍ وَلَابَةٍ وَعَزْلٍ وَاِغْنَاءٍ وَاِفْقَارٍ وَاِعْزَازٍ وَاِذْلَالٍ يَسُوْقُ الْمَقَادِيْرَ
اِلَى الْمَوَاقِيْتِ لَا بُدَّ لَكَ ذٰلِكَ وَلَا يَنْضَبِطُ لِاَحَدٍ مِنَ الْخَلْقِ لَيْلٌ مُظْلِمٌ
وَبَرٌّ سَنَاسِعٌ وَبَحْرٌ لُجِّيٌّ لَا يُحِيْطُ بِشَيْءٍ مِنْ ذٰلِكَ اِلَّا اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ وَمَنْ
يَطَّلِعُهُ اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ مِنْ رُسُلِهٖ وَاَنْبِيَائِهٖ وَخَوَاصِ اَوْلِيَائِهٖ وَالْاِثْنَانِ
لَا يَتَّفِقَانِ فِيْ طَرِيْقٍ بَعْدَ دُخُوْلِهِمْ فِي الْحَاجَاتِ الَّتِيْ هِيَ الْقَدَرُ وَالْفِعْلُ فَمَا
يَصْنَعُ الْمُرِيْدُ بِالشَّيْخِ وَطَرِيْقُهُمَا مُخْتَلِفَةٌ. فَالشَّيْخُ يُسِيْرُ بِهٖ اِلٰى

Marfat.com

جِهَةٍ وَالْمُرِيْدُ اِلٰى اُخْرٰى۔ فَقَدْ خُلِقَ بَيْنَ ظُهُوْرِهِمَا وَوُجُوْهِهِمَا، فَاَنّٰى لَهُمَا وِجْدَانُ الصُّحْبَةِ وَالْاِجْتِمَاعُ وَالْاِيْقَارُ بَعْدَ ذٰلِكَ جِدًّا۔ فَاِنِ اتَّفَقَ فَهُوَ نَادِرٌ شَاذٌّ۔ لَا اِلْتِفَاتَ اِلَيْهِ وَلَا مُعَوَّلَ اِلَيْهِ اِذِ الْاَغْلَبُ مَا قَدِ انْكَشَفَ وَظَهَرَ وَبَانَ۔ وَصَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَى الشَّيْخِ۔

وَعَلَى الْمُرِيْدِ الصَّادِقِ الَّذِيْ بَلَغَ بِهٖ اِلٰى حَالَةٍ اِسْتَغْنٰى فِيْهَا بِرَبِّهٖ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى عَنِ الشَّيْخِ اِلَّا فِي الْوَقْتِ وَعَنْ اٰدَابِ الْمُرِيْدِ اَنْ لَّا يَتَكَلَّمَ بَيْنَ يَدَيْ شَيْخِهٖ اِلَّا فِيْ حَالَةِ الضَّرُوْرَةِ اَنْ لَّا يُظْهِرَ شَيْئًا مِّنْ مَنَاقِبِ نَفْسِهٖ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلَا يَنْبَغِيْ لَهٗ اَنْ يَّبْسُطَ سَجَّادَتَهٗ بَيْنَ يَدَي الشَّيْخِ اِلَّا فِيْ وَقْتِ اَدَاءِ الصَّلَوَاتِ۔ فَاِذَا فَرَغَ مِنْ صَلَوَاتِهٖ طَوٰى سَجَّادَتَهٗ فِي الْحَالِ وَيَكُوْنُ مُتَهَيِّئًا لِخِدْمَتِهٖ شَيْخِهٖ وَمَنْ هُوَ قَاعِدًا عَلٰى بَسَاطِهٖ مَبْسُوْطًا مُسْتَوْطِنًا مُسْتَرِيْحًا لَا كُلْفَةَ عَلَيْهِ لِغَيْرِهٖ۔ وَهٰذِهٖ حَالَةُ الشُّيُوْخِ لَا حَالَةُ الْمُرِيْدِ۔

وَيَجْتَهِدُ فِيْ اِجْتِنَابِ بَسْطِ سَجَّادَتِهٖ وَفَوْقَ سَجَّادَةِ مَنْ هُوَ فَوْقَهٗ فِي الرُّتْبَةِ وَاِدْنَاءِ سَجَّادَتِهٖ مِنْ سَجَّادَتِهٖ اِلَّا بِاَمْرِهٖ فَاِنَّ ذٰلِكَ عِنْدَهُمْ سُوْءُ الْاَدَبِ۔

وَيَنْبَغِيْ لِلْمُرِيْدِ اِذَا جَرَتْ مَسْئَلَةٌ بَيْنَ يَدَيِ الشَّيْخِ اَنْ يَّسْكُتَ وَاِنْ كَانَ عِنْدَهٗ فَضْلٌ وَاَشْبَاعُ جَوَابٍ فِيْهَا بَلْ يَغْتَنِمُ مَا يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلٰى لِسَانِ شَيْخِهٖ فَيَقْبَلُهٗ وَيَحْمِلُ بِهٖ وَاِنْ رَاٰى فِيْ جَوَابِهٖ نُقْصَانًا وَقُصُوْرًا فَلَا يَرُدُّ عَلَيْهِ۔ بَلْ يَشْكُرُ اللّٰهَ تَعَالٰى عَلٰى مَا خَصَّهٗ مِنْ فَضْلٍ وَعِلْمٍ وَنُوْرٍ وَيَحْمِلُ جَمِيْعَ ذٰلِكَ فِيْ نَفْسِهٖ وَلَا يَكْثُرُ حَدِيْثَهٗ وَلَا يَقُوْلُ اَخْطَاَ الشَّيْخُ فِي الْمَسْئَلَةِ۔ وَلَا يُنَاقِضُ كَلَامَهٗ اِلَّا اَنْ يَّغْلِبَ

Marfat.com

عَلَيْهِ ذٰلِكَ فَيَبْتَدِرُ مِنْهُ الْكَلِمَةُ فَلْيَتَدَارَكْهُ بِالسُّكُوْنِ وَالتَّوْبَةِ وَ الْعَزْمِ عَلٰى تَرْكِ الْمُعَاوَدَةِ عَلٰى مَا قَدَّمْنَا ذِكْرَهٗ فِىْ اَثْنَاءِ الْكِتَابِ مِنْ فِعْلِهٖ فِىْ تَوْبَتِهٖ عَنْ مَعَاصِى اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ. فَالْخَيْرُ كُلُّهٗ فِىْ حَقِّ الْمُرِيْدِ فِىْ سُكُوْتِهٖ فِيْمَا هٰذَا سَبِيْلُهٗ.

وَيَنْبَغِىْ لِلْمُرِيْدِ اَنْ لَا يَتَحَرَّكَ فِىْ حَالِ السَّمَاعِ بَيْنَ يَدَىِ الشَّيْخِ اِلَّا بِاِشَارَةٍ مِنْهُ عَلَيْهِ وَلَا يَرٰى مِنْ نَفْسِهِ الْبَتَّةَ حَالًا اَنْ يَرٰى غَلْبَةً تَاْخُذُهٗ فَلْيَقْعُدْ اِلٰى حَالِ سُكُوْنِهٖ. فَاِذَا اَسْكَنَتْ فَوْرَتُهٗ فَلْيَعُدْ اِلٰى حَالِ سُكُوْنِهٖ وَاَدَبِهٖ وَ وَقَارِهٖ وَكِتْمَانِ مَا اَوْلَاهُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ مِنْ سِرِّهٖ.

وَقَدْ ذَكَرْنَا هٰذَا وَاِنْ كُنَّا لَا نَرٰى بِالسَّمَاعِ وَالْقَوْلِ وَالْقَصَبِ وَ الرَّقْصِ. وَقَدْ قَدَّمْنَا كَرَاهَتَهٗ فِيْمَا تَقَدَّمَ اِلَّا اِنَّا قَدْ ذَكَرْنَا ذٰلِكَ عَلٰى مَا قَدْ يَهِيْجُ بِهٖ اَهْلُ زَمَانِنَا فِىْ رَبْطِهِمْ وَمَجَامِعِهِمْ. وَلَا يُنْكَرُ اَنْ يَكُوْنَ فِيْمَنْ يَفْعَلُ ذٰلِكَ صَادِقًا فَيَكُوْنُ مَعْنٰى مَا قَدْ سَمِعَ مَهِيْجًا لِنَائِرَةِ صِدْقِهٖ وَ مُثِيْرًا لَهَا فَيَشْتَعِلُ بِنَائِرَتِهٖ وَيَغِيْبُ فِيْهَا فَتَتَحَرَّكُ اَعْضَاؤُهٗ وَجَوَارِحُهٗ بَيْنَ الْقَوْمِ وَهُوَ فِىْ مَعْزَلٍ عَمَّا الْقَوْمُ فِيْهِ مِنْ لَذَّةِ الطِّبَاعِ وَ الْاَهْوِيَةِ وَتَذْكَارِ كُلِّ وَاحِدٍ قَرُبَ مِنْ مَعْشُوْقِهٖ مِمَّنْ قَدْ مَاتَ وَطَالَ بِهٖ عَهْدُهٗ وَمَنْ هُوَ حَىٌّ غَائِبٌ عَنْهُ فَاشْتَدَّ شَوْقُهٗ.

وَالْمُرِيْدُ الصَّادِقُ نَائِرَتُهٗ غَيْرُ خَامِدَةٍ وَشُعْلَتُهٗ غَيْرُ هَامِدَةٍ وَمَحْبُوْبُهٗ غَيْرُ غَائِبٍ وَنَفْسُهٗ غَيْرُ مُسْتَوْحِشٍ فَهُوَ اَبَدًا فِىْ زِيَادَةٍ وَنُمُوٍّ وَقُرْبٍ لَذَّةٍ وَنَعِيْمٍ فَلَا يُغَيِّرُهٗ بَهْجَةٌ عَنْ حَالَتِهٖ غَيْرُ كَلَامٍ مُرَادِهٖ وَحَدِيْثِهٖ وَهُوَ رَبُّهٗ عَزَّوَجَلَّ فَفِىْ ذٰلِكَ عِنْدَهٗ مَنْدُوْحَةٌ عَنِ الْاَشْعَارِ وَالْغِنَاءِ وَ وَالْاَصْوَاتِ وَمَرْحِ الْمُتَدَخِّلِيْنَ شُرَكَاءِ الشَّيَاطِيْنِ رِكَابَ الْاَهْوِيَةِ مَطَايَا

Marfat.com

النُّفُوْسِ وَالطِّبَاعِ اَتْبَاعُ كُلِّ نَاعِقٍ وَنَاعِقٍ۔

وَيَنْبَغِيْ لِلْمُرِيْدِ اَنْ لَّا يُعَارِضَ اَحَدًا فِيْ حَالِ سِمَاعِهٖ وَلَا يُزَاحِمَ اَحَدًا فِيْ وَقْتِهٖ فِي التَّقَاضِيْ عَلَى الَّذِيْ يَنْشُدُ بِهَدِيَّاتِ الْمُرَقَّفَاتِ الْمُشَوِّقَاتِ اِلَى الْجَنَانِ وَدُرَيَّةِ الْحَقِّ تَعَالٰى فِي الْاٰخِرَةِ اَلذَّاهِدَاتِ فِي الدُّنْيَا وَلَذَّاتِهَا وَشَهَوَاتِهَا وَاَبْنَائِهَا وَنِسْوَانِهَا، اَلْمُشَجِّعَاتِ عَلَى الصَّبْرِ عَلٰى اٰفَاتِهَا وَمِحَنِهَا وَبَلَايَاهَا وَاِدْبَارِهَا عَنْ اَبْنَاءِ الْاٰخِرَةِ وَاِقْبَالِهَا عَلٰى اَبْنَائِهَا وَغَيْرِ ذٰلِكَ فَلْيَكِلْ جَمِيْعَ ذٰلِكَ اِلَى الشَّيْخِ الْحَاضِرِ۔ اَللّٰهُمَّ اِلَّا اَنْ يَكُوْنَ الْمُسْتَمِعُ مِنَ الْمُتَحَقِّقِيْنَ فَيَحْفَظُ الْاَدَبَ فِي الظَّاهِرِ وَيُنْكِرُ عَنْ تَكَلُّفِهٖ فِي الْبَاطِنِ فَلَا شَكَّ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ يَقْبِضُ مِنْ يَتَقَاضٰى عَنْهُ اَوْ يُلْهِمُ الْقَائِلَ بِذٰلِكَ التَّكْرَارَ وَالتَّرْدَادَ لِيَقْضِيَ الصَّادِقُ الْمُسْتَمِعُ نَهْيَهٗ وَوَطَرَهٗ مِنْ ذٰلِكَ۔

ترجمہ

اور اس بات کا یقین کرے کہ اس جہان میں یہ رواج ہمیشہ سے جاری ہے فرمایا ہے کہ ایک وقت تک سلسلہ پیری و مریدی و صاحب و محبوب و تابع و متبوع کا فرزندانِ آدم میں جاری ہے آیا تم کو معلوم نہیں کہ خداوند تعالیٰ نے جب حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا اور ان کو سب اپنے نام سکھائے اور کام کا آغاز فرمایا۔

پس اُن کو مثل شاگرد کے بنایا۔ اور اپنے آپ کو استاذ بنایا۔ ان کو مثل مرید کے بنایا، اور خود شیخ بنا۔ اور ان سے فرمایا کہ اے آدمؑ! یہ گھوڑا ہے اور یہ خچر ہے، اور یہ گدھا۔ یہاں تک کہ ان کو چھوٹا اور بڑا پیار بھی بتا دیا۔ اور جب ان کی تعلیم

Marfat.com

وتہذیب سے فارغ ہوا تو ان کو معلم استاد و شیخ حکیم کی دستار سے فخر عنایت فرمایا۔ اور انواع و اقسام کے لباس علوم سے ان کو ممتاز فرمایا۔ اور گفتار نیک و کلام نمکین عنایت فرمایا۔ اور بہشت میں کرسی پر متمکن فرمایا۔ اور فرشتوں کو ان کے گرد صف بستہ کیا اور جب فرشتوں نے اپنی عاجزی اور لاعلمی ظاہر کی اور جناب آلہٰی میں عرض کیا کہ ہم کو کچھ علم نہیں۔ مگر وہ جو سکھایا تو نے ہم کو تب حضرت آدم علیہ السلام سے ارشاد ہوا کہ ان کے نام بتادیں۔ پس سب فرشتے حضرت آدم علیہ السلام کے شاگرد ہوئے۔ اور حضرت آدم علیہ السلام ان کے استاد بنے۔ اور سب چیزوں کے نام سے ان کو مطلع کیا۔ جیسا کہ قرآن شریف اس بات کا گواہ ہے پس حضرت آدم علیہ السلام کا فضل اور بزرگی فرشتوں پر ظاہر ہوئی اور خداوند تعالیٰ کے نزدیک اور فرشتوں کے نزدیک ان کو شرف حاصل ہوا۔ اور فرشتے ان کے تابع اور وہ ان کے متبوع ہوئے۔
درود اللہ کا اوپر ان کے

پھر حکم قضا جاری ہوا۔ اور آپ نے اس ممنوعہ درخت کا پھل کھایا۔ اور بہشت سے نکالے گئے اور ایک حالت سے دوسری حالت پر اور ایک مقام سے دوسرے مقام پر منتقل کئے گئے جن کی ان کو خبر نہ تھی اس منزل کو اپنا وطن نہ سمجھا۔ اور ان کے دل میں اس جگہ ٹھہرنے کا خیال نہ گذرا۔ اور یہ بھی گمان نہ تھا کہ اس منزل کی سیر کرائی جائے گی۔

پس جبکہ اس منزل پر پہنچے اور رفتار شروع کی تو زمین سے ڈرے اور زمین پر وہ چیزیں دیکھیں جو پہلے نہ دیکھی تھیں۔ پس اُن پر بھوک و پیاس و سوزش و قبض کا بار ڈالا گیا وہ پہلے اس سے واقف نہ تھے اب حضرت آدم علیہ السلام پھر معلم و مرشد و استاد و رہنما اور خبر دینے والے اور ادب دینے والے کے محتاج ہوئے، تو حضرت صمدیت نے حضرت جبرائیل علیہ السلام کو ان کی التفات و اعانت

Marfat.com

کے واسطے نازل فرمایا اور جبرائیل علیہ السلام نے ان کے ساتھ دوستی کا برتاو کیا اور ان پر امرد شوار آشکار کئے اور گیہوں کا تخم ان کو دیا اور اس کے بونے کی ترکیب بتائی۔ اور جب وہ درخت بار آور ہوا تو اس کے کاٹنے کا ڈھنگ سکھایا پھر گیہوں کو خس وخاشاک سے صاف کرنا سکھایا پھر اس کا آٹا پیسنا بتایا اور اس کا سامان سب مہیا کر دیا۔ پھر روٹی پکانا سکھایا۔ اور انہوں نے روٹی پکائی۔ پھر اس کے کھانے کو کہا۔ اور انہوں نے کھانا کھایا۔ اور جب پاخانہ کی حاجت ہوئی۔ تو پھر گھبرائے کہ اب کیا کریں استاد کی حاجت ہوئی جبرائیل علیہ السلام نے رفع حاجت کی ترکیب بتائی اور طہارت اور عبادت خداوند تعالیٰ کرنیکی ہدایت فرمائی اور ان کو تعلیم کیا کہ اپنے جسم کی سیاہی کو سفیدی سے اس عمل کے سبب مبدل کرنیکی کوشش کرو کیونکہ حضرت آدم علیہ السلام کا جسم نورانی تھا اور عتاب شہنشاہی کے سبب تیرہ وتارہ ہوگیا تھا۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے ایام بیض میں یعنی تیرہویں اور چودہویں اور پندرھویں تاریخ مہینے میں ان کو روزہ رکھنے کا فرمایا اور انہوں نے اس پر عمل کیا تو جسم کا رنگ نورانی ہوگیا اور علاوہ اس کے اور بہت سے علم اور ادب سکھائے۔ پس حضرت آدم علیہ السلام جبرائیل علیہ السلام کے شاگرد ہوئے اور وہ ان کے استاد اور پیر بنے اور اس کے پہلے حضرت آدمؑ علیہ السلام، جبرائیل علیہ السلام اور سب ملائکہ کے پیر اور متبوع تھے۔ اور ان سے دانا تر تھے۔ اس انقلاب حالت سے معاملہ منقلب ہوگیا اور اسی طرح حضرت شیث علیہ السلام آدم علیہ السلام کے فرزند رشید نے اپنے پدر بزرگوار سے تعلیم پائی اور سلسلہ وار اسی طرح سے ان کی اولاد تعلیم پاتی رہی۔ پھر نوح علیہ السلام نے اپنی اولاد کو تعلیم دی اور حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام نے اپنی اولاد کو تعلیم دی خداوند تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ ابراہیم علیہ السلام نے اپنی اولاد کو وصیت کی۔ اور یعقوب علیہ السلام نے اپنی اولاد کو نصیحت کی اسی طرح حضرت موسیٰؑ ہارون علیہما السلام نے اپنی اپنی

Marfat.com

اولاد کو و بنی اسرائیل کو تعلیم کیا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے حواریوں کو تعلیم دی اس کے بعد حضرت جبرائیل علیہ السلام نے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو کرنا اور نماز پڑھنا سکھایا اور پھر مسواک کرنیکی وصیت فرمائی ۔ اور یہ قول نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے کہ نصیحت کی میرے تئیں مسواک کے کرنیکی ۔ اور آپکا قول ہے کہ جبرائیل علیہ السلام نے مجھ کو مسواک کرنیکی اسوقت تک نصیحت کی جب تک کہ میرے منہ میں دانت رہیں اور جبرائیل علیہ السلام نے میرے ساتھ خانہ کعبہ میں دوبارہ نماز پڑھی پھر میرے ساتھ ظہر کی نماز پڑھی جب کہ آفتاب کا زوال ہوا ۔ آخر حدیث تک اس کا ذکر پہلے کتاب میں ہو چکا ہے ۔ پھر صحابہؓ رضی اللہ عنہم نے حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے تعلیم پائی ۔ پھر تابعین نے صحابہؓ سے اُن پر سلام اس کے بعد بتبع تابعین نے اسی طرح سے قرن بعد قرن و زمانہ بعید تک تعلیم پائے گئے ۔ کوئی نبی ایسا نہیں ہے مگر اس کے واسطے ایک صاحب ہے ۔ اور اس کی راہنمائی سے ہدایت پاتا ہے ۔ اور اس کے قدم بقدم چلتا ہے اور اس کے مذہب ہی کی پیروی کرتا ہے ۔ پھر اس کے بعد خلیفہ اس کا قائمقام ہوتا ہے جیسے کہ موسیٰ بن عمران اور اس کا غلام اور حضرت یوشع بن نون کا بھانجا ۔ اور حواری ساتھ عیسیٰ علیہ السلام کے ۔ اور ابوبکر و عمر عنہما ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور اسی طرح حضرت عثمان اور حضرت علی اور تمام صحابہؓ رضی اللہ عنہم اور ہمیشہ اولیاء اور صدیق اور ابدال اسی طرح استاد و شاگرد ہوتے رہے ہیں جیسا کہ حضرت حسن بصری اور اس کے شاگرد عتبہ بن غلام اور سری سقطی اور اس کا غلام اور اس کا بھانجا اور ابی قاسم جنید رحم اللہ وغیرہ وغیرہ اس کی شرح طول طویل ہے ۔

پس مشائخ خداوند تعالیٰ کی راہ کے راہنما ہیں اور دروازہ ہیں جس سے خداوند تعالیٰ کی راہ میں چلنے کا راستہ ہی پس مرید پیر کرنے کے لئے مجبور ہے جیسا کہ ہم نے بطریق اجمال بیان کیا ہے ۔ جائز ہے کہ خداوند تعالیٰ اپنے بندوں سے ایک بندہ کو برگزیدہ فرما دے ۔

Marfat.com

اور اسکی تربیت و نگہبانی شیطان دہوا ہوس نفسانی سے اپنے ذمے لے مثل حضرت ابراہیمؑ خلیل اور ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے درود اللہ کا اوپر اُن کے اور سلام اور مثل اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور دوسرے اولیاؤں وغیرہ کے اس بات سے انکار نہیں ہو سکتا کہ بے تربیت خداوند تعالیٰ کے کوئی ولی کسی کو اپنی طرف کر سکے مگر جیسا کہ ہم نے پہلے بیان کیا کہ وہ غالب تر اور اکثر اور سلامت تر اور نیک تر ہے۔

پس مرید کو چاہیئے کہ مرشد سے اس وقت تک قطع تعلق نہ کرے جب تک خدائے عزوجل کی بارگاہ میں اس کی رسائی کامل طور پر نہ ہوا اور جب پہنچ جاوے گا تو ایزد تبارک تعالیٰ اس کی تربیت اور تہذیب اپنے ذمہ لے گا۔ اور اس کو اسرار نہانی پر واقف فرمائے گا۔ جن سے ان کے پیر صاحب بھی واقف نہیں۔ اور جو خداوند تعالیٰ کے مزاج مبارک میں آوے گا، اس سے کام لیوے گا اور اس پر عمل کرنے کو حکم فرماوے گا۔ اور نہی بھی فرمائے گا۔ اور بسط و کشاد اس کی حالت میں کرے گا۔ کبھی غنا کبھی فقر کرے گا۔ اور اس کو تلقین کرے گا اور ان چیزوں کے اقسام پر اسکو مطلع فرماوے گا جسکی طرف اس کا منجر ہوتا ہے۔ پس وہ ماسوائے اللہ تعالیٰ کے بے پرواہ ہو جاوے گا۔ بلکہ سوائے خداوند تعالیٰ کے کسی طرف مشغول نہ ہوگا اور اس کے دل میں بجز نگہداشت ادب باری تعالیٰ اور محافظت خدمت میں اور اسکی حرمت و توقیر کے اور کسی چیز کی گنجائش نہ ہوگی پس اس وقت مرید کا پیر سے قطع تعلق ہوتا ہے اور اکثر ایسا ہوتا ہے کہ اس کا شیخ کے پاس جانا حرام ہو جاتا ہے۔ اور اکثر ایسا ہوتا ہے کہ اس کا شیخ کے پاس جانا حرام ہو جاتا ہے مگر خداوند تعالیٰ کی طرف سے کوئی امر آشکار کی سبب شیخ صاحب کا جانا اسکی طرف بھجاوے یا اس سے ملاقات کرنے کا مسبب راہ میں اتفاق ہو لیکن وہ ملاقات قصداً نہ ہوگی اور سب باتیں بہت استغنا کے جو اس کو اپنے خداوند تعالیٰ کی طرف سے حاصل ہے اور بسبب قائم رہنے اپنے حال کے اور بخیال خواری و رنج کے جو اس حال سے جدا

Marfat.com

ہونے پر اس کو ہوگا وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ اور یہ بات ثابت ہے کہ حکم الٰہی سے البتہ پیر و مرشد دونوں یکجا ہو جاتے ہیں، کیونکہ اس کے حکم کی بجا آوری میں دونوں شریک ہیں وہ جب چاہتا ہے دونوں کو اکٹھا کر دیتا ہے اور جب چاہتا ہے دونوں میں تفرقہ ڈال دیتا ہے۔ کیونکہ قضاو قدر میں ہر ایک کا حال موافق استعداد ہر شخص کے ہے۔ اس جگہ کسب کو دخل نہیں یہ کام سب خداوند تعالیٰ عزّ اسمہٗ کی عنایت پر جو ہر روز پیچ ایک شان کے ہے۔ آگے بڑھنا اور پیچھے ہٹنا ہٹا دینا اور تبدیل اور تغیر اور ولایت وافزودنی اور غنی کرنا، اور فقیر بنانا اور عزت اور ذلت دینا اسی کا کام ہے اپنے حکم اوقاتِ مقررہ پر جاری فرماتا ہے۔ کسی کو اس کا حال معلوم نہیں ہوتا اور خلق اللہ سے کوئی شخص خیال نہیں کرتا۔ کہ اندھیری رات و سیع جنگل اور گہرا دریا کیا چیز ہے کسی چیز پر انسان کی عقل کام نہیں کرتی سب کو خداوند تعالیٰ نے اپنے علم سے احاطہ کر لیا ہے اور جس کسی کو انبیاء و رسولوں اور اولیاء خاص سے اس اسرار پر مطلع فرماتا ہے۔ تو دو شخصوں کو ایک اسرار کے جاننے پر متفق نہیں فرماتا پس ان حالتوں میں جو مقدرات سے متعلق ہیں۔ مرید کا شیخ کے ساتھ کیا کام دسرو کار ہے اور ان دونوں کی راہیں مختلف کیونکہ خداوند تعالیٰ شیخ صاحب کو تو کسی طرف سیر کرواتا ہے اور مرید کو کسی دوسری طرف کی۔ اور ان کے ظاہر و باطن میں اختلاف پیدا کر دیا ہے۔ تو ان کا ہم صحبت ہونا اور آپس میں معانقہ کرنا کب ممکن ہو سکتا ہے اور یہ امر محال ہے اگر بالفرض اتفاقاً ہو بھی جائے تاہم۔ یہ امر شاذ و نادر ہے وہ لائق التفات اور اعتبار کے نہیں ہے کیونکہ غالب یقین اس چیز پر ہو سکتا ہے جو ظاہر ہو پس خداوند کی رحمت اس پیر و مرید صادق پر ہے، کہ مرید صادق ہے کہ جب اس حالت پر پہنچے تو اپنے پروردگار کی الفت و محبت میں اس کو شیخ صاحب کی پرواہ نہ رہی، مگر وقت ضرورت اور مرید کے آداب میں داخل ہے کہ بغیر ضرورت شیخ صاحب کے روبرو کلام نہ کرے نہ اپنے ہنر اور

Marfat.com

وصف کا کچھ اظہار کرے اور اس کو لائق نہیں کہ اپنا مصلی پیر صاحب کے آگے بچھاوے مگر نماز کے وقت مضائقہ نہیں اور جب نماز سے فارغ ہو تو اپنا مصلی فی الفور لپیٹ کے اور پیر صاحب کی خدمت کے لئے کمر بستہ ہو جاوے جو اپنے وسیع بچھونے پر اپنا وطن بنائے ہوئے بے رنج و کلفت غیر نیٹھے ہوئے ہیں یہ حالت شیخ کی ہے نہ مرید کی اور کوشش کے ساتھ پرہیز کرے کہ اپنا مصلی اس شخص کے مصلی پر نہ بچھاوے جو اس سے مرتبہ میں بالاتر ہے اور پیر صاحب کے مصلی کے نزدیک بھی اپنا مصلی بچھانے سے پرہیز کرے۔ مگر باجازت پیر صاحب کے جائز ہے کیونکہ صوفیہ کے نزدیک ایسا کرنا ترک ادب ہے اور جب شاہصاحب کے روبرو کسی مسئلہ کی بحث شروع ہو تو وہ اگرچہ عاقل و دانش سے بہرہ کامل اور جواب دینے کی طاقت بھی رکھتا ہو خاموش رہے اور شیخ صاحب کی زبان پر جو کچھ کہ خداوند تعالیٰ نے جاری فرمایا اس کو گوشِ دل سے سنے اور قبول کرے اور اس پر عمل کرے۔ اور اگر پیر صاحب کے کلام میں کوئی نقص اور قصور ملاحظہ کرے تو اس کو رد نہ کرے اور اس کے دل میں خداوند تعالیٰ نے جو نور بصیرت اپنے فضل و کرم سے نازل فرمایا ہے اور اس کو اس کے واسطے مخصوص کیا تو اس کو اپنی خزینہ دل میں مخفی رکھے۔ اور زیادہ باتیں نہ بتاوے اور یہ نہ کہے کہ شیخ صاحب نے مسئلہ میں خطا کی اور شیخ کی کلام میں رخنہ اندازی نہ کرے اور بے تحاشہ بلا سوچے سمجھے بلا قصد کوئی بات کہ اٹھے تو فوراً خاموش ہو جاوے، اور آئندہ کے واسطے ایسی خطا سرزد ہونے سے توبہ کرے جیسا کہ ہم نے کتاب کے درمیان میں اپنے گناہوں سے خداوند تعالیٰ کے حضور میں توبہ کرنا بیان کیا ہے پس مرید کی خیر خاموش رہنے میں ہے اور یہی اس کی راہ ہے اور حالت سماع میں مرید کو لازم نہیں ہے کہ پیر صاحب کے سامنے کوئی حرکت کرے یا اشارہ ان کے اور اپنی طرف سے کوئی حالت ظاہر نہ کرے۔

Marfat.com

اگر غلبہ شوق سے ایسا حال اس پر طاری ہو کہ ہوش و حواس اس کے جاتے رہیں تو جب اُس کا جوش فرو ہو تو اپنے حالِ قدیم پر پھر آوے اور وہی پرانہ طریقہ ادب آداب اختیار کرے۔ اور وقار کے ساتھ ان اسرار کو جو خداوند تعالیٰ نے اس پر ظاہر فرمایا پوشیدہ رکھے۔ جیسا کہ اس کا ذکر ہم نے پہلے کیا ہے اگرچہ ہم رقص و سرود و راگ و رنگ و قیل و قال کو روا نہیں رکھتے اور ہم نے اسکی کراہت کا ذکر پہلے کیا ہے مگر ہم نے موافق خواہش اہل زمانہ کے کہ وہ مجمع مشائخ میں بربط سننے کے شائق و حریص ہیں اس کا ذکر کیا ہے اور جو لوگ اس امر کو راستی و صدق سے روا رکھتے ہیں تو انکار نہیں ہو سکتا کہ اس کا سُننا ان کے صدق حال کی آگ کو بھڑکاتا ہے اور ان کے اشتیاق کو دوبالا کرتا ہے پس وہ اپنے نائرہ اشتیاق میں جلتے ہیں۔ اور خود اس میں غائب ہو جاتے ہیں ان کے اعضاء قوم کے درمیان بھڑکتے ہوئے معلوم ہوتے ہیں۔ اور وہ اپنی قوم کے خیالات سے بالکل علیحدہ ایک گوشہ میں ہیں۔ اور وہ لوگ تو اپنی طبیعت اور نفسانی لذت میں اپنے اپنے معشوقوں کو جو ان سے جدا ہیں یا مر گئے یا زندہ ہیں جو ان کو نہیں مل سکتے یاد کرتے ہیں اور اُن کے شوق کی آگ بڑھتی ہے۔

اور مرید صادق کی آگ نہ تو دھیمی ہو سکتی ہے، اور نہ بجھ سکتی ہے اور اس کے شعلے کم ہو سکتے ہیں۔ اور اس کا محبوب نہ تو اس سے غائب ہے اور نہ دور ہونے والا ہے۔ پس اس کے شوق کی ہمیشہ شعلہ زن ہے اور اپنے محبوب حقیقی کے قریب اور نزدیکی لذت اور نعمت میں یوماً فیوماً ترقی کر رہا ہے۔ اور اسکی حالت اور سرور میں بجز اس کے مطلب کلام کے اور کوئی نہیں پہنچا سکتا۔ اور اس کے مقصد کا کلام اس کے پروردگار جلشانہ کا کلام ہے۔ پس اس حالت میں مرید غزل اور راگ و رنگ و فریاد و غوغا کرنے والوں مدعیوں سے، کہ اخوان الشیاطین ہیں اور ہوا و ہوس نفس امارہ کے گھوڑوں پر سوار ہیں اور فریاد و غل کرنے والوں کی پیروی کرنے والے ہیں اور مرید کو لائق

Marfat.com

ہے کہ کسی پر سماع کی حالت میں اعتراض نہ کرے کوئی تو ترک دنیا کے مضمون کے اشعار پڑھواتا ہے کوئی دل کے نرم کرنے والی اور بہشت وحور کا اشتیاق دلانے والے اور آخرت میں دیدار خداوند تعالیٰ کی امید دلانے والے اور دنیا اور دنیا کی لذتوں اور اسکی شہوتوں اور عورتوں اور فرزندوں کے ترک کرنے پر دلیر کرنے والے اور آفتوں و رحمتوں و بلاؤں پر صبر دینے والے اور اپنے فرزند کی محبت سے قطع کرکے آخرت کی طرف اس کا منہ پھیرنے والے سننا چاہتا ہے۔

پس اب سب کو حوالہ بشیخ کرے کیونکہ قوم بشیخ کی ولایت میں ہے اگر سننے والا منجملہ ارباب تحقق کے ہے۔ پس ظاہر میں ادب کو نگاہ رکھے اور باطن میں تکلیف سے انکار کرے۔ کوئی شبہہ نہیں کہ خداوند تعالیٰ کوئی ایسا شخص مقرر کرے گا۔ جو گانے والے دوبارہ گانے کی خواہش کرے گا یا اس گوئے کے دل میں خود ہی آوے گا کہ اپنی کلام کو روک رکھے۔

✤

نقل ہے کہ:- سلطان محمود غزنوی حضرت ابوالحسن خرقانی کی زیارت کے لئے خرقان شریف میں پہنچے پہلے پیام بھیجا کہ میں آپ کی زیارت کے واسطے غزنی سے یہاں تک آیا خانقاہ سے خیمہ تک قدم رنجہ فرمائیے۔ اور قاصد کو سکھایا کہ اگر وہ انکار کریں تو یہ آیت پڑھنا اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ حضرت نے فرمایا کہ معذور سمجھو اس نے یہ آیت پڑھی تو فرمایا کہ:

"در اطیعوا اللہ چناں مستغرق ام کہ از اطیعوا الرسول خجالت ہا دارم، تا بہ اولی الامر چہ رسیدم۔"

_____ قاصد نے آکر محمود

Marfat.com

کو یہ جواب سنا دیا محمود نے اپنی پوشاک ایاز کو پہنا کر سلطان بنایا اور دس کنیزوں کو مردانہ لباس پہنا کر غلام بنایا، اور خود ہتھیار باندھ کر اسکی اردلی میں چلا، اور حضرت کے حجرہ پر پہنچا حضرت نے تعظیم نہ دی محمود نے کہا کہ اپنے سلطان کی کچھ توقیر نہ کی فرمایا کہ تم نے جال لگایا ہے محمود نے کہا بیشک جال تو لگایا تھا مگر آپ جال کی چڑیا کا بیکو ہیں پھر محمود بولا کہ کچھ ارشاد فرمایئے۔ کہا کہ ان نامحرموں کو باہر کر دو پھر محمود نے دعا کی درخواست کی

اور ایک تھیلی اشرفیوں کی پیش کی آپ نے ایک سوکھی روٹی جو کی نکال کر سامنے رکھدی محمود نے کھائی مگر نوالہ گلے میں اٹکتا تھا۔ فرمایا کہ ایسے ہی تمہاری اشرفیاں ہماری حلق سے نہیں اتریں گی بس اٹھاؤ ہم اس کو طلاق دے چکے ہیں پھر محمود نے عرض کی کچھ یادگار اپنا عنایت فرمایئے شیخ نے ایک کپڑا اپنا دیا اور فرمایا۔ کہ اگر تم کو کہیں بڑی مشکل پیش آوے جسکی عقدہ کشائی دشوار ہو تو اس کے ذریعے سے دعا کرنا اللہ تعالیٰ قبول فرماوے گا جب محمود رخصت ہونے لگا تو اس وقت تعظیم کے لئے حضرت کھڑے ہو گئے اس نے پوچھا کہ آتے وقت کچھ نہ تھا تو اب جاتے وقت کیسے جواب دیا کہ اے محمود تو بادشاہی کے گھمنڈ میں امتحان کیلئے آیا تھا مگر اب تو فقیری اور انکساری کی دولت لے کر چلا گیا پس میں تیری شاہی کی تعظیم کے لئے نہیں اٹھا بلکہ فقیری کی تحریم کے واسطے کھڑا ہوں محمود واپس ہوا اور وہاں سے آن کر سومنات پر حملہ کیا جب معرکہ سخت پیش آیا، اور تردد پیدا ہوا تو اس لباس کو لیکر دعائے فتح مانگی اور منت مانی کہ جو کچھ غنیمت ہاتھ آوے گی درویشوں کو نذر کروں گا چنانچہ اسی روز محمود کامشکر فتحیاب ہو گیا اور رات کو محمود نے خواب میں دیکھا کہ حضرت ابوالحسن خرقانی فرماتے ہیں کہ تو نے ہماری خرقہ کی بھی آبرو رکھوئی اگر تو دعا کرتا تو تمام کفار کو خدائے تعالیٰ اسلام نصیب کرتا اس فتح سومنات میں مال کثیر سلطان کے ہاتھ آیا مولویوں سے دریافت کیا

Marfat.com

کہ یہ غنیمت کس کو دینی چاہیے کہا کہ علماء کو تاکہ علم دین کی ترقی ہو۔ پھر غازیوں اور امیروں اور لشکریوں سے یہی سوال کیا۔ ہر ایک نے اپنے اپنے مطلب کی کہی سب کے بعد ایک مجذوب سے پوچھا۔ جو لشکر میں رہتا تھا اس نے جواب دیا کہ سن محمود اگر خدا سے آئندہ بھی کچھ مطلب ہے تو بموجب اقرار کے فقراء پر تقسیم کردو ورنہ جو مقصد تھا وہ تو ہو ہی چکا آئندہ خدا سے کچھ توقع نہ رکھ اور مال غنیمت کو اپنے خرچ میں لا بادشاہ نے یہ جواب سن کر حسب وعدہ تمام مال غربا کو لٹا دیا۔

نقل ہے :۔

کہ ایک مرید نے اپنے پیر سے پوچھا کہ پیر کا حق مرید پر کیا ہے اور مرید کا حق پیر پر اس سے بزرگ نے جواب دیا کہ اچھا بتادیں گے چند روز کے بعد جس وقت وہ مرید راسخ الاعتقاد ہوا پہلے اس سے کہ وہ نیٹھے پیر نے حکم دیا کہ چلے جاؤ وہ مرید فوراً ایک طرف چل دیا ساتویں روز ایک شہر کے قریب پہنچا وہاں ایک امیر اسی بزرگ کا مرید تھا اسکو اس مرید مسافر کا حال منکشف ہوا اس نے اپنے پاس بلایا اور پوچھا کہ تم کہاں جاتے ہو اس نے کیفیت بیان کی اور کہا کہ میں نہیں جانتا ہوں کہ کہاں جاتا ہوں۔ تب اس نے کہا کہ تم کو میرے ہی پاس بھیجا ہے۔ آؤ ٹھہرو چند روز کے بعد ایک ہزار روپیہ دے کر رخصت کیا اور کہہ دیا کہ بس واپس چلے جاؤ تو اثنائے راہ میں ایک شہر میں وارد ہوا اتفاقاً ایک بازاری عورت پر جو حسن و جمال میں بے مثال تھی فریفتہ ہوگیا اور وہ ہزار روپیہ دیکر اس سے ملاقات کی جب ارادہ فاسد کیا تو غیب سے ایک طمانچہ لگا تین بار یہی معاملہ گذرا عورت نے پوچھا کہ تم کون ہو اور کہاں سے آئے آتے ہو اس نے تمام سرگذشت بیان کی وہ بولی کہ معلوم ہوا تمہارا شیخ مرد کامل ہے۔ اس خیال باطل کو چھوڑو اور آؤ ہم تم دونوں ان کی خدمت میں چلیں۔ اور یہ لو اپنا روپیہ کمر سے باندھو آخر دونوں پیر کی خدمت میں حاضر ہوئے عورت نے افعال سابقہ

Marfat.com

سے توبہ کی اور اس شخص سے نکاح کر لیا چند روز کے بعد اس مرید نے وہی سوال پیش کیا تو شیخ نے جواب دیا کہ پیر کا حق وہ تھا جو تو نے ادا کیا۔ یعنی بغیر چوں چرا کے ہمارے حکم کی تعمیل کی اور مرید کا وہ حق تھا جو تجھ پر گذرا سوائے طالب اس زمانہ میں ایسے مرید ہی نہیں باوجودیکہ مشائخ کامل اکمل بلکہ مکمل بھی پائے جاتے ہیں

لعل بے بہا :- کہ حضرت رابعہ بصری رحمتہ اللہ علیہ کو کسی شخص نے رنڈی کے ہاتھ فروخت کر دیا چونکہ آپ نہایت حسینہ و جمیلہ تھے۔ اس نے زیور و لباس سے حسن خداداد کو جلا دیکر ان کو بالاخانہ پر بٹھا دیا مشتاقوں کا ہجوم ہونے لگا مگر بوقت شب جس شخص کو نامزد ان کے پاس بھیجتی اس سے کہتیں کہ اول وضو کرکے دوگانہ پڑھ لو۔ جہاں دوگانہ پڑھا اور حضرت رابعہؒ نے ہمت باطنی مبذول کی پھر تو اس شخص کی آنکھیں کھل جاتی تھیں اور صبح کو چپ چاپ چلا جاتا تھا

بیت

نازم بہ چشم خود کہ جمالِ تو دیدہ است افتم بپائے خود کہ بکویت رسیدہ است
ہر روز بوسہ ہا زنم ایں دستِ خویش را کو دامنت گرفتہ بسویم کشیدہ است

سال بھر تک اسی طور سے فیض جاری رہا کہ جو شخص ایک رات ان کے پاس رہا۔ وہ پھر نہ آیا۔ ؎

قدغن ہے کہ اس کو میں کوئی آنے نہ پائے
گر بے خبر آ جائے تو پھر جانے نہ پائے

مالکہ نے خیال کیا کہ کیا بات ہے۔ جو شخص ایک دفعہ آتا ہے دوبارہ صورت نہیں دکھاتا اس کے حسن و جمال اور ناز و ادا اور صورت و سیرت میں کسی طرح کی کسر نہیں۔

Marfat.com

مصرعہ ۔ کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے ۔

ایک رات پوشیدہ ہو کر ناٹکہ نے تمام کیفیت دیکھ لی ۔ صبح کو ان کے قدموں پر گر پڑی ۔ کہ میرا قصور معاف کرد ، مجھ کو حال معلوم نہ تھا ۔ آج سے میں نے تم کو آزاد کیا ۔ فرمایا ارے احمق تو نے مجھ کو آزاد کیا ، فیض برباد کیا خیر مرضی خدا کی یہیں تک تھی ۔ فقط

نقل ہے ۔ کہ حضرت ابو بکر شبلی علیہ الرحمت کی خدمت میں دو شخص بارادہ بیعت حاضر ہوئے ان میں سے ایک کو فرمایا کہ کہو لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ شِبْلِیٌ رَسُوْلُ اللّٰہِ اس نے کہا کہ اجی لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ آپ نے بھی یہی کلمہ پڑھا اس نے پوچھا آپ نے لَاحَوْل کیوں پڑھی ہے آپ نے استفسار کیا کہ تم نے کیوں پڑھی بولا کہ میں نے تو اس واسطے پڑھی ۔ کہ ایسے بے شرع کے پاس مرید ہونے آیا آپ نے فرمایا کہ ہم نے اس لئے پڑھی کہ ایسے جاہل کے سامنے راز کی بات کہہ دی ۔ اس کے بعد دوسرے شخص کو بلایا ، اور وہی فرمایا کہ کہو لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُشْبِلِیٌ رَسُوْلُ اللّٰہِ اس نے جواب دیا کہ حضرت میں تو آپ کو کچھ اور ہی سمجھ کے آیا تھا ، آپ تو ورے ہی گر پڑے رسالت پر ہی قناعت کی ۔ آپ نے ہنس کر فرمایا کہ اچھا تم کو تعلیم کریں گے ۔ پس ہر شخص کا فہم و حوصلہ جدا ہوتا ہے ورنہ بات ایک ہی تھی ۔ جو ایک کے دل میں نہ سمائی اور انکار پیدا کیا دوسرے کا حوصلہ اس سے بڑا اعلیٰ تھا ، حضرت شبلی کا یہ مطلب نہ تھا جو شخص ظاہر بین نے سمجھا ، بات یہ تھی کہ جو شخص تعلیم و تلقین اور ہدایت و ارشاد کرتا ہے طالب کے لئے وہی رسول ہے اور رسالت آلہی کا کام انجام دیتا ہے ۔

نقل ہے ۔ کہ حضرت شیخ شبلی علیہ الرحمت نے جنگل میں ایک کھوپڑی

Marfat.com

پڑی پائی اُس پر بخط سبز تحریر تھا خَسِرَ الدُّنیا وَالْاٰخِرَۃ جو شخص اُس کو دیکھتا ٹھوکر مارتا کہ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ کوئی بڑا ہی ازلی مردود ہے جسکی پیشانی پر داغ شقاوت لگایا گیا ہے۔ حضرت نے اس کو نہایت ادب و تعظیم سے اُٹھایا، اور بڑی اُنس و محبت سے اس پر بوسہ دیا۔ لوگوں کو حیرت دامنگیر ہوئی پوچھا کہ آپ نے اسکی تعظیم و تکریم کیوں فرمائی۔ فرمایا کہ میاں یہ کھوپری کسی مرد کامل کی ہے۔ کیونکہ جس کو خسران دنیا و آخرت کا مرتبہ حاصل ہو وہی واصل بحق ہوتا ہے۔ اَلْفَقْرُ وَسَوَادُ الْوَجْہِ فِی الدَّارَیْنِ۔

چاشنیٔ دردِ عشق قابلِ ہر سفلہ نیست
زہر ز خوانِ شہاں نامورے را دہند

ایضاً

اسرارِ محبت را ہر دل نہ بود قابل
در نیست بہ ہر دریا، ز نیست بہ ہر کانے

نقل ۱۰۰

کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جناب باری میں عرض کی کہ تیری بارگاہ میں میرا کون سا فعل پسند ہے۔ تاکہ میں اُس کو زیادہ کروں حکم ہوا کہ تمہارا یہ فعل ہم کو بہت پسند آیا۔ کہ زمانہ طفلی میں جب تمہاری ماں مارا کرتی تھی۔ تو تم مار کھا کر بھی اُسی طرف دوڑتے تھے۔ پس طالب خدا کو بھی یہی لازم ہے کہ گو کیسی ہی ہیبت و سختی ذلت و خواری پیش آئے۔ لیکن ہر حال میں خدا کی طرف متوجہ رہے۔

نقل ۱۰۱

:- کہ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی بیوی کو ساتھ لے کر وطن کو چلے اندھیری رات میں جنگل اور پہاڑ کے اندر راہ بھول گئے ناگاہ ایک پہاڑی پر آگ جلتی نظر آئی بیوی سے فرمایا۔ کہ تم یہیں ٹھہرو میں آگ لاتا ہے۔ جب قریب پہنچے تو ایک درخت روشن تھا اُس میں سے آواز آئی یٰمُوْسٰی اِنِّیْ اَنَا رَبُّکَ فَاخْلَعْ نَعْلَیْکَ اِنَّکَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًی۔

Marfat.com

ترجمہ اے موسیٰ میں تیرا پروردگار ہوں۔ پس اتار ڈال اپنی دونوں جوتیاں کہ تو وادی مقدس طویٰ میں ہے۔ یہاں نعلین سے ظاہر جوتیاں مراد نہیں۔ بلکہ نعلین عبارت ہے دین و دنیا سے کیونکہ اکثر جوتی پیزار اپنی دو کے لئے ہوا کرتی ہے۔ اور وادی مقدس سے عشق و محبت کا میدان مراد ہے جس کے اندر دین و دنیا دونوں کو جوتیوں کی طرح اتار کر پھینک دینا واجب ہے۔ یعنی اس ذات پاک کی محبت میں دین و دنیا ترک کرنا چاہیئے۔

نقل ہے کہ جس وقت حضرت غوث الثقلین رحمۃ اللہ علیہ بایزید بسطامی قدس سرہ العزیز کی مزار شریف پر تشریف لے گئے تو آپ کو خیال آیا کہ منزل میں تو بایزید کے برابر ہوں لیکن دو باتیں مجھ میں زیادہ ہیں ایک یہ کہ سید ہوں دوسرے محبوب ہوں۔ جبکہ مزار پر متوجہ ہوئے تو یہ شعر لکھا ہوا پایا۔

ہر کہ عاشق شد جمال ذات را　　اوست سید جملہ موجودات را

حضرت مقدس یہ شعر پڑھکر نہایت خائف ہوئے اس وقت روح بایزید قدس سرہ ظاہر ہوئی اور کہا کہ صاحب زادہ یہ میرا قصور نہیں بلکہ یہ تعلیم تم کو ذات پاک کی کی جانب سے ہوئی ہے اور فی الحقیقت مجھ سے تو آپ ہر رتبہ میں بہتر و برتر ہیں۔

نقل ہے کہ حضرت جنیدؒ قدس سرہ فنون سپہ گری میں یکتائے زمانہ تھے خصوصاً پہلوانی میں بڑے نامی گرامی ایک بار ایک شخص آیا اور بادشاہ سے کہا کہ میں تمہارے پہلوان سے لڑوں گا۔ بادشاہ نے کہا کہ ہمارا پہلوان بڑا زبردست ہے۔ تم دبلے پتلے آدمی بھلا اس سے کیا لڑو گے مگر اس شخص نے نہ مانا اور بہت اصرار کیا آخر دنگل ہوا جب حضرت جنید خم ٹھوک کر مقابل ہوئے اور دونوں کی پکڑ ہونے لگی تو اس شخص نے چپکے سے اُن کے کان میں کہا کہ میں سید ہوں محتاج ہوں

Marfat.com

آئندہ تم کو اختیار ہے حضرت جنید لڑتے لڑتے گر پڑے جب تو بڑا شور و غل ہوا بادشاہ نہ مانا دوبارہ کشتی کرائی پھر پچھڑ گئے تیسری بار کشتی ہوئی پھر چاروں شانے چت آخر بادشاہ نے اس کو انعام دیا حضرت جنید کو بلا کر پوچھا کہ سچ کہو یہ کیا بات تھی۔ اصل حال بیان کر دیا۔ بادشاہ بہت متعجب ہوا کہ مجمع عام میں اپنی ذلت اور سید کی عزت گوارہ کی فی الحقیقت یہ بڑی پہلوانی اور بہادری تھی اس شب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت جنید قدس سرہ نے خواب میں دیکھا کہ فرماتے ہیں شاباش اے جنید تو نے ہماری اولاد کے ساتھ سلوک کیا ہم بھی تیرے ساتھ سلوک کریں گے دوسرے روز بادشاہی ملازمت ترک کی اور فقرا کی جستجو میں پھرنے لگے آخر اپنے ماموں حضرت سری سقطی قدس سرہ سے بیعت ہوئے۔

نقل ہے:۔ کہ حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بڑا لنگر خانہ تھا انواع و اقسام کے کھانے پکتے ہیں اور غربا و مساکین کھاتے ایک دن ایک مہمان آپ کے دسترخوان پر کھانا کھا کر مسجد شریف میں گیا وہاں دیکھا کہ ایک مرد خدا خوش صورت و خوش سیرت جو کے ستو سے روزہ افطار کر رہے تھے۔ اس شخص نے کہا کہ حضرت یہاں ایک امیر کا لنگر خانہ جاری ہے مسافرین کے لئے صلائے عام ہے۔ آپ بھی چلئے اور کھانا تناول فرمائیے انہوں نے جواب دیا کہ ہماری قسمت میں میاں تو یہی ستو لکھے ہیں پھر وہ مہمان حضرت امام حسن علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور مسافر مسجد کا حال سنایا اور کہا کہ آپ اُن بزرگ کے لئے مسجد میں کھانا بھجوا دیں حضرت امام حسنؓ آبدیدہ ہوئے۔ اور فرمایا کہ وہ میرے والد ماجد ہیں یہ سب ان ہی کے دم قدم کی برکت ہے۔ لیکن وہ سلطان تسلیم و رضا، اور مرد میدان فقر و فنا ہیں۔ دنیا کا عیش ان کی نظر میں ہیچ ہے۔

Marfat.com

اشعار

غمگین مشو کہ دولت شد شد نہ شد نہ شد
ایں پنج روزہ حشمت شد شد نہ شد نہ شد

ہمت بلند گرداں اقبال دیں بکن
دُنیا برائے شوکت شد شد نہ شد نہ شد

نقل ہے ۔ کہ ایک بزرگ مدت تک مجاہدہ میں مصروف رہے ایک دن ان کو الہام ہوا کہ اچھا تم مانگو کیا مانگتے ہو ان کی سمجھ میں کچھ نہ آیا کہ کیا طلب کروں عرض کیا کہ آٹھ دن کی مہلت ملے تاکہ میں کسی دانا سے مشورہ کروں وَشَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ ۔ چنانچہ وہ ایک بزرگ شیخ کی خدمت میں گئے جو اس زمانے میں مشہور و معروف تھے اور تمام حال بیان کیا انہوں نے جواب دیا کہ میں اس قابل نہیں ہوں ہاں ایک مرد خدا فلاں جگہ میں پڑا ہے بھاڑ جھونکا کرتا ہے اسکی خدمت میں جاؤ یقین ہے کہ وہ تمہارے سوال کا جواب دے ۔ سائل ان کے پاس گیا اور کیفیت عرض کی فرمایا کہ اچھا کل آؤ تو اس کا جواب دیں گے دوسرے روز حسب وعدہ سائل وہاں گیا تو شور و غل کے آواز سنے دریافت کے بعد معلوم ہوا کہ رات کے وقت کسی نے ان کو قتل کر ڈالا دھڑ ایک سنڈاس میں پڑا ہوا ملا اور سر ایک کوڑی پر پایا حاکم ہوا کہ یہ بدمعاش تھا پاؤں میں رسی باندھ کر کشاں کشاں بیرون شہر پھینک دو ۔ تاکہ کوئی کتے اسکی نعش کو کھا جائیں ۔ یہ سائل اس تماشے کو دیکھ کر نہایت حیران ہوا ۔ کہ اس بزرگ کے ساتھ یہ کیا معاملہ ہو رہا ہے اور جھوٹا وعدہ کیوں کیا آخر سوچا کہ مردوں کا وعدہ خلاف نہیں ہوتا اس سر بے تن سے جا کر سوال کیا کہ آج کا

Marfat.com

وعدہ تھا اب جواب عنایت ہو۔ اَلْکَرِیْمُ اِذَا وَعَدَ وَفٰی اس سر میں سے آواز آئی کہ میاں صاحب تمہارے سوال کا یہی جواب ہے۔ جو تم نے تماشا دیکھا ہمارے اوپر سرکار کی بڑی عنایت اور ہمارے ساتھ نہایت محبت اور بڑا پیار تھا لیکن ساری عمر نہ پیٹ بھر کر کھانا ملا اور نہ پہننے کو کپڑا نصیب ہوا ہمیشہ لنگوٹی باندھی اور بھاڑ جھونکا زندگی کی یہ صورت تھی، موت کی کیفیت تم نے خود ہی دیکھ لی کہ کیا عمدہ گت ہوئی نہ گور ملی۔ نہ کفن میسر ہوا۔

سر کہاں دھڑ کہاں عمر بھر کبھی غسل کرنا نصیب نہ ہوا نماز روزہ سے ہمیشہ محروم رہے آخر غسل میت اور نماز جنازہ بھی ہاتھ نہ آئی باقی رہا ایمان اور عاقبت بخیر اس کا پتہ بھی نہ ملا۔ کوئی حساب کتاب کا فرشتہ نہ آیا۔ نہ کسی مردے مردود میت و مقبولیت کی خبر نہ دی،

اشعار حضرت علیؓ

رَضِیْتُ بِمَا قَسَمَ اللّٰہُ لِیْ ۔۔۔ وَفَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلٰی خَالِقِیْ
لَقَدْ اَحْسَنَ اللّٰہُ فِیْمَا مَضٰی ۔۔۔ کَذَا یُحْسِنُ اللّٰہُ فِیْمَا بَقِیْ

الغرض اہل محبت و عشق کے ساتھ تو یہ سلوک ہوتا ہے۔ جو کہ بیان کیا پس اگر تم کو مانگنا ہے تو مراتب میں سے کوئی مرتبہ مثل ولایت و غوثیت و قطبیت وغیرہ مانگ مزے میں رہو گے محبت کا نام کبھی بھول کر بھی نہ لینا۔

عشق را ہرگز نہ شاید ناتواں ۔۔۔ مرد کامل باید و داں پہلواں
پہلواں باید دریں راہ تنگ رف ۔۔۔ نکتہ داں را گنگ باید شد ز حرف

بات سن کر اس بزرگ کی آنکھیں کھلیں اور دل میں کہا کہ بھلا جب دینے والے کو کچھ دینا منظور ہوتا ہے تو کہیں پوچھ پوچھ کر دیا کرتا ہے۔ میں تو کچھ نہیں مانگتا جو اس کو دینا

Marfat.com

منظور ہو گا بغیر دریافت عطا کرے گا ۔

نقل ہے کہ حضرت امام حسنؓ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جبکہ آپ کی عمر بارہ برس کی تھی حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سوال کیا کہ آپ کے دل میں کس کی محبت ہے فرمایا کہ تمہاری پھر پوچھا کہ بھائی حسینؓ کی فرمایا کہ ان کی بھی پھر پوچھا کہ اماں جی کی فرمایا کہ ہاں ان کی بھی ۔ پھر پوچھا کہ نانا جان کی بھی فرمایا کہ ہاں ان کی بھی پھر پوچھا کہ اللہ میاں کی فرمایا کہ ہاں ان کی بھی تب حضرت امام حسن بولے کہ ابا جان آپ کا دل ہے یا کوئی مسافر خانہ ہے دل میں تو صرف ایک کی محبت رہ سکتی ہے نہ ہزاروں کی حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے ان کو چھاتی سے لگایا اور فرمایا کہ بیٹا تم سچ کہتے ہو محبت تو ایک ہی کی رہے گی سبحان اللہ جب بچپن میں یہ سمجھ تھی تو بڑے ہو کر کیا کیفیت ہو گی سچ ہے

؎ بچۂ بط اگر شبینہ بود
آب دریاش بسینہ بود

حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے حضرت امام حسن کو جو تعلیم فرماتی ہے ہم کو نہایت ہی پسند ہے۔ وَهُوَ هٰذَا يَا وَلَدِيْ فِكْرُكَ فِيْكَ وَيَكْفِيْكَ دَاءَكَ دَوَاءُكَ فِيْكَ لَيْسَ شَيْءٌ خَارِجًا مِنْكَ ۔ اَنْتَ اُمُّ الْكِتَابِ يَا وَلَدِيْ اَنْتَ جِسْمٌ صَغِيْرٌ وَفِيْكَ عَالَمٌ كَبِيْرٌ

ترجمہ اے میرے فرزند تیرا فکر تجھ میں تیرے لئے کافی ہے تیرا درد اور تیری دوا تجھ میں ہے کوئی چیز تجھ سے باہر نہیں تو اُمّ الکتاب ہے اے میرے فرزند تو ایک چھوٹا سا جسم ہے اور تیرے اندر ایک بڑا جہان ہے۔

نقل ہے:۔ کہ حضرت سلطان العارفین بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ کے زمانے میں ایک بزرگ کامل تھے۔ انہوں نے اپنے ایک خلیفہ سے ارشاد کیا کہ تم حضرت

Marfat.com

بایزید بسطامی کی زیارت کو جایا کرو

وہ مرید چپ ہو رہا لیکن مرشد نے تین بار بھی ارشاد کیا، تو وہ بولے کہ حضرت میں ذات کا دیکھنے والا ہوں، صفات کو کیا دیکھوں۔ شیخ نے فرمایا جب تم صفات کا جلوہ دیکھو گے تو حقیقت معلوم ہو گی۔ آخر بہ تعمیل حکم اس غار پر پہنچا۔ جہاں حضرت بایزید قدس سرہ رہتے تھے وہ غار سے نکلے اور ایک نگاہ اسکی طرف کی فوراً قلب پھٹ گیا۔ اور وہ مر گیا حاضرین میں سے ایک شخص نے پوچھا حضرت یہ کیا بات ہے۔ کہ ذات کا دیکھنے والا صفات کا متحمل نہ ہو سکا۔ آپ نے فرمایا کہ اس کی ایسی مثال ہے کہ اگر آفتاب کو دیکھو تو دیکھ سکتے ہو۔ چنانچہ بعض آدمی شغل آفتابی کیا کرتے ہیں لیکن شیشہ آتشی میں اگر کوئی آفتاب کو دیکھے تو آنکھیں پھٹ جائیں۔ صفات کا متحمل ہونا ہر ایک کا کام نہیں اس میں بڑے بڑے خراب ہو گئے ہیں عام کا تو کیا حوصلہ ہے۔

حکایت :- ابتدا میں حضرت بایزید بسطامی قدس سرہ نے ایک دیگ کھانے کی پکائی اور صلائے عام دیا کہ جس کو جو کھانا مرغوب و مطلوب ہو اس میں سے نکالے اور کھائے چنانچہ تمام شہری اور مسافر لوگ ٹوٹ پڑے اور کھانے لگے لیکن دیگ تمام نہ ہوتی تھی اتفاقاً اسی روز ایک مسافر سرا میں وارد ہوا حضرت نے مرید کو بھیج کر اس کی دعوت کی ہر چند اصرار کیا مگر اس نے انکار کر دیا۔ اور کہا کہ میں یہ کھانا ہرگز نہیں کھاؤں گا۔ یہاں تک کہ خود حضرت مقدس تشریف لے گئے اور کھانے کی تواضع کی اس نے کہا۔ اچھا میں تو آدمی کا گوشت کھاؤں گا۔ یہ بات سن کر حضرت بایزید قدس سرہ چکرائے اور فرمائے کہ خیر میرا گوشت جہاں سے چاہو کاٹ لو اور نوش کرو مسافر بولا کہ واہ آپ بھی آدمی بن گئے ذرا اپنی جانب غور تو کیجئے انہوں نے بنظر بطون اپنی شکل کو ملاحظہ کیا تو دیکھا کہ بصورت طاؤس ہیں۔ اس وقت مسافر نے کہا کہ ابھی تو خدا خدا کر کے مور کی صورت بنے ہو۔ جب آدمی کی صورت نصیب ہو گی اس وقت دعویٰ کرنا

Marfat.com

ابھی سے کس برتے پر مخلوق خدا کو کھاتا کھلاتے ہو یہ بات کہہ کر غائب ہو گیا حضرت بایزید قدس سرہ روئے اور فوراً دیگ توڑ توڑ کر پھینک دی غرض مردان خدا کے نزدیک کرامت بھی غایت کمال نہیں۔

حکایت:۔ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کو لوگوں نے چین نہیں لینے دیا اگر حضرت علی کے زمانہ کا قبالہ لکھانے آیا تو آپ نے یوں تحریر فرمایا،

هٰذَا مَا اشْتَرٰى مَيِّتٌ مِنْ مَيِّتٍ دَارًا فِيْ بَلْدَةِ الْمُذْنِبِيْنَ وَ سُكْنَةِ الْغَافِلِيْنَ۔ اَلْحَدُّ الْاَوَّلُ مِنْهَا مُنْتَهٰى اِلَى الْمَوْتِ وَالثَّانِيْ اِلَى الْقَبْرِ وَالثَّالِثُ اِلَى الْحِسَابِ وَ الرَّابِعُ اِمَّا اِلَى الْجَنَّةِ وَ اِمَّا اِلَى النَّارِ۔

جلا جب یہ سمجھ ہو تو سلطنت کا کام کیسے چلے، اور سلطنت کے لئے رعب و سطوت بھی امر ضروری ہے آپ کے دل میں تو شان رحم غالب تھی اسی جہت سے سلطنت میں فتور پڑا جب جانتے کہ امیر معاویہؓ حضرت عمرؓ کے زمانہ میں کان ہلاتے، ایک بار حضرت عمرؓ نے تکلف و تزئین کی باز پرس کے واسطے ان کو طلب کیا تھا خوف کے مارے تھرا گئے بدن کانپنے لگا عذر و معذرت کر کے جان بچائی ورنہ بیخ و بن تک اکھاڑ ڈالتے حضرت علی مرتضیٰ کی یہ کیفیت تھی کہ جب امیر معاویہؓ نے آپ سے جنگ کی اور کنارہ دریا پر قبضہ کیا تو آپ کے لشکر والوں نے حملہ کیا اور اس مقام سے غنیم کو ہٹا دیا آپ نے اپنے لشکر سے ارشاد کیا کہ جیسے تم پر پانی بند کیا تھا تم نہ بند کرو اِخْوَانُنَا بَغَوْا عَلَيْنَا لَيْسُوْا بِكَفَرَةٍ وَلَا بِفَسَقَةٍ۔

حکایت:۔ کسی شخص نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے معرفت خدا میں سوال کیا آپ نے فرمایا اَلْعَجْزُ عَنْ دَرْكِ الْاِدْرَاكِ یعنی ادراک کا عاجز ہونا ادراک کے دریافت سے یہی معرفت ہے ایک شخص نے حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ

Marfat.com

سے معرفت میں سوال کیا فرمایا عَرَفْتُ رَبِّیْ بِفَسْخِ الْعَزَائِمِ یعنی میں نے خدا کو پہچان لیا بہ سبب ٹوٹ پڑجانے ارادوں کے۔

حکایت :۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس وحی لائے حضرت نے دریافت فرمایا جبرائیل تم جانتے ہو کہ وحی کہاں سے آتی ہے انہوں نے عرض کیا کہ حضرت میری رسائی سدرۃ المنتہیٰ سے آگے نہیں اس مقام معلوم پر پر ندائے غیب وارد ہوتی ہے اسکو آپ تک پہنچا دینا میرا کام ہے اس سے زیادہ میں کچھ نہیں جانتا آپ نے فرمایا اب کی بار ندا وارد ہو تو اس پر پرواز شروع کر دو اور دیکھو کہ یہ ندا کہاں سے آتی ہے۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے ایسا ہی کیا اور ایک طویل مسافت طے کرنے کے بعد دیکھا کہ آنحضرت صلعم وہ ندا روحی کر رہے ہیں پھر حضرت جبرائیلؑ زمین کی طرف متوجہ ہوئے تو دیکھا کہ آں حضرت صلعم اپنی جگہ پر موجود ہیں اس کے بعد جناب قبلہ نے ارشاد کیا کہ اس بات کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آنحضرت غنودہ تھے۔ بلکہ اس سے یہ بات مترشح ہوتی ہے۔ کہ ایک آن واحد کے اندر آنحضرت صلعم نے اپنے تئیں اس عالم اور اس عالم میں دکھا دیا۔

حکایت :۔ کروڑوں میں سے کسی ایک کو فقر حاصل ہوتا ہے اور جب حاصل ہو گیا تو پھر کسی طور سے زائل نہیں ہو سکتا چنانچہ نقل ہے کہ غوث بہاء الحق زکریا ملتانی رحمتہ اللہ علیہ ایک روز بالاخانہ پر تشریف رکھتے تھے۔ زیر دیوار شور و غل مچا معلوم ہوا کہ کوئی آدمی کنویں میں گر پڑا ہے اپنے عزفہ میں سے ہاتھ بڑھا کر اس غریق کو تہ چاہ سے نکال کر باہر کھڑا کر دیا ایک فقیر شکستہ حال جو مردان خدا میں سے تھا۔ اس طرف آ نکلا کیفیت صدور کرامت ملاحظہ کی اور کہا کہ صاحبزادہ

Marfat.com

یہ تو بازیچۂ اطفال ہے اگر سیکھنا ہے تو فقر سیکھو آپ بالا خانہ سے اترے اور فقیر صاحب سے جا ملے پوچھا کہ فقر کیا چیز ہے اس نے جواب دیا کہ صاحبزادہ فقر وہ شے ہے کہ نہ حرام سے جائے نہ زنا سے بگڑے نہ شراب سے خراب ہو نہ چوری سے زائل کوئی اس کو مٹا نہیں سکتا وہ بے زوال اور پائیدار چیز ہے آپ خاموش ہو کر چلے گئے اور خیال کیا کہ اس شخص کا امتحان کرنا چاہئے کہ اپنے کام میں پکا اور بات کا پورا ہے یا نہیں ۔ اور اس کا قول مطابق فعل ہے یا صرف دعویٰ ہی ہے یہ سوچ کر ایک کتا پلا ہوا ذبح کرایا اس کا تو پلاؤ دم کرایا اور اپنی کنیز کو لباس فاخرہ پہنا کر سمجھا دیا کہ تو کچھ ذکر نہ کرنا اور ایک بوتل شراب کی دی اور کہا کہ جا فلاں مقام پر ایک فقیر صاحب ہیں ان سے کہو کہ یہ سامان دعوت آپ کی خدمت میں ارسال کیا ہے وہ تو جانتے بوجھتے کہ یہ امتحانی ضیافت ہے پہلے تو شراب نوش کی پھر اس کنیز کی بانگ دیکھی پھر پلاؤ چٹ کیا اور کہلا بھیجا کہ ان ڈھکوسلوں سے یہاں کیا ہوتا ہے ۔

اشعار

ان سنتوں کی وار لی جن کے پورن منت بھگت بیج پلٹے نہیں جے جگ جائیں انت

تج او تم پرکت سے کیا کرے کسنگ یکھہ چندن لاگے نہیں جو پلٹے رہے بھونگ

کنیز نے گھر جا کر تمام کیفیت بیان کی جب تو حیرت میں آئے اگلے دن گھوڑے پر سوار ہو کر ان کی ملاقات کو چلے راہ میں ایک ندی تھی جب بیچ دھار میں پہنچے تو گھوڑے نے لید اور پیشاب کر دیا اس کنارہ سے فقیر ہمنوش للکارا کہ دیکھو صاحب یہ کیوں دریا کو ناپاک کرتے ہو ۔ یہ بولے کہ واہ حضرت بھلا کہیں لید اور پیشاب سے دریا ناپاک ہوتا ہے شاید آپ مسائل فقہ سے بھی ناواقف ہیں مرد فقیر ہنسا اور کہا کہ

Marfat.com

سبحان اللہ آپ بھی خوب فقیہ ہیں کہ ذرا سی ندی تولید و پیشاب سے گندہ نہ ہوا اور معرفت الہٰی کا بحر ناپیدا کنار جسکی ابتدا نہ انتہا، پلے کتے کے پلاؤ اور شراب وکینز سے ناپاک ہو جائے۔ حضرت بہاوالحق سمجھ لئے کہ حقیقت میں کشف وکرامت اور چیز ہے اور فقر دوسری شے ہے۔

فقر حق است و نہ حق از وی جدا　　فقر لایحتاج باشد از خدا

از روے ارادت فقیر کی خدمت میں حاضر ہوتے انہوں نے کہا کہ یہ چلتے جو مدت العمر سے آپ کیا کرتے ہیں ان کو ترک کیجئے اور مردان خدا کا طریقہ اختیار فرمائیے اتنی بات کہہ کر چل دیئے پس فقیری کا حاصل کرنا اور فقیر بننا آسان بات نہیں ہے بلکہ جب تک تمام مقاصد دین و دنیا اور مراتب و مدارج اور کشف وکرامات کو ترک نہ کرے اور نامرادی و ناکامی کے میدان میں قدم نہ رکھے فقر کی ہوا بھی نہیں لگتی۔

شعر

تا ایمان کفر و کفر ایمان نشود　　یک بندہ خاص حق مسلمان نشود
تا مدرسہ و منارا ویران نشود　　یک کار قلندری بسامان نشود

بڑے بڑے ہوشیار اور علماء و فضلاء شعراء اور زاہدان پرہیزگار مراتب و مدارج اور منازل و مقامات اور کشف وکرامات پر فریفتہ ہو کر فقر سے رہ جاتے ہیں اور اسی کو کمال معراج سمجھ کر بیٹھ جاتے ہیں

اشعار

جیسں گڑیں بڑیں ارجائیں　　پرکایا پردیش کرائیں
اور پرائے من کے جائیں　　چل کر جائیں تھاں من مانے

Marfat.com

بھولیں چھاں چتر اور گیانے ان کو تجے بھگت تن جانے

اور اس زمانہ میں تو فقری مرید ہوتے ہی حاصل ہو جاتی ہے۔ جہاں رنگین کپڑے پہنے اور حال کھیلنے لگے۔ پھر تو کچھ شک و شبہ باقی نہیں رہتا پورے قطب الاقطاب اور غوث الاعظم اور شیخ المشائخ بن کر اَنَا خَیْرٌ مِّنْ کُلِّ الْمَوْجُوْدَاتِ کا دم بھرنے لگتے ہیں

اشعار

معرفت کا رنگ جسکو نہ ہوا گیری کپڑے پہنے تو کیا ہوا
در قزا گند مرد باید بود بر مخنث سلاح جنگ چہ سود
سرمد غم عشق بوالہوس راند ہند سوز دل پروانہ مگس راند ہند
عمر باید کہ یار آید بکنار ایں دولت سرمد ہمہ کس راند ہند

حکایت کملا کی تعظیم و تلقین کا طریقہ یہ ہے کہ اول طالب کو خاندان کے موافق بیعت کر کے ذکر ارشاد فرماتے ہیں خواہ اسم ذات خواہ نفی و اثبات مگر اس زمانے کے مشائخین کی طرح سامنے بٹھا کر توجہ نہیں دیتے البتہ قلبی توجہ دیتے ہیں جہاں کہیں مرید ہو چاہے ہزار فرسنگ چلیتے میل بھر پھرا اپنا برزخ اس کے دل میں حلول کر دیتے ہیں اور اس توجہ کا اثر طالب کے دل میں زائل نہیں ہوتا۔ شراب پیئے یا زنا کرے گویا کہ پتھر کی لکیر ہے اس کو گھسو یا رگڑو یہ دستور موجود ہے اور اس گروہ کی توجہ تین طرح کی ہوتی ہے۔ اصلاحی۔ القائی۔ اتحادی۔ اصلاحی توجہ یہ ہے کہ مرشد اپنے برزخ ہمت کے صابون سے دل مرید کو صاف کر دے اور اس کے آئینہ دل کا غبار اپنے دل کی حرارت سے مٹا دے اور اپنی ہمت باطنی کو مرید کی تہذیب و آراستگی میں مصروف رکھے القائی توجہ یہ ہے کہ جب ضمیر مرید کی صفائی نہایت کو پہنچ جاوے۔ تو حالات پوشیدہ کی دریافت و استدراک کے

Marfat.com

واسطے القا کرے یعنی جو کچھ کہنا ہو مرید سے برزخ میں کہے خواہ مرید دور ہو خواہ نزدیک۔ لیکن کمتر طالب اس توجہ تک پہنچتے ہیں۔ اتحادی توجہ یہ ہے کہ مرشد بے محنت بغیر تصفیہ و تزکیہ قلب کے مرید کو فیضان باطنی عطا کرے اور خاصہ اس توجہ کا یہ ہے کہ طالب کا برزخ مرشد کی صورت بابرکت کے مشابہ ہو جاتا ہے مگر اس قسم کی توجہ شاذ و نادر ہے۔ چنانچہ مشہور ہے۔ کہ حضرت خواجہ باقی اللہ علیہ الرحمت نے ایک نان بائی کو دی تھی۔ جو کم ظرفی اور بے استعدادی کی وجہ سے تیسرے دن مر گیا۔ کیونکہ تصفیہ باطن اس کو حاصل نہیں ہوا تھا اگر صفائی ہوتی تو اس توجہ کو برداشت کرتا اور جیسے اس توجہ کے دینے والے خال خال ہوتے ہیں ایسے ہی اتنا عالی حوصلہ و عالی ظرف طالب بھی کم ہوتا ہے جو اس توجہ کا متحمل ہو ورنہ بیم ہلاکت ہے جب طالب تذکر میں ٹھیک ہو جاتا ہے۔ تو پیر و مرشد اس کو تفکر ارشاد کرتا ہے اور کہتا ہے کہ صانع حقیقی و بدایع میں متفکر رہو مثلاً قالب انسان کیسی حکمت فراست سے بنایا اس کے اندر صدہا بیماریاں سیکڑوں آرام رکھے آسمان بغیر ستون قائم کر دیا۔ زمین کو پانی پر پھیلا دیا مینہ کا برسانا نباتات کا اگنا پھول پھل پیدا ہونا۔ یہ سب اسکی کمال صنعت کا تماشا پیش نظر ہے اور مرتبہ تفکر میں اگر طالب کو استغراق و سکر حاصل ہوتا ہے۔ استغراق کے معنی ہیں پانی میں ڈوب جانا اور یہاں یہ مراد ہے کہ حقیقت و معرفت کے دریا میں قصد و نیت کے ساتھ غرق ہوتا اور سکر کے معنی ہیں بے ہوشی و مدہوشی۔ جب طالب مرتبہ تفکر و تذکر میں ٹھیک ہو گیا تو اب عرفان کی تعلیم کرتے ہیں کہ ان تمام ممکنات کو واجب الوجود خیال کرنا اور ان فروعات کو اصل اصول سمجھنا چاہیے اور تمام وسیلے اور واسطے درمیان سے اٹھا ڈالنے چاہیئے اور جو کرو جان لو کہ اسی کی مشیت سے کرتے ہیں اور جو آفت و راحت کسی سے پہنچے جناب اللہ سمجھو جیسے کتے کو کوئی پتھر مارے تو وہ پتھر کو

Marfat.com

نہیں دیکھتا بلکہ جان لیتا ہے کہ مارنے والا کوئی اور ہے پتھر خود نہیں لگا اس پتھر مارنے والے کی طرف دوڑتا ہے ۔

دربیان آنکہ ۔ زمین پر کس کس مخلوقات کی سلطنت گذر گئی ہے روایت میکند ابن عباس رضی اللہ عنہ کہ از آفرینش آسمان و زمین شصت ہزار سال باشد و ایں جہاں چہار قرن گشتہ بود و بیست و چہار لکھ و ہژدہ ہزار سال بود دراں قرن آبادانی جہان از دیوان بود و بعضے پرندہ ہم بودند و قرن دوم شانزدہ لکھ و بیست و دو ہزار سال بود ۔

دراں قرن آبادانی جہان فرشتگان بود ۔ و قرن سوم بیست و دو لکھ و بیست ہزار سال بود ۔ دراں قرن آبادانی جہاں از یک ہزار و پانصد آدم و بعضے گویند کہ ہفتاد آدم بود ۔ و بروایت چہل آدم بودند ۔ ایشاں را آوازہ نبود ۔ و قرن چہارم ہشت لکھ و بیست ہزار سال و دراں قرن آبادانی جہاں از انسان بود و بعد از گذشتن این قرنہائے حضرت آدم صلی اللہ علیہ وسلم میباشد بفرمان خدائے تعالیٰ ۔ واللہ اعلم بالصواب

ابتدائے دورِ عالم تا زمانے مصطفیٰ ۱۲۰۶۸ سنہ

دو ارب دو صد کروڑ و نہ نود لکھ سالہا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ان کی آفرین سے آسمان و زمین ساٹھ لکھ اور اسی ہزار سال ہوتا ہے ۔ اور یہ جہان چار قرن ہے ۔ چوبیس لاکھ اور اٹھارہ ہزار سال ہوتا ہے ۔ اس قرن میں آبادی جہاں دیووں کی تھی ۔ اور بعضے پرندے بھی تھے ۔ اور دوم قرن سولہ لاکھ اور بائیس ہزار سال کا تھا ۔ اس قرن میں آبادی عالم فرشتوں کی تھی ۔ اور سوم قرن دو لاکھ بیس اور بیس ہزار سال کا تھا ۔ اس قرن میں آبادی عالم ایک ہزار پانچ آدمی تھے ۔ بلحاظ روایت دیگر چالیس آدمی تھے ۔ واللہ ان کی زبان نہ تھی ۔ اور قرن چہارم اسی لاکھ اور بیس ہزار سال کے تھی ۔

Marfat.com

اس قرن میں آبادی عالم گھوڑوں کی تھی۔ اور ان قرنوں کے گذرنے کے بعد حضرت آدم علیہ الصلوٰت والسلام پیدا ہوئے۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصواب۔

*

سی حرفی پنجابی از باباجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

خ ——— خط لکھاں کی جواب تیرے درد جان نوں نت ستاوندے پئے
کراں کجھ علاج جے صحت ہووے اگوں اُلٹے شور مچاوندے پئے
کیتا نابود وجود میرا ہُن جان نوں زور لگاوندے پئے
رب جانے عبدا کی ہونڈائی اگوں ہور پیغام بھی آوندے پئے

د ——— دکھاں دی اج بہار سجناں درد وچہ وجود دے زور کردے
پندرہ روز تھیں طبع علیل میری آنون درد بہتیرے شور کردے
نالے حفاظت خزانیاں پیش آئی لُوٹ کرن نوں تیاریاں چور کردے
چھیکڑ رب جانے کی ہونڈائی دشمن عبد کجھ ہور نہ تھیں ہور کردے

ذ ——— ذلیل کیتا کس جرم اندر دفعہ اصل قانون دا دس بیبا
کدوں پیش ہو ساں ہون بیان میرے گئے ہوش حواس بھی نس بیبا
دفتری کن سزا ضرور تھیوں گئی اپنے کرموں پھس بیبا
ختم ہو شہادت قلمبند ہوئی نہیں چلدا عبدا دس بیبا

ر ——— رسم کن پیاریاں دی سدا وچہ حجاب دے مکھ رہندے

Marfat.com

ظاہر صفت صفات دی نظر آوے اصلی وچہ نقاب دے رُخ رہندے
وصل کہن پیغام جُدائیاں دا اصلی وچہ جُدائیاں سکھ رہندے
عبد دس کھاں وصف پیاریاں دے ہونوں ناز تے ظاہرا دکھ رہندے

ز ——— زرد ہوندے پیلے رنگ جیہڑے ضرب پریم دی کھا بیٹھے
چشم نکدی غیر نوں مول ناہیں جیہڑے انگ معشوق نوں لا بیٹھے
جانی جان دے وچہ غرقاب ہو کے صرف آپ نوں وچہ سما بیٹھے
عبد جیہڑے پہلیوں مر چکے چھیکڑ وچہ حضور دے جا بیٹھے

س ——— سُولیاں تے چڑھ جان بھانویں اے پر کیتے قول تے یار ضرور رہندے
ظاہر ہون کہ کافر نہیں یار بھانویں اے پر چشم دے وچہ حضور رہندے
نت بھکھ جنہاں اوس مکھ والی ڈٹھے باہجھ دیدار رنجور رہندے
عبد طرف معشوق خیال جنہاں سدہ وصل وصال نہیں دور رہندے

ش ——— شرم نہ آوندا مول تینوں دکھن کس کے شان گمان کوڑے
گھر وں کنت نہ بھانوندا مول تینوں بیٹھیں کس دے مان تران کوڑے
باہجوں داج دے ہوندے کاج ناہیں موٹ پکیاں جان گیران کوڑے
عبد نت بیہوش نے آدے ہوش ناہیں تیرے وصف نہیں بہتے جیران کوڑے

ص ——— صبر کیسے نوں نہ آوندائی کٹیں طرف فیسے شیر جوان ڈٹھے
منہ بول دا تے دل کوکدائی اوپر سولیاں شان گمان ڈٹھے
کوئی تختوں لہیہ کے پیئے فرش اوتے بھکھ منگدے بہت ویران ڈٹھے
کیسے نال نہ توڑ نبھاوندائی چھیکڑ عبد اسب حیران ڈٹھے

ض ——— ضرب پریم دی خوب لگی نہیں جین دا کوئی ڈھنگ میرا
گوشے چھپ کے بیٹھدی دوتیاں نہیں غیر نکدا مول نہ رنگ میرا

Marfat.com

واحد جاندے دم غلیماں دے کثرت وچہ ہے دل تنگ میرا
جس روز پیاریاں کو پچ کیتے عبدؔ کسے دے نال نہ سنگ میرا

ط ——— تاپ فراق ہر رات مینوں تیرے ہجر دے سخت وہال دلبر
نقش تیری تصویر دا پیش اکھیں رکھاں دلدے وچہ خیال دلبر
لگا بھید نہ گئے پرت پچھے ہوئے چھیکڑ نہ مول وصال دلبر
عبدؔ دن تے رات حساب اندر گھڑی گذردی مندڑے حال دلبر

ظ ——— ظلم کیتا انہاں کاردانیاں نے حسن لٹیا وچہ میدان دھیئے
تیرے عقل فکر دا نام نشان ناہیں جیویں لٹیا کر ویران دھیئے
چشم یار دی سمجھ بھیت ربی تک تک نوں رکھ دھیان دھیئے
عبدؔ چمدے متھے دے وچہ محراب سوہناں کوکاں جاندیاں نیک آسمان دھیئے

ع ——— عرض کیتی رخصت ویلڑے ہیں کدی سوہنیاں فیر بھی آ سو گے
دنے تکدی نے رات اوڈیک اندر کدوں قدم مبارک پا سو گے
ہونون صلے سلوک نہ تدھ باہجوں کدوں ڈیھیاں نوں یار منا سو گے
ہو یا بس نے جانویں دس عبدؔ یا کے فیر بھی اگ لگا سو گے

غ ——— غم کی ہے میرے رونے دا مارے خوف دے کئی حیران روندے
سفون سب پیدائشاں خوف پاروں جن بھوت تے ہور انسان روندے
روون طبق زمین دے مار آہیں روندے پہاڑ تے آب حیران ہوندے
روون ملائکے اوپر فلک سارے کہندے عبدؔ سب آسمان روندے

ف ——— فجر تھیں اٹھ سویر ذرا کیتے آپ حساب سنا یاں دے
تیرے برج دے وچہ نزدل ہیسی کیتے حساب نی نقطیاں سا یاں دے
غلطی وچہ حساب دے مول ناہیں ڈیھے علم نجومیاں جا یاں دے

Marfat.com

جلدی اُٹھ کے عبدؔ روان ہوئیاں پائے دید میں جد پیاریاں دے

ق ——— قرب قریب نصیب ناہیں رہی پھس تے فیر دلیل کردی
قاعدے اصل قانون دا علم ناہیں ہوندی سوچ تے فیر وکیل کردی
غلط مثل میری ہونا منظور آئی ہوندی لائق تے نہ اپیل کردی
دعوٰی ٹھیک نہ سی عبدؔ میرا ہوئیاں مدتاں صبر جمیل کردی

ظ ——— ظلم کیتا کسے مول ناہیں کوہاڑا اپنے ہتھ کہیں ماریا ہیں
اینویں جند گالی رہی صاف خالی عمر کت کے کی ادسا ریا ہیں
اصلی کار نہیں رہی بیکار سدا چھیکڑ دشمناں ہن لتاڑیا ہیں
رہی لوڑ دی عبدؔا عمر ساری دشمن دچہ گریبان دے تاڑیا ہیں

ع ——— عشق دا دودھ نہ نوش ہوندا سجن دیوندے نت گڑتیاں دے
لب چاہوندے کھنڈ نبات بھلی ساجن درتے رہماں اُپٹھیاں دے
دیواں دوس نہ کجھ پیاریاں نوں قسمت دچہ طوفاں دے سٹیاں دے
رہی آس نہ کوئی پاس میرے عبدؔ صاف امیداں اُٹیاں دے

غ ——— غم الم ہر دم سانوں راز دل دا مول نہ دسدی ہاں
اندر تاپ فراق ہلاک کیتا دل روندے تے فیر بھی ہسدی ہاں
تخت دلے دا پٹ ویران کیتا پئی شہر پیم دے وسدی ہاں
کہن عبدؔا فیر وصال ہوسی کمر ہمتاں نال میں کسدی ہاں

ف ——— فیراں مہارتوں مول ناہیں ملنے مارسن مینوں سکیاں دے
کیتے عہد پیمان نہ توڑدی ہاں ریت پال دی مول نہ تھکیاں دے
چشماں لگ رہیاں خبراں جگ گیاں گلاں دچہ جہاں دے پچیاں دے
عبدؔ یار ہن مڑن نہ ہوندا لئی اساں بک امیداں رکھیاں دے

Marfat.com

ف ——— قدر کسی دا موڑن مول ناہیں جیکر آوے ہو منظور ارشاد ہو کے
دانگوں وحی جبرائیل دے نزول ہوندا سوہنے جھل دے بہت بیتاب ہو کے
ارمان نت آہیں ملن یار ناہیں جانون دور بھی دلوں شاد ہو کے
رہن خوار تے بہت لاچار عبدا کردیں. میٹھدے یار آباد ہو کے

ک ——— کفر اسلام نوں بھل جاندے رہن دھرم ایمان دے خیال ناہیں
عاشق انہاں منزلاں تھیں لنگھ جاندے پچھے مڑن دی فیر مجال ناہیں
موت عشق دی دمدم آوندی ہے ڈیہے گذردے مہینے تے سال ناہیں
موت عاشق دی عبدا مگ ڈھٹی رہن اشتیاق تے ہوون وصال ناہیں

ل ——— لاں پریت دا سہل ناہیں تیرے وصف تھیں گل ہے دور اڑیا
اج لج لاسیں صبح بھج جاسیں ایسی گل دا کہن تے قصور اڑیا
تجربے بہت کیتے اساں سمجھ لیتے چھیکڑ جاوندے مڑ ضرور اڑیا
مدعی ہوندے عبدا انکھ ڈٹھے چھیکڑ ہوندے سبھے کوڑ اڑیا

م ——— محرم ہون نہیں باہجھ شالا نہیں اوہ ٹھڈے گھنڈ ٹہانیاں دے
مچلے ہو کے کر آزمائش لیندے ظاہر دیکھ نہ حال مسانیاں دے
مطلب دل دے دین نہ مول کدی کرن کما عتبار بیگانیاں دے
چابی نور عرفان دی ہتھ جنہاں کدوں کھول دے قفل خزانیاں دے

ن ——— نام دی لاج ہے نت تینوں سانوں لاندیاں مول نہ جگاں دے
کھیڈاں نال سیناں الٹی پھس گیاں پائیاں وچہ گریباں دے اگیا نوے
بیگانے یار تھیں نت دوہے ہی غیراں نال پریتاں لگیاں دے
اے مفت دی تہنی بعید عبدا جس دن دیاں قلماں وگیاں دے

و ——— در تن عشق دا دولت مول ناہیں کیہڑی سوچ دے نال دتا دسیں نوں

Marfat.com

وچہ رکوع دے رکھ امید لمی دعسے بیٹھ کے رب موجود کریئے
نفی ہو کھاں عبدا آپ پہلے تائیں یار دا قرب وصول کریئے

ی ——— یار سدا رہے وسار مینوں کیتا لاریاں وچہ لاچار مینوں
خوشی عیش آرام دا نام نائیں نت رون دھون دے نال پیار مینوں
عمر رہی ہیں دور پیاریاں تھیں کون ملدا نال پیار مینوں
رہی ہونا امید عبد وصال باہجوں لگے دھوکھڑے بیشمار مینوں

ھ ——— ہار جاندے اس منزل اتے پتہ رکھ کے ریت نگادنے دا
رہے لکھتے آدے کجھ نا ہیں نفع مول نہ جند پھنسادنے دا
ولی تک لے ہفت اقلیم والے مرتبہ ملیا خوک چرادنے دا
رہے سرگردان تے حیران عبد اپنہ مول نہ توڑ نبھادنے دا

ج ——— جان رکھنی کم کاذباں دا شمع دانگ پتنگ نوں جال لیئے
کثرت غیر دی کہن آفات ڈاہڈی وحدت جاکے دم سمال لیئے
غوطہ لا کے نفی دے حوض اندر بدن وچہ اثبات دے گال لیئے
اسم ذات دی نہر نت رکھ جاری باغ ہو دا عبدا پال لیئے

ث ——— ثاف آکھاں سن گل موئیے کیتے قول قرار بھلا بیٹھی
کیتے احباب قبول دے اقرار نیرے کت کھل کے چت لگا بیٹھی
بغل وچہ ہیسی یار رفیق تیرا کیوں اغیار نوں جھوڑی پا بیٹھی
جمی کس خاندان تھیں اصل تیرا عبد وچہ کمینیاں جا بیٹھی

ت ——— تنگ ہاں تیرے سنگ باہجوں دنواں بت تے مول نہ ہسیاں میں
بھجی وانگ کباب دے دین پٹھاں پا کے وچہ کڑاہیاں جھسیاں میں
گھمن گھیر اندھیر چوفیر دتے کٹی وچہ طوفان دے پھسیاں میں

Marfat.com

اگے عشق مجازی اوتھے دین بازی کدوں لنگھ کے توڑ نبھاسیں توں
وچہ قانون قصور ہوسی کدوں دید معشوق دا پا وسیں توں
اینویں وچہ جہاں بدنام ہوئیوں چھیکڑ ہار کے عبدؔ جاوسیں توں

ھ ——— حال تھیں چا بے حال ہوندے غرض گلیاں دے وچہ پھراوندی ہے
موت نت اتے آوے چت ناہیں جند لکھ مصیبتاں پاوندی ہے
ہوون دین تے آوے چین ناہیں خلقت لغیان نال ستاوندی ہے
چھیکڑ سنگ دے با ہجھ عبدؔ اتنگ ہوون مطلب کیسے دے ہتھ آوندی ہے

لا ——— لان دا بج نہ مول سانوں آپوں پال دے سو ہنے سنگ ساڈے
با ہجھ درد غدے مول نہ بولدی ہاں سجن دلوں نہ ہوون تنگ ساڈے
شیشہ رکھ ایمان دا پیش اکھیاں چشم نمک دی دلاں دے رنگ ساڈے
ستر کرن فیر عبدؔ فیر ستار ہوکے ویکھن نال مہربانیاں سنگ ساڈے

ع ——— اکھدی تینوں ہاں ستیے ایس ریت دے وچہ کی نکیاتیں
لبھے یار بلوچ نہ ریت وچوں ایسی کار تھیں دس کی کھٹیا تیں
بھلا قول قرار نہ یاد تینوں درد پنوں دے نام دا رکھیا تیں
عبدؔ کیتے عہد پیمان نوں توڑ کے تے اینویں اپنے آپنوں پٹیا تیں

ی ——— یار دی شکل دا عکس ڈٹھا ناہیں ہور مصیبتاں یاد مائے
لبھے وصل دے جام دا اصل جیکر گھولاں گھنڈ نبات دا سواد مائے
نقشہ بہن تصور دا پیش اکھیں دستے سب وجود آباد مائے
جمی جدی عبدؔ رونوندے اں لیئے پنوں دا نام شاد مائے

——— تھیں ہو جدا ناہیں ظاہر بندگی نال دے وجود کریئے
کر قیام تے رکھ دھیان سارا الف تک کے ندھ سجود کریئے

Marfat.com

بغل گیر ہوئی نال بیگانیاں دے عبدؔ کنت دے نال نہ ساں میں
ب ——— باہجھ خبر دے انتظار کھلی ہاں لکھ سنیوڑے گھل مترا
ہویا حکم نہ جے آئیے دیس تیرے رہی آن تے جان دی گل مترا
ملی فرصت جے کر کسے روز دی آساں دیس پیاریاں دے چل مترا
عبدؔ ملک الموت آن نزدل کیتا جند کنبدی پل پل مترا
الف ——— اج دے دن غنیماں دے صبح کدوں فیر وصال ہوسن
گھڑی گذر سی مثل مہینیاں دے دن لنبڑے وانگوں سال ہوسن
بیٹھے کوئی رفیق نہ پاس تیرے کدوں دوستاں طرف خیال ہوسن
عبدؔ تک سے مکھ پیاریاں دے فیر ملنے یار محال ہوسن
ل ——— لکھ واری میری جان واری نبی پاک دے بک دیدار اتوں
وارے جن انسان تے حیوان سارے سوہنے قدم دی بک رفتار اتوں
گھولاں زمین آسمان جہان سارے تیرے مکھ دی پاک خسار اتوں
گھولاں سب پیدائشاں نال آپے تیری زلف دی سکڑی تار اتوں
ع ——— اوچڑی منزل پیاریاں دی ربا اڈکے سوہنیاں کول جائیے
اوکھے لاں قصور تے ہو دن منظور ناہیں جاں ہتھ صراف دے تول جائیے
صل علیٰ تھیں کہن نجات ملے چھیکڑ نال زبان دے بول جائیے
کھری اک رتی تھیں لکھ واری کھوٹے درہم دینار بھی گھول جائیے
ل ——— لکھ کراماں ہور پچھے ہن دیہہ اساڈی وار پیرا
ڈبتے لکھ بیڑے باراں برس جیہڑے لائے گھمنوں گڈھ کے پار پیرا
ساری عمر ڈولدی رہی بلی خاطر رب دے چپا مار پیرا
عبدؔ صدقہ حسن حسین دا جی ساہڈے سر تھیں غم اتار پیرا

Marfat.com

۴ ——— موڑ مہار ہن طرف میری تیرے ادپر کریم دے کرم میراں
جایا حسن حسین دا خاص توں ہیں جگر نبی کریم دا گرم میراں
تیرے نال دسیلے رب کولوں منگن لوگ ایمان نے دھرم میراں
کرنی اک نگاہ مزدور میں نے چھیکڑ رہن اساہڈے بھرم میراں
۵ ——— مر چکے کئی عشق کیتے جنہاں مثل صدیقؓ وصال ہوئے
آدے صبر نا ہیں وصل یا ہجوں جل بل کے مثل
ہارے قسمت دے کوئی دانگوں عبد پاپی عمر روندیاں منڈے حال ہوئے
ہکناں سولیاں جان فدا کیتی کئیں ہور بھی عبد

یَا فَتَّاحُ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اتمامِ کتاب

بتوفیق الملک الوہاب بحرمت حضرت محمد مصطفیٰ صلوٰۃ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم، بوساطت چہار یارکبار رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین وخصوصاً یار غارِ حرا ازدھا ثانی اثنین ان کی شان میں یہ نداء وارد ہے۔ فقط۔

مناجات حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

خُذْ بِلُطْفِكَ يَا اِلٰهِیْ مَنْ لَهٗ زَادٌ قَلِيْل
مُفْلِسًا بِالصِّدْقِ يَأْتِیْ عِنْدَ بَابِكَ يَا جَلِيْل

ہاتھ پکڑ اپنی عنایت سے کہ توشہ ہے قلیل صدق سے در پر تیرے آتا ہے مفلس یا جلیل

Marfat.com

وَفَضْلًا وَّاحْسَانًا فَهَا اَنَا شَاكِرٌ

البتہ تو نے مجھ پر انعام اور بخشش کی اور فضل اور احسان کیا۔ سو میں تیرا شکر گذار ہوں۔

وَكُلُّ الْوَرٰى مِنْ بَحْرِ جُوْدِكَ نَاهِلٌ

وَاَنْتَ لَهُمْ فِي الشَّدَائِدِ نَاصِرٌ

اور تمام دنیا تیری بخشش کے دریا سے سیراب ہے۔ اور تو ان کا مصائب کے وقت مددگار۔

وَحَوَّلْتَنَا يَا رَبِّ اثْنَاءِ نِعْمَةٍ

وَاَسْبَغْتَهَا يَا مَنْ لِذَنْبِيْ غَافِرٌ

اے میرے رب تو نے مجھے متواتر نعمتیں عطا فرمائیں۔ اور اے میرے گناہوں کے بخشنے والے تو نے انہیں پورا کر دیا۔

بِجَاهِ الَّذِيْ قَدْ جَآءَ لِلنَّاسِ رَحْمَةً

نَبِيٌّ كَرِيْمٌ صَادِقُ الْقَوْلِ طَاهِرٌ

اس کی عزت کے طفیل جو انسان کے واسطے رحمت ہو کر آیا ہے۔ وہ نبی کریم سچا اور پاک ہے۔

+

عَلَيْهِ صَلٰوةُ اللّٰهِ ثُمَّ سَلَامُهٗ

يَشْكُوْ اِلٰى ذِي الْجَلَالِ بَلْوَاهُ

اس پر اللہ کا درود اور سلام ہو۔ اور اپنی بلا کی اللہ ہی کے حضور شکایت کرے۔

مَا بِهٖ عِلَّةٌ وَّلَا سَقَمٌ

اَكْثَرُ مِنْ حُبِّهٖ لِمَوْلَاهُ

اسے کوئی عارضہ یا کوئی بیماری اپنے مولا کی محبت سے بڑھ کر نہ ہو۔

Marfat.com

إِذَا خَلَا فِي الظَّلَامِ مُبْتَلَاهُ
أَجَابَ اللّٰهَ ثُمَّ لَبَّاهُ

جب رات کے اندھیرے میں اکیلے بیٹھ کر روئے، تو اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول کر کے اُسے مقرب بنا لیتا ہے۔

✦

أُنَادِي بِالتَّضَرُّعِ كُلَّ يَوْمٍ
أُجَدِّدُ بِالتَّضَرُّعِ وَالدُّعَاءِ

میں ہر روز زاری سے پکارتا ہوں۔ از سر نو عجز و دعا کرتا ہوں۔

لَقَدْ ضَاقَتْ عَلَى الْأَرْضُ طُرًّا
وَأَهْلُ الْأَرْضِ مَا عَرَفُوا دُعَائِي

زمین مجھ پر حد سے زیادہ تنگ آ گئی ہے۔ اور اہل زمین میری پکار کی تہ تک نہیں پہنچتے۔

فَخُذْ بِيَدِي لِأَنِّي مُسْتَجِيرٌ
بِعَفْوِكَ يَا عَظِيمُ يَا رَجَائِي

سو تو میری دستگیری کر کیونکہ میں پناہ جو ہوں۔ تیری عفو کے ساتھ اے میرے بزرگ اے امید گاہ!

أَتَيْتُكَ بَاكِيًا فَارْحَمْ بُكَائِي
حَيَائِي مِنْكَ أَكْثَرُ مِنْ خَطَائِي

میں تیرے حضور روتا ہوا آیا ہوں۔ سو تو میرے رونے پر رحم کر۔ میں اپنے گناہوں کی نسبت زیادہ تجھ سے شرمساری رکھتا ہوں۔

سَبِيلِي حَسْرَةٌ وَفِي وَابْكِنِي

Marfat.com

اِذَا لَمْ یَبْقَ مِنْ دَمْعِیْ دِمَائِیْ

میں حسرت کے سبب رواں ہوں گا اور جب میرے آنسو نہ بہیں گے تو میں خون برسا کر رو ں گا۔

جَزَائِیْ اَنْ تُعَذِّبَنِیْ وَلٰکِنْ
اَعُوْذُ بِحُسْنِ عَفْوِکَ مِنْ جَزَائِیْ

میری جزا تو یہی ہے کہ تو مجھے عذاب کرے لیکن میں اپنی جزاء سے تیرے حسن کے عفو کی پناہ لیتا ہوں۔

وَلِیْ ھَمٌّ وَاَنْتَ لِکَشْفِ ھَمِّیْ
وَلِیْ دَاءٌ وَاَنْتَ دَوَاءُ دَائِیْ

مجھے غم ہے اور تو میرے غم کو دور کرنے والا ہے۔ مجھے درد ہے اور تو میرے درد کی دوا ہے۔

وَالْیَقْظٰنِی الرَّجَاءُ فَقُلْتُ اِلَّا
بِرَدْجَائِیْ اَنْ تَحَقَّقَ بِالرَّجَائِیْ

ہاں مجھے امید ہے کہ میری مراد حاصل ہوگی۔ خ۔ مجھے امید نے ابھارا اور میں نے کہا کہ ہم

بِالْفَضْلِ سَیِّدِیْ بِاللُّطْفِ عَنِّیْ
فَاِنِّیْ لِلْبَلَاءِ وَلِیْ بَلَائِیْ

میرے آقا! اپنے لطف سے مجھ پر فضل کر۔ کیونکہ میں بلا کے لئے ہوں، اور بلا میرے لئے ہے۔

Marfat.com

یَا قُدُّوْسُ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَرَاہُ الْمُؤْمِنُوْنَ بِغَیْرِ کَیْفٍ وَاِدْرَاکٍ وَّضَرْبٍ مِّنْ مِّثَالِیْ

سلامِ وعدۂ دیدار آمد پیامِ مژدۂ دیدار آمد
مبارکباد اے عشاقِ بیدل کہ خواہد شد لقائے یار حاصل
مبارکباد اے عشاقِ مہجور کہ خواہد گشت روئے یار منظور

بشارت باد اے عشاقِ محزون
کہ ہنگامِ لقائے اوست مقرون

کَرَامَاتُ الْوَلِیِّ بِدَارِ دُنْیَا لَھَا کَوْنٌ وَّھُمْ اَھْلُ النَّوَالِ

بیا اے بلبلِ باغِ محبت شرارِ شعلۂ داغِ محبت
بیا اے قابلِ دردِ وغمِ عشق چو اشکِ من سراپا شبنمِ عشق
نمے دانم کدام مردِ غافل نہادہ نامِ شیریں ترا دل

نمی دانم کدام مردِ بے درد
لقب دادہ بہ لقبت از دم سرد

بشر خالی نباشد از نقائص کمالش گرچہ دارد بس خصائص
بجز حق کیست اندر جملہ عالم کہ نقصانِ ندارد بیش یا کم
ازاں جا بود ایں اوصاف خصلت کہ بر پیغمبراں افتاد دلت
ترا گر دیدۂ انصاف بینا است بجائے دلبرے گرچہ مینا است

Marfat.com

دریں بابست مارا عذر بسیار — ازاں جملہ یکے آید باظہار
بود آں کز حیاتم رفتہ اکثر — بما لا یعنی و بیہودہ یکسر
شد آں اشرف عمرم ہمہ صرف — بلہو و لعب ضائع حرف در حرف
جوانی کاں بہار زندگانی ست — گہے کسب و کمال علم خوانی ست
بغفلت رفت آں پاکیزہ ادقات — کہ فرماید نبی للعلم آفات
مجال درس تعلیم نہ دادند — فراغ فقر و تسلیم نہ دادند
بفخر آنکہ میباشم سپاہی — درافتادم بچندیں روسیاہی
نہ شد فرصت میسر آں چنانم — کہ در وقت جوانی علم خوانم
نمودہ نفس کافر صد تملق — مرا در نیت قطع تعلق
دریں عزم نہ شد ہمت خواہ — فتادم عاقبت در حسرت واہ
کنوں چوں شد بہاراں شریفم — در آمد نوبت بادِ خریفم
چہ شد از حسرت و افسوس بسیار — چو رفت از دست وقت فرشکار
دریغا از چہ دولت باز ماندم — گذشت انجام در آغاز ماندم
اگر بر حال خود گریم دو صد سال — شود از نالہا ہر عضو من نال
ہر کہ آید بدست امیدوار — شاہد مقصود یابد در کنار
اے خدائے من بحق مصطفیٰ — از طفیل حرمت اہل عباء
اے خدائے من بحق چار یار — ہر چہ کردم عفو کن روز شمار
روز محشر دار با اہل رسول
از طفیلِ مقبلاں گردان قبول

Marfat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہ

دریں زماں سعادت نشاں کتاب مستطاب

اسرارِ کبیریٰ

تصنیف شریف

حضرت ہادینا و مولانا و مشائخنا جناب معلی القاب

حضرت بابا جی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

موضع دانگت پرگنہ لار علاقہ کشمیر

بروز پیر بتاریخ ۱۸ جون سنہ ۱۹۹۰ء بوقت ساڑھے دس بجے شب کتابت ختم ہوئی۔

ہدیۃ العلماء جامعہ مجددیہ
نور آباد ضلع گوجرانوالہ

Marfat.com